

# مقدس

ہاشم ندیم

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

# مقدس

ہاشم ندیم

علم وعرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ، 40۔ اُردو بازار، لاہور
فون: 37232336 - 042-37352332



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ............... | مقدس |
| مصنف | ............... | ہاشم ندیم |
| ناشر | ............... | گل فراز احمد (علم و عرفان پبلشرز، لاہور) |
| مطبع | ............... | زاہدہ نوید پرنٹرز، لاہور |
| پروف ریڈنگ | ............... | شیر محمد طاہر |
| کمپوزنگ | ............... | انیس احمد |
| سن اشاعت | ............... | جنوری 2013ء |
| قیمت | ............... | =/600 روپے |

......ملنے کے پتے......

| | |
|---|---|
| ویلکم بک پورٹ | خزینہ علم و ادب |
| اُردو بازار، کراچی | الکریم مارکیٹ اُردو بازار، لاہور |
| اشرف بک ایجنسی | کتاب گھر |
| اقبال روڈ کمیٹی چوک، راولپنڈی | اقبال روڈ کمیٹی چوک، راولپنڈی |
| کلاسیک بکس بوہڑ گیٹ، ملتان | کشمیر بک ڈپو، تلہ گنگ روڈ، چکوال |
| رائل بک کمپنی | مکتبہ رشیدیہ، جنرل مارکیٹ |
| فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک راولپنڈی | چکوال فون 0301-5785262 |


ادارہ کا مقصد ایسی کتب کی اشاعت کرنا ہے جو تحقیق کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی ہوں۔ اس ادارے کے تحت جو کتب شائع ہوں گی اس کا مقصد کسی کی دل آزاری یا کسی کو نقصان پہنچانا نہیں بلکہ اشاعتی دنیا میں ایک نئی جدت پیدا کرنا ہے۔ جب کوئی مصنف کتاب لکھتا ہے تو اس میں اس کی اپنی تحقیق اور اپنے خیالات شامل ہوتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ آپ اور ہمارا ادارہ مصنف کے خیالات اور تحقیق سے متفق ہوں۔ اللہ کے فضل و کرم، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہ کرم مطلع فرمادیں۔ انشاء اللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائیگا۔ (ناشر)



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# انتساب!

اک پری زاد

کے نام!

جو مجھ میں رہ کر مجھے بے چین رکھتی ہے

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

# دیباچہ

''ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا'' ہاں اس بار کچھ زیادہ تاخیر ہوگئی...... بہت سی الجھنیں باعثِ تاخیر بنتی گئیں اور اپنا حال تو ہمیشہ سے کچھ ایسا ہے کہ ''ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں میں''...... بہر حال ''مقدس'' آپ کے ہاتھ میں ہے اور میری خود سے لڑی ہوئی اک اور جنگ لفظوں کی صورت اس کتاب کے صفحوں پر آپ کو بکھری ہوئی ملے گی۔ شکست پہلے بھی میرا مقدر تھی اور شکست آج بھی میرا نصیب ہے یہ جو لوگ لفظوں کی دنیا میں رہتے ہیں۔ ان کی ساری زندگی لفظوں کے روٹھنے اور ان کو منانے میں بیت جاتی ہے۔ اگر پھر یہ لفظ مجھ سے روٹھ نہ گئے تو **پری زاد** کے ذریعے آپ سے دوبارہ ملاقات ہوگی۔

کسی بھی کتاب کو کامیاب بنانے کے لیے جتنی کوشش رائٹر کو کرنی پڑتی ہے۔ اتنی ہی کوشش پبلشر کو کرنی پڑتی ہے۔ میرے پبلشر نے اس ذمہ داری کو میری توقعات سے زیادہ بہتر طور پر ادا کیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد قارئین میری اس رائے سے اتفاق کریں گے۔

ہاشم ندیم



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 1

کہتے ہیں شہنشاہ روم نیرو کو جب سزائے موت دی جارہی تھی تو اُس وقت اس نے حسرت زدہ انداز میں تمام مجمعے کو دیکھتے ہوئے صرف تین لفظ کہے تھے۔

"Qualis qilifex perco"

''افسوس دنیا نے مجھ جیسا'' نایاب صفت'' کھو دیا۔''

کچھ اسی سے ملتے جلتے خیالات کا اظہار اُس اٹالین لسٹر کے نے بھی کیا تھا جسے کچھ دیر پہلے اس کے ساتھی اُس کی ہیوی بائیک سمیت ٹوٹی پھوٹی حالت میں ایک نیگرو کی ٹیکسی میں ڈال کر لے گئے تھے۔ ہم سب اس وقت نیو یارک شہر کے مین ہیٹن علاقے میں بنی دیو قامت کمرشل عمارتوں کے عقب میں موجود سنسان اور اندھیری گلی میں موجود تھے۔ موسم سرد تھا اور دور کسی گھڑیال نے ابھی کچھ دیر پہلے رات کے دو بجنے کا اعلان کیا تھا۔ تیز بارش نے ہم سبھی کو شرابور کر رکھا تھا اور سنسناتی ہوا کی وجہ سے تقریباً سبھی نے اپنی اپنی جیکٹ اور کوٹ کے کالر کھڑے کر رکھے تھے۔ ہم سب یہاں اس سنسنان ہی گلی میں ایک کھیل کھیلنے کے لیے جمع ہوئے تھے جس کا نام تھا "The last surviver" (آخری فاتح)۔ پہلے یہ کھیل ہم تیرہویں گلی میں اپنے رہائشی اپارٹمنٹس کے پیچھے والی گلی میں کھیلا کرتے تھے لیکن پھر جب ہمارے بھاری اور طاقت ور موٹر سائیکلوں کے پھٹے ہوئے سائیلنسروں کے بے ہنگم شور نے علاقے کے مکینوں کو آدھی آدھی رات تک جاگنے پر مجبور کر دیا تو آخر کار ہماری شکایت ہوگئی اور "NYPD" (نیو یارک پولیس ڈپارٹمنٹ) والوں نے ہمارے سرپرستوں سے بھاری ضمانتیں طلب کر کے ہمیں گھر جانے کی اجازت دی تھی۔ اُس دن کے بعد سے ہمیں مجبوراً مین ہیٹن کی یہ ویران گلیاں چھاننا پڑ رہی تھیں۔ تجارتی علاقہ ہونے کی وجہ سے یہاں سرشام ہی ویرانی چھا جاتی تھی لہٰذا ہماری رات بھر کی ہلڑ بازی کو روکنے والا یا اُس کی شکایت کرنے والا یہاں کوئی نہیں تھا۔ ہاں البتہ رات کو دیر گئے گھر لوٹنے میں علاقے کے کالے لٹیروں کے ہاتھوں لٹنے کا خطرہ ہمیشہ موجود رہتا تھا۔ اس لیے ہم عموماً چار پانچ کی ٹولیوں میں سفر کرتے تھے۔ اپنے نام کی طرح ہمارا یہ کھیل بھی بہت عجیب وغریب اور جان لیوا تھا۔ ہمیں یہ کھیل کھیلنے کے لیے کسی ایسی تنگ گلی کی ضرورت ہوتی تھی جہاں سے بیک وقت صرف دو بائیکس ایک ساتھ گزر سکیں۔ تنگ گلی کے اُس آخری سرے کو جو باہر کھلی سڑک پر کھلتا تھا ایک آہنی دروازے یا پھر اسی قسم کی کسی مضبوط رکاوٹ کے ذریعے آدھا بند کر دیا جاتا تھا، اس طرح گلی کے سرے سے اب صرف ایک ہی بائیک کے گزرنے کی جگہ باقی رہ جاتی تھی۔ کھیل یہ تھا کہ دو موٹر سائیکل سوار اپنی ہیوی بائیک کی تمام تر رفتار کے ساتھ گولی کی سی تیزی سے گلی کے تنگ کونے سے پہلے نکلنے کے لیے ریس لگاتے تھے۔ ایک سو ستر یا ایک سو اسی کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے جب یہ جانباز گلی کے سرے کی طرف سفر کرتے تھے تو ان میں سے ایک ہی گلی سے سلامت نکل پاتا تھا جب کہ متوازی چلنے والا حریف دیوار یا آہنی دروازے سے ٹکرانے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کے بعد سیدھا ہسپتال پہنچنا اور پھر ہفتوں اُس گریٹر نیویارک ہسپتال کا بل بھرا کرتا جو ہمارے اس میدان جنگ سے قریب تر تھا۔ رات گیارہ بجے سے اب تک اٹالین رمبو اپنی ہڈی پسلی تڑوانے والا تیسرا گھائل تھا۔ اور اب آخری فاتح کی دوڑ کی باری میری تھی۔ میرے مقابل حبشی لڑکا ٹم تھا جو میرے انتظار میں اپنی بائیک پر بیٹھا اسے ریس دے کر گول دائرے میں ایک ٹائر پر گھمائے جارہا تھا۔ اُس نے پیش کیا جانے والا ہیلمٹ اُٹھا کر دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ اب مجھے بھی بنا کسی حفاظتی خول کے یہ مقابلہ لڑنا تھا۔ آس پاس کھڑے دونوں اطراف کے حمایتیوں کا شور اور نعرے تیز ہوئے جارہے تھے۔ میں نے جیکٹ کی زپ کھینچ کر بند کر دی۔ بارش کی وجہ سے موٹر سائیکل کی تیز ہیڈ لائٹس کی روشنی کے باوجود چند فٹ آگے کا منظر بھی دُھندلایا ہوا تھا۔ میں نے اپنی بائیک کی چین اور گیئرز کو درست کرتے ہوئے بسام کو ایک جانب ہٹنے کا اشارہ کیا اور خود جا کر بائیک کی سیٹ سنبھال لی۔

میں آیان احمد، امریکن، نژاد پاکستانی جو اپنے بڑے بھائی بسام کے ساتھ پانچ سال کی عمر میں اپنے والدین کے ساتھ امریکہ منتقل ہونے کے بعد گزشتہ بیس سالوں میں بمشکل بیس دن کے لیے بھی اپنے ملک واپس نہیں گیا تھا۔ ہاں چار سال پہلے جب ممی اور ڈیڈی کا ہائی وے پر کار کے حادثے میں ایک ساتھ انتقال ہوا تو میں اور بسام اپنے والدین کی وصیت پوری کرنے کے لیے ان کے جسد خاکی دفنانے کے لیے پاکستان لے گئے تھے۔ بسام مجھ سے عمر میں یوں تو ایک سال بڑا تھا لیکن زیادہ تر وہ ہی میرے رعب میں رہتا یا مجھ سے ڈانٹ کھاتا رہتا تھا۔ ممی اور ڈیڈ کے بچھڑنے کے بعد نیویارک میں صرف عارفین ماموں ہی ہمارے اپنوں میں باقی بچے تھے جو گراؤنڈ زیرو کے علاقے میں تنہا رہتے تھے، ماموں امی کے سب سے بڑے بھائی تھے اور ہم دو بھائیوں سے بہت پیار کرتے تھے لیکن دُنیا کے اس تیز ترین شہر کی برق رفتار زندگی کو نبھاتے ہمیں اُن سے ملے بھی ہفتوں گزر جایا کرتے تھے میں اور بسام شہر کی مرکزی یونیورسٹی سے ماسٹرز کر رہے تھے۔ بسام شام کو ایک ریسٹورنٹ میں کام کرتا تھا اور میں آوارہ گردی۔ سچ تو یہ ہے کہ ہم دونوں کے سارے خرچے اور الٹے تللوں سمیت گھر کے تمام خرچے بھی بسام ہی اُٹھاتا تھا۔ محنت کرنا بچپن سے ہی میری سرشت میں شامل نہیں تھا اور ان گوروں کی اُلٹی سیدھی باتیں تو میں بالکل بھی برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ اسی لیے بچپن سے لے کر اب تک بسام کی آدھی زندگی میرے جھگڑے نپٹاتے ہی گزر رہی تھی۔ بسام میرا اور اپنا خرچہ اُٹھانے کے لیے رات دن محنت کرتا لیکن مجھے اس کے دیئے پیسے ہمیشہ کم ہی لگتے تھے، مجبوراً مجھے خود کمانے کے لیے اُلٹی سیدھی شرطیں لگانی اور ایسے کھیل کھیلنا پڑتے تھے جن سے میں لمحوں میں ہفتوں کا خرچہ نکال سکوں۔ اس وقت بھی ہم سب اس اندھیری گلی میں میری ایک ایسی ہی شرط کی پاداش میں جمع ہوئے تھے، یونیورسٹی میں ایک ہم جماعت نے جب مجھے ''لاسٹ سروائیور'' نام اس کھیل کی شرط اور اسے جیتنے کی صورت میں ملنے والی رقم کا بتایا تو میں نے فوراً ہاں کر دی تھی۔

میں نے بائیک کا کلچ دبا کر الوداعی نظروں سے بسام کی جانب دیکھا بسام نے آخری مرتبہ التجا کی ''اُلو یار رہنے دو...... یہ بڑا خطرناک کھیل ہے۔ میں اگلے ہفتے اوور ٹائم لگا کر تمہیں کچھ ڈالر مزید دے دوں گا...... میں نے مسکرا کر اپنے بھولے بھیا کا منہ چڑایا، اسے بھلا کیا پتا کہ اپنی ''محنت کی کمائی'' کا مزہ ہی کچھ اور ہوتا ہے۔ میں نے بسام کو مشورہ دیا۔ ''تم سے نہیں دیکھا جا رہا تو آنکھیں بند کر لو۔ آیان اپنی شرط سے کبھی پیچھے نہیں



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

ہٹنا......" میں نے بائیک کو گیئر میں ڈالے رکھا اور جھنڈی ہلانے والے لڑکے کے اشارے کے انتظار میں بائیک کو زور زور سے ایکسی لیٹر دینے لگا۔ اس وقت ہم سب نسبتاً ایک کھلی گلی میں موجود تھے اور ٹھیک ہمارے سامنے دو سو گز کے فاصلے پر وہ تنگ گلی شروع ہوتی تھی جس کے اختتام پر لوہے کی چادریں لگا کر اُسے نصف بند کر دیا گیا تھا۔ جو نیگروز یہ مقابلے منعقد کرواتے تھے وہ اپنے پرانے کھٹارہ بیڈفورڈ ٹرک میں یہ تمام سامان لے کر آتے تھے اور علاقے کا تعین اور باقی تمام انتظامات انہی کے ذمہ تھے۔ ہر شرط لگانے والے کو بیس 20 ڈالر کی فیس ان کے پاس پیشگی بھرنا لازمی تھی، ستم یہ ہے کہ میں نے اپنی فیس بھی بسام کی جیب سے بھروائی تھی۔ وہ ہمیشہ مجھے ایسے کاموں سے منع کرتا اور آخری لمحے تک میری مدد سے انکار کرتا رہتا تھا، لیکن میں جانتا تھا کہ وہ مجھے کبھی تنہا نہیں چھوڑ سکتا، لہٰذا آخری لمحوں میں ہمیشہ اُسے میرے سامنے ہتھیار ڈالتے ہی بنی تھی، آج شام بھی ٹھیک ایسا ہی ہوا اور جب میں بسام سے جھگڑنے کے بعد اُس کے کام والی جگہ سے رُوٹھ کر مین ہیٹن لوٹا تو گھنٹے بعد ہی وہ بھی اس جگہ پہنچ چکا تھا، اور ناراض سا کھڑا نیگرو کے پاس میری فیس جمع کروا رہا تھا۔

نیگرو پارٹی نے کچھ دیر مزید بارش تھمنے کا انتظار کیا لیکن اس کے رکنے کے آثار نظر نہیں آرہے تھے، اب تو باقاعدہ گلی میں پانی جمع ہونے لگا تھا اور گلی کے دونوں اطراف بھی لوہے کی جالیوں کے نیچے بنی نالیوں میں سے تیز پانی کے بہنے کی آواز آرہی تھی۔ آخر کار فیصلہ ہوا کہ اب مزید انتظار بے سود ہے لہٰذا مقابلہ شروع کیا جائے۔ ہمارے سامنے کھڑے نوجوانوں کا ہجوم تیزی سے چھٹ گیا اور سب دیوار کے ساتھ دونوں جانب بنے فٹ پاتھ پر چڑھ گئے۔ جھنڈی دکھانے والا لڑکا چلایا "تین"، "دو"، "ایک......" میری اور میرے حریف کی بائیک یوں اُچھل کر تیزی سے آگے کو دوڑیں جیسے کسی توپ کے دہانے سے دو گولے نکلے ہوں۔ اُس کے پاس نئے ماڈل کی سپر 180 بائیک تھی جبکہ میری بائیک کچھ پرانی تھی اور اس کی دیکھ بھال میں اور بسام خود کیا کرتے تھے، دراصل ہم خود اچھی بائیک کے مکینک بھی تھے اور بسام اپنی اب تک کی پڑھی تمام مکینکل انجینئرنگ اس بائیک کی رفتار اور کارکردگی بہتر کرنے پر صرف کر چکا تھا۔ چند لمحوں میں ہی میری اور ٹم کی بائیک سو کی رفتار کے ہندسے کو چھونے لگی تھی۔ لیکن اس وقت میں اپنی بائیک کے ڈیجیٹل میٹ پر جگمگاتے اور تیزی سے بڑھتے نمبر دیکھنے کا خطرہ نہیں مول سکتا تھا کیونکہ تنگ گلی بالکل میرے سامنے تھی۔ بہت سے اناڑی سوار تو اس گلی کے آغاز پر ہی دیوار سے ٹکرا کر مقابلے سے باہر ہو جاتے تھے۔ کیونکہ انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ اس تنگ گلی میں سیدھے داخل ہونا بھی نہایت مہارت کا متقاضی تھا۔ خاص طور پر اُس وقت جب آپ کی بائیک سے بالکل جڑی دوسری متوازن بائیک بھی ٹھیک اُسی رفتار سے اڑی چلی آرہی ہو۔ ٹم ایسے مقابلوں کا پرانا اور شاطر کھلاڑی رہا تھا اور اُس نے گلی میں داخلے سے قبل مجھے جھکا دینے کے لیے اپنی بائیک کا اگلا پہیہ ذرا سا موڑ کر تیزی سے سیدھا کر لیا۔ تاکہ میں ڈر کر اس سے چند انچ پیچھے رہ جاؤں لیکن میں جانتا تھا کہ ٹم ایک دو سیکنڈ سے زیادہ اپنی بائیک کے پہیے کو موڑے نہیں رکھ پائے گا کیونکہ اس صورت میں وہ خود بھی دیوار سے ٹکرا سکتا تھا لہٰذا میں نے بریک پر دباؤ نہیں بڑھایا اور اگلے ہی لمحے ہم دونوں اس سرنگ نما گلی میں ایک ساتھ یوں داخل ہوئے کہ گلی کے فرش پر ٹائروں کی رگڑ سے فضا میں کئی چنگاریاں لپکیں۔ گلی اس قدر تنگ تھی کہ ہم دونوں کے مخالف شانے تقریباً دیوار کو چھو رہے تھے، اس مرحلے پر سوار کا سب سے مشکل امتحان اپنی بائیک کو ناک کی سیدھ میں سیدھا رکھ کر آخری گنجائش کی حد تک تیزی سے دوڑانا ہوتا ہے، ذرا سی بھی لاپرواہی ہم دونوں کو موت کے منہ میں لے جا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

سکتی تھی کیونکہ ایک بھی سوار گرنے کی صورت میں دوسرا خود بخود اُس کی لپیٹ میں آجاتا اور دیوار سے ٹکرا کر یا موٹر سائیکلوں تلے روندھے جانے کے بعد ہمارے چیتھڑے بھی شاید لوگوں کو نہ ملتے۔گلی کا بند کونا ہماری طرف بڑھنے والے کسی میزائل کی طرح لحہ بہ لحہ قریب آتا جا رہا تھا، اچانک میں بے خیالی میں ذرا سا بائیں جانب جھکا اور دوسرے ہی لمحے میں نے بائیں کاندھے پر سے اپنی لیدر جیکٹ کا ایک ٹکڑا دیوار کی رگڑ سے چھل کر فضا میں اڑتے ہوئے دیکھا۔ایک پل میں ہی مجھے اپنے بائیں شانے میں مرچیں سی بھرتی ہوئی محسوس ہوئیں اور ٹھیک یہی وہ لمحہ تھا جب تم نے اپنی بائیک کی پوری رفتار ایک جھٹکے سے کھول لی تھی۔اس کی بائیک کا اگلا پہیہ میرے بائیک سے چند انچ آگے بڑھ چکا تھا اور تم نے کمال مہارت سے اپنی بائیک کو گلی سے باہر نکلنے والے سرنگ نما راستے کی جانب دھکیلے رکھا۔سرنگ کے دھانے سے باہر کی جانب سے آتی نیلگوں روشنی کا مستطیل ٹکڑا خلا میں بھٹکتے کسی شہاب ثاقب کی طرح ہمارا وجود اپنی جانب کھینچ رہا تھا اور پھر تم کی مہارت نے اثر دکھایا اور اس نے اپنا جسم سکیڑ کر خود کو کسی پیراک کی طرح بائیک کی سیٹ پر لٹا لیا اور جس طرح ماہر غوطہ خور اونچائی سے چھلانگ لگا کر پانی کی سطح کو چیرتے ہوئے اپنا جسم اندر داخل کرتے ہیں۔ ٹھیک اُسی طرح تم گلی کے سرے سے باہر نیلی روشنی کے سمندر میں پار ہو گیا۔میں نے پوری قوت سے اگلی اور پچھلے پہیوں کی بریک کو جکڑ لیا۔لیکن پھر بھی میں بائیک کو سنبھال نہ سکا، میری بائیک ترچھی ہو کر اڑتی ہوئی بے پناہ طاقت کے ساتھ لوہے کی چادر سے ٹکرائی اور ٹھیک اگلے لمحے میرا جسم بھی اس فولادی رکاوٹ سے متصادم ہو چکا تھا،لیکن میری خوش قسمتی رہی کہ میرے بے توازن جسم کے ٹکرانے سے پہلے ہی میری ہیوی بائیک کا تمام تر وزن اس فولادی چادر کو صرف ایک سیکنڈ پہلے کافی حد تک ترچھا کر چکا تھا لہٰذا میرے ٹکراتے ہی وہ آہنی دروازہ بھی فضا میں اُچھلا اور دوسرے لمحے میں فضا میں قلابازیاں کھاتا ہوا پکی سڑک پر گر کر بے سدھ ہو چکا تھا۔میری بائیک گیلی سڑک پر پھسلتی ہوئی جانے کس رُخ جا ٹکرائی تھی اور میں زخموں سے چور بدن کے ساتھ برستی بارش میں نیچے زمین پر پڑا ہوا تھا۔پھر جب میری آنکھ کھلی تو سبھی لڑکے میرے اردگرد جمع تھے اور مجھے ہوش میں لانے کی کوشش کر رہے تھے۔میرا سر بسام کی گود میں تھا۔اور وہ پریشانی سے میرے گال تھپتھپا رہا تھا۔" آیان ...... ہوش میں آؤ...... تم ٹھیک تو ہو ...... ؟ ...... بولتے کیوں نہیں ...... ؟" میں نے دھیرے دھیرے آنکھیں کھولیں تو آسمان سے برستے قطرے میرے آنسو بن گئے۔" ہاں ٹھیک ہوں...... بس کچھ ہڈیاں اپنی جگہ سے سرک گئی ہیں...... " اچانک میں نے محسوس کیا کہ میرے دائیں گھٹنے سے بھی خون بہہ رہا ہے اور میری نیلی جینز سرخ ہو چکی ہے۔نیگروز نے اپنے نام نہاد فرسٹ ایڈ کے بکسے سے میری حتی الامکان مرہم پٹی کر دی تھی،لیکن میرا سارا جسم اب بھی کسی پھوڑے کی طرح دُکھ رہا تھا۔فاتح تم نے مجھے ہاتھ سے پکڑ کر کھڑا کر دیا۔"Well played" "تم خوب کھیلے لڑکے...... لیکن جانتے ہو تم آج مجھ سے کیوں ہارے ہو...... " میں نے سوالیہ انداز میں تم کی جانب دیکھا۔" کیونکہ میری بائیک کا ماڈل تم سے تین سال پرانا ہے...... " تم مسکرایا" نہیں...... بائیک کا ماڈل اتنے معنی نہیں رکھتا...... اصل بات ہے"Killer instinct" (مارنے کی جبلت)۔جب تک تمہارے اندر مخالف کو ختم کر دینے کی یہ فطری جبلت پیدا نہیں ہو گی۔تب تک تم اُدھورے ہی رہو گے۔جس طرح جنگل کے درندوں میں اپنے بچاؤ اور بقا کے لیے دوسرے جانور کو چیر پھاڑ دینے کا نظام رائج ہے، ٹھیک اُسی طرح ہماری اس نام نہاد تہذیب یافتہ دنیا کا بھی کچھ ایسا ہی اصول ہے۔میں نے پوری ریس کے دوران یہ محسوس کیا تھا کہ تم اپنے ساتھ ساتھ میری بچت کا بھی سوچ رہے ہو۔اور یہی تمہاری بنیادی غلطی تھی۔جیتنے کے لیے دوسرے کو کچل دینے کا جذبہ سب سے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

زیادہ ضروری ہوتا ہے...... اگلی بار جب میرے مقابلے پر آؤ تو اس حیوانی جبلت (killer instinit) کے بغیر نہ آنا شہنشاہ جب اپنی تفریح کے لیے گلیڈیٹرز Gladiaters کو اکھاڑے میں بھوکے شیروں کے سامنے اُتارتے تھے تو تب بھی یہی فطری جبلت گلیڈیٹرز کو بچاتی تھی ورنہ اس کی ادھ بچی لاش ہی میدان سے باہر جاتی تھی......'' میں غور سے تم کی بات سن رہا تھا۔ شاید وہ ٹھیک ہی کہہ رہا تھا۔ ''مارو...... یا مرجاؤ۔'' کا اصول ہی ہمیں فتح کے قریب رکھتا ہے میری بائیک مڑی تڑی سی ایک جانب پڑی ہوتی تھی اور اُس کے ریڈی ایٹر سے گرم بھاپ نکل کر فضا میں تحلیل ہو رہی تھی۔ بسام مجھ سمیت بچی کھچی ہوئی بائیک کو ایک ٹیکسی میں ڈال کر ہمارے اپارٹمنٹ کی عمارت تک پہنچا تو صبح کے پانچ بجنے والے تھے، اور بارش تھم چکی تھی۔

اگلے تین دن بسام نے میرے جسم کی سینکائی اور مجھے ڈانٹنے میں گزارے، میری وجہ سے اُس کی کلاسز اور شام کے اور ٹائم کا بھی بہت حرج ہو رہا تھا لہٰذا چوتھے دن میں نے اُسے زبردستی یونیورسٹی بھجوا دیا لیکن خود یونیورسٹی کی کلاس لینے میں مجھے دو ہفتے لگ گئے۔

میری بائیک ابھی تک زیرِ مرمت تھی لہٰذا مجھے یونیورسٹی کے لیے زیرِ زمین ریل کے سب وے اسٹیشن سے ٹرین پکڑنی پڑی اور میں جب باہر کھلی فضا میں پہنچا تو چمکیلی دھوپ سے میری آنکھیں چندھیا سی گئیں، یونیورسٹی میں حسبِ معمول میرا گروپ کلاس روم کے بجائے کیفے میں مجھے اودھم مچاتا ہوا ملا۔ میرے گروپ میں امریکن ایرک اور جم، ایرانی نژاد فرہاد اور کینیڈین جینی شامل تھی۔

اور ہم سب کی قدرِ مشترک صرف ہلڑ بازی اور زندگی کے اُس لمحے گزرتے پلوں کا لطف لینا تھا۔ ''باقی دنیا جائے بھاڑ میں'' ہمارا اصول اور ''آ بیل...... مجھے مار'' ہمارا آئین تھا۔

مجھے دیکھ کر ایرک زور سے چلایا ''ہے آپان...... کہاں رہ گئے تھے MAN......؟...... ہم صبح سے تمہارا انتظار کر رہے ہیں......'' وہ سب درمیانی عرصے میں میری عیادت کے لیے لگاتار ہمارے فلیٹ آتے رہے تھے اور میں نے ہی دو دن پہلے اپنی آج یونیورسٹی آمد کا انہیں بتایا تھا۔ ''بائیک ٹھیک نہیں ہوئی ابھی تک...... ٹرین میں دھکے کھاتا ہوا پہنچا ہوں یہاں تک......'' جم کو اپنے شہر کی کسی چیز کی بھی برائی سخت ناگوار گزرتی تھی لہٰذا وہ جلدی سے بولا ''نیویارک کی سب وے ٹرینیں دنیا میں بہترین مانی جاتی ہیں......؟ فرہا نے اُسے جھاڑا ''اچھا اچھا ٹھیک ہے...... زیادہ طرف داری کرنے کی ضرورت نہیں ہے...... امریکن کہیں کے......'' ہم سب ہنس پڑے جم کو غصہ آ گیا۔ ''تم تو خاموش ہی رہو۔ ہمارا بس چلے تو ہم تمہارے ایران کو پھر سے فارس بنا دیں......'' جینی نے لقمہ دیا ''بس یہیں تو تم امریکن مار کھا جاتے ہو...... تم لوگوں کا بس ہی تو نہیں چلتا......'' ابھی یہ نوک جھونک جاری تھی کہ اچانک یونیورسٹی کے مرکزی احاطے میں کچھ طلباء کی نعرہ بازی کا شور گونجا۔ میں نے کیفے کی دوسری منزل سے جھانک کر دور صحن میں کھڑے طلبا کو بینر اُٹھائے اور نعرے لگاتے دیکھ کر پوچھا۔ ''یہ کیا معاملہ ہے......؟'' جینی نے حیرت سے میری جانب دیکھا ''تم کیسے پاکستانی ہو...... یہ سب طلباء تمہارے ہی ملک کی کسی ڈاکٹر کی امریکنوں کے ہاتھ گرفتاری کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ سنا ہے چند ہفتوں میں اُسے سزا سنائی جانے والی ہے......'' میں نے بےزاری سے سر ہلایا۔ مجھے اپنا ملک چھوڑے بیس سال ہو چکے ہیں...... بھلا میرا وہاں کی روزمرہ خبروں کے ساتھ اب کیا تعلق......؟'' جینی نے اپنے سنہرے بال یوں جھٹکائے جیسے اُسے بہت افسوس ہوا ہو۔ فرہا نے فوراً فتویٰ جاری کر دیا۔ ''کبھی کبھی تو مجھے شک ہوتا


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہے کہ تم مسلمان بھی ہو یا نہیں...... اس قدر بے زاری......" میں نے فرہاد کو جھاڑ دیا۔ "اچھا اب میرا بزرگ بننے کی کوشش نہ کرو۔ اس کام کیلئے میرے عربی ماموں ہی کافی ہیں...... چلو جلدی سے کچھ آرڈر کرو...... دو ہفتوں سے بسام کے ہاتھ کی بدمزہ کافی پی پی کر میرا تو حلق بھی کڑوا ہو چکا ہے۔"

ابھی ہم کیفے ٹیریا سے نکلے ہی تھے کہ سامنے سے مسلمان طلباء کے کونسلر اسٹوڈنٹ عامر بن حبیب گروپ یونیورسٹی کے کسی مسئلے کی کونسلنگ counsiling کرتا نظر آیا۔ ہماری یونیورسٹی میں ہر مذہب کے طلبا کا ایک نمائندہ مقرر تھا جو خود بھی طالب علم ہوتا۔ اور دیگر طلباء کے ووٹ سے ہر سال اُس کا چناؤ ہوتا تھا۔ اس کونسلر کی ذمہ داری یہ ہوتی تھی کہ وہ اپنے ہم مذہب طلبا کے مسائل یونیورسٹی انتظامیہ کے سامنے پیش کرے اور اُن سے مل کر کچھ ایسا حل نکالے جو سب کے لیے قابل قبول ہو۔ مسلم کونسلر کی طرح عیسائی کونسلر اور یہودی کونسلر بھی یونیورسٹی کے طلباء میں سے ہی چنے جاتے تھے، لیکن نہ جانے کیوں مجھے انسان کو ان مذہبی گروہ بندیوں میں تقسیم کرنا شروع سے ہی بہت برا لگتا تھا۔ میں ہمیشہ سوچتا تھا کہ انسان کو صرف انسان کی پہچان سے کیوں نہیں جانا جاتا؟ کیا مذہب اور نسل کی یہ تقسیم واقعی اتنی ضروری ہوتی ہے کہ انسانیت کہیں پس منظر میں چلی جائے؟ شاید یہ میری امریکہ میں ہوئی پرورش کا اثر تھا کہ میں بھی لاکھوں نوجوانوں کی طرح مذہب کو صرف ایک پابندی کے طور پر برت رہا تھا۔

آج کل ہماری یونیورسٹی کا مسلم کونسلر معاشیات ڈپارٹمنٹ کے سال آخر کا طالب علم عامر بن حبیب تھا جو ایک عرب خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ جب ہم اس عرب شیخ کو یوں ٹھٹھرتی سردیوں یا کڑک دھوپ تلے باقی مسلمان طلباء کے مسائل حل کروانے کے لیے دربدر بھٹکتے دیکھتے تو ہمیں بہت حیرت ہوتی تھی کہ یہ امیرزادہ کن چکروں میں پڑا ہوا ہے۔ میں اور بسام تو ہمیشہ یہی آہیں بھرتے رہتے تھے کہ کاش ہمارے پاس اتنا پیسہ ہوتا تو ہم ہیوی بائیکس کا ایک شوروم کھول لیے اور باقی تمام عمر عیش کی زندگی جیتے شاید قدرت جب کسی کو کوئی نعمت بخشتی ہے تو ٹھیک اُسی لمحے اس انسان کے دل سے اس نعمت کی قدر بھی چھین لیتی ہے۔ یا شاید کچھ لوگوں کو ہمیشہ تب ملتا ہے جب وہ اہمیت کھو چکا ہوتا ہے۔

میری عامر سے یونہی ایک آدھ بار سرسری سی ملاقات ہوئی تھی اور آج بھی میں نے اس کے گروپ کو دیکھ کر رستہ بدل کر نکلنے کی کوشش کی لیکن عامر نے مجھے دیکھ کر دور سے ہی اپنے مخصوص عربی لہجے کی انگریزی میں پکارا "ہے آیان...... بس دو منٹ......" میں بادل نخواستہ رک گیا اور عامر سمیت اس کے چار ساتھی میری سمت بڑھے جن میں فلسطینی لڑکا بابر بھی شامل تھا۔ جانے کیوں میری اور بابر کی پہلے دن سے ہی نہیں بنی تھی اور ہماری تین چار جھڑپیں ہو چکی تھیں۔ وہ بھی میری طرح تیز مزاج اور حساب باقی نہ رکھنے والا انسان تھا۔ عامر نے قریب آ کر مجھے سلام کیا۔ "ہم شہر میں مسلمان طلباء کے خلاف نیویارک پولیس کے کریک ڈاؤن کے خلاف کل سے مظاہرے شروع کر رہے ہیں...... تم ہمارا ساتھ نہیں دو گے؟" میں نے طنز کیا "یہ تم لوگوں کو بے گانی شادی میں عبداللہ دیوانہ بن کر ناچنے کی کیا عادت پڑ گئی ہے......؟ نیویارک پولیس کو اپنا کام کرنے دو...... جو بے گناہ ہوگا۔ خود چھوٹ جائے گا......" میرا کرارا جواب سن کر بابر سے صبر نہیں ہو سکا" میں نے تم لوگوں سے پہلے ہی کہا تھا کہ اس سے بات کرنا فضول ہے ...... لیکن تم لوگوں نے میری نہیں سنی......" میں نے بابر کو گھورا "تمہارے لیے بھی میرا یہی مشورہ ہے کہ اپنے گھر کی فکر کرو...... دوسروں کے غم میں ڈبلا ہونا چھوڑ دو" بابر سینہ تان کر آگے بڑھا لیکن عامر نے جلدی سے بیچ بچاؤ کروایا "ٹھیک ہے ٹھیک ہے...... کوئی زبردستی نہیں ہے...... لیکن آیان...... جانے میرا دل کیوں کہتا ہے کہ ایک دن تم ضرور ہمارے ساتھ چلو گے......" وہ لوگ آگے بڑھ گئے اور میں اپنے راستے ہو لیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

اُس رات بسام کو واپس آنے میں کافی دیر ہوگئی تھی۔شاید میری ٹوٹی بائیک اور شرٹ کا نقصان بھرنے کے لیے اس نے اور ٹائم لے لیا تھا۔ میں کچھ دیر ٹی۔وی کے چینل بدلتا رہا اور پھر مجھے سستی نے آگھیرا۔اور میں وہیں لاؤنج کے صوفے پر نیم دراز ہوگیا۔اچانک ایک گزرتے ہوئے چینل نے مجھے جھٹکے سے دوبارہ اُٹھ جانے پر مجبور کر دیا۔میں نے فوراً دوبارہ وہی چینل لگایا۔بسام جس ریسٹوران میں کام کرتا تھا۔"وہ کیفے پنولی" کے علاقے میں تھا اور اُس وقت ٹی۔وی پر وہاں نیو یارک پولیس کے چھاپوں کے بارے میں رپورٹ چل رہی تھی۔اور پھر میں نے دیگر لڑکوں کے ساتھ بسام کو بھی پولیس کی گاڑی میں بیٹھتے دیکھا تو میرے ہاتھ سے ریموٹ گر گیا۔میرے ذہن میں آج عامر کی کہی ہوئی بات گونجی "NYPD" والے مسلمانوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر رہے ہیں۔ٹھیک اُسی وقت کسی نے ہیجانی انداز میں باہر کا دروازہ زور زور سے دھڑ دھڑانا شروع کر دیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 2

جس انداز میں دوبارہ پیٹا جا رہا تھا۔ میرے ذہن میں پہلا خیال یہی آیا کہ شاید ہمارے اپارٹمنٹ پر بھی پولیس نے چھاپہ مار دیا ہے، لیکن مجھے خود سے زیادہ بسام کی فکر تھی جسے میں نے ابھی ابھی نیوز چینل پر پولیس کے ہاتھوں گرفتار ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔ میں نے چند لمحے سوچا اور پھر ایک جھٹکے سے دروازہ کھول دیا۔ باہر فرینکلن کھڑا تھا جسے ہم سب پیار سے انکل فرینکی کہتے تھے، وہ ہمارے اپارٹمنٹس کی یونین کا صدر تھا، اور میرا اور بسام کا خاص طور پر خیال رکھتا تھا" ہے آیان...... تم نے ابھی نیوز دیکھیں۔ کیفے بنولی کے علاقے میں تمام چھوٹے ریسٹورنٹس پر ریڈ کر کے پولیس نے کئی مسلمانوں کو گرفتار کر لیا ہے...... اور خدا کے لیے تم لوگ اپنی یہ گھنٹی ٹھیک کرواؤ...... کب سے دروازہ پیٹ رہا ہوں......" شاید فرینکی نے بسام کو گرفتار ہوتے نہیں دیکھا تھا۔ میں نے اُسے یہ نئی خبر سنا کر پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا اور جلدی سے اپنی جیکٹ پہنی" ہاں...... میں وہیں جا رہا ہوں...... دعا کرو سب ٹھیک ہو جائے......" فرینکی شاید غصے میں تھا" تماشہ بنا رکھا ہے ان پولیس والوں نے...... ہم امریکی ایسے تو کبھی نہیں تھے......" انکل فرینک جس سنہرے دور کو یاد کرتا رہتا تھا، وہ امریکہ اب صرف کتابوں میں ہی ملتا تھا۔ میں نے نیچے اُتر کر ل ہیری سٹریٹ کے لیے ٹیکسی پکڑی اور اُسے پولیس اسٹیشن چلنے کے لیے کہا۔ میرے وہاں پہنچنے سے قبل ہی کافی بھیڑ اکٹھی ہو چکی تھی جس میں زیادہ تر مسلمان اور ایشین Asian طلباء کے رشتہ دار شامل تھے۔ کافی لمبی بحث کے بعد مجھے بسام سے ملاقات کی اجازت ملی۔ مجھے دیکھتے ہی وہ مجھ سے لپٹ گیا۔ ممی ڈیڈی کا لاڈلا بچہ ہونے کی وجہ سے بسام اندر سے کافی نازک اور حساس طبیعت کا مالک تھا۔ میں نے زور سے اس کی پیٹھ تھپتھپائی" ہمت کرو یار...... آخر یہ ماجرا کیا ہے......؟" بسام نے رونی صورت کے ساتھ جواب دیا" پتا نہیں...... کسی پاکستانی لڑکے کو گرفتار کیا ہے آج نیویارک پولیس نے...... سنا ہے ٹائمز سکوائر پر کسی گاڑی میں بم نصب کیا تھا اُس نے...... بم تو نہیں پھٹا پر ہمارے مقدر پھوٹے ہیں کہ ہم سب ایشین اور مسلمان ہونے کے جرم میں دھر لیے گئے ہیں......" میں نے غصے سے کچھ دور بیٹھے آفیسرز کی طرف دیکھا" لیکن کسی دوسرے ایشین یا مسلمان کے جرم میں یہ لوگ باقی بے گناہوں کو کیسے پکڑ سکتے ہیں......؟ ہم نے سب کا ٹھیکہ لے رکھا ہے کیا......؟ اور تم نے انہیں بتایا نہیں کہ تم گزشتہ بیس سالوں سے امریکی شہریت رکھتے ہو...... تو پھر یہ لوگ تمہیں ایشیائی ہونے کا الزام کیوں دے رہے ہیں......؟ اب ہم بھی انہی کی طرح امریکن شہری ہیں......" بسام نے گہری سانس لی" بھائی ایشیائی ہونا اتنا بڑا جرم نہیں ہے ان لوگوں کی نظر میں...... ہمارا اصل جرم مسلمان ہونا ہے...... یہ لوگ اب ہر مسلمان کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں...... پھر وہ چاہے کوئی ان کا اپنا شہری ہی کیوں نہ ہو......" اتنی دیر میں بسام کے ریسٹوران کا مالک بھی اپنے وکیل کے ساتھ لاک اپ پہنچ گیا۔ لیکن پتا چلا کہ اب اُن سب کی ضمانتیں صبح عدالت سے ہی ہو سکیں گی۔ میں بسام کو تنہا نہیں چھوڑنا چاہتا تھا لیکن رات بارہ بجے کے بعد ہم سب کو مرکزی ہال خالی کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ بسام نے ضد کر کے مجھے واپس اپارٹمنٹ بھجوا دیا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ میں ساری رات وہیں پولیس اسٹیشن کے باہر کھڑے رہ کر گزار دوں گا۔


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

لیکن گھر واپس پہنچ کر بھی مجھے ایک پل کے لیے بھی قرار نصیب نہیں ہوا۔ بار بار میری نظر بسام کے خالی کمرے اور بستر کی طرف جاتی رہی۔ حیرت ہے کہ جب بسام گھر میں ہوتا تھا تو میں تمام وقت اس سے مختلف چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑتا رہتا تھا اور آج جب وہ یہاں نہیں تھا تو مجھے کسی کروٹ چین نہیں آ رہا تھا۔ شاید خون کے سبھی رشتے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ دور یا جدا ہونے کے بعد بے تحاشا یاد آنے والے...... شاید اُداس کر دینے والے...... ممی ڈیڈی کے انتقال کے بعد یہ پہلا موقع تھا جب میں اور بسام الگ ہوئے تھے۔ ہمارے والدین نے اپنی زندگی کے آخری پندرہ سال امریکہ کے اسی نیویارک شہر میں گزارے تھے مگر ڈیڈی کی تمام عمر جدوجہد میں ہی گزر گئی۔ وہ بھی بہت سے رنگین سپنے لے کر اپنے ملک سے یہاں آئے تھے مگر نیویارک کی تیز زندگی انہیں کبھی راس نہیں آئی اور اسی تیز رفتار زمانے نے ایک دن ان دونوں کی جان لے لی۔ مجھے یاد ہے کہ جب میں اور بسام چھوٹے تھے تو ہمارے اسکول کی فیس بھرنے کے لیے ڈیڈی کو تین تین جگہ نوکری کرنا پڑتی تھی، ممی سیدھی سادھی گھریلو خاتون تھیں اور انہیں اس نئی دنیا کا کوئی تجربہ نہیں تھا۔ وہ ہمیشہ ہمیں ہمارے ملک کی کہانیاں سنایا کرتی تھیں جو ہمیشہ مجھے کسی پریوں کے دیس کی باتیں لگتی تھیں کہ جہاں پندرہ بیس افراد کا کنبہ بھی ایک چھت تلے گزارہ کر لیتا تھا اور جہاں شام کے بعد اب بھی نانیاں اور دادیاں بچوں کو چاند کی بڑھیا کی کہانی سناتی تھیں۔

ڈیڈی اپنی تمام تر کوشش اور ان تھک محنت کے باوجود اس کرائے کے اپارٹمنٹ سے آگے نہ بڑھ سکے جس میں اب میں اور بسام تنہا رہتے تھے اور انہی کی خواہش پوری کرنے کے لیے میں اور بسام ابھی تک جیسے تیسے کر کے اپنی تعلیم مکمل کر رہے تھے۔ ورنہ یونیورسٹی کی آسمان کو چھوتی فیس اور دیگر اخراجات ہمیں اس عیاشی کی اجازت ہرگز نہیں دیتے تھے کہ ہم دونوں ایک سمسٹر بھی آگے پڑھ سکیں لیکن بسام نے ڈیڈی کی آخری خواہش اور وصیت سنبھالنے کا عزم کر رکھا تھا اور اب تو اس کا آخری سمسٹر تھا، مجھے البتہ ابھی تین سمسٹر درکار تھے اور ڈیڑھ سال کے بعد مجھے بھی معاشیات میں ڈگری مل جاتی تھی۔ میں ساری رات اُنہی سوچوں میں گم کروٹیں بدلتا رہا اور صبح ہوتے ہی پھر پولیس اسٹیشن جا پہنچا لیکن تب تک وہ لوگ بسام سمیت بھی لڑکوں کو عدالت لے جا چکے تھے۔ مجھے بسام کے مالک کا وکیل عدالت کی سیڑھیوں پر ہی مل گیا، وہاں اور بھی بہت سے متاثرہ لوگوں کے رشتہ دار موجود تھے۔ وکیل نے ہم سب کو اطمینان دلایا کہ دن بارہ بجے تک وہ سب کی ضمانتیں کروا لے گا۔ ہمیں کمرہ عدالت میں جانے کی اجازت نہیں کیونکہ جج اپنے ذاتی چیمبر میں یہ کیس سن رہا تھا، میں وہیں عدالت کے باہر سنگ مرمر کی یخ بستہ سیڑھیوں پر بیٹھ گیا اور پھر ٹھیک ساڑھے بارہ بجے بسام مجھے باہر نکلتا ہوا نظر آیا۔ مجھے یوں لگا جیسے میں اُسے نہ جانے کتنے سالوں بعد دیکھ رہا ہوں۔ میں لپک کر اس کے پاس پہنچ گیا" کیا بنا......؟" بسام رات بھر کی تھکن کا شکار لگ رہا تھا میری ضمانت ہو گئی ہے یار...... لیکن کچھ لڑکوں کو انہوں نے شبہے میں روک لیا ہے...... زیادہ تر پاکستانی شک کا شکار رہیں کیونکہ ٹائمز اسکوائر پر بم لگانے والا بھی کوئی پاکستانی طالب علم ہی ہے۔ لیکن میں نے بسام کی آدھی بات ان سنی کر دی۔ میرے لیے یہی بہت تھا کہ میرا بے قصور بھائی رہا ہو گیا تھا۔ لیکن شاید میں اس وقت یہ نہیں جانتا تھا کہ یہ عارضی رہائی ہم دونوں کے لیے کسی مستقل قید کا پیش خیمہ بھی ثابت ہو سکتی ہے۔ بسام کی آخری کلاس کا وقت ابھی باقی تھا لہٰذا وہ مجھے بھی اپنے ساتھ گھسیٹ کر یونیورسٹی لے گیا، اس روز یونیورسٹی میں بھی چاروں طرف ٹائمز اسکوائر والے واقعے کی بازگشت ہی سنائی دے رہی تھی۔ فرہاد نے پریشانی سے میری جانب دیکھا" مجھے ایک بات سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ کچھ عرصے سے آخر ہر بات کا نزلہ مسلسل پاکستانیوں پر کیوں گر رہا ہے......؟" ایرک نے بُرا سا منہ بنایا" کیوں کہ پاکستان کو سارے عالم کا خلیفہ بننے کی سوجھ گئی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہے......''فرہاد نے اُسے جھاڑا'' بکومت......کل تک تمہارے بھی خیالات ہمارے ایران کے بارے میں تھے......''ہم نے ایرک کی تائید کی''ایرک ٹھیک کہہ رہا ہے......آخر کوئی تو وجہ ہوگی ہر معاملے میں پاکستانیوں کے ملوث ہونے کی......؟''جینی نے غور سے میری جانب دیکھا''تم اپنے ملک کی صفائی میں کچھ نہیں کہو گے آیان......''میں بسام کی پریشانی کی وجہ سے کچھ کھویا سا تھا۔''بسام کہتا ہے کہ یہ معاملہ قوم کا نہیں......بلکہ مذہب کا ہے......ہمیں مسلمان ہونے کی سزا دی جارہی ہے......البتہ پاکستانی ہونا سونے پر سہاگ ہے......''ایرک نے زور سے نفی میں سر ہلایا''سب بکواس ہے......اگر صرف مسلمانوں کے ساتھ یہ سلوک روا رکھا جاتا تو یہاں سینکڑوں عرب، فلسطینی، ایرانی سوڈانی اور ملائیشن مسلمان بھی تو پڑھ رہے ہیں......حتیٰ کہ انڈین مسلمان طلباء بھی بڑے آرام سے زندگی گزارتے ہیں ہمارے امریکہ میں......تو پھر صرف پاکستانیوں کے ساتھ عداوت کا الزام سراسر غلط ہے......''فرہاد کے علاوہ باقی سب نے ایرک کی تائید میں سر ہلایا۔میں نے بے زاری سے بات ختم کی۔''میں صرف اتنا جانتا ہوں کہ ہم جیو اور جینے دو کے قائل نیویارک شہر کے باسی ہیں۔ہمیں کسی کے بھی کیے کی سزا ملنا بہت ناانصافی ہوگی......کسی ملک میں پیدا ہونا ہمارے اختیار میں ہرگز نہیں ہوتا ہاں کسی ملک کی شہریت ہم اپنی پسند اور مرضی سے اختیار کرتے ہیں اور میں نے اور بسام نے یہ امریکی شہریت اپنی مرضی سے اختیار کی ہے......لہٰذا اب ہمیں بھی باقی امریکیوں کی طرح امریکی سمجھا جائے اور ہمارے حقوق کا خیال رکھا جائے......''فرہاد نے میری تقریر سن کر برا سا منہ بنایا۔''مسٹر آیان......بہت جلد تمہاری آنکھوں کے سامنے سے امریکی حقوق کا یہ رنگین پردہ بھی ہٹ جائے گا......یہاں اب وہی امریکی کہلائے گا جو ابراہام لنکن کے دور کا ہوگا......''فرہاد کی بات سن کر ہم سبھی ہنس پڑے۔کچھ دیر میں ہی ہلکی بوندا باندی شروع ہوگئی اور ایرک اور جینی ہم سے کوئی بہانہ کر کے وہاں سے یونیورسٹی کے اس بڑے دالان کی طرف چل پڑے جہاں زمین پر زرد آتشی رنگت کے خشک پتوں کا قالین سا بچھا رہتا تھا۔ایرک اور جینی پہلے سمسٹر سے ہی ایک دوسرے کی چاہت کا شکار تھے اور یہ بات ہم میں سے کسی سے بھی پوشیدہ نہیں تھی،مگر ایسے موسم میں وہ دو احمق ابھی تک ہم لوگوں سے کچھ ایسے ہی عجیب وغریب بہانے کر کے علیحدہ ہوتے تھے۔پہلی بوند پڑتے ہی جینی کو یاد آتا کہ''اوہو......میں تو اپنی گلاسز لائبریری میں بھول آئی ہوں......''ایرک بھی چند لمحوں کے بعد اپنی کار کی چابیاں ڈھونڈنے یا ایسے ہی کسی دوسرے''اشد ضروری''کام سے وہاں سے اُٹھ جاتا اور پھر وہ دونوں شام دیر گئے تک ان زرد پتوں کی چادر پر ایک دوسرے کی گود میں سر رکھے جانے کیا کھسر پھسر کر کے مسکراتے رہتے تھے۔یہ محبت بھی کیا بلا ہے جو اچھے خاصے عقل مند انسان کو نرا احمق بنا کر رکھ دیتی ہے۔ٹھٹھرتے گیلے موسم اور برستی بارش میں یہ محبت کرنے والوں کو باہر کھلے میں ٹہلنے پر مجبور کرتی۔اور سخت حبس زدہ اور گرم لو کے دوران یہ انہیں تپتے کمروں میں چھپ کر باتیں کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔محبت میں سب اُلٹا ہوتا ہے۔یا شاید سب محبت کرنے والے سر کے بل کھڑے ہو کر اس دنیا کو دیکھ رہے ہوتے ہیں؟بہر حال سچ تو یہ ہے کہ مجھے آج تک کبھی ان محبت کی بھول بھلیوں کی سمجھ ہی نہیں آئی تھی۔فرہاد کہتا تھا کہ محبت سب پر وار نہیں ہوتی۔یہ اپنا شکار بہت دیکھ بھال کر اور نہایت اطمینان سے چنتی ہے......اور محبت کا مرغوب ترین شکار وہ ہوتا ہے جو درد سے زیادہ تڑپے۔جس کی جان نکلتے نکلتے نکلے اور جو مر مر کر جیے اور جی جی کر مرے......ایک دم سے ٹھنڈے ہو جانے والے شکار محبت نام کے عفریت کو زیادہ نہیں بھاتے تھے......بقول فرہاد''وہ عشق ہی کیا جو اپنے خون سے دیواروں کا رنگ لال نہ کر دے......''لیکن مجھے یہ جذباتیت سخت ناپسند تھی۔یا شاید''مجھے محبت کی کہانیوں سے ہی نفرت تھی......؟''جانے مجھے ایسا کیوں لگتا تھا کہ جیسے محبت



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

انسان سے اس کا سارا غرور، ساری اَنا جھپٹ کر اُسے ایک بھکاری بنا دیتی ہے۔ عشق مرد سے اُس کا گریس (Grace) چھین لیتا ہے اور محبت عورت سے اُس کے عورت پن کو جدا کر دیتی ہے۔ مجھے تو یوں لگتا تھا جیسے اس محبت نامی بیماری میں عورت مردوں جیسا اور مرد عورتوں کی طرح برتاؤ کرنے لگتے ہیں۔ شاید محبت ہم سے ہماری جنس چھین لیتی ہے۔ اسی لیے میں اس روگ سے کوسوں دور بھاگتا تھا۔ لیکن بسام شاید دو سال پہلے ہی کیوپڈ کے اس ان دیکھے تیر کا شکار ہو چکا تھا۔ فائن آرٹس کے آخری سال کی ایرانی نژاد صنم کبیر اس کی توجہ کا خاص مرکز تھی لیکن دوسرے محبت کرنے والے احمقوں کی طرح بسام بھی مجھ سے یہ بات چھپانے کی ناکام کوشش کرتا رہتا تھا۔ جانے پریمیوں کو ایسا کیوں لگتا ہے کہ جیسے ''باقی ساری دنیا گھاس چرتی ہے اور صرف وہی دانہ کھاتے ہیں۔''

کچھ ہی دیر میں بارش تیز ہوگئی اور ہم کیفے ٹیریا سے نکل کر اپنی آخری کلاس لینے سے اکیڈمک بلاک کی طرف چل دیئے۔ اگلی صبح میری بائیک کو گیراج سے واپس لینے کا دن تھا لہٰذا میں نے بسام کو عدالت میں حاضری لگوانے کے لیے کورٹ کے احاطے کے باہر چھوڑا اور خود ستر ہویں گلی میں واقع ڈیوڈ کے گیراج کی جانب چل پڑا۔ بسام کے وکیل نے آج ان سب کو ان کی ضمانت پکی کرنے کے لیے طلب کر رکھا تھا اور یہاں سے فارغ ہونے کے بعد بسام کو سیدھا یونیورسٹی ہی جانا تھا کیونکہ کل سے اس کی ''صرف ایک اچھی دوست'' صنم کبیر کے بیسیوں فون آ چکے تھے کہ ضمانت پکی ہوتے ہی سب سے پہلے بسام اُسے خبر کرے۔ صبح جب میں اور بسام گھر سے نکلے تو راستے میں کئی جگہ لوگ ہمیں اس لیڈی ڈاکٹر کی رہائی کے لیے مظاہرے کرتے نظر آئے۔ میں نے چند تصویروں میں اُسے میڈیکل کی ڈگری وصول کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ دیکھنے میں تو بالکل دھان پان سی نظر آتی تھی پھر نہ جانے سارے امریکہ کو اس کے خوف کا بخار کیوں چڑھا ہوا تھا؟ راستے میں ہی ہم نے کئی جگہ گزشتہ شام گرفتار ہونے والے پاکستانی لڑکے کی ٹائم اسکوائر کو بم سے اُڑانے کی کہانی بھی مختلف نیوز سٹالز اور ہاکروں کے ہاتھوں دھڑا دھڑ بکتی ہوئی دیکھی۔ بسام جو پہلے ہی اس جیل یاترا سے اُکتایا ہوا اور عدالت کے چکروں سے بے زار ہو چکا تھا۔ یہ سب دیکھ کر غصے میں آ گیا'' یہ سارا کیا دھرا اُس ٹائم اسکوائر والے کا ہی ہے...... اُسی کی وجہ سے کل رات سے اب تک 27 ستائیس مسلمان طلبہ گرفتار ہو چکے ہیں۔ بم پھوڑنا ہی تھا تو کم از کم درست بم تو لگاتا...... ٹائم اسکوائر پر پٹاخہ تک تو پھوٹا نہیں اور خواہ مخواہ درجن مسلمانوں کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی۔'' مجھے بسام کی چڑ چڑاہٹ پر ہنسی آ گئی۔ بسام مزید چڑ گیا۔ ''تم ہنس رہے ہو......؟...... اور ایسے لوگوں کی وجہ سے ہماری شناخت تبدیل ہوتی جا رہی ہے...... ساکھ تو پہلے ہی کچھ اچھی نہیں تھی......''

بسام کو عدالت چھوڑ کر جب میں ڈیوڈ کے گیراج پہنچا تو وہ میری بائیک کے ساتھ ہی جتا ہوا تھا۔ آخر دو گھنٹے بعد مطمئن ہو کر اس نے مجھے بائیک لے جانے کی اجازت دے دی لیکن ساتھ ہی خبردار بھی کیا'' اور خدا کے لیے لڑکے...... اب ایک ہفتے تک اسے سو 100 سے اوپر ہرگز نہ چلانا ...... اب کی بار چین ٹوٹی تو تمہاری یہ بائیک صرف کباڑیے کی دکان کے قابل رہ جائے گی......''

لہٰذا میں ڈیوڈ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ٹھیک ایک سو کی سپیڈ سے بروکلین ایونیو سے اپنی بائیک اُڑاتا ہوا یونیورسٹی کی لین میں مڑ گیا۔ مجھے نیویارک کی ان کشادہ سڑکوں پر بائیک دوڑانا ہمیشہ سے ہی بہت اچھا لگتا تھا۔ زندگی میں رفتار نہ ہو تو زندگی رُک سی جاتی ہے مگر مکمل جمود تو بس موت کا دوسرا نام ہے۔ زندوں کو کبھی سست اور ساکت نہیں ہونا چاہیے میں نے یونیورسٹی کی پارکنگ لاٹ میں بائیک روک کر اپنا سیاہ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہیلمٹ سر سے اُتارا، ٹھیک اُسی وقت صنم کبیر پریشان سی مجھے اپنی جانب آتی ہوئی نظر آئی۔ "آیان..... آج بسام تمہارے ساتھ نہیں آیا....." میں نے حیرت سے اُسے دیکھا۔ "تو کیا بسام ابھی تک یونیورسٹی نہیں پہنچا؟ اس نے کہا تھا کہ عدالت میں صرف آدھے گھنٹے کی پیشی ہے..... اُسے تو دو گھنٹے قبل یہاں پہنچ جانا چاہیے تھا....." میں بھی پریشان ہوگیا اور میں نے فوراً بسام کا موبائل نمبر ڈائل کیا لیکن اس کا فون بند ملا۔ صنم نے پریشانی سے میری طرف دیکھا۔ "فون تو میں بھی دو گھنٹوں سے ملا رہی ہوں لیکن کوئی جواب نہیں مل رہا....." میرے ذہن میں اچانک ہی بہت سے وسوسوں نے ایک دم سر اُٹھانا شروع کر دیا۔ "کہیں بسام کی ضمانت منسوخ تو نہیں ہوگئی کہیں وہ کسی اور مصیبت کا شکار تو نہیں ہوگیا.....؟" اتنے میں جینی نے مجھے اور صنم کو پارکنگ لاٹ سے نکلتے دیکھ کر جلدی سے آواز دی..... "آیان..... کہاں تھے تم..... ہم سب کب سے تمہیں ڈھونڈ رہے ہیں....." "کیوں خیریت.....؟" جینی کچھ ہچکچائی۔ "وہ بسام اور بابر کا جھگڑا ہوگیا تھا..... بات زیادہ نہیں بڑھی لیکن بسام کا فون ٹوٹ گیا۔ ایرک اور جم اسے لے کر ہاسٹل کی طرف گئے ہیں....." "بسام کا جھگڑا فلسطینی کے ساتھ؟.....لیکن کیوں.....؟" ایک لمحے میں ہی میری کن پٹیاں سلگنے لگیں اور میں ہاسٹل کی جانب لپکا۔ صنم اور جینی بھی میرے پیچھے دوڑیں اور جینی نے مجھے راستے میں ہی ہانپتے کانپتے بتایا کہ آج جب بسام یونیورسٹی پہنچا تو اس کی پہلی مڈبھیڑ ہی فلسطینی بابر کے ساتھ ہوگئی۔ بابر نے چھوٹتے ہی اُسے طعنہ دے مارا کہ دو دن پہلے اگر اُس کے چھوٹے بھائی نے مسلم طلبہ کے گروپ کے ساتھ نیویارک پولیس کے چھاپوں کے خلاف احتجاج کرنے سے انکار نہ کیا ہوتا تو آج سارا گروپ بسام کی حفاظت کے لیے سڑکوں پہ نکل آتا، جواب میں پہلے سے چڑے ہوئے بسام نے اُسے جھاڑ دیا کہ اصل میں "یہ سب انہی مسلمان طلبہ کے خدائی خدمت گار بننے کا نتیجہ ہے کہ آج پورے نیویارک شہر میں اسلام اور مسلمانوں کا مذاق اُڑایا جا رہا ہے۔" بات سے بات نکلی اور بڑھتی گئی اور آخر کار نوبت ہاتھا پائی تک پہنچ گئی۔ لیکن اُسی لمحے مسلم کونسلر عامر اور باقی لڑکے وہاں پہنچ گئے اور معاملہ رفع دفع کروا دیا گیا۔ لیکن اس سے پہلے بسام کی جیب میں رکھا اس کا سیل فون نیچے گر کر دو حصوں میں تقسیم ہو چکا تھا۔ وہ فون صنم نے ہی بسام کی پچھلی سالگرہ پر اُسے تحفے میں دیا تھا اور میں جانتا تھا کہ اُس فون کی بسام کے نزدیک کتنی اہمیت ہے۔ ہاسٹل میں فرہاد کے کمرے تک پہنچتے پہنچتے میری نظریں چاروں جانب بابر کو تلاش کرتی رہیں لیکن اس کی قسمت اچھی تھی کہ وہ مجھے راستے میں کہیں نظر نہیں آیا ورنہ ہم دونوں میں سے کوئی ایک ہی اپنے پیروں پر چل کر واپس جاتا۔ میں نے ایک جھٹکے سے فرہاد کے کمرے کا دروازہ کھولا تو بسام اپنی شرٹ کے ٹوٹے بٹن بند کر رہا تھا۔ میں نے اُسے غور سے دیکھا "تم ٹھیک تو ہو.....؟..... چلو میرے ساتھ..... ابھی اُس فلسطینی سے حساب برابر کرتے ہیں....." فرہاد نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ "کم آن آیان..... چھوٹی سی بات تھی..... ختم ہوگئی ہے..... اسے طول مت دو....." میں زور سے چیخا۔ "یہ تم لوگوں کے لیے چھوٹی سی بات ہے.....؟ اس نے میرے بھائی کے گریبان پر ہاتھ ڈالا ہے..... میں جب تک اُس کی حالت خراب نہ کر دوں..... چین سے نہیں بیٹھوں گا..... تم لوگوں نے نہیں آنا تو نہ سہی....." میں تیزی سے واپس جانے کے لیے پلٹا لیکن بسام نے بھاگ کر میرا ہاتھ پکڑ لیا "جانے دو آنو یار..... غلطی ہم دونوں کی ہی تھی۔ میں صبح ہی سے عدالت کی پیشی کی وجہ سے کچھ زیادہ ہی غصے میں تھا۔ عامر نے مجھ سے معافی مانگ لی ہے..... اب ختم کرو یہ سب کچھ....." لیکن میرے اندر کا اُبلتا لاوا اب بھی بھڑک رہا تھا۔ "لیکن اُس کی ہمت کیسے ہوئی تم سے بھڑنے کی..... اور اس نے تمہارا فون بھی توڑ ڈالا..... ایک بار مجھے کہیں مل جائے تو....." ایرک جم اور فرہاد سب نے مل کر مجھے زبردستی وہیں روکے رکھا۔ صنم کبیر تو باقاعدہ رو پڑی۔ یہ ایشین لڑکیاں بھی کس قدر نازک ہوتی ہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

فرہاد کے کمرے کے باہر دیگر طلباء کا ہجوم جمع ہونے لگ گیا تھا۔ مجبوراً ہم سب کو فرہاد کے کمرے سے نکل کر کیفے کی جانب آنا پڑا۔ بسام نے بچپن کی طرح مجھے کسی غلطی سے روکنے کے لیے میرا ہاتھ مضبوطی سے تھام رکھا تھا تاکہ میں اس کی گرفت سے نکل کر کچھ کر نہ بیٹھوں صنم کبیر بھی میری وجہ سے بہت گھبرائی ہوئی لگ رہی تھی آخر کار مجھے بسام کو کہنا پڑا کہ میں کہیں نہیں جاؤں گا پہلے تم اپنی اس "صرف اچھی دوست" کو تو سنبھالو۔ صنم ایران کے شہر تہران کے ایک متمول اور عزت دار پہلوی خاندان کی چشم و چراغ تھی۔ اس کے والد کبیر پہلوی کا وہاں کپڑے کا بہت بڑا اور آباؤ اجداد کے دور سے کاروبار قائم تھا۔ جینی نے ماحول بدلنے کے لیے گرم کافی اور چیز سینڈوچ آرڈر کر دیئے۔ وہ صنم کبیر کا بالکل اُلٹ تھی اور مجھے یقین تھا کہ اگر میں اُس وقت بابر سے جھگڑے کے لیے نکلتا تو وہ ہم سب سے آگے ہوتی۔ ہم سب بمشکل اپنا موڈ بدل کر ابھی اس نئے ماحول کا حصہ بننے کی کوشش میں مصروف ہی تھے کہ اچانک مسلم کونسل عامر سمیت اس کا تمام گروپ کیفے میں داخل ہو گیا۔ ماحول پر تناؤ اور سنجیدگی سی چھا گئی۔ کیونکہ کیفے میں موجود دوسرے تمام طلباء کو بھی بسام اور بابر کے جھگڑے کی اطلاع مل چکی تھی۔ بابر چپ چاپ اپنے گروپ کے ساتھ دوسرے کونے میں بچھی ایک میز کے گرد بیٹھ گیا۔ بسام نے نظروں نظروں میں مجھے اُس پر دھیان نہ دینے کا اشارہ کیا۔ لیکن میں اچانک "ایکسکیوزمی" کہہ کر اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔ وہ سب مجھے اشارے کرتے رہ گئے اور میں عامر گروپ کی میز کے قریب پہنچ گیا۔ عامر نے حسب عادت خوش دلی سے مجھے سلام کیا" آؤ آیان...... تم بھی ہمارے ساتھ بیٹھو......" میں نے بابر کی جانب سرد لہجے میں دیکھتے ہوئے عامر کو جواب دیا "میں یہاں بیٹھنے کے لیے نہیں...... بلکہ تم سب کو صرف یہ بتانے کے لیے آیا ہوں بسام میرا اکلوتا بھائی اور آخری رشتہ ہے اس پوری دنیا میں...... میں پہلے ہی سب کچھ کھو چکا ہوں...... اب مزید کچھ نہیں کھو سکتا...... اس لیے پہلی اور آخری بار تم سب یہ سمجھ لو کہ اگر کبھی بسام کو ہلکی سی کھرونچ بھی آئی تو میں انسانیت کا آخری درس بھی بھول جاؤں گا......" عامر نے اطمینان سے میری بات سنی" جو کچھ ہوا میں اُس کے لیے پہلے بھی بابر کی طرف سے بسام سے معافی مانگ چکا ہوں۔ تم بھی اپنے دل سے تمام غبار نکال دو...... چلو بابر...... اُٹھ کر آیان سے ہاتھ ملا کر تم پہل کرو......" بابر نے بادل نخواستہ اُٹھ کر مجھ سے ہاتھ ملایا اور تمام کیفے ٹیریا میں شور سا مچ گیا۔ جینی نے وہیں بیٹھے بیٹھے کئی سیٹیاں بجا ڈالیں۔ میری نظریں چونکہ عامر اور بابر پر ہی جمی تھیں اس لیے میں عامر بن حبیب کے ساتھ بیٹھی ہوئی اس نئی لڑکی کو نہیں دیکھ سکا جس نے اچانک اُٹھ کر اپنا نازک ہاتھ میرے آگے ملانے کے لیے بڑھا دیا تھا" ہائے...... آئی ایم پروا...... پروا تحسیر خان فرام دہلی، انڈیا......" میں کچھ سٹ پٹا سا گیا لیکن میں نے اُس سے ہاتھ ملا لیا۔ پروا نے روشن سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا" اُمید ہے اب یہ دوستی نہیں ٹوٹے گی......" میں چند لمحوں بعد جب اپنی میز پر واپس آیا تو ایرک اور جم نے باقی سب کے ساتھ مل کر میرا جینا دوبھر کر دیا۔" اچھا جناب...... یہاں سے تو بڑے غصے میں اُٹھ کر گئے تھے اور وہاں لڑکیوں سے ہاتھ ملا کر واپس آ رہے ہو...... بہت خوب...... تم سے یہ امید نہ تھی ہمیں آیان......" "بکومت...... میں تو اُسے جانتا بھی نہیں...... شاید کوئی نئی مسلم اسٹوڈنٹ ہے جس نے عامر بن حبیب کا گروپ جوائن کیا ہے......" فرہاد نے لمبی سی آہ بھری" ہاں...... میں اُسے جانتا ہوں...... ابھی دو دن پہلے ہی اس نے فزکس ڈپارٹمنٹ جوائن کیا ہے...... سنا ہے جب سے پروا وہاں آئی ہے...... تب سے پروائیاں سی چل رہی ہیں فزکس کے لیکچر ہال میں......" میں نے فرہاد کو گھورا" تم کبھی نہیں سدھر سکتے......" تمہارے نام میں ہی گڑبڑ ہے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بات آئی گئی ہو گئی لیکن میں اور بابر دونوں ہی شاید اس حقیقت سے واقف تھے کہ کبھی نہ کبھی ہمارا ٹکراؤ ضرور ہو گا۔ بسام لاک اَپ سے آنے کے بعد ہی کچھ سستی کی شکایت کر رہا تھا مگر شام تک اس کی طبیعت کی یہ کسل مندی باقاعدہ تیز بخار کی شکل اختیار کر گئی۔ رات گئے میں کہیں سے اپارٹمنٹس کے رہائشی ڈاکٹر سام کو لے آیا اور اس نے بسام کی حالت دیکھتے ہی اُسے کسی ہسپتال میں منتقل کرنے کی ہدایت کر دی۔ ڈاکٹر کے خیال میں ٹائی فائڈ کا حملہ تھا۔ بسام کے انکار کے باوجود میں صبح سویرے اسے قریبی ہسپتال میں بھرتی کرانے لے گیا۔ بسام ''نہ نہ'' ہی کرتا رہا کہ اگلے مہینے ہم دونوں کی سمسٹر کی فیس بھرنا ضروری ہے لہٰذا وہ نوکری سے چھٹی نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن میں نے ڈانٹ کر اسے خاموش کرا دیا۔ البتہ فیس اور دیگر بلوں کی فکر مجھے بھی تھی۔ اپنی سوچوں میں گم میں یونیورسٹی پہنچا تو پارکنگ لاٹ میں یہودی لڑکوں کا گروپ اپنی بائیکس کے قریب کھڑا تھا۔ ''ہے آیان...... سنو...... کیا خیال ہے...... کچھ پیسے کمانا چاہتے ہو...... تقریباً ایک ہزار ڈالر مہینے کے......'' میں نے حقارت سے مائیکل کی جانب دیکھا جس نے یہ پیش کش کی تھی۔ ''کیوں...... کیا تم لوگوں کا کوئی خزانہ نکل آیا ہے؟'' اس بار سیم sam نے جواب دیا۔ ''ہاں...... بس یہی سمجھ لو...... تم تو ویسے بھی پیسہ کمانے کے لیے شرطیں لگاتے رہتے ہو...... بس یوں سمجھ لو کہ ہم نے بھی ایک شرط لگائی ہے''۔ ''مجھے کرنا کیا ہو گا؟''۔ ''کام کچھ خاص نہیں ہے...... بس تمہیں مسلم کونسلر عامر بن حبیب کا گروپ توڑنا ہو گا۔ گروپ ٹوٹنے تک تم اُس گروہ میں شامل ہو کر ہمارے لیے مخبری کرو گے کہ وہ لوگ اپنی میٹنگز میں کیا طے کرتے ہیں...... اور پھر تمہاری تو ویسے بھی اس گروپ کے بابر سیدی کے ساتھ دشمنی چل رہی ہے۔ اس طرح سے تم ایک تیر سے دو شکار کر پاؤ گے...... ہمارا وعدہ ہے کہ وقت آنے پر ہم بابر کے خلاف تمہاری پوری مدد کریں گے بولو...... منظور ہے ہماری پیش کش......'' میں نے مائیکل کی طرف سے بڑھائے ہوئے دوستی کے ہاتھ کو غور سے دیکھا۔ شاید قدرت نے میری مشکلات کا حل تلاش کر لیا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 3

کچھ دیر ہم سب ایک دوسرے کی آنکھوں میں جھانکتے رہے۔ مائیکل نے پوچھا ''کس سوچ میں گم ہو۔ اتنی اچھی آفر تمہیں کوئی اور نہیں دے گا۔'' میں نے غور سے ان سب کے چہروں کی طرف دیکھا۔'' لیکن عامر بن حبیب سے تم لوگوں کی ایسی کیا پرخاش ہے کہ تم لوگوں کو اُس کی مخبری کی ضرورت پڑ گئی۔ مکمل کر مجھے بتاؤ......'' سیم نے مجھے سمجھانے کی کوشش کی۔'' بات کچھ ایسی خاص بھی نہیں ہے، لیکن ہمیں اس عرب شیخ سے بہت سے پرانے حساب چکانے ہیں۔ وہ آج تک ہر مرحلے پر ہمیں نیچا دکھاتا آیا ہے۔ پہلے یونیورسٹی کے مسائل کے حل کا ذمہ دار بھی تھا۔ تب اس یونیورسٹی کی فضا اتنی آلودہ نہیں تھی۔ تم نے محسوس نہیں کیا کہ یہ عامر بن حبیب کا گروپ ہر مسئلے میں ٹانگ اڑاتا رہتا ہے اور اسی کی وجہ سے اب ہماری یونیورسٹی کے لڑکوں کو بھی نیویارک پولیس شک کی نگاہ سے دیکھنے لگی ہے۔ اگر حقیقت پسندی سے جائزہ لیا جائے تو تمہارے بھائی کی گرفتاری بھی دراصل عامر بن حبیب جیسے جنونیوں کی کاروائیوں کا شاخسانہ ہے...... لیکن اب ہم سب نے مل کر عامر بن حبیب سمیت سبھی انتہا پسندوں کا راستہ روکنے کی ٹھان لی ہے...... اب بولو...... دو گے ہمارا ساتھ...... ہم تمہاری دی ہوئی خبروں سے ان کی حکمت عملی کا توڑ کریں گے اور اگر تم اس گروپ میں رہ کر عامر اور بابر کی منصوبہ بندی کو خراب کرو گے تو اُس کے گروپ کو ٹوٹنے میں زیادہ وقت نہیں لگے، مگر تمہیں اس بابر سیّدی سے ذرا ہوشیار رہنا ہوگا۔ عامر بن حبیب کی اصل طاقت دراصل وہی بابر ہے......''

میں نے کچھ دیر توقف کیا'' ٹھیک ہے...... لیکن مجھے سوچنے کے لیے کچھ وقت چاہیے...... جو تم کہہ رہے ہو...... وہ سب اتنا آسان نہیں ہے...... تم لوگ پورے ایک مضبوط اور منظم ریکٹ کو توڑنے کی بات کر رہے ہو......'' مائیکل نے اپنے ساتھیوں کی طرف دیکھ کر مجھ سے کہا۔'' ٹھیک ہے...... تم اپنا وقت لے سکتے ہو...... لیکن یاد رہے کہ ہم یہ کام کرنے کا فیصلہ کر چکے ہیں اور تم نہیں تو کوئی اور ہمارا یہ کام کر ہی دے گا......'' وہ کچھ توقف کے بعد مسکرایا۔'' بلکہ ہو سکتا ہے کہ ہمارا کوئی ایجنٹ اب تک عامر کے گروپ میں شامل بھی ہو چکا ہو......'' وہ سبھی ہنستے ہوئے وہاں سے چلے گئے اور میں اپنی کلاس کی جانب جاتے ہوئے اسی سوچ میں ڈوبا رہا کہ مائیکل کس ایجنٹ کی بات کر رہا تھا۔ جہاں تک میری معلومات تھیں۔ عامر گروپ جوائن کرنے والی وہی انڈین لڑکی آخری تھی۔ ٹھیک اسی لمحے میرے عقب میں کسی نے اپنی ملائم آواز میں مجھے پکارا ہے...... غصیلے لڑکے...... کب سے آوازیں دے رہی ہوں...... تم اتنا تیز کیسے چل لیتے ہو......؟ وہ وہی تھی...... پُروا...... ڈھیلی ڈھالی سی نیلی شرٹ اور سفید ٹراؤزر میں ملبوس...... سر پر بالوں کی پونی ٹیل بنائے اور چیونگم چباتی ہوئی وہ ابھی کسی اسکول کے گیٹ سے نکلی طالبہ دکھائی دے رہی تھی۔ میں رُک گیا۔ اُس نے حسب عادت گرم جوشی سے مجھ سے ہاتھ ملایا'' پُروا...... پروا ضمیر خان......'' میں مسکرا دیا۔'' تمہارے انداز تعارف کا ایک فائدہ تو ضرور ہے کہ لوگوں کو تمہارا نام ازبر ہو جاتا ہوگا''۔ وہ بھی زور زور سے ہنس پڑی۔'' اوہ سوری...... بس عادت سی پڑ گئی ہے...... لیکن پُروا ہر ایک کو یوں اپنا تعارف کراتی نہیں پھرتی...... آئی ایم ویری سلیکٹو I am very selective...... دوست چننے میں مَیں ہمیشہ سے بہت محتاط اور کنجوس ہوں۔'' اچھا واقعی......؟'' ہم



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

دونوں اکیڈمک بلاک کی جانب جا رہے تھے۔ ”میں جانتی ہوں تم اس بات پر دل سے یقین نہیں کرو گے، کیونکہ تمہاری طرف میں نے خود دوستی کا ہاتھ بڑھایا ہے...... لہٰذا اَنا اور خودداری کے نمبر تو تم نے پہلے ہی کاٹ دیئے ہوں گے......“ مجھے اس کی یہ صاف گوئی پسند آئی۔ ”نہیں...... میں انسان کو صرف انسان کی کسوٹی پر پرکھتا ہوں...... عورت یا مرد ہونا میرے نزدیک کوئی پہچان نہیں ہے...... لہٰذا لڑکیوں والی روایتی اَنا اور خودداری کے نمبروں کے باقی رہنے یا کٹ جانے سے تمہارے مجموعی تاثر پر کوئی فرق نہیں پڑے گا......“ پُروا خوش ہوگئی۔ ”یہ ہوئی نا بات...... اس کا مطلب ہے میں نے تمہیں پہچاننے میں واقعی غلطی نہیں کی...... تو کہو...... دوستی پکی......“ وہ اپنی جگہ جم کر کھڑی ہوگئی جیسے مجھ سے ہاں کروا کر ہی اب وہاں سے ٹلے گی۔ ”لیکن تم نے یہ تو بتایا نہیں کہ آخر تم نے مجھے اس ”اعزاز“ کے قابل کیوں سمجھا......“ پُروا اعزاز کا لفظ سن کر مسکرائی۔ ”پتا نہیں...... بس مجھے لگا کہ تم ایک سچے اور بہادر انسان ہو...... اس روز جس طرح تم نے پورے مسلم گروپ کو آ کر تنہا للکارا تھا اور تمہاری آنکھوں میں اپنے بھائی کے لیے جو محبت اور اس کی حفاظت کے لیے جو عزم تھا وہ مجھے بہت اچھا لگا...... میں سمجھتی ہوں کہ جو لوگ اپنے خون کے رشتوں کے لیے اتنے مخلص ہوتے ہیں...... وہی اچھے دوست ثابت ہو سکتے ہیں...... لیکن مجھے ایک بات سمجھ نہیں آئی کہ تم خود بھی تو مسلمان ہو اور سب سے بڑھ کر یہ کہ پاکستانی بھی ہو...... پھر تم نے اپنے مسلم کونسلر کو ووٹ کیوں نہیں دیا...... تمہارے ہاں تو مذہب پر بڑی سختی سے عمل درآمد کیا جاتا ہے......“ چلتے چلتے ہم دونوں اُس راہداری تک پہنچ چکے تھے جہاں سے میرے اور پُروا کے ڈپارٹمنٹ کی راہیں الگ ہو جاتی تھیں۔ ہم دونوں رُک گئے۔ ”میرے ماں باپ پاکستانی تھے لیکن میں گزشتہ بیس سالوں سے امریکن ہوں۔ رہی بات مذہب کو نبھانے کی تو میں مذہب کو ایک بے حد ذاتی فعل سمجھتا ہوں۔ مسلمان تو کیا میں کسی بھی کونسلر کو صرف مذہب کی بنیاد پر نہیں چن سکتا...... ابھی کچھ دیر پہلے تم نے اَنا اور خودداری کے نمبروں کی بات کی تھی نا...... تو میں تمہیں تمہاری نمبروں کی زبان میں ہی سمجھاتا ہوں کہ میرے نزدیک مذہب اللہ اور اس کے بندے کے درمیان کا ذاتی معاملہ ہے۔ اندرونی طور پر مذہب کو تم سو بٹہ سو 100/100 نمبر دینا چاہو تو بھی دے سکتی ہو...... لیکن بیرونی دنیا میں مذہب کے نمبر میرے نزدیک صرف 33 ہیں...... صرف پاس ہونے کی حد تک ضروری نمبر...... باقی 77 نمبر اس کے برتاؤ، سچائی، ایمانداری اور انسانی اقدار کے ہیں...... میں اُس کونسلر کو اپنا رہنما چنوں گا جو ان سب کو ملا کر کم از کم 80 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کر سکے......“ پُروا غور سے میری بات سنتی رہی......“ واہ...... کمال فارمولہ ہے تمہارے چناؤ کا...... لگتا ہے پُروا کو بھی اپنے معیار پھر سے دہرانا پڑیں گے...... لیکن کیا عامر بن حبیب بھی تمہارے اس چناؤ کے معیار پر پورا نہیں اُترتا......“ ”کچھ کہہ نہیں سکتا ابھی...... میں نے اُسے اس نظریے سے پرکھا نہیں ہے...... ہاں تم پرکھ لو تو مجھے بھی ضرور بتانا......“ پُروا نے زور سے سر ہلایا ”ضرور...... میں ضرور تمہیں بتاؤں گی...... آج تم سے بات کر کے واقعی بہت خوشی ہوئی آیان......“ اس نے حسب عادت جاتے جاتے بھی ہاتھ آگے بڑھا دیا۔ میں نے ہاتھ ملا کر زور سے کہا۔ ”مجھے بھی مس پُروا ضمیر خان......“ وہ زور سے ہنس پڑی۔ فرہاد نے ٹھیک ہی کہا تھا۔ اس کی بے لوث ہنسی بھی تو کسی پروائی کی طرح ہی تھی۔ ہم دونوں مخالف سمتوں کی جانب بڑھ گئے۔

شام تک میں یونیورسٹی کے کیفے میں بیٹھا مائیکل کی پیش کش پر غور کرتا رہا۔ میرے دوستوں میں جم، ایرک اور جینی امراء کے خاندان سے تھے اور وہ بہ آسانی میری اور بسام کی فیس بھر سکتے تھے، میں ان سے مہینوں، سالوں کے لیے بھی اُدھار مانگ سکتا تھا اور مجھے یہ بھی یقین تھا کہ وہ زندگی بھر



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اُس رقم کا ذکر بھی اپنی زبان پر نہیں لائیں گے۔لیکن میرے اندر کا آیان اس بات پر کبھی راضی نہیں ہوسکتا تھا۔میں نے اور بسام نے آج تک جو بھی کیا،وہ اپنے بل پر ہی کیا تھا۔شاید سخت حالات میں بھی ہم نے اپنے اندر کے آئینے کو کسی کی مالی مدد یا اعانت سے دھندلا نہیں ہونے دیا تھا۔اور پھر دنیا میں اچھے دوستوں کا ساتھ ہی سب سے بڑی دولت ہوتا ہے اُسے روپے پیسے میں تول کر میں خود اپنے آپ کو کنگلا کیسے کر سکتا تھا......؟ لہٰذا میں نے اپنے کسی بھی دوست سے اپنی اس پریشانی کا ذکر تک نہیں کیا۔شام کو وہ سب صنم کبیر سمیت بسام کی عیادت کے لیے ہسپتال جانے کا پروگرام بنائے بیٹھے تھے۔میرے پاس بائیک موجود تھی لہٰذا ہم سب ایک ہی وقت میں الگ الگ سواریوں پر یونیورسٹی کی پارکنگ لاٹ سے نکل پڑے۔وہ سب جم کی بڑی وین میں سوار تھے۔آج نیویارک شہر میں ایک تازہ بحث چھڑی ہوئی تھی کہ ورلڈ ٹریڈ ٹاورز کی خالی جگہ جسے اب گراؤنڈ زیرو کے نام سے پکارا جاتا تھا،وہاں پر اسلامی سنٹر بنایا جائے یا ٹریڈ ٹاور کے حادثے میں مارے جانے والوں کی یادگار......پھر وہی مذہبی معیار......وہی پرانی پہچان کا جھگڑا اور وہی لاحاصل بحث......میں نے آج یونیورسٹی میں بھی اپنے دوستوں کے ساتھ اس بحث میں پڑنے سے ہی انکار کر دیا تھا۔میری بلا سے اگر صدر اوباما بھی مسجد کے حق میں تھا یا گرجے کا حمایتی......مجھے تو یہی سمجھ نہیں آرہا تھا کہ گراؤنڈ زیرو پر گرجا اور یادگار بننے سے نیویارک کو کون سے سرخاب کے پر لگ جانے تھے یا مسجد اور اسلامی سنٹر کے بننے سے اسلام کی کون سی ایسی بڑی خدمت ہو جاتی......؟ آخر ہم اپنے مذہبی رویوں میں اعتدال کا پیمانہ سدا قائم کیوں نہیں رکھ پاتے......؟؟ ایسے مواقع پر مجھے فرہاد کا ہمیشہ کا دھرایا جانے والا اردو شعر یاد آجاتا تھا۔

''مسجد تو بنا دی شب بھر میں......ایماں کی حرارت والوں نے''

''مَن اپنا پرانا پاپی ہے......برسوں میں نمازی بن نہ سکا......''

اب یہ فیصلہ میں نے مذہب کے دعوے داروں پر چھوڑ دیا تھا کہ ہمیں مسجد کی زیادہ ضرورت ہے یا نمازیوں کی......؟ گرجا گھر زیادہ ضروری ہیں یا عیسیٰ کے حواری......؟ مندر زیادہ اہم ہیں یا پجاری......؟؟

ڈھلتی شام میں ویسٹ اورینج west orange کی سڑکیں اب پوری طرح جگمگانے لگی تھیں۔نیویارک کی شام انسان کو خود میں جذب کر لینے والی ہوتی ہے......جلتے بجھتے رنگین نیون سائن،چمکیلی سٹریٹ لائٹس،فٹ پاتھ پر عارضی طور پر بڑھ آنے والے ریسٹورنٹس کی کافی کی مہک،سجے سنورے مرد اور اونچی ہوئی دوکانوں کے بیرونی شیشوں سے اندر کو جھانکتی خوبصورت عورتیں......ہر کوئی اپنے جہاں میں مگن،سگاروں سے اُٹھتے دھویں کی مہک اور یخ بستہ ہوا کو باقاعدہ اپنے اندر کشید کرتے ہوئے نوجوان جوڑے......کبھی کبھی میں سوچتا تھا کہ نیویارک جیسے شہر بستے بستے ہی بستے ہوں گے......شہر بسنا یا بسانا واقعی بڑا جوکھم ہے......شہر صرف اونچی عمارتیں کھڑی کر دینے یا چوڑی شفاف سڑکیں بچھانے سے نہیں بستے،انہیں بسانے کے بہت کچھ الگ اور سوا بھی چاہیے ہوتا ہے۔نیویارک بھی اپنے رہائشیوں کی وجہ سے بستا تھا۔شہر اپنے شہریوں کے سوک سینس civic sense کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔اور یہی آداب معاشرت ایسی بستیاں بساتے ہیں۔ہم سب بسام کو دیکھنے ہسپتال پہنچے تو وہ بے زار سا اپنے بستر پر لیٹا ٹی۔وی کے چینل بدل رہا تھا۔ہمیں دیکھ کر اس کے چہرے پر رونق آ گئی۔حالانکہ مجھے یہ رونق اس کی ''صرف اچھی دوست'' صنم کبیر کی مہربانی محسوس ہو رہی تھی۔ڈاکٹروں نے بسام کو کم از کم دو ہفتے کا آرام تجویز کیا تھا لہٰذا اس کے پاس ہسپتال سے نکل بھاگنے کا اب مزید کوئی بہانہ نہیں بچا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تھا۔ میں جانتا تھا کہ وہ میرے دوستوں یا صنم کے سامنے اپنی بے چینی اور ہسپتال سے جلد چھٹی کی اصل وجہ بیان نہیں کرے گا لیکن میں اس کی پریشانی سے خوب واقف تھا۔ اُسے خرچے کی فکر کھائے جا رہی ہوگی۔ صنم کبیر نے غیر محسوس انداز میں بسام سے کئی بار پوچھا بھی کہ اگر وہ سب لوگ بسام کے کسی کام آسکیں تو انہیں بہت خوشی ہوگی۔ خود مجھے بھی صنم کے خلوص پہ کوئی شک نہیں تھا لیکن میں بسام کا جواب بھی پہلے سے جانتا تھا۔ ''بس تم سب مجھے دیکھنے آگئے...... اس سے زیادہ مجھے بھلا اور کیا چاہیے ہوگا......''

ہم لوگ جب بسام کے کمرے سے نکلے تو صنم کبیر کو باہر آنے میں چند لمحے زیادہ لگے، محبت وقت کا خراج مانگتی ہے۔ جو برتاؤ سب کے لیے یکساں اور جو وقت سب رشتوں کو برابر بانٹا جائے، وہ محبت کی کتاب میں درج نہیں ہوتا۔ محبت اپنے لیے خصوصی برتاؤ اور سب سے الگ وقت کی بھینٹ چاہتی ہے۔ کہ ''انداز محبت'' سدا شاہانہ ہی رہے ہیں۔

اگلی صبح جب میں یونیورسٹی پہنچا تو بوندا باندی تیز ہو چکی تھی۔ عامر بن حبیب کا گروپ پوری یونیورسٹی میں ایک سروے منعقد کروا رہا تھا اور چند لمحوں میں سروے میرے ہاتھوں میں بھی تھما دیا گیا۔ جائزہ کاغذ کے سوال نامے پر بس ایک ہی سوال درج تھا۔ '' آپ گراؤنڈ زیرو پر کس تعمیر کے حق میں ہیں۔ (1) اسلامی سنٹر (2) یادگار (3) کچھ نہیں میں نے نمبر (3) پر ٹک کا نشان لگایا اور فارم بانٹنے والے لڑکے کے ہاتھ میں تھما دیا ٹھیک اُسی وقت پُروا بھی بارش سے خود کو بچاتی، سر پر اسکارف نما کوئی رومال لپیٹے وہاں نمودار ہوئی۔ میں اس وقت یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی شیشے والی دیوار کی سمت کھڑا تھا جہاں سے باہر دور تک لان میں گرتی بوندوں کا منظر دکھائی دے رہا تھا۔ پُروا نے جلدی سے میرا بھرا ہوا فارم اُس لڑکے سے لے کر دیکھا۔ ''ارے...... یہ کیا......؟ تم گراؤنڈ زیرو پر اسلامی سنٹر بننے کے حق میں نہیں ہو......؟'' ''میں کسی تنازعے کے حق میں نہیں ہوں...... اگر شہر کی اکثریت اسلامی سنٹر بنانا چاہتی ہے تو پھر سنٹر ہی بننا چاہیے اور اگر یہاں کے شہری کوئی یادگار وغیرہ بنانا چاہتے ہیں تب بھی کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے...... ہم میں سے کسی کو بھی دوسرے کی رائے کو اکثریت ملنے پر اسے اپنی اَنا کا مسئلہ نہیں بنانا چاہیے جس کے نظریئے میں طاقت ہوگی...... وہ اپنا آپ خود منوا لے گا......''

پُروا کچھ اُلجھ سی گئی ''پتا نہیں کیوں...... میں جب بھی تمہارے نظریات سنتی ہوں۔ کچھ اُلجھ سی جاتی ہوں۔ کیا مذہب میں بھی اتنا calculative ہوا جا سکتا ہے......؟ میں تو سمجھتی ہوں کہ مذہب ایسی اکائیوں سے نہیں ناپا جا سکتا ہے......؟'' میں نے شیشے کی دیوار پر جمتی ہوئی بھاپ میں اپنے نام کے حرف بنائے۔ ''تو پھر یہ جان لو کہ تم بھی مذہب کے بارے میں کہیں نہ کہیں متعصب ہو رہی ہو۔ جب ہم دنیا کی ہر چیز میں میرٹ کا معیار سامنے رکھتے ہیں...... تو مذہب میں کیوں نہیں رکھ سکتے......'' پُروا کسی سوچ میں پڑ گئی۔ ''شاید اس لیے کہ ہمیں پیدائش سے ہی ہمارے بڑے مذہبی تعصب کا تھوڑا بہت سبق ضرور پڑھا جاتے ہیں......'' میں نے پُروا کی طرف دیکھا۔ ''تم نے اپنے سوال کا جواب خود ہی دے دیا......'' میں آگے چل پڑا پُروا جلدی سے میرے پیچھے لپکی۔ ''لیکن ہمارا آبائی مذہب کم از کم اتنے تعصب کا تقاضہ تو کرتا ہے نا......؟'' میں چلتا رہا ''مذہب کبھی آبائی نہیں ہوتا...... جس نے اُسے آبائی سمجھ کر اختیار کیا۔ سمجھو وہ منافق ہے......'' پُروا میرے قدموں کے ساتھ قدم ملانے کی کوشش کر رہی تھی ''اچھا یہ بتاؤ محبت کے بارے میں تمہارا کیا نظریہ ہے......؟'' ''محبت نام کی حماقت سے بڑی بے وقوفی شاید ہی اس دنیا میں کسی اور جذبے کی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

صورت میں وارد ہوئی ہوگی......لیکن افسوس آج کل ساری دنیا اسی بخار میں مبتلا نظر آتی ہے۔" ہم باہر نکل آئے تھے اور بوندیں ہمارے چہروں پر پھسل رہی تھی۔پُروا باقاعدہ بحث کے موڈ میں نظر آرہی تھی۔"ایسے نہیں......اگر یہ حماقت ہے تو کسی دلیل سے ثابت کرو......" میں رک گیا۔ہمارے آس پاس لان میں بارش کی وجہ سے دور دور تک سناٹا تھا اور صرف برستی ہوئی بارش کی ٹپ ٹپ سنائی دے رہی تھی۔"سچ کو کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن تمہاری تسلی کے لیے میں تمہیں تمہارے انڈیا کی مثال دیتا ہوں۔"تاج محل" جسے آج ساری دنیا محبت کی نشانی کے طور پر سنبھالے پھرتی ہے، شاعروں نے پورے کے پورے دیوان لکھ مارے ہیں اس سفید عمارت پر، روزانہ ہزاروں محبت کے متوالے اُس کی زیارت کو جاتے ہیں...... لیکن کیا کسی نے تاریخ سے اس یادگار محبت کی اصل تصویر کھوجنے کی کوشش بھی کی......؟ شاہ جہاں نے جس ممتاز کے لیے یہ یادگار بنوائی تھی وہ اس کی سات بیویوں میں سے چوتھے نمبر پر تھی۔کہا جاتا ہے کہ شاہ جہاں نے ممتاز کے شوہر کو قتل کروا کر ممتاز سے شادی رچائی تھی۔ممتاز کی موت اپنے چودھویں(14) بچے کی پیدائش کے دوران جان دینے سے ہوئی اور اُس کی موت کے بعد شاہ جہاں نے ممتاز کی چھوٹی بہن سے شادی کر لی تھی۔اتنا کافی ہے یا محبت کی" آفاقیت اور لافانیت" کے بارے میں یا جولیس سیزر، قلوپطرہ یا روس کے راسپوتین کی بدنام زمانہ داستانوں کا حوالہ بھی دوں......" پُروا نے فوراً ہاتھ اُٹھا دیئے......" نہیں نہیں......بس اتنا ہی بہت ہے، شکر ہے کسی ایک معاملے میں تو ہمارے خیالات ملتے ہیں میں خود بھی محبت کو بس چند ہارمونز کی اپنی جگہ سے غیر مستقل تبدیلی سے زیادہ کچھ نہیں سمجھتی......لیکن یہ چند ہفتوں کی ہارمونل چینج Harmonal chang انسان سے کیا کچھ نہیں کروا جاتی......"ہم دونوں پوری طرح بھیگ چکے تھے، میں نے آسمان کی جانب دیکھا" لیکن اگر ہم دونوں کچھ دیر مزید اس برستے موسم میں یہاں کھڑے رہے تو سردی کے مارے ہمارے بھی طرح کے ہارمون اپنی جگہ ہی جم کر ختم ہو جائیں گے...... چلو اب یہاں سے......ورنہ لوگ ہمارا تاج محل بنانے میں بھی دیر نہیں کریں گے۔" میں آگے چل دیا اور پُروا گھاس پر بیچے پانی میں میرے قدموں کے نشانات پر اپنے کینوس شوز کے نشان بناتی میرے پیچھے چل پڑی۔

تین دن بعد یونیورسٹی کے نوٹس بورڈ پر اگلے سمسٹر کی فیس جمع کروانے کا آخری نوٹس بھی لگا دیا گیا۔میں نوٹس بورڈ کے سامنے کھڑا یہی سوچ رہا تھا کہ تین دن کے اندر اپنی اور بسام کی فیس کا انتظام کیسے کروں گا۔نیویارک میں ہمارے واحد رشتہ دار عارفین ماموں اپنے چھوٹے سے جنرل اسٹور کے لیے ہوئے قرض کی اقساط بھی بمشکل جمع کر پاتے تھے۔بلکہ بسام ہی گاہے بگاہے انہیں تھوڑی بہت رقم بھجواتا رہتا تھا۔گزشتہ شام وہ مجھے ہسپتال میں بسام کے کمرے میں ملے تو ان کے گلے شکوے انبار کی شکل اختیار کر چکے تھے۔"اب ایسی بھی کیا مصروفیت آیان میاں......؟ کہ اپنے اکلوتے ماموں کی ہی بھلا دیا......؟ بھئی حد ہوتی ہے لاپرواہی کی......" لیکن میں اور بسام انہیں منانا خوب جانتے تھے،لہٰذا کچھ دیر میں ہی عارفین ماموں سب بھول بھال کر ہمیں اپنی جوانی کے چند آخری معاشقوں کا حال سنا رہے تھے۔میں نے کل شام جان بوجھ کر بسام کے سامنے فیس کی آخری تاریخ کا ذکر نہیں کیا تھا لیکن اس وقت میرے سامنے بورڈ پر لگا یہ نوٹس میرے لیے ایک بہت بڑا سوال بنا ہوا تھا۔میں نے سوچا کہ ایک بار پھر" آخری بقا(last surviver)" کے کھیل میں قسمت آزماؤں لیکن ابھی تک میں پچھلی ہاری ہوئی رقم کی پوری ادائیگی بھی نہیں کر پایا تھا۔میرے پاس بیچنے کے لیے صرف میری بائیک ہی تھی لیکن آخری شرط میں اس ٹوٹ پھوٹ کے بعد اس کی قیمت بھی برائے نام ہی ملتی۔اچانک میرے ذہن



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

میں اس رات مجھ سے جیتنے والے حریف ٹم کا جملہ گونجا "جب تک دوسرے کو کچل کر آگے بڑھنے اور پانے کی جبلت اپنے اندر پیدا نہیں کرو گے۔ ہارتے ہی رہو گے......اس دنیا سے جیتنا ہے تو اپنے اندر کلر انسٹنکٹ Killer instinct پیدا کرو آیان...... یہ دنیا ایک جنگل ہے اور یہاں آخری درندہ وہی بچے گا جو اپنے سبھی حریفوں کو چیر پھاڑ کر کھا جائے گا......" ٹھیک اُسی وقت میرے عقب سے بابر سیدی چند دیگر مسلم طلباء کے ساتھ گزرا۔ جانے وہ سب کس بات پر زور سے ہنسے مگر مجھے ایسا لگا جیسے بابر نے میرے متعلق کوئی بات کہی ہو۔ میں غصے میں تیزی سے پلٹا لیکن وہ لوگ آگے بڑھ چکے تھے اور مائیکل اپنے ساتھیوں سمیت راہداری میں داخل ہو رہا تھا۔ اس نے مجھے دیکھا تو زور سے بولا۔ "تم یہاں ہو......اور ہم تمہیں پوری یونیورسٹی میں ڈھونڈ رہے ہیں......" وہ سب میرے قریب آ گئے۔ "تو کیا فیصلہ کیا تم نے......؟" میں نے اپنے اندر کے درندے کو آخری بقا کے لیے چیر پھاڑ کرتے محسوس کیا، میں نے درندے کی مان لی......"ٹھیک ہے...... مجھے تم لوگوں کی پیش کش منظور ہے......لیکن مجھے تم لوگوں سے کچھ کیش وغیرہ نہیں چاہیے......تم لوگ میری اور بسام کی ایک سمسٹر کی فیس اور ٹیوشن کی رقم انتظامیہ کے ڈیسک پر جمع کروا دو، سمسٹر چھ ماہ کا ہوتا ہے لیکن میں تین ماہ سے بھی کم عرصے میں تم لوگوں کا ٹارگٹ پورا کر دوں گا۔ فیس ادائیگی کی رسید جس وقت مجھ تک پہنچے گی ٹھیک اسی وقت سے ہمارے معاہدے کی گنتی شروع ہو جائے گی۔ کام پورا ہونے کے بعد ہم ایک دوسرے سے کوئی غرض نہیں رکھیں گے۔ تم لوگ مجھے کوئی ہدایات نہیں دو گے...... میں عامر بن حبیب کی کونسلر شپ اپنے طریقے سے ختم کروں گا بولو منظور ہے......؟" مائیکل نے اپنے دوستوں کی طرف دیکھا۔ "بالکل منظور ہے......ہمیں تمہاری صلاحیتوں پر کوئی شبہ نہیں ہے۔" "ٹھیک ہے......ایک آخری بات......اس معاہدے کو ایک کاغذ پر اس کی تمام شقات سمیت تحریر کر کے میں اور مائیکل دستخط کریں گے اور اس کی ایک ایک کاپی ہم اپنے پاس رکھیں گے تاکہ کل کوئی پیچیدگی پیدا ہونے کی صورت میں ہمارے پاس ثبوت موجود ہو۔" انہیں میری اس شرط سے بھی کوئی تعرض نہ ہوا۔ ہم نے سب وہیں کھڑے کھڑے طے کیا اور اپنی اپنی سمت چل پڑے۔ اب مجھے کسی ایسے موقعے کا انتظار تھا جب عامر بن حبیب خود مجھے اپنی کونسلر شپ میں داخلے کی پیش کش کرتا۔ اور یہ موقع مجھے قدرت نے بہت جلد فراہم کر دیا۔ ٹائم اسکوائر دھماکہ کیس میں نیویارک پولیس کی مسلمان طلباء کے خلاف کارروائیاں دن بہ دن بڑھتی جا رہی تھیں۔ چار دن بعد پولیس نے یونیورسٹی کی سڑک کے بالکل مخالف سمت میں واقع ایشیائی ورکنگ بوائز کے ہاسٹل پر ریڈ کی تو ہماری یونیورسٹی کے طلباء میں باہر نکل آئے۔ عامر کے گروپ نے وہیں سڑک پر NYPD کے اقدامات کے خلاف جلسے کا فیصلہ کر لیا۔ لیکن نیویارک پولیس نے پورے علاقے کو اپنے مخصوص نیلے اور سرخ ربن سے سیل کر دیا جس پر بڑے بڑے حروف میں Dont cros "پار مت کیجیے" لکھا ہوا تھا۔ طلباء کی پولیس افسر سے بحث شروع ہو گئی۔ میں نے بھیڑ سے نکل کر زور سے چلا کر دوسری جانب کھڑے پولیس والے سے کہا۔ "میں مسلمان ہوں......لیکن امریکن ہوں...... مجھے کسی بھی گرفتار شدہ سے کوئی ہمدردی بھی نہیں ہے۔ لیکن تم لوگ اگر ایک ہی لاٹھی سے ہم سب مسلمان طلباء کو ہانکتے رہے تو صرف اسی یونیورسٹی سے کئی ٹائم اسکوائر جیسے حادثے جنم لیں گے۔ ہم NYPD کی عزت کرتے ہیں اور بدلے میں عزت چاہتے ہیں......اور بس......" میری بات سن کر دونوں جانب خاموشی سی چھا گئی۔ پولیس والوں نے آپس میں کچھ کھسر پھسر کی اور ان میں سے ایک ہماری طرف چل کر آیا۔ "ہمیں یونیورسٹی کے لڑکوں سے کچھ سروکار نہیں......اور ہمارے جانے کے بعد تم لوگ اپنا احتجاج جاری رکھ سکتے ہو۔ لیکن اس وقت ہمیں اپنا کام کرنے دو......" دونوں جانب سکون سا چھا گیا اور میں دوبارہ



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کیفے ٹیریا کی طرف چلا آیا۔ کچھ دیر بعد ہی عامر بن حبیب اور اس کے چند ساتھی کیفے ٹیریا میں داخل ہوئے۔ عامر سیدھا میری طرف چلا آیا۔"مدد کرنے کا شکریہ.....تم نے ایک بڑا جھگڑا شروع ہونے سے پہلے ہی ٹال دیا......"میں کافی کے سپ لیتا رہا۔"میں صرف اتنا چاہتا تھا کہ جو میرے بھائی کے ساتھ ہوا.....وہ کسی اور بے گناہ کے ساتھ نہ ہو.....ورنہ تمہارے گروپ میں تو ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو مدد نہ کر کے بھی احسان کی طرح جتاتے ہیں......"میرا طنز سن کر بابر سیّدی نے میری جانب گھور کر دیکھا لیکن عامر نے فوراً کہا۔"پرانی باتوں کو بھول جاؤ۔ میں آج ایک بار پھر تمہیں مسلم طلبہ کے ڈِسلنگ گروپ میں شمولیت کی دعوت دیتا ہوں۔ تمہارے پاس دو بہت اہم چیزیں ہیں جو مسلم طلباء کے مسائل کو انتظامیہ تک پہنچانے میں بہت مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ایک تمہاری امریکی شہریت اور دوسری تمہاری قائل کرنے کی صلاحیت......اور ہمیں ان حالات میں ان دونوں کی اشد ضرورت ہے......"میں نے نیم رضامندی کا اظہار کیا۔"سوچ لو......ہو سکتا ہے خود تمہارے گروپ میں میری شمولیت کو اچھی نظر سے نہ دیکھنے والے موجود ہوں......"عامر نے زور سے نفی میں سر ہلایا۔"نہیں......ایسا کوئی نہیں ہے......ہم سب ایک اچھے مقصد اور مسلمان طلباء کی مدد کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں......تمہیں دل سے خوش آمدید کہا جائے گا......"میں نے چند لمحے سوچنے میں وقت گزارا۔"ٹھیک ہے......مجھے منظور ہے......لیکن مجھے اپنے فیصلے کرنے کا اختیار تو حاصل ہو گا نا؟"عامر نے خوش ہو کر مجھے گلے لگا لیا۔"ہم ہر فیصلہ مل جل کر کرتے ہیں......مسلمان طلباء کی کابینہ میں خوش آمدید......"عامر سے گلے لگتے ہوئے میری نظر بابر سیّدی کی نظر سے ٹکرائی جہاں شک کی گہری پرچھائیاں ڈیرے ڈالے ہوئی تھیں۔ میری نظر نے اس کی نظر سے کہا۔"تم لوگوں کے برے دن شروع ہو چکے ہیں مسٹر بابر سیّدی اب صرف اپنی بربادی کا انتظار کرو......"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 4

اگلی صبح یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی میری نظر کیفے میریا کے باہر ٹہلتی بُروا پر پڑی لمبے سفید سکرٹ اور دھانی قمیض میں وہ بہت نکھری ہوئی لگ رہی تھی۔ مجھے دیکھتے ہی وہ میری جانب لپکی۔ ''کہاں تھے تم...... صبح نو بجے سے یہاں تمہارا انتظار کر رہی ہوں۔ کلاس میں کبھی تم پائے نہیں جاتے، یہی تمہارا ٹھکانہ ہے لہٰذا یہیں ڈیرے ڈال دیئے میں نے......'' میں نے حیرت سے اسے دیکھا سب خیر تو ہے نا......؟'' ''ارے بھئی تم نے عامر بن حبیب کا گروپ جوائن کرلیا اور مجھے بتایا تک نہیں۔ لگتا ہے آخرکار وہ تمہارے معیار کے فارمولے پر پورا اتر ہی گیا۔ ویسے میں تم سے خود بھی یہی کہنے والی تھی کہ میں نے ہر طرح سے عامر کو پرکھ کر دیکھا ہے۔ وہ تمہاری شرائط پر مکمل اُترتا ہے۔ صرف نام کا مسلم کونسلر نہیں ہے وہ...... عمل کا بھی پکا ہے۔...... تبھی تو سارے مسلمان اسٹوڈنٹ اس کے دیوانے ہیں...... تم نے بالکل ٹھیک فیصلہ کیا ہے آیان......'' میں نے کیفے میریا میں داخل ہونے سے لے کر اپنی مخصوص میز پر بیٹھنے تک بُروا کی یہ تمام تقریر اطمینان سے سنی لیکن کچھ ہی دیر میں یہ خبر میرے اپنے دوستوں تک پہنچی تو ان سب کا چین واطمینان غارت ہوگیا۔

سب سے پہلے جینی نے اپنا سر پیٹ لیا۔ ''کیا...... تم نے مسلم گروپ جوائن کرلیا...... بیڑہ غرق...... اب گئے تم کام سے......'' ایرک اور جم تو صدمے سے کچھ بول ہی نہیں سکے البتہ فرہاد نے پوری تقریر کرڈالی۔ آیان...... تم نے وہ کام کیا ہے جو بروٹس بھی نہ کرپایا ہوگا۔ ساری زندگی مذہب کی رواداری کا سبق دے دے کر ہمارے خیالات بدل ڈالے اور آخر میں خود ان لوگوں سے جا کر مل گئے جن سے ہمیں ہمیشہ رویوں میں انتہا پسندی کا گلہ رہا ہے...... ''قتل کرڈالا تم نے میرے تمام نظریات کو ہمیشہ کے لیے......'' کچھ ایسے ہی تاثرات کا اظہار گزشتہ شام بسام بھی کرچکا تھا۔ یہ تو اچھا ہوا کہ اُس وقت صنم کبیر بھی ہسپتال میں موجود تھی ورنہ بسام کے سوالات کا سلسلہ کبھی ختم ہونے میں نہ آتا۔ ''کیا......؟ یہ کیا کہہ رہے ہو......؟ اُلو...... تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے...... ساری زندگی ہم جن سے لڑتے آئے ہیں...... تم انہی کے ساتھ جا ملے ہو......؟ سچ بتاؤ...... یہ کیا معاملہ ہے......؟ کیوں کر رہے ہو تم یہ سب......؟'' میں نے اُسے صرف ایک ہی جواب دیا۔ ''تمہیں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں...... میں کوئی دودھ پیتا بچہ نہیں ہوں...... تم بس جلد از جلد ٹھیک ہوکر گھر پہنچنے کی کرو......'' صنم خاموشی سے بیٹھی ہم دونوں بھائیوں کے درمیان ہوتی یہ تکرار سن رہی تھی۔ مجھے اس کی یہ عادت بہت اچھی لگتی تھی کہ وہ صرف اُسی وقت بات کرتی تھی جب اُس بات کا مناسب وقت آجاتا تھا۔ اور یہ وہی وقت تھا۔ اس نے بسام کی پھلوں کی ٹوکری سے ایک سیب نکال کر چھیلا۔ ''اگر آیان نے عامر بن حبیب کا ساتھ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے تو اس میں ایسی کیا برائی ہے۔ آخر وہ بھی تو مسلمان طلباء کی مدد کے لیے ہی یہ سب مشکلات جھیلتے ہیں۔ نیویارک کی یونیورسٹی میں کسی مسلمان طالب علم کا مسلم کونسلر کی ذمہ داری سنبھالنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ کیا تم نہیں جانتے کہ اُسے اپنے تعلیمی کیریئر میں اس بات کی وجہ سے کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہوگا؟۔ اس کی جو کلاسز روزانہ حاضری سے رہ جاتی ہیں وہ ان کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ہر سمسٹر میں ہزاروں ڈالر کی اضافی ٹیوشن فیس جمع کرواتا ہے۔ راتوں کو دیر تک



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

لائبریری میں بیٹھ کر اپنے چھوٹے ہوئے لیکچرز کو تیار کرتا ہے۔ مسلمان طلباء کا حامی ہونے کی پاداش میں عیسائی اور یہودی انتظامیہ اور طلبہ کی باتیں بھی سننا پڑتی ہیں اُسے...... میں تو سمجھتی ہوں کہ آیان نے دیر سے ہی سہی...... مگر درست فیصلہ کیا ہے۔" بسام نے صنم کبیر سے مزید بحث نہیں کی لیکن اس کی آنکھوں میں شک کی پرچھائیاں گہری ہوتی گئیں ٹھیک اُسی طرح جیسے اس وقت میرے سارے دوستوں کی آنکھوں میں میرے فیصلے کی وجہ سے بے یقینی کی کیفیت طاری تھی۔ فرہاد نے تو فوراً فتویٰ ہی صادر کر دیا کہ میں نے پرُوا کی وجہ سے عامر بن حبیب کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

میں ان سب کو کیفے میں اسی بحث میں اُلجھا چھوڑ کر ہال نمبر 3 کی طرف چلا آیا جہاں مجھے آج صبح پرُوا نے مسلم کونسلر گروپ کی ہفتہ وار میٹنگ میں عامر کی جانب سے شرکت کی دعوت دی تھی۔ میں اس چھوٹے سے ہال میں داخل ہوا تو میٹنگ شروع ہو چکی تھی۔ سب نے مجھے خوش آمدید کہا پرُوا بھی وہیں موجود تھی اور سبھی طلباء کو اس میٹنگ کا ایجنڈا بانٹتی پھر رہی تھی۔ مجھے کاغذ پکڑاتے ہوئے وہ خوش دلی سے بولی "خوش آمدید غصیلے لڑکے...... اللہ کرے تمہارا آنا ہمارے لیے مبارک ثابت ہو۔" میں مسکرا دیا۔ البتہ اس ہال میں کوئی ایسا بھی تھا جسے میرے آنے کی کوئی خاص خوشی نہیں تھی...... بابر سیّدی، جو اس وقت اپنے گلے میں چار خانوں والا فلسطینی رومال باندھے کسی گہری سوچ میں سب سے الگ تھلگ بیٹھا ہوا تھا۔ اجلاس میں سب سے پہلے میری شمولیت کا اعلان کیا گیا اور پھر اس کے بعد اگلے ہفتے کے لیے ایک پلان ترتیب دیا گیا کہ کن مسائل پر یونیورسٹی انتظامیہ سے بات چیت کی جائے گی۔ جمع شدہ چندے کی تفصیل اور مستقبل قریب کے خرچے کی فہرست بھی پیش کی گئی۔ سچ یہ ہے کہ میں مسلم طلبہ کو اس قدر منظم انداز میں اپنی تنظیم چلاتا دیکھ کر کافی حیرت زدہ بھی تھا۔ کیونکہ باہر رہتے ہوئے ہم سب کی عامر بن حبیب گروپ کے بارے میں رائے بالکل مختلف تھی۔ ہم ان سب طلبہ کو صرف چند جذباتی لڑکوں کا ٹولہ سمجھتے تھے جو اپنی مسلمان شناخت کی بقا کے لیے یونیورسٹی میں یکجا ہوئے تھے۔ لیکن میں نے یہاں کچھ اور ہی منظر دیکھا۔ وہ سب عامر بن حبیب کی قیادت میں متحد اور بہت منظم انداز میں اپنے مقصد کی جانب بڑھ رہے تھے۔ اُس روز جو سب سے فوری مسئلہ مسلم طلباء کی توجہ کا مرکز تھا وہ یونیورسٹی کے احاطے میں یا ہاسٹل کی چار دیواری میں کسی ایسے کمرے کی ضرورت کے بارے میں تھا جہاں لڑکے ظہر کی نماز ادا کر سکیں۔ کیونکہ عصر تک تو زیادہ تر مسلم طلباء واپس ہاسٹل پہنچ جاتے تھے لیکن ظہر کے اوقات میں سبھی یونیورسٹی میں ہی موجود ہوتے تھے۔ کچھ ماہ پہلے ہی طلباء یونیورسٹی انتظامیہ سے دوپہر میں ظہر کے اوقات کے دوران پندرہ منٹ کی بریک لینے میں کامیاب ہو چکے تھے جس میں وہ نماز ادا کر سکتے تھے لیکن اب ان کی کوشش تھی کہ انہیں کوئی ایک کمرہ یا ہال بھی صرف پندرہ منٹ کے ان اوقات کے دوران مل جایا کرے جہاں وہ سب اکٹھے ہو کر باجماعت نماز ادا کر سکیں۔ قاعدے کے مطابق پہلے مسئلہ پیش کیا گیا اور پھر سبھی شرکاء سے رائے اور حل طلب کرنے کے لیے ووٹنگ شروع کی گئی۔ گویا وہاں سب کو اپنی اپنی رائے کے اظہار کی آزادی حاصل تھی۔ تقریباً 90 نوے فیصد طلباء نے قرار داد کے حق میں ووٹ دیا۔ میں نے اپنی باری پر کھڑے ہو کر صرف اتنا ہی کہا کہ میرا ووٹ اکثریت کی طرف ہو گا۔ کیونکہ یہ میرا پہلا دن ہے اور مجھے ان مسائل کو سمجھنے کے لیے کچھ وقت مزید درکار ہے۔ ووٹنگ کی بنیاد پر فیصلہ کیا گیا کہ اگلی سٹوڈنٹ اور انتظامیہ کے مابین ہونے والی پندرہ روزہ میٹنگ میں یہ مطالبہ یونیورسٹی انتظامیہ کے سامنے پیش کیا جائے گا اور نماز کے لیے کوئی جگہ مخصوص کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ اجلاس برخاست ہونے سے پہلے مختلف مسلم طلباء کو اگلے ہفتے کے لیے مختلف قسم کے ٹارگٹ دیئے گئے جن میں سب سے اہم غیر ممبر مسلم اسٹوڈنٹس کو متحرک کرنا بھی شامل تھا۔ مین ہال


WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

سے نکلا تو پُر وا بھی میرے ساتھ چل پڑی۔ ''کیسا رہا آج کا تجربہ تمہارے لیے......؟'' میں نے بے دلی سے جواب دیا۔ ''ٹھیک تھا...... مگر کچھ اُدھورا سا...... دراصل میں اس سے کچھ زیادہ کی اُمید کر رہا تھا۔ یہ لوگ تو ابھی تک مسجدوں اور نمازوں کے مسائل سے ہی باہر نہیں نکل پائے...... کیا عامر بن حبیب اس یونیورسٹی کی 70 سالہ تاریخ میں پہلا مسلم کونسلر منتخب ہوا ہے......؟ یہ بنیادی باتیں تو بہت پہلے طے ہو جانا چاہیے تھیں......'' پُر وا نے سر ہلایا ''تم ٹھیک کہہ رہے ہو...... ہم ابھی بنیادی مسائل میں ہی الجھے ہوئے ہیں لیکن شاید تمہیں اس بات کی خبر نہیں ہے کہ یونیورسٹی کی ستر 70 سالہ تاریخ میں عامر بن حبیب یہاں کا صرف تیسرا مسلم کونسلر بنا ہے اس سے پہلے مسلمان طلباء کو یہ سہولت حاصل ہی نہیں تھی...... تب وہ صرف کسی عیسائی یا یہودی کونسلر کے ذریعے اپنی بات انتظامیہ تک پہنچانے کے پابند تھے......'' میں حیرت سے رُک گیا۔ اچھا......؟ لیکن کیوں......؟ اور اس کا مطلب ہے کہ مسلم کونسلر کا عہدہ مسلمان طلباء کے پاس آئے یہ صرف چھٹا سال ہے......؟ حیرت ہے......''۔ ''ہاں...... یہی تو میں تمہیں بتانے کی کوشش کر رہی ہوں کہ چھ سال پہلے تک مسلم کونسلر کی سیٹ ہی نہیں تھی یونیورسٹی میں...... اور پہلے دو مسلم کونسلر تو بے چارے یونیورسٹی انتظامیہ اور دیگر طلباء کے دباؤ کے تحت از خود استعفیٰ دے گئے تھے کیونکہ ان کی اپنی پڑھائی کا بہت حرج ہو رہا تھا اور وہ یونیورسٹی میں تعصب کا شکار بھی ہو رہے تھے......'' میرے لیے پُر وا کی یہ باتیں واقعی غیر متوقع تھیں۔ ''لیکن ایسا کیوں ہے...... آخر یہ مٹھی بھر مسلم طلباء کسی کا کیا بگاڑ لیتے جو انہیں کام ہی نہیں کرنے دیا جاتا......''۔ پُر وا نے کسی گہری سوچ میں گم جواب دیا۔ ''شاید یہ سب اسلام سے خوف زدہ ہیں...... شاید پابندیوں کے باوجود یہ امریکہ میں گزشتہ دھائی کے دوران سب سے زیادہ تیزی سے پھیلنے والا مذہب ہے......'' میں پُر وا کی بات سن کر مزید اُلجھ گیا۔ پھر وہی مذہبی تخصیص...... ''لیکن اسلام کے تیزی سے پھیلنے سے امریکہ کو کیا خطرہ ہو سکتا ہے......؟ یہاں چند لاکھ مزید مسلمان جمع بھی ہو جائیں گے تب بھی یہ USA یو ایس اے ہی رہے گا...... ''اسلامستان'' تو نہیں بن جائے گا...... میں نہیں مانتا کہ اتنی بڑی جمہوریت کو ایسی کسی بھی مذہبی تبدیلی کا کوئی خوف یا خطرہ ہو سکتا ہے۔''

پُر وا نے مجھ سے اس مدعے پر مزید بحث نہیں کی اور چپ چاپ میرے ساتھ چلتی رہی پھر اچانک اسے کوئی بات یاد آئی۔ ''ارے ہاں...... جینی نے مجھے بتایا تھا کہ تمہارا بھائی بیمار ہے...... اب اس کی طبیعت کیسی ہے...... ویسے ایک بات ہے تمہارا چھوٹا بھائی ہے کافی کیوٹ سا......'' مجھے ہنسی آ گئی۔ ''ہاں...... وہ کیوٹ ضرور ہے لیکن مجھ سے ایک سال بڑا ہے۔'' پُر وا کو شدید حیرت ہوئی۔ ''ارے...... واقعی......؟ تو پھر بجائے اس کے کہ تم اس کے رعب میں رہو، وہ ہر وقت تم سے ہی ڈانٹ کیوں کھاتا رہتا ہے''۔ ''کیونکہ اسے ڈانٹنے کے حقوق صرف میرے پاس محفوظ ہیں''۔ ''سنو آیان...... تم میرے ساتھ اُردو میں کیوں بات نہیں کرتے...... جانتے ہو اُردو کو میں دنیا کی بہترین زبان سمجھتی ہوں''۔ کیوں...... ایسی کیا خاص بات ہے اُردو میں...... اور تمہارے انڈیا میں تو اسی اُردو کو بگاڑ کر ہندی کے نام سے بولا جاتا ہے۔'' پُر وا کی آواز تیز ہو گی۔ ''ہندی یا سنسکرت کے چند لفظ شامل کر دینے سے ''اُردو'' ہندی نہیں بن جاتی...... اور کون سی خاص بات ایسی ہے جو اُردو زبان میں نہیں ہے؟ کتنی وسیع لغت ہے اُردو کی ہر رشتے کے لیے اور اس رشتے کے احترام کے لیے کتنے معنی موجود ہیں اُردو میں...... اور یہ جو تم امریکن انگریزی کے گن گاتے پھر رہے ہو...... اس سے زیادہ غریب اور ناشائستہ زبان تو میں نے آج تک نہیں دیکھی جس میں ماں باپ کے لیے بھی صرف ''تم'' کا لفظ موجود ہے۔ بس میں نے طے کر لیا ہے کہ اب ہم دونوں اُردو میں ہی بات کریں گے......'' حسب معمول پُر وا اپنا فیصلہ صادر کر کے اطمینان سے چیونگم چباتی رہی۔ ''ٹھیک ہے مس پُر وا ضمیر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

خان...... لیکن خدا کے لیے اُردو کی یہ مشق تبھی جاری رکھنا جب ہمارے دوست آس پاس موجود نہ ہوا کریں...... یہاں محفل کے آداب کچھ مختلف ہیں...... ''پڑ وا نے بے پرواہی سے کہا ''سب جانتی ہوں میں...... ویسے تم دونوں بھائی گھر میں تو اُردو میں بات کرتے ہوئے نا......؟ سچ میری تو زبان ترس گئی ہے یہاں ولایت میں دلی کی خاص اردو بولنے کے لیے...... ''پڑ وا کی زبان یونہی پٹر پٹر چلتی رہی اور ہم آگے بڑھتے گئے......

اگلے چند دن میں بسام نے بھی یونیورسٹی آنا شروع کر دیا لیکن اس کی نقاہت ابھی باقی تھی لہٰذا میں اسے یونیورسٹی سے سیدھے گھر واپس لے جاتا تھا۔ سمسٹر کی فیس کے بارے میں مجھے اس سے جھوٹ بولنا پڑا کہ میں نے کسی شرط کے عوض پیشگی رقم لے کر فیس ادا کی ہے لیکن میں رفتہ رفتہ وہ پیسے واپس لوٹا دوں گا۔ بسام جانتا تھا کہ میں کبھی کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتا اس لیے نہ چاہتے ہوئے بھی اُسے میری بات پر یقین کرنا ہی پڑا۔ ایک ہفتے کے بعد وہ دن بھی آ گیا جب مسلم کونسلر کی یونیورسٹی انتظامیہ سے پندرہ روزہ میٹنگ طے تھی۔ میں نے زندگی میں پہلی بار یونیورسٹی کے ایڈمن بلاک میں قدم رکھا اور اُسی روز میں نے یونیورسٹی ڈین کو پہلی مرتبہ اتنے قریب سے دیکھا۔ ورنہ اس سے پہلے ہم صرف اس کی آواز یا ویڈیو کانفرنس کے ذریعے بھیجے ہوئے ریکارڈ شدہ پیغامات میں ہی اُسے دیکھا کرتے تھے۔ ڈین بھاری تن و توش اور گہرے نظر کے چشموں کے ساتھ ایک سخت گیر شخصیت کا مالک تھا۔ جس کے کمرے کے باہر بڑی سی ''روبن سن پیٹرک Robinson patrick'' کے نام کی سنہری تختی لگی ہوئی تھی۔

کمرے میں عیسائی اور یہودی طلباء کونسلر بھی موجود تھے اور ڈین نے بڑے طمطراق سے میٹنگ کا آغاز کیا، ہر طالب علم کونسلر کے ساتھ صرف تین ممبروں کو اجلاس میں شرکت کی اجازت تھی اور عامر بن حبیب کے ساتھ میں اور ہارسیڈی مسلم طلبہ کی جانب سے شریک تھے۔ لیکن ابھی تک میری نظر یہودی طلباء کے کونسلر شمعون کے پیچھے بیٹھے اس کے ساتھیوں پر نہیں پڑی تھی۔ اور پھر جب تعارف کے وقت مائیکل کا نام پڑھا گیا تو میں نے چونک کر اُوپر دیکھا۔ مائیکل نے سب سے نظر بچا کر میری طرف دیکھ کر اپنی بائیں آنکھ دبائی۔ تو گویا وہ خود بھی یہودی گروپ کا ممبر تھا۔ مجھے ان کے منصوبے کے تانے بانے اب جڑتے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔

اجلاس شروع ہوا تو پہلے عیسائی اور پھر یہودی کونسلر نے اپنے اپنے طلباء کے چھوٹے موٹے مطالبے اور مسائل پیش کیے۔ ڈین نے موقع پر ہی احکامات جاری کر دیئے۔ انتظامیہ کی ٹیم میں ڈین سمیت چار افراد تھے جن میں ایک عیسائی ایک یہودی ممبر شامل تھے۔ مسلمان طلباء کی فیکلٹی Faculty میں کوئی مسلمان استاد نہ ہونے کی وجہ سے انتظامیہ کی جیوری میں کوئی مسلمان ممبر موجود نہیں تھا۔ مائیکل کو میں پہلے ہی عامر بن حبیب کے پہلے اجلاس کی تمام روداد بتا چکا تھا اور جب عامر بن حبیب نے کیمپس میں نماز کے لیے کوئی جگہ مخصوص کرنے کی درخواست پیش کی اور یہودی گروپ کی جانب سے اس کی شدید مخالفت بہت موثر انداز میں پیش کی گئی تو مجھے مائیکل کی وہ بے چینی سمجھ میں آ گئی جو عامر بن حبیب کے اجلاس کی پہلی مخبری کے لیے اس کے انداز سے صاف ظاہر تھی۔ وہ لوگ اسی لیے عامر کے ایجنڈے کے بارے میں خبر رکھنا چاہتے تھے تاکہ وہ اس کے لیے انتظامیہ کی اہم میٹنگ سے پہلے مضبوط دلائل کے ذریعے موثر توڑ کر کے مسلم طلباء کے منصوبے ناکام کر سکیں۔ شمعون نے پہلا اعتراض تو چھوٹتے ہی داغ دیا تھا۔ ''نہیں نہیں...... نماز کے لیے کوئی جگہ کیسے مخصوص کی جا سکتی ہے۔ پھر تو عیسائی طلبہ کے لیے کیمپس میں گرجا گھر اور یہودی اسٹوڈنٹس کے لیے سی گوگ (یہودی عبادت گاہ) تعمیر کرنا پڑے گا۔ پھر تو یہ یونیورسٹی کیمپس کم اور مختلف مذاہب کا اکھاڑہ زیادہ بن جائے گا۔'' ڈین نے سر ہلایا۔ ''شمعون



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ٹھیک کہہ رہا ہے...... کیمپس میں نماز پڑھنے کی جگہ مخصوص نہیں کی جاسکتی......'' عامر نے دفاع کیا۔لیکن صرف مسلم طلباء کو ہی دن میں پانچ مرتبہ یہ فریضہ ادا کرنا ہوتا ہے۔ چرچ یا سی گوگ کی ضرورت تو تب پڑتی جب ان دو مذاہب کے طلباء کو بھی روزانہ باقاعدگی سے اپنی عبادت کا کوئی وقت کیمپس روٹین کے بیچ یونیورسٹی کی چار دیواری میں گزارنا پڑتا۔اور ہم بھی تو صرف ظہر کے وقت پندرہ منٹ کی بریک کے دوران کسی کمرے یا چار دیواری کا مطالبہ کررہے ہیں...... یہ جز وقتیPartime ضرورت ہے......اسے مستقل نہیں کیا جائے گا......'' لیکن مائیکل کی اطلاعات کی بنیاد پر شمعون خوب تیاری کر کے آیا تھا۔''ہاں...... مگر اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ سال چھ ماہ بعد مسلم طلبہ اُسی جگہ کو مستقل مسجد بنانے کا مطالبہ نہیں کردیں گے......؟اور پھر اگر عیسائی اور یہودی طلبہ نے بھی ہفتے اور اتوار کی چھٹی کے دوران کیمپس میں عبادت کرنے کی ٹھان لی اور یہ ضد بازی چل پڑی تو ہم سب جانتے ہیں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا......'' فیصلہ ہو چکا...... تمام جیوری ممبر کیمپس میں کسی مخصوص جگہ پر نماز کی ادائیگی کے حق میں نہیں ہیں۔لہذا یہ مدعا یہیں ختم کیا جاتا ہے......''

ہم لوگ ڈین کے کمرے سے باہر نکلے تو شمعون نے طنزیہ انداز میں عامر کی جانب جملہ اُچھالا...... ہم سب تمہارے غم میں برابر کے شریک ہیں عامر بن حبیب...... بیٹر لک نیکسٹ ٹائم''Better luck nex time''۔شمعون کی بات سن کر اس کے سبھی ساتھیوں نے زور کا قہقہہ لگایا۔ بابر سیدی غصے میں ایک قدم آگے بڑھا لیکن عامر نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور خوش دلی سے شمعون کو جواب دیا۔''بس تم یونہی دعا کرتے رہا کرو...... عبادت میری ہو یا تمہاری...... اس کی ادائیگی میں مقابلہ کیسا......؟'' شمعون اور عیسائی کونسلر جارج اپنے اپنے گروپ کے ساتھ آگے بڑھ گئے۔ بابر ابھی تک شدید غصے میں تھا۔''ایسا لگتا ہے جیسے انہیں ہمارے ایجنڈے کی پہلے سے خبر تھی۔ ورنہ اتنی مکمل تیاری کر کے تو یہ لوگ پہلے کبھی بھی نہیں آئے......؟'' بولتے وقت بابر کی نظر میری جانب ہی مرکوز تھی۔ عامر نے اسے تسلی دی۔''اس بار ان کی تیاری زیادہ نہیں...... شاید ہماری کچھ کم تھی...... بہرحال...... اس میں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے...... ہم نے بات آگے پہنچادی ہے...... رفتہ رفتہ انہیں قائل بھی کرلیں گے......''

لیکن میں خود عامر کے چہرے پر مایوسی کے ہلکے سائے اُسی وقت دیکھ چکا تھا جب ہم ڈین کے کمرے سے نکل رہے تھے۔ دوسری جانب یونیورسٹی سے واپسی پر مجھے مائیکل گروپ نے پارکنگ لاٹ میں دیکھا تو خوشی سے نعرے لگاتے ہوئے وہ میرے قریب آگئے۔''زبردست یہ ہوئی نا بات...... پہلی ضرب میں ہی عامر بن حبیب کو آدھا چت کردیا ہے تم نے۔ تمام مسلم طلباء میں اس فیصلے سے شدید مایوسی پھیل چکی ہے۔ایک آدھ بار اگر پھر ایسا ہوا تو اسے اپنی مسلم کونسلر کی سیٹ بچانا مشکل ہو جائے گا۔ یو آر گریٹ آیان......'' وہ شور مچاتے اور ہنستے گاتے وہاں سے پلٹے تو بسام کو میں نے پارکنگ لاٹ کے آغاز میں کھڑے دیکھا''کیا کہہ رہے تھے یہ لوگ......؟'' میں نے بات ٹالی'' کچھ نہیں...... کلاس کی کوئی بات تھی...... تم چلو...... دیر ہو رہی ہے......'' بسام وہیں کھڑا رہا۔'' نہیں اُلو...... مجھے یہ معاملہ کچھ اور لگتا ہے...... تم اتنے پراسرار کیوں ہوتے جارہے ہو...... آج سے پہلے تو ہم دونوں میں کوئی راز نہیں تھا......'' میں نے اسے زبردستی کھینچ کر بائیک پر بیٹھا دیا۔ تمہاری یہ جیمز بونڈ بننے کی عادت نہ گئی کبھی...... کہہ جو دیا کہ ایسا کچھ نہیں ہے...... چلو اب جلدی کرو...... ابھی تم نے رات کا کھانا بھی تیار کرنا ہے...... میں اتنے دن تک وہ بدمزہ پزا اور برگر کھا کھا کر تھک گیا ہوں......'' بسام سارے راستے خاموش سا رہا۔لیکن میں جانتا تھا اس کے ذہن میں کلبلاتا شک کا کیڑا اب اسے بے چین رکھے گا۔


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اور پھر اگلے تین ہفتوں میں مسلم کونسلر کا گراف روزانہ کی بنیاد پر تیزی سے نیچے آتا چلا گیا۔ عامر بن حبیب مختلف مدعوں پر مسلم طلبہ کی نمائندگی مناسب طور پر نہ کر سکا جس میں حلال کھانے کا الگ کاؤنٹر نہ کھولے جانے پر تو ٹھیک ٹھاک ہنگامہ ہوا اور مسلم طلبہ نے کیفے کا بائیکاٹ بھی کیے رکھا اور پھر بصد مشکل میں نے لڑکوں کو راضی کیا۔ اس دوران میری بابر سیّدی سے دو تین بار شدید جھڑپ بھی ہوتے ہوتے رہ گئی لیکن ہمارے درمیان دشمنی دن بدن بڑھتی ہی گئی۔ اگر ہر بار عامر بن حبیب ہمارے درمیان پڑھ کر معاملہ رفع دفع نہ کرواتا تو ہم اب تک ضرور لڑ چکے ہوتے، خاص طور پر اُس دن جب بابر نے یہ اعتراض کر دیا کہ میں باقی مسلم طلباء کی طرح نماز کے وقت نماز ادا کیوں نہیں کرتا.....؟ میں نے اسے جواب دیا کہ وہ مجھے مذہب کا درس دینے کے بجائے اپنے مذہب کی فکر کرے اور سب کے ایمان کا ٹھیکے دار بننے کی کوشش نہ کرے، بات بہت بڑھ گئی لیکن اس موقعے پر بھی عامر ہی نے فیصلہ دے دیا کہ اُن کے منشور میں کسی بھی طالب علم پر کوئی مذہبی پابندی نہیں لگائی جا سکتی نہ ہی اسے عبادت کے لیے زبردستی مجبور کیا جاسکتا ہے۔ لیکن بابر نے عامر کو احتجاجاً اپنا استعفیٰ پیش کر دیا کہ ان حالات میں وہ مزید مسلم طلباء کے حقوق کے لیے آواز بلند نہیں کر سکتا۔ بڑی مشکل سے لڑکوں نے بابر کا غصہ ٹھنڈا کیا لیکن عامر بن حبیب کے گروپ میں جو دراڑ پڑ چکی تھی وہ روز بروز بڑھتی ہی گئی۔ میرا مائیکل سے کیا ہوا معاہدہ اپنی تکمیل کے قریب پہنچنے کو تھا۔ لیکن جانے کیوں میں اندر سے ایک عجیب سی بے چینی محسوس کرنے لگا تھا۔ عامر بن حبیب ایک شریف النفس اور اعلیٰ خاندانی لڑکا تھا جس نے براہ راست میرا کبھی کچھ نہیں بگاڑا تھا۔ مجھے مسلم کونسلر گروپ کی پالیسیوں سے اختلاف ضرور تھا لیکن ان لوگوں کے درمیان رہتے ہوئے مجھے ان کے بارے میں بہت سی ایسی باتیں بھی پتا چلیں جو میں پہلے نہیں جانتا تھا، مجھے مذہب کی بنیاد پر تخصیص بہت بُری لگتی تھی لیکن میں نے ان دنوں میں محسوس کیا کہ مسلم طلباء کو اس مذہبی پہچان کی بنیاد پر اکٹھا کرنے میں خود یونیورسٹی انتظامیہ اور دیگر گروہوں کی مذہبی سرگرمیوں کا بھی بہت بڑا ہاتھ ہے۔ مسلمان کو ہمیشہ ہی یہ احساس دلا کر علیحدہ اکٹھا ہونے پر مجبور کیا گیا کہ وہ کمزور ہے اور متحد نہ ہوا تو بہت جلد مٹا دیا جائے گا۔

نیویارک شہر میں ابھی ٹائم اسکوائر بم کیس کی گونج ختم نہیں ہوئی تھی کہ اُس پاکستانی لیڈی ڈاکٹر کو سزا سنائے جانے کا وقت قریب آنے پر ایک بار پھر یہ بحث گلیوں میں موضوع بنتی گئی کہ آیا وہ دھان پان سی عورت مجرم ہے بھی یا نہیں؟

لیکن عامر بن حبیب کی گرفت مسلم طلباء پر کمزور ہونے کی وجہ سے مسلم طلباء ان تمام ایشوز پر متحد ہو کر اپنا کوئی مؤقف پیش کرنے میں ناکام رہے۔ اسلام پر بحث چھڑتی گئی اور مسلمان طلباء کو اپنا دفاع کرنا مشکل ہوتا گیا۔ اور پھر ایک دن وہ سب کچھ ہو گیا جس نے ہم سب کی زندگیوں میں ایک نئے طوفان کو جنم دے دیا۔ بسام کی گرفتاری کے ڈیڑھ ماہ بعد اچانک ہی اس کی ضمانت منسوخ کر دی گئی کیونکہ ٹائم اسکوائر بم والے کیس کے ملزم کے بیان کی روشنی میں چھاپوں کی ایک لہر کے دوران اس کے دو قریبی ساتھی اسی علاقے سے پکڑے گئے تھے جہاں بسام نے بیماری ختم ہونے کے بعد پھر سے اپنی شام کی نوکری شروع کر دی تھی۔ مجھے یہ خبر شام کو عارفین ماموں نے فون پر دی جب میں یونیورسٹی میں ہی موجود تھا۔ عامر بن حبیب نے اُسی وقت بسام کی گرفتاری کے خلاف طلباء کو منظم کیا کیونکہ یہ ہماری یونیورسٹی کے ایک مسلمان طالب علم کی گرفتاری کا معاملہ تھا، لیکن اس بار نیویارک پولیس پہلے سے ہی ہوشیار تھی اور جیسے ہی وہ احتجاج کرتے ہوئے یونیورسٹی سے باہر سڑک پر آئے، اُن پر تیز ٹھنڈے پانی کی دھاریں ماری گئیں اور پھر جب لاٹھی چارج سے بات نہ بنی تو ربڑ کی گولیاں بھی فائر کی گئیں۔ عامر بن حبیب کو اس طرح بے جگری سے بابر سیّدی کے ساتھ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بسام کے لیے لڑتے اور ساری رُکاوٹیں توڑ کر آگے بڑھتے دیکھ کر میرے اندر کا شور بڑھتا گیا۔ عامر کیا جانتا تھا کہ جس کے بھائی کی رہائی کے لیے وہ اپنے جسم پر لاتعداد ضربات جھیل رہا ہے وہی آیان اُس کی پیٹھ میں چھرا گھونپ چکا ہے۔ بابر سیدی نے بھی اس روز جم کر عامر کا ساتھ دیا لیکن مجھے حیرت اس بات پر تھی کہ پولیس اتنی جلدی وہاں کیسے پہنچ گئی تھی؟ میں تو بسام کی گرفتاری کی خبر سنتے ہی یونیورسٹی سے لاک اپ چلا آیا تھا اور یہ تمام مناظر میں ملاقاتیوں کے ہال میں لگے بڑے ٹی وی اسکرین پر دیکھ رہا تھا جس پر شہر کی براہِ راست کوریج دکھائی جا رہی تھی۔ اچانک میرے ذہن میں مائیکل کا جملہ گونجا "کون جانے تم سے پہلے ہی ہم اپنا کوئی مخبر عامر بن حبیب کے گروپ میں شامل کر چکے ہوں......" ضرور یہ اُسی مخبر کی کارستانی تھی جس نے مسلم طلباء کے یونیورسٹی میں جمع ہونے سے پہلے ہی نیویارک پولیس کو اس جلسے سے آگاہ کر دیا تھا۔ پھر اچانک ٹی۔ وی اسکرین پر ہی میں نے یونیورسٹی کے ڈین کو نمودار ہوتے دیکھا جس نے یونیورسٹی ڈسپلن کو توڑنے کے جرم میں عامر اور بابر سیدی کو چھ ہفتوں کے لیے معطل Suspend کرنے کا اعلان کر دیا۔ میں رات گئے بسام سے مل کر دوبارہ یونیورسٹی کے ہاسٹل ایریا میں پہنچا تو مسلم طلبہ کے ہاسٹل پر مردنی سی چھائی ہوئی تھی۔ پتہ چلا کہ عامر بن حبیب اور بابر کو پولیس سے مڈبھیڑ کے دوران کافی چوٹ آئی ہے۔ خاص طور پر عامر بہت تکلیف میں ہے۔ میں ڈوبتے دل کے ساتھ عامر کے کمرے میں پہنچا تو سبھی وہاں جمع تھے۔ میں نے عامر کا ہاتھ پکڑ لیا۔ "تم ٹھیک ہو......؟" بابر عامر کے سرہانے ہی بیٹھا تھا۔ عامر نے مسکرا کر میری جانب دیکھا۔ "تمہیں میری اور بابر کی چھ ہفتے کی معطلی کا تو پتا چل گیا ہوگا۔ لیکن رمضان بالکل قریب ہے اور ان حالات میں مسلم طلبہ کو بنا کونسلر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ لہٰذا ہم سب نے فیصلہ کیا ہے کہ اگلے تین ماہ کے لیے تمہیں مسلم طلباء کا کونسلر بنا دیا جائے۔ تمہیں کل سے ہی اپنی ذمہ داری سنبھالنی ہوگی۔" میرے سر پر جیسے کوئی بم سا پھٹا۔ میں گھبرا کر اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 5

''یہ تم کیا کہہ رہے ہو عامر...... میں بھلا مسلم کونسلر کی ذمہ داریاں کیسے سنبھال سکتا ہوں...... مجھے تو گروپ جوائن کیے بھی بمشکل ڈیڑھ ماہ ہوئے ہیں......اور پھر مجھ سے باقی سب سینئر ہیں......تم انہی میں سے کسی کو یہ ذمہ داری سونپ دو......'' عامر نے اصرار کیا۔''یہ فیصلہ انہی تمام سینئر مسلم طلبہ کے مشورے سے ہی کیا گیا ہے......انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔''میں نے نفی میں سر ہلایا۔''صرف چھ ہفتے کی ہی تو بات ہے...... یہ عرصہ تو کوئی بھی دوسرا سینئر تمہارے معاملات دیکھ کر گزار سکتا ہے...... چھ ہفتے کے بعد تم دونوں واپس بحال ہو جاؤ گے تو یونیورسٹی آتے ہی تم دوبارہ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لینا......'' عامر نے گہری سانس لی......''یہی تو ہے مسئلہ ہے دوست...... ڈین نے ہم دونوں کو چھ ہفتے کے لیے بہت سوچ سمجھ کر معطل کیا ہے۔ یونیورسٹی کے آئین اور منشور میں درج قانون کے مطابق کوئی بھی اسٹوڈنٹ کونسلر اگر چار ہفتے کے لیے اپنی ذمہ داریوں سے غیر حاضر رہے تو اس کی کونسلر کی نشست خالی قرار دے دی جاتی ہے۔ اسی آئین کی دوسری شق یہ ہے کہ کونسلر کی غیر موجودگی میں اگر اس مذہب کے طلبا کا گروپ کسی دوسرے کونسلر کو عبوری مدت کے لیے منتخب کرنا چاہے تو یہ عرصہ کم از کم تین ماہ کا ہونا چاہیے۔ اس تین ماہ کے عرصے کے بعد دوبارہ کونسلر کا انتخاب کیا جائے گا، لیکن مسلم طلباء کے پاس درمیانی مدت کا کونسلر منتخب کرنے کے لیے صرف دو ہفتے یعنی پندرہ دن کا وقت ہے۔ اس وقت میں اگر وہ کوئی عارضی کونسلر نہ چن سکیں تو اگلے تین ماہ انتخابات ہونے تک انہیں بنا کسی رہنما یا کونسلر کے گزارنے ہوں گے......اور یقین جانو...... یہ بہت برا ہوگا ہم پہلے ہی بہت سے اہم مسائل پر شکست کھا چکے ہیں...... یہ ہماری آخری شکست ثابت ہوگی......''

مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ میں عامر کو کس طرح قائل کروں، گویا عامر کی مسلم کونسلر شپ ختم ہو چکی تھی اور مسلم طلباء کی دوسری امید بابر سیدی بھی اگلے تین ماہ تک کونسلر نہیں بن سکتا تھا کیونکہ اب انتخابات تین ماہ بعد ہی ہو سکتے تھے۔ عبوری مدت کے دوران تو بابر بھی عامر کے ساتھ ہی معطل رہتا۔ مائیکل گروپ نے بہت سوچ سمجھ کر چال چلی تھی اور ڈین کے نپے تلے فیصلے سے تو یہ بھی لگ رہا تھا کہ جیسے وہ بھی عامر بن حبیب کی کونسلری ختم کرنے کے لیے کسی ایسے ہی موقعے کے انتظار میں تھا۔ اچانک میرے ذہن میں ایک شک نے سر ابھارا...... کہیں خود ڈین بھی تو اس منصوبے کا ایک حصہ تو نہیں تھا......؟ میں نے بے چارگی سے عامر کی طرف دیکھا۔ لیکن اگر تم لوگ جانتے تھے کہ اس احتجاج کا نتیجہ اس قدر نقصان دہ اور انتہائی بھی نکل سکتا ہے تو تمہیں اور بابر کو ایک ساتھ باہر نہیں نکلنا چاہیے تھا...... کم سے کم تمہاری معطلی کی صورت میں کوئی متبادل تو باقی رہتا مسلم طلبہ کی رہنمائی کے لیے......'' عامر مسکرایا۔''یہ تم بابر سے ہی پوچھو...... میں نے آتے ہوئے اسے منع بھی کیا تھا......'' بابر دوسرے بستر پر خاموش سا نیم دراز تھا۔''مجھے یہودی لڑکوں میں سے کسی نے اطلاع دی تھی کہ عامر پولیس کی شیلنگ سے گھائل ہو گیا ہے اور لڑکے تتر بتر ہو رہے ہیں...... اس لیے مجھے عامر کو ریسکیو Rescue کرنے کے لیے باہر آنا پڑا......'' زندگی میں پہلی مرتبہ میرے دل میں بابر سیّدی کے لیے بے پناہ عزت کے جذبات ابھرے۔ وہ اُجڈ تھا۔ بدتمیز اور لڑاکا تھا، لیکن وفادار تھا۔ اور اس دور میں ''وفا'' ہی تو ایک ایسی صنف ہے جو صنف نا پید بن چکی ہے۔ کہاں ملتی ہے آج کل وفا؟ ساتھ


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

جینے مرنے کی قسمیں کھانے والے بھی وقت بدلتے ہی چہرہ موڑ کر چل دیتے ہیں۔ میں نے انکار میں سر ہلایا۔ ''مجھے افسوس ہے عامر بن حبیب...... میں خود کو اس ذمہ داری کے قابل نہیں سمجھتا۔ اور اگلے چند دن مجھے بسام کی رہائی کے لیے دن رات ایک کرنا ہوں گے...... ایسے میں مسلم کونسلر کی ذمہ داریاں نبھانا میرے لیے ناممکن ہوگا...... تم لوگ کوئی دوسرا لیڈر چن لو۔'' میں ان کا جواب سنے بغیر ٹوٹے قدموں سے وہاں سے واپس چلا آیا...... آج پہلی بار مجھے اپنے اندر کے آیان سے نظریں ملاتے ہوئے بڑی مشکل درپیش تھی۔ ساری رات میں خود سے نظریں چراتا رہا۔ اگلی صبح یونیورسٹی میں یہ چرچا تھا کہ عامر بن حبیب کے سسپینڈ suspend ہو جانے کے بعد اب مسلم طلبہ کا اگلا کونسلر کون ہوگا؟ یا پھر مزید چند سال مسلم طلبہ کو بنا کسی نمائندے کے دوسرے مذہب کے کونسلر کے رحم و کرم پر گزارنے ہوں گے؟ مائیکل نے مجھے لان میں الگ تھلگ گرتے پتوں کی چادر تانے دیکھا تو وہ سب لپک کر میرے قریب آگئے۔ ''تم کمال ہو بائیو ٹک بوائے...... لوگ سالوں میں جو کام نہ کر سکے، تمہاری مدد سے ہم نے ہفتوں میں کر دکھایا۔ آج اس خوشی میں ہم ایک گرانڈ پارٹی دے رہے ہیں...... تمہیں بھی ضرور آنا ہوگا......'' میں نے غور سے مائیکل کو دیکھا۔ ''تم لوگوں نے اپنے کسی مخبر کا ذکر بھی کیا تھا مجھ سے...... لیکن مجھے آج تک اس کا نام نہیں بتایا تم نے......'' مائیکل زور سے ہنسا۔ ''معاف کرنا...... شروع شروع میں تو ہم تم پر بھی پورا اعتبار نہیں کر پا رہے تھے کیونکہ تم مسلمانوں کی جذباتی رگ پھڑکنے میں ایک لمحہ بھی نہیں لگتا...... لیکن تم نے واقعی خود کو مرد عہد (man of his word) ثابت کیا ہے...... لہٰذا اب تمہیں اس سے ملوانے میں کوئی حرج نہیں ہے...... ویسے بھی تمہارا وعدہ پورا ہو چکا اور ہماری راہ کا سب سے بڑا کانٹا ہمیشہ کے لیے نکل چکا...... اب ہم اتنی آسانی سے عامر کو دوبارہ مسلم کونسلر نہیں بننے دیں گے...... یہ لو...... وہ مخبر اسی جانب چلا آ رہا ہے......'' میں نے مائیکل کے ہاتھ کے اشارے کی جانب تیزی سے گردن موڑی...... میرا دل ڈوب سا گیا۔ سامنے دور اکیڈمک بلاک کی سیڑھیاں اُترتے پُروا نظر آئی۔ ''کون...... پُروا......'' مائیکل ہنسا۔ ''ارے نہیں...... اُس انڈین لڑکی کے پیچھے دیکھو......'' اور پھر دوسرے ہی لمحے پُروا کے عقب سے کینٹے کا پرانا بیرا جوزف جو مسلم طلبہ کی ہر میٹنگ میں چائے کافی اور سنیکس وغیرہ کی فراہمی پر مقرر ہوتا تھا۔ اپنے ہاتھ میں ایک ٹرے پر کافی کے چند مگ لیے ہماری جانب بڑھتا چلا آیا۔ جوزف نے مجھے دیکھ کر آنکھ ماری، گویا وہ بھی میرے کردار سے واقف تھا۔ پل بھر میں ہی مجھے اس کا تمام میٹنگ کے دوران کسی نہ کسی بہانے آس پاس منڈلاتے رہنا۔ اور بار بار مجھ سے کسی چیز کی فرمائش کا پوچھنا یاد آگیا۔ اس کا مطلب تھا کہ مائیکل نے اُسے میری نگرانی پر بھی لگا رکھا تھا۔ کیونکہ وہ تمام وقت تو ہال میں موجود نہیں رہ سکتا تھا لہٰذا وہ اس بات کی یقین دہانی بھی کرتا ہوگا کہ میں اپنا کردار ٹھیک سے ادا کر رہا ہوں کہ نہیں۔ اسے کہتے ہیں بے عیب منصوبہ "Perfect plan"۔

پُروا کو میری جانب آتے دیکھ کر وہ لوگ وہاں سے ٹل گئے۔ پُروا نے قریب آ کر پوچھا۔ ''کیا کہہ رہے تھے یہ لوگ...... ضرور عامر بن حبیب والے واقعے پر طنز کر رہے ہوں گے......'' میں چپ رہا...... پُروا خود بھی کافی پریشان سی دکھائی دے رہی تھی ''آیان...... اب کیا ہوگا......؟ آخر تم یہ ذمہ داری کیوں نہیں سنبھال لیتے......؟ یہ وقت تمام مسلم طلبہ کے لیے بہت نازک ہے...... ورنہ ساری محنت ضائع ہو جائے گی...... خدا خدا کر کے تو مسلم طلبہ کو ایک پلیٹ فارم میسر آیا تھا۔ وہ بھی ہاتھ سے نکل جائے گا......''

میں اُلجھ کر بولا۔ ''آخر تم لوگ یہ بات سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے۔ مسلم کونسلر بننے کے لیے کسی طالب علم میں جن خصوصیات کا ہونا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ضروری ہے...... میں ان سے قطعی نابلد ہوں۔ مجھے تو دن میں پڑھی جانے والی پانچ نمازوں کی مکمل رکعتوں کا بھی ٹھیک سے نہیں پتا...... میں اور بسام ڈیڈ کے ساتھ صرف عید کی نماز پڑھنے جاتے تھے۔ جن اصولوں کی بنیاد پر مسلم کونسل کو انتظامیہ سے اپنا کیس لڑنا ہوتا ہے...... میں ان میں سے زیادہ تر سے اتفاق ہی نہیں کرتا۔ میں مذہب کی بنیاد پر انسانوں کی گروہوں میں تقسیم کے ہی خلاف ہوں...... میرے نزدیک سبھی انسان برابر ہیں...... کوئی بھی مذہب انہیں میرے نزدیک اہم یا غیر اہم نہیں بناتا۔ میرے نزدیک تو مذہب کسی کی شناخت کا ذریعہ بھی نہیں...... مذہب کو میں انسان کا ذاتی فعل سمجھتا ہوں...... اور بس اس سے زیادہ کچھ نہیں......‘‘ پُروا نے حیرت سے میری جانب دیکھا۔ تو پھر تم نے مسلم طلباء میں شمولیت کیوں اختیار کی تھی......؟‘‘ میں صرف اتنا ہی کہہ کر آگے چل پڑا۔ ’’بس یوں سمجھ لو کہ وہ میری ایک مجبوری تھی...... ایک عہد کر بیٹھا تھا کسی سے جس کا نبھانا فرض ہو چکا تھا میرے لیے......‘‘ پُروا وہیں درخت کے نیچے گم سم سی کھڑی رہ گئی اور خزاں رسیدہ پتوں نے اس کے وجود کو ڈھانپنا شروع کر دیا۔ کاش میرے اندر کے اس ننگے سچ کو ڈھانپنے کے لیے بھی کوئی خزاں اپنے پتے اسی طرح برسا پاتی۔

عرفی ماموں مجھے عدالت کی سیڑھیوں پر ہی باہر کھڑے مل گئے۔ آج بسام اور دیگر تین لڑکوں کی وہاں پیشی تھی۔ ’’کہاں رہ گئے تھے؟ وہ لوگ ابھی کچھ دیر پہلے ان تینوں کو عدالت لے گئے ہیں......‘‘ میں ماموں کے ساتھ عدالت میں داخل ہوا تو بسام کو ملزموں کی مخصوص نشست پر بیٹھا دیکھ کر میرا دل کٹ سا گیا۔ میرا جی چاہا کہ اپنے نازک مزاج بھائی کا ہاتھ پکڑوں اور سب کے سامنے سے اُسے چھین کر کہیں دور لے جاؤں۔ حکومت کا وکیل اور نیویارک پولیس کے نمائندے بسام اور دیگر لڑکوں کو مشکوک اور دہشت گرد بنا کر پیش کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے تھے۔ مجھے بسام لوگوں کا وکیل کچھ زیادہ منطقی اور پُر اعتماد نظر نہیں آیا اور یہی بات عرفی ماموں نے بھی محسوس کی۔ ’’یہ گدھا یہاں چنے بیچنے کے لیے آیا ہے کیا......؟ پولیس کے الزامات کا ٹھیک سے جواب کیوں نہیں دے رہا بسام کا وکیل......؟‘‘ جج نے بسام کے وکیل کو تیاری کے لیے ایک ہفتے کا وقت دے کر پیشی ختم کر دی اور تب تک سبھی طالب علموں کو کسٹڈی custody میں رکھنے کا حکم بھی صادر کر دیا۔ میں غصے میں اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا لیکن عرفی ماموں نے جلدی سے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے دوبارہ بیٹھا دیا۔ ’’یہ وقت جوش کا نہیں...... ہوش کا ہے......‘‘ پیشی سے واپسی پر عدالت سے باہر راہداری میں میری چند لمحوں کے لیے بسام سے بات ہوئی، وہ پُر سکون تھا۔ ’’انو یار...... پریشان مت ہونا...... یہ سالے گورے ہمیں بنا کسی ثبوت کے زیادہ دن اندر نہیں رکھ پائیں گے......‘‘ مجھ سے کچھ کہا نہیں گیا اور میں نے آگے بڑھ کر بسام کو گلے سے لگا لیا۔ میرا معصوم بھائی میری تسلی کی خاطر خود کو مضبوط کر رہا تھا ورنہ میں جانتا تھا کہ وہ یہ سات دن کس عذاب میں گزارے گا...... ابھی دو ہفتے پہلے ہی تو وہ بستر بیماری سے اُٹھا تھا۔ ابھی تو اس کی چہرے کی پیلی رنگت بھی نہیں ڈھلی تھی۔ میں نے اُس کے شانے دبائے ’’تم بے فکر رہنا...... اگر تمہیں لاک اپ توڑ کر بھی نکالنا پڑا تو میں تمہیں نکال کر ہی دم لوں گا...... بس ہمت نہ ٹوٹنے پائے...... تمہیں مجھ پر اعتبار ہے نا......؟‘‘ بسام نے ٹوٹی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ میری جانب دیکھا۔ ’’ہاں انو...... مجھے تم پر پورا یقین ہے......‘‘ عرفی ماموں ایک جانب کھڑے ہم دو بھائیوں کی یہ ساری گفتگو چپ چاپ سنتے رہے اور پھر وہ لوگ بسام کو لے گئے۔ میں ماموں کی طرف پلٹا تو انہوں نے جلدی سے اپنی آنکھیں پونچھ ڈالیں۔ ’’جس کا آیان جیسا بھائی ہو...... اُسے بھلا پھر کس بات کی فکر بھانجے......‘‘ لیکن خود میری فکر اور پریشانیوں کے دن اب طویل ہونا شروع ہو چکے تھے۔ اگلے روز نوٹس بورڈ پر بسام کی یونیورسٹی سے معطلی کا نوٹس لگا ہوا تھا۔ اُسے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کیس کی کاروائی کے دوران یونیورسٹی سے Suspend کر دیا گیا تھا کیونکہ یونیورسٹی کے قانون کے مطابق کسی بھی عدالتی کاروائی میں ملوث طالب علم کو کیس کا فیصلہ ہونے تک یونیورسٹی کی حاضری لسٹ میں شامل نہیں رکھا جا سکتا تھا اور ایک دن کی بھی عدالتی سزا ملنے کی صورت میں وہ طالب علم ہمیشہ کے لیے یونیورسٹی سے رسٹی کیٹ کر دیا جاتا تھا۔

کیفے میں اسی بات پر شدید بحث چھڑی ہوئی تھی اور جم اور ایرک فرہاد سمیت یونیورسٹی انتظامیہ کے ان اصولوں پر سخت تنقید کر رہے تھے کہ کم از کم جب تک عدالت کسی کو بے گناہ یا قصوروار قرار نہ دے ڈالے تب تک طالب علم کو معطل کیے رکھنا سراسر ناانصافی ہے...... میں اس بحث سے لاتعلق چپ چاپ ان سب کے درمیان بیٹھا کچھ اور ہی سوچ رہا تھا کہ کسی بیرے نے مجھے پُروا کے ہاتھ کی لکھی ایک چٹ پہنچائی۔ ''ہم سب ہال نمبر 3 میں بسام کی گرفتاری پر اپنا لائحہ عمل طے کرنے کے لیے جمع ہو رہے ہیں...... تم بھی وہیں پہنچو......'' اپنے دوستوں سے کچھ دیر کی معذرت کر کے میں ہال نمبر 3 میں پہنچا تو جوزف سب کو کافی پیش کر کے ہال سے نکل رہا تھا۔ مجھے دیکھ کر اس کے چہرے پر وہی کمینی سی مسکراہٹ آ گئی۔ میں نے اس کے جانے کے بعد انڈونیشین صالح کو کہہ کر دروازہ اندر سے بند کروا دیا۔ لیکن آج جتنے منہ، اتنی ہی باتیں تھیں۔ میٹنگ میں کوئی نظم وضبط نہیں تھا اور صاف محسوس ہو رہا تھا کہ عامر بن حبیب کے بغیر وہ سارے بنا کسی گڈریئے کے بھٹکتی ہوئی بھیڑیں تھیں وہ سبھی بسام کے لیے کچھ نہ کچھ کرنا چاہتے تھے لیکن کیا......؟ یہ کسی کو بھی معلوم نہیں تھا۔ پُروا نے بے بسی سے میری جانب دیکھا۔ اسی لیے میں کسی لیڈر کو چننے کے لیے زور دے رہی تھی۔ اس طرح تو یہ سب آپس میں ہی لڑتے رہیں گے اور پندرہ دن کا وقت یونہی گزر جائے گا۔ اگر تم خود ان کا کونسلر نہیں بننا چاہتے تو کم از کم ان کے ساتھ مل کر انہیں اپنا ایک نمائندہ چننے میں تو مدد کر سکتے ہو......'' اجلاس بنا کسی فیصلے کے ختم ہو گیا۔ ہال سے نکلتے نکلتے سوڈانی احمر نے سب کو یاد دہانی کروائی کہ ہر سال کی طرح اس بار بھی بیت المقدس سے مشہور خطیب شیخ الکریم اپنے پانچ سالانہ لیکچرز کے لیے کل نیویارک پہنچ رہے ہیں اور وہ چائنا ٹاؤن کے علاقے میں موجود جامع مسجد میں خطاب کریں گے۔ میں نے وہیں معذرت کر دی کہ شاید میں اپنی دیگر مصروفیات کی وجہ سے نہ آ سکوں لیکن احمر نے مجھے یہ کہہ کر باندھ دیا کہ یہ عامر بن حبیب کی خصوصی ہدایت اور درخواست پر وہ مجھ سے کہہ رہا ہے کیونکہ عام حالات میں عامر خود تمام طلبہ کو لے کر وہاں جایا کرتا تھا لیکن اس بار وہ اپنی طبیعت اور معطلی کے باعث ایسا نہیں کر پائے گا لہٰذا اس نے مجھے خاص طور پر یہ پیغام دینے کا کہا ہے کہ میں ان سب کو جمع کر کے شیخ صاحب کی خدمت میں حاضری ضرور دوں نہ جانے کیوں میں عامر کی یہ درخواست رد نہیں کر سکا اور اگلے روز ہم سب مسلم طلباء ڈین سے یونیورسٹی کی بس الاٹ کروا کر چائنا ٹاؤن پہنچ گئے۔ جن طلبہ کا وضو نہیں تھا انہوں نے وضو کر کے نماز ادا کی لیکن میں مسجد کے صحن میں ہی بیٹھا رہا۔ کچھ دیر میں جماعت ختم ہوئی تو شیخ الکریم باقی طالب علموں کے ساتھ صحن میں آ گئے۔ وہ ایک پُرنور چہرے والے بزرگ تھے جو مخصوص عربی لباس میں ملبوس تھے۔ نئے طلبا کا ان سے تعارف کروایا گیا۔ انہوں نے مجھے الگ تھلگ بیٹھے دیکھا تو مجھ سے ہاتھ ملاتے وقت پوچھ بیٹھے۔ ''کیوں لڑکے...... تم نے نماز نہیں پڑھی کیا......'' میں نے دھیرے سے جواب دیا ''نہیں...... مجھے ٹھیک طرح سے نماز ادا کرنا نہیں آتی۔'' وہ مسکرا پڑے ''اچھا...... تو یہ تو ایسی کوئی پریشانی کی بات نہیں...... جماعت کے ساتھ کھڑے ہو جایا کرو اور جیسا امام اور باقی مقتدی کریں، کرتے جاؤ...... دھیرے دھیرے باقی دعائیں اور تلاوت بھی یاد ہو جائے گی تمہیں......'' میں نے حیرت سے ان کی طرف دیکھا۔ میرا خیال تھا کہ وہ اس بات پر میری سخت



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

سرزنش کریں گے کہ کتنی شرم کی بات ہے کہ میں خود کو مسلمان کہتا ہوں اور ٹھیک طرح سے نماز تک ادا نہیں کر سکتا...... لیکن انہوں نے تو اس بات کا دوبارہ تذکرہ بھی نہیں کیا اور ہم سب کے بیٹھ جانے کے بعد اپنا لیکچر شروع کر دیا۔ ان کے آج کے لیکچر کا موضوع تھا۔ ''یورپ اور امریکہ میں اسلام کی ترویج اور مسائل......'' میں نہ چاہتے ہوئے بھی شیخ صاحب کے ملیح انداز گفتگو کی وجہ سے ان کی باتیں سنتا رہا۔ ان کے کہنے کے مطابق اسلام کے ان علاقوں میں پھیلنے سے کسی کو خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ صرف مذہب کی بنیاد پر سلطنت فتح ہو جائے۔ اور مذہب پھیلانے کا مقصد بھی کسی کی ریاست حاصل کرنا ہرگز نہیں ہے۔ مذہب تو ایک ضابطہ حیات کی طرح ہوتا ہے۔ ورنہ تقریباً ہر مذہب میں بری باتوں کو بُرا اور اچھی باتوں کو اچھا ہی کہا گیا ہے۔ اب یہ لوگوں پر منحصر ہے کہ وہ کس ضابطہ حیات کو اپنے لیے پسند کرتے ہیں۔ بحیثیت مسلمان ہم سب کا یہی ایمان ہے کہ اسلام دنیا کا سب سے بہترین مذہب اور ضابطہ حیات ہے۔ شاید وہ جو اسلام کی مخالفت میں حد سے گزر کر اسے بدنام کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے انہیں بھی یہ خبر ہے کہ اسلام ہی بہترین ہے۔ اور یہی خوف انہیں اس کی شدید مخالفت پر اُبھارتا ہے...... لیکن ہمیں اس صورت حال میں بھی صبر اور تہذیب کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے...... اگر وہ اپنی خو نہیں چھوڑ سکتے تو ہم بھی اپنی وضع کیوں بدلیں؟ سچ ہی آخری جیت کا حق دار ہوتا ہے...... ابھی کسی طالب علم نے مجھ سے سوال کیا تھا کہ فرانس میں حجاب پر مکمل پابندی سے انہیں کیا حاصل ہوگا......؟ تو میں صرف اتنا ہی کہوں گا کہ اس سے فرانس کی معاشرت پر تو شاید کوئی خاص فرق نہ پڑے لیکن یہ حجاب کا خوف ظاہر کرتا ہے کہ وہاں بھی کچھ عناصر اسلام کی پھیلتی شناخت سے بے حد خوف زدہ ہیں۔ اور یہ پابندی صرف ایک اسلامی روایت کو اپنے معاشرے کا حصہ بننے سے روکنے کے لیے لگائی گئی ہے۔ لیکن میں یہ بات بھی واضح کر دوں کہ ہمیں اس طرح کی پابندیوں پر سیخ پا ہو کر اپنی روایت شائستگی کو بھی نہیں بھولنا ہوگا۔ فرانس کے مسلمانوں پر ریاست کے قانون کی پابندی لازمی ہے۔ سو وہ قانون کے اندر رہتے ہوئے اپنے احتجاج کا حق استعمال کریں اور کسی کو بھی خود پر روایتی اور فرسودہ الزام لگانے کے موقع نہ دیں۔ اسلام جبر اور جنونیت کا نہیں، منطق اور دلیل کا مذہب ہے مجھے یقین ہے کہ ایک وقت ایسا ضرور آئے گا جب ہم اپنا آپ منوانے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے...... شیخ الکریم کا پہلا لیکچر ختم ہوا تو میرے ذہن میں بہت سے سوال جنم لے چکے تھے لیکن مجھے ان سے بات کرنے کا موقع ہی نہیں ملا۔ وہ طالب علموں کے نرغے میں گھرے رہے اور ہماری واپسی کا وقت بھی ہو گیا۔

شام کو میں اور ماموں بسام کے ریستوران کے وکیل کے پاس پہنچے تو اس کا رویہ وہی بے زاری لیے ہوئے تھا۔ ''میں اپنی پوری کوشش کر رہا ہوں۔ لیکن سرکاری اٹارنی نے کیس ہی بڑا اُلجھا اپنایا ہے ان سب لڑکوں کے خلاف...... دراصل نائن الیون 9/11 سے پہلے امریکہ میں بھی معصوم سمجھے جاتے تھے جب تک وہ ملزم ثابت نہ ہو جائیں لیکن نائن الیون کے بعد یہاں بھی ملزم ہیں، جب تک کہ وہ خود کو معصوم ثابت نہ کر دیں...... دوسرے ایشیائی لڑکے تو پھر بھی شاید جلد باہر آ جائیں مگر بسام۔'' ماموں نے تنگ کر پوچھا'' کیوں...... بسام نے ایسا کیا گناہ کر دیا ہے۔ وکیل نے ایک گہری سانس لی۔ ''بسام مسلمان بھی ہے...... اور یہ بات اس وقت اس کے خلاف جاتی ہے۔'' مجھے غصہ آ گیا۔ ''تو پھر یوں کہو کہ امریکہ میں نائن الیون کے بعد ہر انسان نہیں صرف ہر مسلمان ملزم ہے جب تک وہ خود کو بے گناہ نہ ثابت کر دے...... یہ اسلام کے خوف کا بھوت تم لوگوں کے دلوں سے نکل کیوں نہیں جاتا......؟ بسام مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ امریکن شہری بھی ہے۔ اور اس کے اپنے بھی کچھ حقوق واجب ہیں ریاست پر......



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہم بھی اُتنا ہی ٹیکس بھرتے ہیں جتنا کوئی دوسرا امریکی شہری......'' ماموں نے دھیرے سے اُردو میں مجھے سرزنش کی۔'' چپ کر جاؤ بھانجے......اس بھینس کے آگے بین بجانے سے کچھ نہیں ہوگا......'' کچھ دیر بعد ہم دونوں جب اُس موٹے وکیل کے دفتر سے نکل رہے تھے تو ہم دونوں ہی بسام کے لیے کسی دوسرے اچھے وکیل کی خدمات لینے کا سوچ رہے تھے۔لیکن اچھے وکیل کے لیے اچھی رقم کی ضرورت بھی ہوتی ہے جو اس وقت نہ میرے پاس تھی اور نہ ہی عرفی ماموں کے پاس۔

دوسرے روز یونیورسٹی میں صنم کبیر نے جب مجھ سے بسام کے بارے میں پوچھا تو میں اپنے اندر کا غبار روک نہ پایا۔''بسام کی واحد خطا صرف مسلمان ہونا ہے......میں نہیں جانتا تھا کہ ایک دن خود کو مہذب ترین کہلانے والوں کے شہر میں ہمارا مذہب ایک جرم بن جائے گا......'' صنم مجھے تسلیاں دیتی رہی لیکن شاید میرے اندر بنے بت اب ایک ایک کر کے ٹوٹنا شروع ہو چکے تھے۔گیارہ بجے میں خود اس بس میں جا کر بیٹھ گیا جو ہمیں گزشتہ روز والی شیخ الکریم کی مسجد میں لے گئی۔آج شیخ صاحب کا دوسرا لیکچر تھا اور موضوع تھا'' اسلام قابل خوف کیوں......؟'' شیخ صاحب نے اپنے روایتی انداز میں بات جوڑی۔'' عیسائیت کو اسلام سے بھلا کیا خطرہ......عیسائیت میں تو خود تبلیغ کا رواج عام ہے۔عیسائی مشنریاں تمام دنیا میں تبلیغ کرتی پھرتی ہیں۔اسلام نے کبھی ان پر کوئی قدغن نہیں لگائی۔اسلام سے اصل خطرہ یہودیت کو ہے......کیونکہ یہودی تبلیغ کے ذریعے وجود میں نہیں آ سکتا۔یہودی ہونے کے لیے انسان کے جسم میں خالص یہودی خون ہونا ضروری ہے۔لیکن حیرت ہے کہ یہودی عیسائیت کے پھیلاؤ سے خوف زدہ نہیں ہوتے......شاید وہ عیسائیت کو اپنے لیے خطرہ سمجھتے ہی نہیں ہیں......گویا اصل جنگ صرف یہودیت اور اسلام کے بیچ میں ہے۔دراصل اسلام کی جدت انہیں خائف کرتی ہے کیونکہ اسلام اس دنیا کا سب سے ماڈرن مذہب ہے......اسلام سے چھ سو سال پہلے عیسائیت اور اُس سے چھ سو سال پہلے یہودیت کا بول بالا تھا۔اصل میں سارا مسئلہ شاید درمیان کے ان بارہ سو سالوں کو پر کرنے کا ہے۔چودہ سو سالوں میں ہزاروں لاکھوں یہودی مسلمان تو ہوئے، مگر شاید ایک بھی مسلمان پلٹ کر یہودی نہیں بنا......؟ بس......یہی خوف طاری ہے ان سب کے دلوں پر......عیسائیت سے یہود کو پلٹنے والوں کی مثال کثرت سے ملتی ہے۔اور اسلام آنے کے بعد عیسائیت کا اکثریت میں اسلام کی طرف بڑھنا بھی ایک فیکٹر Facter ہے......دلچسپ بات یہ ہے کہ عرب ممالک میں آج کے اکثر مسلمانوں کے آباؤ اجداد کبھی عیسائی اور اس سے پہلے کبھی نہ کبھی یہودی بھی رہے ہیں۔لہٰذا یہود ان اپنوں کو بھی مائل بہ اسلام دیکھ کر کڑھتے ہیں......اس لیے آج تمام دنیا میں مسلمان اور اسلام کی شناخت کو ایک دہشت گرد اور جنونی کی شناخت سے بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے......اور دکھ اس بات کا ہے کہ وہ اس میں کافی حد تک کامیاب بھی رہے ہیں اور انہیں کامیاب کرنے میں ہماری جذباتیت کا بھی بہت دخل ہے......کل ہم اس جذباتیت کے نتائج اور ان کے توڑ کے متعلق بات کریں گے......'' شیخ کا لیکچر ختم ہوا تو حسب معمول انہیں مسلم طلبا نے اپنے گھیرے میں لے لیا اور مختلف مسائل پر بحث کرنے لگے۔میں بھی ایک جانب کھڑا اپنی باری آنے کا انتظار کرتا رہا۔اور پھر بھیڑ کچھ کم ہوتی تو ان کی نظر مجھ پر پڑی۔'' تم کچھ اُلجھے ہوئے سے لگتے ہو......کیا کسی مشکل میں ہو......؟'' '' جی......مشکل ہی سمجھ لیں......دراصل میں یہاں جس ماحول میں پلا بڑھا ہوں، اس میں مجھے '' انسانیت '' ہی کو سب سے بڑا مذہب سکھایا، پڑھایا اور بتایا گیا ہے۔لیکن گزشتہ کچھ ہفتوں سے میرے اردگرد مذہب کی اتنی زیادہ تکرار جاری ہے کہ میں اُلجھ گیا ہوں۔میں مذہب کو ایک ذاتی فعل جان کر اس کی ادائیگی کو اپنی روح کی تسکین کے لیے کی جانے والی انسانوں کی ایک معصوم مشق سمجھتا رہا، جب کہ یہاں تو مذہب کو باقاعدہ شناخت کے طور پر انسانوں کے بنیادی رویوں کی ایک



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

پہچان بنالیا گیا ہے۔ یہ مسلمان ہے تو ضرور "جذباتی اور جنونی" ہوگا۔ عیسائی ہے تو ضرور "دوغلا" ہوگا اور یہودی ہے تو ضرور "سازشی اور مکار" ہوگا۔ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ اگر مذہب کو شناخت بنانا اتنا ہی ضروری ہے تو اُس مذہب کی اچھی باتوں سے انسان کی پہچان کیوں نہیں کی جاتی ......؟" شیخ صاحب نے غور سے میری بات سنی۔ "واقعی یہ تو اس وقت کی سب سے بڑی اُلجھن ہے...... لیکن تم نے غور کیا ہوگا کہ یہ بُری شناخت اور پہچان انسان خود نہیں بلکہ ہمارے غیر مذہب اُسے عام کرتے ہیں۔ دراصل تینوں ہی ایک دوسرے کے مذہب کو بدنام کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ لیکن جیسا کہ میں نے ابھی بتایا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو دوسرے مذہب کے بھی پیغمبروں اور کتابوں کو نہ صرف مانتا ہے بلکہ ان کا احترام بھی ہمارے ایمان کا ایک بنیادی جزو ہے۔ چاروں آسمانی کتابوں پر ایمان لائے بنا تو کوئی مسلمان ہو بھی نہیں سکتا۔ لہٰذا اگر کوئی صرف مذہبی تخصیص کی بنیاد پر کسی کے مذہب کو بُرا بھلا کہتا ہے تو گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔ ہمیں غیر مذہبوں کے لیے ہدایت اور ان کے شر سے بچنے کی دعا کرنی چاہیے"۔

"ٹھیک ہے...... لیکن یہ تو آپ عام حالات اور عمومی رویے کی بات کر رہے ہیں...... لیکن اگر مسئلہ خود اپنی مذہبی شناخت کو بچانے اور اس پر لگنے والے غلط الزامات کو مٹانے کا ہو تو پھر کوئی مسلمان کیا کرے......؟ خاص طور پر اُس معاشرے میں جہاں مسلمان اقلیت میں بھی ہو"۔ شیخ الکریم مسکرائے۔ "تب مسلمانوں کا اتحاد اور اُس اکثریت سے شائستہ بحث ہی اس مسئلے کا واحد حل ہے...... یاد رہے۔ اشتعال کا سب سے زیادہ نقصان اس وقت خود مسلمان کو ہو رہا ہے......" اتنے میں اچانک مسجد کے باہر اللہ اللہ کے نعرے اور بہت سے لوگوں کا شور گونجنے لگا۔ ایک طالب علم جلدی سے مسجد کے باہر صورت حال معلوم کرنے کے لیے گیا اور جب واپس آیا تو اس کے چہرے پر ہوائیاں سی اُڑ رہی تھیں۔ "ٹائم اسکوائر کے آس پاس ہنگامے پھوٹ پڑے ہیں۔ فلوریڈا کے کسی ٹیری جونز نامی پادری نے 11 ستمبر کو قرآن پاک جلانے کا اعلان کر دیا ہے۔"

شیخ الکریم کی زبان سے بے اختیار نکلا...... "نعوذ باللہ......"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

## باب 6

شیخ الکریم نے ہم سب کو پر سکون رہنے کی تلقین کی کیونکہ مسلم طلبہ اس مکروہ اعلان کو سننے کے بعد خاصے غصے میں دکھائی دے رہے تھے۔ چائنا ٹاؤن سے واپسی پر ہم نے بروکلین پل اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں مختلف ممالک کے مسلمان باشندوں کو بڑے بڑے بینرز اور کارڈ اٹھائے پادری ٹیری جونز کے اس انتہا پسندانہ رویے کے خلاف احتجاج کرتے دیکھا۔ میری نظر ایک بہت بڑے بینر پر جم کر رہ گئی جس پر موٹے موٹے حرفوں میں لکھا تھا۔ ''ٹیری جونز ...... دہشت گرد......'' یونیورسٹی میں بھی چاروں جانب اسی بات کا چرچا تھا اور مسلم طلبہ بڑے احاطے میں جمع ہو کر نعرے لگا رہے تھے۔ پتا چلا کہ ٹیری جونز نے ، نائن الیون کے دن ورلڈ ٹریڈ ٹاورز کے انہدام اور اس جگہ پر امریکی حکومت کی جانب سے مسجد اور اسلامی سنٹر بنانے کے متوقع اعلان کے پیش نظر ٹھیک اسی دن اور ٹھیک ورلڈ ٹاور سے جہاز ٹکرانے کے وقت گراؤنڈ زیرو کے مقام پر جمع شدہ قرآن کے اوراق جلانے کا ناپاک منصوبہ بنایا ہے اور باقاعدہ اعلان بھی کر دیا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے مسلم طلبہ کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر باہر پولیس کی ایک بہت بڑی نفری اکٹھی کر رکھی تھی۔ مسلم طلبہ بے حد مشتعل تھے اور اس موقعے پر میں نے پہلی مرتبہ خود عامر بن حبیب اور بابر سیّدی کی کمی محسوس کی۔ اس روز یونیورسٹی کی کلاسز ختم کر کے اگلے دو دن کے لیے چھٹی کا اعلان کر دیا گیا لیکن یہ مسئلہ اب صرف ایک دو دن کی چھٹی سے حل ہوتا دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ شیخ الکریم کے تین لیکچرابھی باقی تھے اور مسلم طلباء تیسرے روز چھٹی ہونے کی وجہ سے اپنے طور پر مختلف علاقوں اور ہاسٹل سے براہ راست چائنا ٹاؤن کی مسجد تک پہنچے۔ اس روز وہاں مسلم طلباء کا ایک بہت بڑا اور مشتعل ہجوم موجود تھا۔ شیخ نے اپنا لیکچر شروع کیا تو نعرے بازی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔

''میں آپ سب کے جذبات سے اچھی طرح واقف ہوں۔ خود میرے اندر بھی غم اور غصے کا ایسا ہی ایک آتش فشاں موجود ہے...... لیکن ہم سب کو اللہ کا مسلمانوں سے کیا گیا وعدہ یاد رکھنے کی بھی ضرورت ہے۔ قرآن کریم کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالیٰ نے لے رکھا ہے لہٰذا کسی جنونی پادری کی ایسی کسی دھمکی سے ہمیں پریشان ہونے کی قطعی ضرورت نہیں۔ اور میں آپ کو یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ وہ اس مذموم حرکت میں کبھی کامیاب بھی نہیں ہوگا۔ ہاں...... مگر امت اسلام کی جتنی دل آزاری وہ کر سکتا...... اس نے اُس سے کہیں زیادہ کر دی ہے...... لیکن کیا یہ دل آزاری کوئی نئی بات ہے...... مسلمان رشدی، تسلیمہ نسرین اور ان جیسے کئی ملعونوں سے لے کر اس ڈینش کارٹوسٹ تک ایسے کتنے ہی ہیں اس مکروہ قطار میں...... اور انہیں روکنے کے بجائے ہمیشہ بڑھاوا دیا گیا ہے۔ سیاسی پناہ ملنا ان کا پہلا انعام اور مسلمانوں کو اذیت دینے کے دیگر کئی تحفے انہیں تمام عمر دیئے جاتے ہیں۔ سلمان رشدی کو برطانیہ نے نائٹ Knight کا خطاب تک دے ڈالا۔ ہمارے نزدیک جو ملعون ہو جائے وہ اسے اپنی یونیورسٹیوں میں لیکچر دینے کے لیے مدعو کرتے ہیں۔ آخر یہ ماجرا کیا ہے...... ہم ہر بار ایک جذباتی گروہ کی طرح سڑکوں پر تو نکل آتے ہیں لیکن حسب معمول صرف اپنی ہی املاک کو نقصان پہنچا کر اسے توڑ پھوڑ اور جلا کر اپنے گھروں کو واپس لوٹ جاتے ہیں اور اگلی صبح یوں مطمئن اپنے اپنے کام پر روانہ ہو جاتے ہیں جیسے کچھ ہمارا فرض ادا ہوا...... بس...... یہی ہے ہمارا احتجاج......؟ اور اتنا ہی ہے اس بے مقصد ہنگامے کا اثر......؟ اب تو



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

وہ جو ہمیں آزاد پہنچانے کے لیے یہ سب کچھ کرتے ہیں اُنہیں بھی ہمارے احتجاج کی وقعت کا پتا ہے...... بات صرف اتنی سی ہے کہ مسلمان دنیا کی پچاس سے زیادہ امیر ترین اور تیل کی دولت سے مالا مال ریاستوں کے حکمران ہونے کے باوجود اس وقت ایک کمزور ترین نسل یا گروہ کے طور پر جانے جاتے ہیں......اور کمزور کا احتجاج کیا ہو سکتا ہے......؟ صرف رونا دھونا اور اپنے سر پر خاک ڈال کر بددعا دینا...... ہم مسلمان تو اس قدر بٹ چکے ہیں کہ اجتماعی بددعا بھی نہیں کر سکتے...... نتیجہ صاف ظاہر ہے۔ اسلام دشمن قوتیں اپنے کھیل کھیلتی رہیں گی، کبھی آزادیِ اظہار کے نام پر تو کبھی کسی جنونی کا ذاتی فعل سمجھ کر وہ اسے تحفظ بھی فراہم کرتے رہیں گے یہ سب کچھ ایک تواتر سے جاری رہتا ہے اور سچ تو یہ ہے کہ ہم مسلمان آج تک اس کا کوئی توڑ نہیں کر پائے......"

ایک جذباتی لڑکا اُٹھا اور غصے میں بولا۔ "ہمیں ایسے ہر دشمن کو کچل کر ختم کر دینا چاہیے میری قوم کمزور ہی کیوں نہ ہو...... لیکن میں ایسا گیا گزرا نہیں ہوں...... میں یہاں موجود سب حاضرین سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں فلوریڈا جا کر اپنے ہاتھوں سے ٹیری جونز کا خاتمہ کروں گا......اور اس کے لیے مجھے کسی کی مدد بھی درکار نہیں ہے......" مجمع پر سناٹا سا چھا گیا اور پھر سبھی نے تعریفی انداز میں پرجوش تالیاں بجائیں۔ شیخ الکریم نے اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ "یہی ہماری بنیادی غلطی ہے...... ہماری بے بسی فوراً جنون میں بدل جاتی ہے جو ہمیں تشدد پر اُکساتا ہے، لیکن ہم اپنے اس جنون کو دلیل اور بحث کے ذریعے ان اقوام تک منتقل کرنے میں ہمیشہ ناکام رہے ہیں۔ ایک ٹیری جونز کے مرجانے سے اس طبقے کے اندر پلتی سوچ ختم نہیں ہو جائے گی۔ ہمیں اس وقت سب سے زیادہ مکالمہ بین المذاہب (Interreclgion dialoge) کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایسے سکالرز اور مسلم عالم چاہیں جو انہی ٹیری جونز جیسے پادریوں کے درمیان بیٹھ کر ساری دنیا کے میڈیا کے سامنے اُن سے بات کریں، بحث کریں اور مناظرہ کریں کہ ہمارے دین میں توریت، زبور، بائبل اور انجیل کو بھی مقدس گردانا جاتا ہے لیکن قرآن پر ان سب آسمانی کتابوں اور صحیفوں کا اختتام ہے۔ ہماری کتاب ہی آخری کتاب ہے اور اس کتاب کی سچائی کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ قرآن اپنے سے پہلے آنے والی کسی کتاب کی نفی نہیں کرتا۔ لہٰذا نعوذ باللہ قرآن کی توہین کرنا یا اُسے جلانے کا اعلان کر کے دراصل وہ خود اپنی مقدس کتابوں کی توہین کر رہے ہیں۔ لیکن اس بات کو اب بند کمروں سے نکل کر ساری دنیا کے سامنے واضح کرنے کی ضرورت ہے کہ ہمارے دین کی تعلیمات کیا ہیں اور ہمارا قرآن ہمیں کیا سکھاتا ہے؟ آپ لوگوں میں سے جس کے دل میں بھی اُس پادری کو قتل کرنے کی خواہش مچل رہی ہے میری ان سب سے یہی درخواست ہے کہ مختلف مذاہب سے مکالمہ کر کے اور کھلے میڈیا کے سامنے بیٹھ کر اپنے پیارے قرآن کی تعلیمات کا ذکر کریں اور یوں ہر روز پادری ٹیری جونز سمیت اس جیسے کئی انتہا پسند اور جنونیوں کے خیالات کا قتل کریں ان کی قرآن اور اسلام کے بارے میں پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں کو سولی چڑھائیں اور ان کے پروپیگنڈے کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دیں۔ جائیں اور جا کر اپنے سبھی غیر مسلم عیسائی یہودی اور دیگر مذاہب کے یونیورسٹی فیلوز کو یہ بتائیں کہ جس قرآن کی پادری جونز سمیت کئی دوسرے بے حرمتی کے منصوبے بناتے ہیں، وہی قرآن ہمیں اُن کی بائبل اور دوسری آسمانی کتابوں کو اسی طرح چوم کر اور سینے سے لگا کر طاق پر رکھنے کی تربیت دیتا ہے جیسے ہم خود اپنے قرآن کو بوسہ دے کر اور آنکھوں سے مس کرنے کے بعد رحل پر رکھ کر کھولتے ہیں۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شیخ الکریم کا تیسرا لیکچر ختم ہوا تو مسجد کے صحن میں سناٹا سا چھا چکا تھا۔ طالب علموں کا جوش اپنی آسمانی کتاب کی حفاظت کے لیے ایک تقدس میں بدل رہا تھا اور مجھے یقین تھا کہ اس وقت مسجد میں موجود ہر ذی نفس اپنے اندر ایک تبدیلی محسوس کر رہا ہوگا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس دن سے پہلے خود مجھے بھی قرآن کریم کی اس خصوصیت کا پتا نہیں تھا۔ مجھے اور بسام کو بچپن میں یہیں امریکہ میں امی اور عرفی ماموں نے قرآن پڑھایا تھا لیکن بات صرف عربی پڑھنے کی حد تک ہی محدود رہی۔ ہم دونوں بھائی کبھی اس کتاب کی آیات کا مفہوم سمجھ ہی نہیں پائے۔ یہاں انگریزی ترجمے والے قرآن بھی ملتے تھے لیکن اس کا ترجمہ اس قدر لفظ بہ لفظ اور مشکل ہوتا تھا کہ بہت کم لوگ اصل معنی کے تہہ تک پہنچ پاتے تھے۔ اس روز شیخ الکریم کی بات سن کر مجھے ایک اور بھی بہت عجیب سا احساس ہوا کہ جو بھی مسلمان قرآن کو صرف عربی اور تلاوت کی حد تک برتتا ہے وہ بھلا اس مقدس کتاب کی اصل تہہ تک کیا پہنچ پاتا ہوگا؟ اور پھر اچانک ہی مجھے ان سب لوگوں پر رشک آنے لگا جو عربی زبان جانتے ہیں۔ اُسے بولتے ہیں اور اس کے معنی در معنی نکالنا جانتے ہیں اُن لوگوں کے لیے نماز اور قرآن کی تلاوت میں کس قدر سکون اور طمانیت پوشیدہ ہوتی ہوگی.....؟ اور وہ جو مجھ جیسے عربی سے نابلد اور جلد باز تھے وہ تو صرف پانچ وقت کا ''رٹا'' ہی لگا پاتے ہوں گے.....؟ اور پھر میری تو بات ہی کیا..... میں تو ابھی تک اس رٹنے اور ''روٹین'' سے بھی ہزاروں کوس دور تھا۔

دو دن کی چھٹیوں میں مَیں نے اور عارفین ماموں نے اپنے اپنے طور پر بہت سے اچھے وکیلوں سے رابطہ کیا لیکن ان سب کی فیس بھی ان کے نام کی طرح بڑی تھی۔ بسام کی اگلی پیشی قریب آتی جا رہی تھی اور ہم ابھی تک اس کی رہائی کے لیے کچھ نہیں کر پائے تھے۔ شیخ الکریم کے ابھی دو لیکچر باقی تھے جنہیں شہر کے حالات کی وجہ سے اگلے ہفتے کے شروع تک مؤخر کر دیا گیا تھا۔ دوسری جانب مسلم کونسلر کے انتخاب کا وقت روز بروز گھٹتا جا رہا تھا۔ اور ابھی تک مسلمان طلباء کسی بھی متفق اُمیدوار کے نام پر حتمی اجتماع نہیں کر پائے تھے۔ میں نے یونیورسٹی کھلنے کے بعد پہلے روز ہی احمر کا نام تجویز کر دیا تھا لیکن احمر خود ذہنی طور پر اتنی بڑی ذمہ داری سنبھالنے کے لیے تیار نہیں تھا۔

اگلے روز یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی میری پہلی نظر اُس بینر پر پڑی جو مسلم طلبہ نے اکیڈمک بلاک کے اوپر کافی اونچائی پر لٹکایا ہوا تھا۔ بینر کی تحریر دور سے ہی پڑھی جا سکتی تھی۔ ''ہم ٹیری جونز کو قرآن کے مطالعے کی دعوت دیتے ہیں'' کچھ مزید چھوٹے بینر اور کارڈز بھی یونیورسٹی کی دیواروں پر چسپاں تھے۔

9/11 کا بدلہ قرآن سے کیوں.....؟'' پادری جونز کیا واقعی بائبل اور انجیل کی تعلیم دینے والا ایک پادری ہے.....؟'' ''آؤ..... ہم سب ایک دوسرے کی مقدس کتابوں کا احترام کرنا سیکھیں اور سکھائیں.....'' شیخ الکریم کے لیکچر نے مسلم طلبہ کے دلوں میں اُبلتے لاوے کا رخ ایک مثبت سمت موڑ دیا تھا۔ لیکن وہ..... جو شیخ کا لیکچر سن نہیں پائے تھے، وہ اب بھی مختلف ٹولیوں کی صورت میں یونیورسٹی کے پچھلے صحن میں جمع ہو کر نعرے لگا رہے تھے اور غیر مسلم یہودی اور عیسائی طلبہ ان کے نعرے سن کر بُرے بُرے سے منہ بنا رہے تھے، کوئی لڑکا اپنی دوست کو یہ بتاتے ہوئے میرے سامنے سے گزرا کہ صدر اوبامہ نے ٹیری جونز کے اعلان کی مذمت کی ہے اور اسے افغانستان اور عراق میں امریکی فوجیوں پر مزید حملوں کا شاخسانہ قرار دیا ہے، مجھے کچھ عجیب سا لگا، گویا بات تعظیم کی نہیں بلکہ اپنی فوج کی حفاظت کی ہے۔ میں نے سوچا کہ اگر یہ عمل کسی جنونی نے بائبل کے نسخے جلانے کے



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اعلان کے طور پر کیا ہوتا تو شاید یہی امریکی...... اُس کی سرکوبی کیلئے اس ملک میں اب تک اپنی فوجیں اُتار چکے ہوتے۔ میرے ذہن میں ایک بہت بڑا سوال پھوڑے کی طرح پکنے لگا تھا۔ کیا امریکی مسلمان امریکہ کے شہری نہیں ہیں......؟" میرے ذہن میں فرہاد کی آواز گونجی "وقت آنے دو مسٹر آیان...... تمہارے دل سے یہ امریکی شہریت کا بھوت بھی اُتر جائے گا...... یہاں صرف وہی امریکن ہے جو ان کا ہم مذہب ہے...... مسلمان اور چاہے کچھ بھی ہو...... مگر امریکی شہری نہیں ہو سکتا...... اگر کسی پرانے قانون کی مجبوری کی وجہ سے اُسے یہ شہریت مل بھی گئی ہے تو اُسے اپنے مذہب کو بھلا کر "امریکن اسلام" کے تحت یہاں زندگی گزارنی ہوگی اور جس دن اسکے اندر کا اصل مسلمان جاگا...... وہ امریکہ سے اسکی واپسی کا آغاز ہوگا......"

میں انہی سوچوں میں گم جانے کب سے یونیورسٹی کے اسٹیڈیم میں بیٹھا سامنے ہوتا رگبی کا میچ دیکھ رہا تھا۔ رگبی میرا اور بسام کا پسندیدہ کھیل تھا اور اسکول سے لے کر یونیورسٹی تک ہم دونوں رگبی ٹیم کا حصہ بھی تھے، لیکن آج میرا دل رگبی کھیلنے کو بھی نہیں کر رہا تھا۔ میری ٹیم کے ارکان چیخ چیخ کر مجھے اپنے ساتھ شامل ہونے کی دعوت دیتے اور پھر رگبی بال کے پیچھے دوڑ پڑتے، ہلکی بارش تیز ہونے لگی تھی اور رگبی کا میدان کیچڑ کے ایک بہت بڑے تالاب میں بدلتا جا رہا تھا۔ کھلاڑی کیچڑ میں لت پت اپنے ہاتھوں میں گیند تھامے ایک دوسرے کو شانے کی ٹکر سے گراتے، دھکیلتے اپنے ساتھیوں کو گیند پاس کرتے تیزی سے گول پوسٹ کی جانب بڑھ رہے تھے۔ رگبی کے کھیل میں کم زور کھلاڑی کے شانے کا جوڑ اُتر جانا معمول کی بات تھی لہٰذا دونوں ٹیموں نے شانوں اور سینے کی حفاظت والا خصوصی لباس اور سر پر ہیلمٹ پہنا ہوا تھا۔ مجھے اپنا اور بسام کا سرخ ہیلمٹ یاد آ گیا جو ہمارے فلیٹ کی دیوار پر ٹنگے رہتے تھے۔ اچھا ہوا بارش تیز ہو گئی تھی ورنہ میرے گالوں پر بہتے قطروں کو لوگ آنسو سمجھ لیتے۔ اچانک میرے عقب میں پُروا کی آواز اُبھری۔ "آیان...... تم یہاں بارش میں بیٹھے ٹھیک رہے ہو...... اور تمہارے دوست تمہیں کیفے میں ڈھونڈ رہے ہیں......" میں نے پلٹ کر پُروا کی جانب دیکھا۔ کالی جینز اور کالی ہائی نیک سویٹر میں وہ خود برکھا کی کوئی بدلی لگ رہی تھی۔ میں نے مسکرا کر اسے دیکھا۔ "لیکن تم یہاں کیا کر رہی ہو......؟"۔ "میرے فزکس ڈپارٹمنٹ کے پانچ کولیگ اس میچ میں کھیل رہے ہیں...... یہ آس پاس جو دور دور تمہیں چھتریاں کھلی نظر آ رہی تھیں یہ سب میرے ہی شعبے کے اسٹوڈنٹ ہیں جو اپنے کلاس فیلوز کا حوصلہ بڑھانے کے لیے یہاں آئے ہیں"۔ میں نے دھیرے سے کہا۔ "ہاں...... کبھی کبھی حوصلہ بھی ہار کو جیت میں بدل دیتا ہے......"۔ پُروا نے غور سے میری طرف دیکھا۔ "آج کل تم بہت کھوئے کھوئے سے رہنے لگے ہو...... وہ پرانا آیان تو کہیں دکھائی ہی نہیں دیتا۔ لڑاکا، جھگڑالو اور بس اپنی منوانے والا...... سب ٹھیک تو ہے نا......؟" "ہاں...... سب ٹھیک ہے...... شاید میں اپنے اندر سے ہار رہا ہوں اور بدقسمتی سے مجھے حوصلہ دینے والا کوئی نہیں ہے۔" پُروا ایک دم ہی پریشان ہو گئی۔ "کیوں آیان...... ایسا کیوں کہا تم نے...... کیا میں بھی نہیں......؟ میرا مطلب ہے کہ کیا تم مجھے بھی اس قابل نہیں سمجھتے کہ مجھ سے اپنی پریشانی بانٹ سکو......"۔ میں کچھ دیر اس معصوم شہزادی کو دیکھتا رہا...... اب اُسے کیسے بتاتا کہ بانٹنے سے درد بھی کم نہیں ہوتا...... بس دوسرے تک پھیل جاتا ہے۔ جیسے کاغذ پر گری سیاہی کو بلاٹنگ پیپر چوس تو لیتا ہے لیکن دونوں ہی داغ دار ہو جاتے ہیں۔ کچھ دیر تک ہم دونوں خاموش بیٹھے آس پاس گرتی بارش کی باتیں سنتے رہے۔ وہ جو بوندوں کی بولی جانتے ہیں انہیں پتا ہے کہ یہ بارشیں ہم سے کتنی باتیں کرتی ہیں۔ چھوٹی چھوٹی سی معصوم باتیں...... ٹپ ٹپ کرتی باتیں...... رم جھم کی سرگوشی والی باتیں......۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

پھر کچھ دیر بعد پُروا نے ہی یہ خاموشی توڑی" آیان..... آج کل 'یونیورسٹی کا ماحول کتنا عجیب ہو رہا ہے نا..... جیسے بہت جلد دو تہذیبوں کی بات سے یاد آیا کہ میں اور تم بھی تو ایسی ہی دو تہذیبوں کے باسی ہیں۔ پاکستان اور انڈیا..... 63 تریسٹھ سالوں سے دریا کے دو کناروں کی طرح ایک ساتھ بہنے پر مجبور..... لیکن کبھی ایک نہ ہونے والے دو کنارے..... آیان تم نے بتایا تھا کہ تم پانچ سال کی عمر میں امریکہ شفٹ ہو گئے تھے اور گزشتہ بیس سالوں میں صرف چار دن کے لیے پاکستان گئے ہو..... اس لیے شاید تم میری بات سمجھ نہ پاؤ..... لیکن ہم دو ایسے ملکوں کے باسی ہیں جو نصف صدی سے زائد گزر جانے کے باوجود خود اوپر جانے کے بجائے دوسرے کو نیچے کھینچنے میں اپنی ساری محنت صرف کر رہے ہیں۔ ایک کی ہار دوسرے کا جشن ثابت ہوتی ہے اور دوسرے کی جیت سے پہلے کے گھروں میں ماتم بچھ جاتا ہے۔ نفرتوں کو ہوا دی جاتی ہے۔ پرکھوں اور بزرگوں کے ساتھ ہوئی زیادتیوں اور ظلم کے حوالے دے کر نئی نسل کو ہر روز یہ یاد دلایا جاتا ہے کہ ابھی آخری جنگ باقی ہے..... لیکن دونوں طرف کے 'بڑے' یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر یہ آخری لڑائی ہو گئی تو پھر ان کے پاس سیاست کرنے کے لیے کچھ نہیں بچے گا..... اس لیے وہ آخری معرکہ کبھی ہو کے نہیں دیتا۔ ایک ملک کے مسلمان دوسرے ملک کی مسلمان اقلیت کے حق میں جلسے جلوس نکالتے ہیں۔ اُن کے حقوق کے لیے کٹ مرنے کی باتیں کرتے ہیں۔ وہاں کی مسجد کی جگہ پر مندر بنانے پر آسمان سر پر اُٹھا لیتے ہیں۔ مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں مگر خود اپنے ملک کی مسجدوں کو بم کے دھماکوں سے اُڑا ڈالتے ہیں..... مسجدوں میں گھس کر ہزاروں بے گناہ مسلمانوں کو وہیں بھون کر رکھ دیتے ہیں..... کتنا عجیب رشتہ ہے نا آیان..... میں اور تم کتنے عجیب دیسوں کے باسی ہیں.....''

شاید پُروا ٹھیک ہی کہہ رہی تھی۔ میرے ملک کے بارے میں ایسی خبریں روز یہاں کے میڈیا کی زینت بنتی تھیں اور پاکستانیوں کو روزانہ یہاں کے عام لوگوں کے ہزار ہا سوالوں کا جواب دینا پڑتا تھا۔ شرم سے سر جھکانا پڑتا تھا کیونکہ عام امریکی اب یہی سمجھتا تھا کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں ہوائی جہاز سے اُترتے ہی ائیر پورٹ ٹرمینل پر ہی ڈاکو انہیں لوٹ لیں گے، گھر کے راستے میں قزاق ان کو جان سے مارنے کے لیے گھات لگائے بیٹھے ہوں گے اور جو بچ گئے وہ کسی نہ کسی دھماکے کا شکار ہو کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ اچانک پُروا نے مجھ سے ایک عجیب سا سوال پوچھ لیا۔ ''ہم جنگ کیوں کرتے ہیں آیان.....؟'' میں نے چھوٹی سی چھتری کے نیچے سمٹ کر بیٹھی اس لڑکی کو غور سے دیکھا جو اپنی چھتری سے بیک وقت ہم دونوں کو برستی بارش سے بچانے کی سعی کر رہی تھی اور اس کی اس ناکام کوشش کی وجہ سے ہم دونوں ہی مسلسل بھیگ رہے تھے۔ ''شاید ہم اپنے خوف کے ردعمل میں جنگ کرتے ہیں۔ جنگیں جیت کر اخلاق ہار دیے جاتے ہیں اور شاید جنگ اتنی بُری چیز نہیں جتنی فتح کے بعد اپنی اقدار بھول جانا ہے کیونکہ اس فاتح سے بڑا شکست خوردہ اور کوئی نہیں ہوتا جو جنگ جیت لینے کے بعد اپنی اخلاقیات بھول جائے۔'' پُروا غور سے میری بات سنتی رہی۔ ریفری نے سیٹی بجا کر کھیل ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ کیونکہ تیز بارش اور کیچڑ کی وجہ سے اب کھلاڑیوں کے چہرے اور وردیاں بھی نہیں پہچانی جا رہی تھیں۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے میچ کے دوران ہوئی مار دھاڑ اور دھکے بازی کو بھلا کر ہنستے ہوئے ایک دوسرے سے ہاتھ ملائے اور اپنے ٹوٹے پھوٹے جسموں پر ایک ثابت مسکراہٹ سجائے کھیل کے میدان سے باہر نکلنے لگے۔ ان میں سے شاید کوئی ایک ٹیم میچ ضرور ہاری تھی لیکن ان دونوں ٹیموں نے اپنے اخلاق کو ہارنے نہیں دیا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میں اور پُروا بھی وہاں سے اُٹھ کر چل پڑے۔ اب وہ کچھ کھوئی کھوئی سی تھی۔ میں اچانک ہی اُس سے پوچھ بیٹھا۔ ''اگر تمہیں کبھی پتا چلے کہ میں نے اپنی ایک ذاتی غرض کی خاطر کسی جنگ میں اپنا معیار کھویا ہے۔ یا اپنی اخلاقیات کو پس پشت ڈال دیا ہے...... تو کیا تم یقین کرو گی......؟ ''پُروا چونک گئی...... نہیں...... کبھی نہیں...... میں نے بڑے بڑے امتحانوں میں تمہیں پرسکون اور ثابت قدم دیکھا ہے...... کم از کم میں اس بات پر کبھی یقین نہیں کروں گی......'' میں نے رک کر اس کی جانب دیکھا۔ تو پھر سنو...... میں نے اپنی زندگی میں بہت سی فتوحات حاصل کی ہیں...... لیکن ان میں سے ایک فتح ایسی بھی ہے جو میری اخلاقی شکست کا حاصل ہے...... جنگ ہارنے کے بعد بھی جیتی جا سکتی ہے...... لیکن اخلاق ہارنے کے بعد اسے دوبارہ فتح کرنے کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ پُروا کے چہرے پر حیرت کے آثار نمودار ہوئے۔ تحیر معمول کی ضد ہے...... لیکن ہم انسان اس فانی زمانے میں کسی بات کو اپنا معمول بناتے ہی کیوں ہیں کہ جس کا فریب ٹوٹتے ہی حیرت ہمارا مقدر بن جاتی ہے۔

میں شام کو یونیورسٹی سے فارغ ہو کر لاک اَپ میں بسام سے ملاقات کے لیے پہنچا تو وہ ملاقاتیوں کے بڑے ہال میں ایک بنچ پر دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے گم سم بیٹھا تھا۔ ''کہاں کھوئے ہوئے ہو......؟'' میری آواز سن کر وہ چونکا۔ ''او یار...... تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں کہ عامر بن حبیب اور بابر سیّدی کو میرے حق میں یونیورسٹی سے باہر احتجاجی مظاہرہ کرنے اور پولیس سے مڈبھیڑ کے جرم میں کلاسز سے چھ ہفتوں کے لیے معطل کر دیا گیا ہے...... بسام نے پاس پڑا ایک پرانا اخبار کھول کر مجھے دکھایا۔...... ہاں...... یہ سچ ہے کہ وہ دونوں معطل کر دیئے گئے ہیں۔ مگر یہ بات میرے علم میں بھی نہیں تھی کہ یونیورسٹی ڈین نے انہیں بنا اجازت جلسہ کرنے پر پہلے ہی آخری وارننگ دے رکھی ہے...... اس لیے اس بار انہیں اپیل کا موقع بھی نہیں دیا گیا اور اسی معطلی کی وجہ سے عامر بن حبیب کی مسلم کونسلرشپ کا بھی خاتمہ ہو گیا......'' بسام نے بے چینی سے سر ہلایا۔ ''یہ ٹھیک نہیں ہوا آیان...... ہم نے ہمیشہ اُن لڑکوں کی مخالفت کی اور پیٹھ پیچھے ان کا مذاق اڑایا ہے...... لیکن وہی مسلم گروپ آج میری گرفتاری کی وجہ سے تتر بتر ہو چکا ہے...... سچ تو یہ ہے کہ میں خود کو ان کا مجرم محسوس کرنے لگا ہوں میں نے ٹوٹے ہوئے لہجے میں کہا۔ ''تمہارا جرم میرے جرم سے بڑا نہیں ہے بھائی...... میں نے تو انہی لڑکوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے......'' بسام نے پریشانی سے میری طرف دیکھا۔ ''یہ کیا کہہ رہے ہو...... ایسا کیا کر دیا ہے تم نے......؟''۔ میں نے شروع سے لے کر آخر تک پوری بات بسام کو بتا دی اور وہ سر پکڑ کر بیٹھ گیا۔ ''او میرے خدا...... ایسا کیوں کیا تم نے آیان......؟ اگر ان لوگوں کو اس بات کا پتا چل گیا تو تمام مسلم طلبہ تمہاری جان کے درپے ہو جائیں گے'' ...... ''مجھے اپنی جان کی پرواہ نہیں ہے...... لیکن اُس وقت میرے پاس ہم دونوں کی فیس بھرنے کا اور کوئی ذریعہ ہی کیا تھا......؟ اور مجھے بابر سیّدی سے تمہارا بدلہ بھی لینا تھا ...... لیکن میں نہیں جانتا تھا کہ یہ انتقام آگے چل کر خود میرے ضمیر کے لیے ایک سزا بن جائے گا......'' بسام نے پریشانی سے میری جانب دیکھا۔ ''اب تم کیا کرو گے......'' میں کسی گہری سوچ میں گم تھا۔ ''کفارہ تو ادا کرنا ہی پڑے گا...... میرے اندر کی عدالت بار بار میرے اس جرم کی سزا کا فیصلہ مانگتی ہے...... اور اب مجھے کوئی حتمی فیصلہ کرنا ہی ہوگا......''

بسام نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ ''میرے باہر آنے تک ایسا کچھ نہ کرنا کہ میں خود کو ان دیواروں سے ٹکرا ٹکرا کر ہی ختم کر دوں...... جو بھی سزا ہو گی...... ہم دونوں مل کر اسے جھیلیں گے......'' میں چپ رہا۔ میں اپنے بھولے بھائی کو کیسے سمجھاتا کہ ضمیر کی عدالتوں کی سزا صرف اکیلے ہی بھگتنی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

پڑتی ہے۔ اگلے روز یونیورسٹی کے نوٹس بورڈ پر مسلم کونسلر کی عبوری مدت کے چناؤ کا آخری نوٹس لگ چکا تھا اور تمام مسلم طلباء میں ایک سراسیمگی سی پھیلی ہوئی تھی کیونکہ صاف نظر آ رہا تھا کہ ان کا یہ تنظیمی عہدہ خالی ہی چلا جائے گا۔ عامر بن حبیب کے کمرے میں طلباء کا ہجوم تھا اور بھانت بھانت کی بولیوں سے کمرہ گونج رہا تھا۔ میں کمرے میں داخل ہوا تو عامر نے بے چارگی سے میری طرف دیکھا۔ ''میں نے تم سے کہا تھا نا..... اس کانٹوں کی سیج پر بیٹھنے کے لیے کوئی تیار نہیں ہوگا.....'' میں نے قریب بیٹھے مایوس سے بابر سیّدی پر نظر ڈالی۔ ''اگر یہ کانٹوں کی سیج ہی ہے تو اس چبھن کو میرا مقدر کر دو..... میں اپنے ایک جرم کی سزا میں خود کو بطور کفارہ اس سیج کے لیے پیش کرتا ہوں۔ میں مسلم کونسلر بننے کے لیے تیار ہوں.....''

کمرے میں میری بات سن کر ایک عجیب سا سناٹا چھا گیا۔ وہ سبھی میری طرف دیکھ رہے تھے۔



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 7

میری رضامندی کا اعلان سن کر کچھ دیر تو وہ سب سکتے میں رہے اور پھر جب عامر بن حبیب نے اُٹھ کر مجھے گلے سے لگا لیا تو وہاں ایسا شور مچا کہ اس کی گونج میں میرے کفارے کا ذکر ہی کہیں گم ہو کر رہ گیا۔ میں نے کئی بار عامر سے کہا کہ میں اُس سے اکیلے میں کچھ بات کرنا چاہتا ہوں لیکن ان سب کو تو میرے مسلم کونسلر شپ کے فارم بھرنے کی جلدی پڑ گئی تھی کیونکہ اگلے دن اس کی آخری تاریخ تھی۔ بھاگم بھاگ سارے کام کیے گئے اور مجھ سے بہت سی جگہوں پر دستخط لینے کے بعد اگلی صبح احمر نے میرے کاغذ جمع کروا دیئے۔ یونیورسٹی کے نوٹس بورڈ پر جب ڈین کی طرف سے یہ اعلامیہ چپکایا گیا کہ" آیان احمر کے مسلم کونسلر بننے پر اگر کسی بھی مسلم طالب علم کو اعتراض ہے تو وہ تین دن کے اندر ڈین کے دفتر میں درخواست جمع کرا سکتا ہے۔" تو یہ نوٹس پڑھ کر چاروں طرف ایک بھونچال سا آ گیا۔ میرے دوست تو میرا مسلم گروپ جوائن کرنے پر ہی مجھے رو چکے تھے۔ کونسلر بننے کا اعلان سن کر تو ان کے حواس ہی گم ہو گئے۔" آیان...... تم اپنے ہوش میں تو ہو...... جانتے بھی ہو تم کیا کرنے جا رہے ہو...... یہ وہ پگڈنڈی ہے جس سے واپسی کی کوئی راہ نہیں نکلتی......" "میں اپنی ساری کشتیاں جلا کر ہی اس ساحل پر اُترا ہوں۔ میرے پاس فتح یا فنا کے سوا دوسرا کوئی چارہ نہیں ہے اب......" یہ ُوا البتہ بہت پر جوش تھی۔ "یہ ہوئی نا بات...... مسلم اسٹوڈنٹس کو عامر بن حبیب کے بدلے میں ایسا ہی جوشیلا اور نڈر کونسلر چاہیے تھا جو یونیورسٹی انتظامیہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکے......"۔ میں اکیڈمک بلاک سے نکلا تو مجھے سامنے سے شمعون اور مائیکل اپنے گروپ کے دو یہودی لڑکوں کے ساتھ آتے ہوئے نظر آئے۔ مائیکل اور شمعون نے گرم جوشی سے مجھ سے ہاتھ ملایا۔ "تم تو ہماری توقعات سے بھی زیادہ تیز نکلے...... تو عامر بن حبیب کی سیٹ پر نظر تھی تمہاری......؟ بہر حال...... ہمیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا...... بلکہ ہم تو بہت خوش ہیں کہ ہمارا ہی ایک ساتھی مسلم کونسلر بن کر اب ہمارا ہی کام کرے گا۔ سنا ہے تم آج کل اپنے بھائی کی گرفتاری کی وجہ سے بہت پریشان ہو...... اب تمہیں اُس کی فکر کرنے کی بھی ضرورت نہیں...... شمعون نے تمہارے بھائی کے لیے ایک بہت اچھا وکیل کرنے کا سوچ لیا ہے...... بس اب تم اطمینان سے مسلم طلبہ کے بیچ رہتے ہوئے ہمارا کام کرتے جاؤ...... اور اپنے تمام مسائل ہم پر چھوڑ دو......"

میں چپ چاپ مائیکل کی تقریر پر سنتا رہا۔ وہ خاموش ہوا تو میں بولا۔ "میں نے تم لوگوں سے ایک معاہدہ کیا تھا، جسے میں نے تکمیل تک پہنچا دیا...... اب ہمارا ایک دوسرے پر کوئی قرض باقی نہیں ہے...... بہتر ہے کہ اب ہم ایک دوسرے کے راستے میں نہ آئیں...... اسی میں ہم سب کی بھلائی ہے......" میں اپنی بات ختم کر کے آگے بڑھنے لگا تو مجھے شمعون نے پیچھے سے آواز دی۔ "تم شاید یہ بات بھول رہے ہو کہ تم نے مسلم کونسلر کی یہ سیٹ جس عامر بن حبیب کی پیٹھ میں چھرا گھونپ کر حاصل کی ہے۔ اُس کے وفادار مسلم طلباء ابھی تک اسی یونیورسٹی میں موجود ہیں اور اگر ہم نے انہیں تمہارے پچھلے کارنامے کے بارے میں ہلکا سا اشارہ بھی کر دیا تو وہ تمہاری تکہ بوٹی کر دیں گے......" میں نے رُک کر شمعون اور اس کے ساتھیوں پر ایک نظر ڈالی۔ "جب وہ مقام آیا تو تب دیکھ لیں گے...... فی الحال تم لوگ میرا مشورہ گرہ سے باندھ لو تو تم سب کے لیے بہتر ہوگا۔ میں کوئی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

نیا جھگڑا نہیں چاہتا...... لیکن مجھے کمزور سمجھنے کی غلطی ہرگز نہ کرنا......"۔ میں اپنی بات ختم کر کے وہاں سے آگے بڑھ گیا۔ میرا اصل امتحان شروع ہو چکا تھا۔ میں نے دل میں گڑگڑا کر اپنے خدا سے دعا کی کہ مجھے اس امتحان میں کامیاب کر دے۔

دو دن بعد یونیورسٹی کے قانون کے مطابق مسلم طلباء کے اکثریتی ووٹ سے میرا مسلم کونسلر کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا کیونکہ میرے مقابلے پر کسی دوسرے مسلمان طالب علم نے کاغذ جمع نہیں کرائے تھے۔ عامر بن حبیب اور باقی سب نے فرداً فرداً مجھے مبارک باد دی۔ وہ سب بہت خوش تھے۔ بابر سیدی کے چہرے پر بھی میں نے زندگی میں پہلی مسکراہٹ دیکھی۔ اس نے مجھے گلے لگا کر اپنی نم آنکھیں چھپانے کی کوشش کی۔ "بس اتنا یاد رکھنا آیان...... اب مسلم طلباء کی ہر امید تم ہی سے وابستہ ہے...... کیوں کہ شاید امریکہ کی تاریخ میں یہ سب سے سخت وقت ہے جو ہم مسلمانوں پر آیا ہے...... مجھے امید ہے تم اپنے فرض سے پیچھے نہیں ہٹو گے......" میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ "میں آخری دم تک اپنا فرض نبھانے کی کوشش کروں گا...... بس ایک بات دھیان میں رہے کہ مجھے میری ماضی سے نہیں...... میرے حال سے پہچاننا......"۔ بابر اور عامر نے زور سے میری پیٹھ تھپکی۔ "فکر مت کرو...... ہم ہر حال میں تمہارے ساتھ ہیں......"

اگلے روز صبح ڈین آفس میں میری بطور مسلم کونسلر پہلی تعارفی ملاقات تھی جس میں اُس نے شمعون اور عیسائی کونسلر جارج کو بھی مدعو کر رکھا تھا۔ ڈین نے مجھ سے ہاتھ ملاتے ہوئے غور سے میری جانب دیکھا۔ "مبارک ہو تمہیں...... ویسے کافی کچھ سن رکھا ہے تمہارے بارے میں...... امید ہے تم مسلم طلبا کی ٹھیک طرح سے نمائندگی کر پاؤ گے اور پچھلے کونسلر کی طرح بات بے بات مسلم اسٹوڈنٹس کو مظاہروں اور جلسوں کے لیے یونیورسٹی میں جا بجا اکٹھا کر کے ان کی تعلیم ضائع نہیں کرو گے......" شمعون اور جارج نے معنی خیز نظروں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ ڈین نے اپنی بات جاری رکھی۔ "تم نے یونیورسٹی آئین میں یہ بات تو پڑھ لی ہو گی کہ تمہاری کیا حدود ہیں...... چلتے چلتے تمہیں یہ بھی بتا دوں کہ شہر کے تازہ حالات کے پیش نظر یونیورسٹی کیمپس سے باہر کسی بھی قسم کے مظاہرے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ لہٰذا تم تینوں کونسلرز کو اب ڈسپلن کی بہت پابندی کروانی ہو گی اپنے اپنے ہم مذہب طلبا سے...... اور خود بھی بہت محتاط رہنا ہو گا......"

میں نے پہلی مرتبہ اپنی زبان کھولی۔ "آپ مطمئن رہیں...... عامر بن حبیب کی معطلی کے بعد مسلم طلبہ کافی محتاط ہو گئے ہیں۔ ویسے اگر یونیورسٹی انتظامیہ کلاسز کے اوقات کے دوران کیمپس سے باہر جانے پر پابندی عائد کر دے تو ایسے بہت سے مسائل کا خاتمہ ہو جائے گا۔ مسلم طلبہ کو سنبھالنے کا ذمہ میں لیتا ہوں۔ امید ہے باقی دو کونسلر بھی اپنے اپنے گروپ کو رضامند کر لیں گے۔" ڈین نے کچھ سوچ کر سر ہلا دیا۔ "تجویز بُری نہیں ہے...... میں آج ہی ڈپٹی ڈین سے کہہ کر یہ حکم نامہ جاری کروا دیتا ہوں......"۔ ڈین نے شمعون اور جارج کی طرف دیکھا۔ "تم دونوں کو تو کوئی اعتراض نہیں ہے اس تجویز پر......؟"۔

وہ دونوں اس اچانک سوال سے گڑبڑا سے گئے۔ "نہیں نہیں...... ہمیں بھی منظور ہے......"۔ تعارفی میٹنگ ختم ہوئی تو ہم تینوں ڈین کے دفتر سے باہر نکل آئے۔ شمعون کچھ اُلجھا ہوا تھا۔ "تم نے اتنی بڑی بات اندر کہہ تو دی ہے...... لیکن کیا تمہارا مسلم اسٹوڈنٹس پر واقعی اتنا کنٹرول ہے بھی کہ تم انہیں باہر جانے سے منع کر کے قابو میں رکھ سکو......؟"۔ جارج البتہ خوش نظر آ رہا تھا۔ "ویسے ہے تو یہ ہمارے فائدے کی ہی بات...... آئے دن



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

یونیورسٹی کی بیرونی سڑک پر مظاہروں سے ہماری یونیورسٹی کی بہت بدنامی ہو رہی تھی۔'' میں نے غور سے جارج اور شمعون کو دیکھا۔''لیکن اس طرح سے مسلم طلبہ کی بات میڈیا کے ذریعے براہ راست سارے نیو یارک تک بھی تو پہنچ رہی تھی...... تم یونیورسٹی کی نیک نامی کی وجہ سے نہیں...... میڈیا کی مسلم اسٹوڈنٹس پر سے توجہ ہٹ جانے پر زیادہ خوش ہو......''۔ وہ دونوں چونک گئے شمعون مسکرایا۔''مجھے خوشی ہے کہ تمھیں بہت آگے تک دیکھنے کی عادت ہے...... کسی بھی لیڈر کے لیے یہ دور بینی بہت کار آمد ثابت ہوتی ہے...... لیکن خیال رہے...... تمہارے کسی بھی اقدام سے ہمیں نقصان نہیں پہنچنا چاہیے...... ورنہ انجام سے تم واقف ہو......''

وہ دونوں دھمکی دے کر آگے بڑھ گئے۔ شام چار بجے تک انتظامیہ کی جانب سے کلاس ٹائمنگ class timing کے دوران یونیورسٹی احاطے سے بلا اجازت باہر جانے پر عارضی پابندی کا نوٹس لگا دیا گیا۔ وجہ اعلان شہر کے بگڑتے ہوئے حالات اور NYPD نیو یارک پولیس کی طرف سے کی گئی درخواست کو بنایا گیا تھا۔ احمر اور دیگر طلباء نے مجھ سے حکم نامے کے خلاف اپیل جمع کروانے کی اجازت طلب کی تو میں نے انہیں دو دن انتظار کرنے کا کہہ دیا۔ اگلے روز شیخ الکریم کا چوتھا لیکچر تھا۔ پادری ٹیری جونز کے اعلان کے بعد مسلمانوں کے لیے شہر کی فضا کافی تناؤ کا شکار ہو چکی تھی اور جیسے جیسے گیارہ ستمبر کا دن قریب آ رہا تھا مسلمانوں کی بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔ اتفاق سے اس بار مسلم ممالک میں عید گیارہ ستمبر یا ایک دن پہلے آ رہی تھی اور کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ یہ بات بھی کسی بڑے ہنگامے کے لیے وجہ تنازعہ بن سکتی ہے۔ ہم سب شیخ الکریم کا لیکچر سننے کے لیے یونیورسٹی سے ڈین کی اجازت لے کر نکلے تو ٹائمز اسکوائر پر میری نظر "Lion King" نامی اسٹور کے بڑے سے پیلے Yellow بورڈ پر پڑی جس کے قریب گاڑی کھڑی کر کے دھماکہ کرنے کی سازش کا الزام اُس پاکستانی لڑکے پر لگایا گیا تھا۔

ٹائمز اسکوائر سے کچھ فاصلے پر اُس دھان پان سی لیڈی ڈاکٹر کی رہائی کے حق میں بھی نعرے لگائے جا رہے تھے۔ یوں میڈیا کی تمام تر توجہ ان دو پاکستانیوں پر مرکوز تھی...... یا شاید کسی خاص مقصد سے مرکوز کروائی گئی تھی کیونکہ اس وقت یہ دونوں پاکستانی انتہائی خطرناک ملزمان کی فہرست میں شامل اور امریکن پولیس کی قید میں تھے۔ لہٰذا الیکٹرونک اور پرنٹ میڈیا کی یہ توجہ کم از کم مسلمانوں کے حق میں ہرگز نہیں جاتی تھی۔

چائنا ٹاؤن میں ہم جب مسجد کے باہر پہنچے تو ہمیں وہاں سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات نظر آئے۔ پتا چلا کہ کسی نے ٹیلی فون پر پولیس کو چائنا ٹاؤن کی مسجد کے باہر دھماکہ کرنے کی دھمکی دی ہے۔ بنگالی طالب علم شکیل نے دھیرے سے بڑبڑا کر کہا۔'' سارا منصوبہ جامع مسجد کے گرد شیخ الکریم پر نظر رکھنے کے لیے پولیس جمع کرنے کا ہے...... اور کچھ نہیں......'' میں حیرت میں پڑ گیا۔ آخر نیو یارک پولیس کو شیخ الکریم جیسے صلح پسند بزرگ سے کیا خطرہ ہو سکتا ہے۔ شیخ صاحب کے آج کے لیکچر کا موضوع تھا۔'' جو آسمان سے اُترا...... وہی سب کے لیے مقدس ہے''۔ انہوں نے حسب معمول ٹھہرے ہوئے لہجے میں اپنی بات کا آغاز کیا۔

''نیو یارک کے مسلمانوں کے لیے بالخصوص یہ وقت بڑی آزمائش کا ہے۔ ہر روز کوئی نیا فتنہ کھڑا کیا جاتا ہے اُسے میڈیا کے ذریعے ہوا دے کر ساری دنیا کے سامنے بڑھا چڑھا کر پیش کیا جاتا ہے اور پھر مسلمانوں کے ساتھ مل کر مگر مچھ کے آنسو بہائے جاتے ہیں کہ امریکہ اپنے مسلمان شہریوں کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔ معروف قلم کار تھامس ہارڈی کہتا ہے کہ (نعوذ باللہ)''اگر اس کائنات کا کوئی خدا نہیں تھے، تب بھی ہمیں ایک خدا ایجاد


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کر لینا چاہتا کہ ہمارے معاشرے کی اخلاقی اقدار قائم رہ سکیں...... ''لیکن مجھے سمجھ نہیں آتا کہ امریکنوں کا خدا تو ہمیشہ سے برقرار ہے۔ پھر اس معاشرے کی اقدار دن بہ دن مرتی کیوں جارہی ہیں......؟ آپ لوگوں کو خبر مل چکی ہو گی کہ گستاخانہ خاکے بنانے والے ویسٹر گارڈ Wester Guard کو انٹرنیشنل میڈیا کانفرنس 2010ء ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ جو ہمارے دلوں میں جس قدر اندر تک برچھی گھونپے وہ اُسی قدر زیادہ محترم کیوں؟۔ ہم اُن پر مبعوث ہوئے ایک لاکھ تیئس ہزار نوسو ننانوے پیغمبروں کو اپنے دل کی مسند پر بٹھا کر رکھتے ہیں کہ یہی ہمارا ایمان ہے لیکن اُن سے ہمارے ایک نبی ﷺ برداشت نہیں ہوتے...... حالانکہ ان سے پہلے آنے والے ہر نبی نے اُن ﷺ کے آنے کی بشارت دی اور بارہا دی ہے کہ اس تمام کائنات کے ظہور پذیر ہونے کا مقصد ہی ان ﷺ کی آمد ہے...... پھر بھی یہ انکار کیوں......؟ کیوں بار بار یہ اپنے ہی وجود کی خودنفی کرتے ہیں ......؟ یہ کیا انداز دشمنی ہے......؟ کیا مسلمان اسی قدر ضعیف ہو گیا ہے کہ وہ اپنے پیارے نبی ﷺ کی حرمت کے لیے بھرپور احتجاج بھی نہیں کر سکتا؟ آخر ہم کب تک مختلف حیلے بہانوں سے اپنے فرض سے پہلو تہی کرتے رہیں گے۔'' حد یہ ہے کہ ایک ملعون کے عمل کو بار بار دھرانے کے لیے انٹرنیٹ کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ ویب سائٹس پر اس موذی عمل کے مقابلے منعقد کروائے جا رہے ہیں۔ اور ہمارے ایمان کی کمزوری کا یہ عالم ہے کہ ہم صرف ایک ویب سائٹ فیس بک face book کا بائیکاٹ نہیں کر پائے۔ کچھ عقل مندوں نے کہا کہ ایک ویب سائٹ کا بائیکاٹ کرنے سے کیا ہو گا؟ کچھ اور ذہین لوگوں نے اسے ''علم دتمدن سے دوری'' کا خطرہ بنا کر ظاہر کیا اور کچھ نے اُسی ویب سائٹ پر اپنے جذبات کے اظہار کے لیے لاکھوں پیغامات بھیج کر اُسی ویب سائٹ کی سالوں کی کمائی ہفتوں میں کروادی۔ جس قوم کا ایمان اس قدر کمزور ہو چکا ہو کہ وہ اپنا احتجاج رجسٹر کروانے کے لیے اجتماعی تعداد میں صرف ایک ویب سائٹ کو بھی نہ چھوڑ سکے وہ کسی شکایت کی حق دار بھی نہیں۔ بات صرف احساس کی ہے...... احساس اللہ ہمارے دلوں میں ڈالتا ہے اور جب آپ اپنے اندر اس احساس کی کمی یا غیر حاضری پائیں تو سمجھ جائیں کہ آپ کے دل پر مہر لگنے والی ہے...... ہزار بہانے، لاکھ توجیہات خود آپ کے اندر سے آپ کو مطمئن کرنے کے لیے جواب تلاش کرلائیں گی...... لیکن فارسی میں کہتے ہیں کہ'' خوئے بدرا بہانہ بسیار......''۔

ہم اس ملعون ڈینش کارٹونسٹ کو تو دن رات برا بھلا کہتے ہیں لیکن ڈنمارک کی بنی ہوئی اشیاء استعمال کرنے سے باز نہیں آتے۔ پھر وہی بہانہ کہ میرے ناشتے میں صرف مکھن یا پنیر کا ایک ٹکڑا نہ کھانے سے بھلا ڈنمارک کی معیشت پر کون سا آسمان گر جائے گا؟۔ یاد رکھیے۔ ہر بارش کا ایک پہلا قطرہ ضرور ہوتا ہے اور ہر سیلاب ایسے ہی ہزاروں قطروں سے مل کر جنم لیتا ہے۔ اگر ہم بھی یہی سوچ کر صرف ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہے تو وہ دن دور نہیں جب ہمارا نام و نشان بھی مٹ جائے گا۔ اور یہ درندے ہمارا سب کچھ نگل جائیں گے۔ ان لوگوں کا مقابلہ اس وقت تیر و تلوار سے نہیں ......ایک متحدہ سوچ سے ہی ممکن ہے۔ مغرب ایک دولت پرست اور کاروباری ذہن کا معاشرہ ہے جہاں دن اور رات کی گنتی صرف منافعے کے شمار سے کی جاتی ہے۔ ان لوگوں کے دن، ہفتے، مہینے اور سالوں کے ٹارگٹ ہوتے ہیں۔ اگر یہ وہ مالی منافع کا سنگ میل پار نہ کر سکیں تو ان کے دن رات بے چین ہو جاتے ہیں اور انہیں دنیا اپنے ہاتھ سے نکلتی محسوس ہوتی ہے۔ ان سے مقابلے کا بس ایک ہی ذریعہ فی الوقت قابل عمل ہے کہ انہیں یہ احساس دلایا جائے کہ ایسی حرکتیں کر کے یہ اپنے ہاتھوں سے مسلمان ممالک کی ایک بہت بڑی تجارتی منڈی کھو دیں گے۔ یہ لوگ مالی مفاد کے لیے خود اپنوں کو بھی دفنا سکتے ہیں۔ ایک بار...... صرف ایک بار ان لوگوں کے دل میں اس تجارتی خسارے کا خوف تو پیدا کر کے دیکھیں...... اگر یہ خود گھٹنوں پر چل کر نہ آئے تو جو چور کی سزا وہ میری......''



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

''پھر چاہے وہ خسارہ ان کی ویب سائٹس کے بائیکاٹ سے ہو یا صرف آپ کی ناشتے کی میز پر مکھن کی ایک ٹکیہ کی کمی سے انہیں بھگتنا پڑے۔ لیکن ہم میں سے ہر ایک کو اس خسارے کے لیے اپنا حصہ ڈالنا ہی ہوگا......'' مجمع میں سے ایک جوشیلا نوجوان اُٹھا۔ ''لیکن ہم ایسے لوگوں کے خلاف جہاد کا اعلان کیوں نہیں کر دیتے......؟ مسلمان یہ سب کچھ کیوں برداشت کر رہے ہیں......؟'' شیخ الکریم نے اُسے بیٹھ جانے کا اشارہ کیا۔

''ہم جن حالات سے گزر رہے ہیں...... اس میں یہ عمل بھی کسی جہادِ اصغر سے کم نہیں ہے۔ اور جس جہاد کا تم ذکر کر رہے ہو اس کے لیے بھی اپنے اندر اس نظم و ضبط کو پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔ جس دن آپ سب اپنے کمپیوٹر کی سکرین اور ناشتے کی ٹیبل سے یہ جہادِ اصغر شروع کر دیں گے آپ کا ہر گزرتا دن آپ کو اس جہادِ اکبر کے قریب تر کر دے گا...... اپنی تربیت آپ کرنا سیکھیں۔ جو اپنے گھر میں بیٹھ کر اپنے ایمان کو آزمانے کی ہمت نہ کر سکیں وہ میدان میں آ کر اپنا زورِ بازو بھلا کیا آزمائیں گے......؟

شیخ کا لیکچر ختم ہوا تو سارا مجمع سر جھکائے خاموش بیٹھا تھا۔ کبھی کبھی جب ہم بہت عرصے تک اپنے اندر کا آئینہ نہیں دیکھ پاتے تو اچانک باہر کسی کے دکھائے ہوئے آئینے پر نظر پڑتے ہی ہم خود اپنے آپ سے خوف زدہ ہو جاتے ہیں...... نظریں چرانے لگتے ہیں...... آج وہاں مسجد کے صحن میں بیٹھے ہوا سارا ہجوم بھی ایک دوسرے سے نظر ملانے کی ہمت نہیں کر پا رہا تھا۔

مسجد سے واپس نکلتے وقت شیخ الکریم نے مجھے آواز دے کر روک لیا۔ ''نئی ذمہ داری مبارک ہو...... لیکن راہ بڑی دشوار ہے...... ثابت قدم رہنا......'' میں نے سر جھکا لیا۔ ''میں خود کو اس ذمہ داری کے قابل نہیں سمجھتا۔ آپ کی دعاؤں کی ضرورت ہے مجھے......''۔ انہوں نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی اور چلتے چلتے انہیں جیسے کوئی بات یاد آ گئی۔ ''ہاں...... ہو سکے تو میرے ہوتے ہوئے یہاں آ کر نماز سیکھ جایا کرو...... تین دن بعد میرا آخری لیکچر ہے اور ہفتہ بھر رہنے کے بعد میں مصر چلا جاؤں گا۔ جلد یا بدیر تمہیں یہ کمی پوری کرنا ہی ہوگی......'' وہ میرا کاندھا تھپتھپا کر آگے بڑھ گئے۔

اگلے روز ڈین کے دفتر میں تمام کونسلرز کی پندرہ روزہ میٹنگ تھی۔ ڈین پابندی کا معاملہ خوش اسلوبی سے نپٹ جانے پر کافی خوش دکھائی دے رہا تھا۔ شمعون نے یہودی طلباء کی جانب سے آنے والے ہفتے کے روز اپنے کسی اسکالر کو ایک سیمینار میں دعوت دینے کی اجازت مانگی جو اسے مل گئی۔ جارج نے پچھلے سمسٹر کے دوران چند عیسائی طلباء کی غیر حاضریوں کا جرمانہ معاف کرنے کی درخواست کی۔ ڈین نے آدھا جرمانہ معاف کر دیا۔ اور میری جانب متوجہ ہوا۔ ''تمہارے پاس کوئی خاص معاملہ ہے مسلم کونسلر......؟''۔ ''جی ہاں...... آپ کے حکم نامے کی تعمیل میں تمام مسلم طلباء نے پڑھائی کے اوقات میں کیمپس سے باہر جانے کی پابندی قبول کر لی ہے۔ اور اب وہ کوئی جلسہ جلوس یا مظاہرہ بھی آپ کی اور انتظامیہ کی اجازت کے بغیر نہیں کریں گے''۔ تمام جیوری ممبران نے تعریفی انداز میں میری طرف دیکھا...... ''لیکن ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے...... اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں اس چھوٹی سے بات کے لیے میری اور آپ سب لوگوں کی یہ ساری محنت ضائع نہ ہو جائے......'' ڈین پریشان ہو گیا۔ ''نہیں نہیں...... ایسا نہیں ہونا چاہیے...... تم بتاؤ کیسا مسئلہ ہے......؟'' میں نے ترچھی نظر سے شمعون کی طرف دیکھا۔ ''اس پابندی کی وجہ سے مسلم طلباء کی ظہر کی نماز کا وقت بھی کیمپس میں ہی گزرنے لگا ہے۔ ابھی تو ابتدائی دن ہیں لہٰذا وہ سب کسی نہ کسی طور نماز قضا کر رہے ہیں۔ لیکن کچھ دن گزر گئے تو یا تو وہ اس پابندی کے خلاف متحد ہو کر انتظامیہ کے لیے کوئی نئی مصیبت کھڑی کر دیں گے یا پھر پابندی توڑ کر نماز کے وقت کیمپس سے باہر جا کر کہیں اور نماز ادا کر آیا کریں گے۔ اور ایک مرتبہ اگر ان اسٹوڈنٹس نے پھر سے باہر ملنا جلنا شروع کر دیا تو ضرور بات ہمارے ہاتھ سے نکل جائے گی......''



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ڈین اور انتظامیہ نے پریشانی سے پہلو بدلے۔ شمعون اور جارج نے کڑی نظروں سے میری جانب دیکھا۔ جیوری کے ایک ممبر نے مجھ سے پوچھا۔ "تو پھر اس مسئلے کا کیا حل ہے تمہارے پاس......؟" "حل بہت آسان ہے...... ہمیں صرف ظہر کے وقت کے لیے مسلم طلبہ کو کیمپس میں نماز ادا کرنے کی اجازت دینی ہوگی۔ اس طرح ان کے دل میں یونیورسٹی انتظامیہ کے لیے وہ مخالفت کے جذبات بھی ٹھنڈے پڑ جائیں گے جو عامر بن حبیب کی معطلی سے پیدا ہوئے ہیں۔"

شمعون تڑپ کر بولا۔ "لیکن اس طرح سے تو یہودی اور عیسائی طلبہ کی مانگیں بھی بڑھ جائیں گی...... ہم انہیں کیا جواب دیں گے......"

میں نے اطمینان سے جواب دیا۔ "یہودی طلباء صرف ہفتے کے روز عبادت کرتے ہیں اور عیسائی طلبہ صرف اتوار کے روز...... اوّل تو یہ دو دن یونیورسٹی بند رہتی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ مسلم طلباء کی طرح انہیں بھی یہ حق ملنا چاہیے...... لہٰذا ہمیں اُن سب کو اُن کے مقررہ اوقات جو کلاس ٹائمنگ کے دوران کیمپس میں گزارنا پڑیں، اس میں اپنی اپنی عبادت کی اجازت دے دینی چاہیے۔ جس کا دورانیہ پندرہ منٹ سے زیادہ کا نہ ہو......"

ڈین اور جیوری ممبران آپس میں کچھ کھسر پھسر کرتے رہے اور پھر ڈین نے ہی اعلان کیا۔ "ٹھیک ہے...... ہمیں مسلم کونسلر کی یہ تجویز منظور ہے......" شمعون نے احتجاجاً کچھ کہنے کی کوشش کی لیکن ڈین نے یونیورسٹی کے "بہتر ماحول" کی خاطر اس کا احتجاج مسترد کردیا۔

ہم سب ڈین کے کمرے سے باہر نکلے تو شمعون نے قہر برساتی نظروں سے میری جانب دیکھا "ٹھیک ہے...... یہ کھیل تم نے شروع کیا ہے...... لیکن اب اسے ختم میں کروں گا......" وہ غصے سے پیر پٹختا ہوا وہاں سے چلا گیا۔ مسلم طلباء کو جب یونیورسٹی میں ظہر کی نماز کی اجازت ملی تو نمازی لڑکوں نے خوشی سے آسمان سر پر اُٹھالیا۔ عامر بن حبیب اور بابر سیّدی نے مجھے گلے سے لگالیا۔ "بہت دنوں بعد یہ پہلی خوش خبری سننے کو ملی ہے...... اور وجہ تم ہو......"

میں نے اپنی جیب سے ایک لفافہ نکالا اور اسے عامر بن حبیب کی جیب میں ڈال دیا۔ "کل مجھے اپنے پہلے مسلم اسٹوڈنٹس کے اجلاس میں اعتماد کا ووٹ لینا ہے...... لیکن تم ہال میں آنے سے پہلے میرا یہ خط ضرور پڑھ لینا...... ہوسکتا ہے اسے پڑھنے کے بعد تمہارا ووٹ میرے خلاف ہو جائے۔" میں عامر کو گہری سوچ میں ڈوبا چھوڑ کر آگے بڑھ گیا۔

اگلے روز ہال نمبر 3 مسلم طلباء سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ آج مجھے بطور مسلم کونسلر ان سب سے اعتماد کا ووٹ لینا تھا۔ احمر نے اسٹیج سیکرٹری کے طور پر اجلاس کا مقصد بیان کیا اور مجھے اسٹیج پر آنے کی دعوت دی۔ پُروا کے ہاتھ میں مائیک تھا اور اس نے اعتماد کے ووٹ سے پہلے میرا تعارف اور ظہر کی نماز کی اجازت ملنے کو میری پہلی کامیابی کے طور پر بیان کیا تو ہال تالیوں سے گونج اُٹھا۔ لیکن میں سب باتوں سے بے نیاز عامر بن حبیب کو طلباء کی نشستوں میں تلاش کررہا تھا مگر ہر بار میری نظر ناکام لوٹ رہی تھی۔ بابر سیّدی تو پہلے ہی آچکا تھا لیکن عامر کہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ آخر ووٹنگ کا مرحلہ بھی آگیا۔ احمر نے اسٹیج پر آکر اعلان کیا کہ جو طلبہ میری کونسلر شپ کے حق میں ہیں وہ اپنا ہاتھ کھڑا کریں۔ اتنے میں دروازے کی جانب سے شمعون کی تیز آواز اُبھری۔

"ٹھہر جاؤ...... اس سے پہلے کہ تم لوگ اسے اپنا کونسلر بننے کا حتمی اجازت نامہ فراہم کردو...... میرے پاس تم سب کے لیے ایک اطلاع ہے...... تمہارا یہ لیڈر آیان غدار ہے۔" ہال میں ایک سناٹا سا چھا گیا اور سب کی نظریں مجھ پر گڑھ گئیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 8

بابر سیدی نے زور سے چلا کر شمعون کو ہال سے نکل جانے کا کہا" تم لوگ ہمیشہ ہمارے درمیان نفاق پیدا کرنے کی کوئی کوشش ضرور کرتے ہو۔ بہتر ہے تم خود ہی چلے جاؤ ورنہ میں تمہیں اُٹھا کر باہر پھینک آؤں گا۔" شمعون نے جیب سے چند کاغذ نکال کر ہوا میں لہرائے۔" تم لوگوں کی اسی جذباتیت نے ہمیشہ تمہیں ڈبویا ہے۔ کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے یہ کاغذ ضرور پڑھ لینا۔ میں نے تم لوگوں کی سہولت کے لیے اس کی بہت سی نقول تیار کروالی ہیں...." یہ اُس عہد نامے کی نقل تھی جس پر میں نے اور شمعون نے میری مسلم گروپ میں شمولیت کے وقت دستخط کیے تھے۔ مائیکل اور شمعون کے ساتھ آئے دوسرے لڑکوں نے پل بھر میں ہی وہ تمام نقول ہال میں موجود تمام طلباء کو بانٹ دیں اور اُسے پڑھ کر جیسے ہال میں ایک بھونچال سا آ گیا۔ سب ایک دم چلانے اور شور مچانے لگے۔ آدھے طلباء میرے حق میں تھے کہ یہ سب کچھ مجھے بدنام کرنے کی سازش ہے اور آدھے اس عہد نامے کی وضاحت چاہتے تھے۔ آخر بابر سیدی نے ہی سب سے پہلے چلا کر مجھ سے پوچھا۔" آخر یہ سب کیا ہے آیان..... تم خود کچھ بتاتے کیوں نہیں.....؟" شمعون نے طنز سے میری طرف دیکھا۔" یہ بھلا کیا بتائے گا۔ آج تک کسی مجرم نے اپنے جرم کا اقرار خود کیا ہے بھلا.....؟ لیکن میں تم لوگوں کو بتا رہا ہوں کہ اسی نے تم لوگوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپ کر تمہارے پچھلے کونسلر عامر بن حبیب سے اُس کی نشست چھینی ہے.....اب اس کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے یہ تم سب خوب جانتے ہو....." شمعون نے مجھ پر ایک طنزیہ مسکراہٹ اچھالی اور اپنے ساتھیوں سمیت واپسی کے لیے پلٹا۔ میں نے اُسے آواز دے کر روک لیا۔

"ٹھہر جاؤ..... میرا انجام بھی دیکھتے جانا..... کیونکہ تم نے کہا تھا کہ اس کہانی کا خاتمہ بھی تمہارے ہاتھوں ہی ہوگا..... وہ گھڑی اب آن پہنچی ہے....." پُروانے پریشانی کے عالم میں مجھ سے پوچھا۔" یہ سب کیا ہے آیان..... تم کہتے کیوں نہیں کہ یہ تمہیں بدنام کرنے کی ان کی ایک بھونڈی کوشش ہے کیوں کہ ہم سب جانتے ہیں کہ تم ایسا کچھ نہیں کر سکتے.....ہمیں تم پر پورا اعتبار ہے....."

"نہیں..... شمعون ٹھیک کہہ رہا ہے..... میرا ان لوگوں سے عامر بن حبیب گروپ توڑنے کا معاہدہ ہوا تھا اور اس صلے میں انہوں نے میری اور بسام کی سمسٹر فیس بھی بھری تھی۔ میں آج اس تمام ہال کے شرکاء کے سامنے اپنے جرم کا اقرار کرتا ہوں....." میری بات سن کر پُروا تو گنگ ہو کر سکتے میں آ گئی جبکہ دوسری جانب غصے اور قہر کا ایک طوفان اُمڈ آیا۔ بابر سیّدی اور احمر تو صدمے کے مارے اپنی نشستوں پر ہی ڈھے سے گئے جبکہ بنگالی شکیل نے چلا کر کہا۔" اس غداری کے صلے میں ہم تمہیں عبرت کا نشان بنا دیں گے..... تاکہ آئندہ کسی کو ہمارے جذبات سے کھیلنے کی ہمت نہ ہو....." ہال میں ایک طوفان بدتمیزی برپا ہو گیا اور قریب تھا کہ لڑکے اسٹیج پر چڑھ آتے کہ اچانک کہیں سے عامر بن حبیب کی گرجدار آواز گونجی "رُک جاؤ..... یہ میرا حکم ہے....." ہال میں دھیرے دھیرے خاموشی چھا گئی۔ عامر ہال کے دروازے کے بیچوں بیچ کھڑا تھا اور اس کے ہاتھ میں میرا کل شام کا تھمایا ہوا خط لہرا رہا تھا۔ احمر نے چلا کر عامر سے کہا۔" تم نہیں جانتے عامر..... اس آیان نے ہمارے ساتھ کتنا بڑا دھوکا کیا ہے۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

''......یہ غدار ہے......'' عامر نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں کہا۔''میں جانتا ہوں آیان نے کل شام ہی سب کچھ لکھ کر مجھے بتا دیا تھا اور مجھ سے یہ درخواست بھی کی تھی کہ اگر میں یہ سب پڑھنے کے بعد تم لوگوں کو اُسے اعتماد کا ووٹ دینے سے روکنا چاہوں تو تم لوگوں کو اس اجلاس سے پہلے ہی منع کر دوں۔ میں کل رات سے آیان کا یہ خط درجنوں بار پڑھ چکا ہوں لیکن کسی نتیجے پر پہنچنے میں مجھے اتنا وقت آج سے پہلے کبھی نہیں لگا...... اسی لیے مجھے آنے میں کچھ دیر ہوگئی......''

سب لڑکے حیرت سے عامر کی جانب دیکھ رہے تھے۔ عامر بن حبیب نے میرا خط کھولا اور سب کے سامنے پڑھنا شروع کر دیا۔ ہال میں گھبراسناٹا طاری ہو چکا تھا۔

''میں جانتا ہوں کہ جب تک تم میرے لکھے ہوئے یہ لفظ ختم کرو گے۔ تب تک تمہارے اندر میرے لیے بسی ہوئی دنیا مکمل تبدیل ہو چکی ہوگی۔ کل مجھے مسلم طلباء سے اعتماد کا ووٹ لینا ہے اس لیے آج تمہیں اس بات سے آگاہ کر رہا ہوں کہ میں کس نیت سے مسلم طلباء کی جماعت میں شامل ہوا تھا۔ میری مجبوری چاہے کچھ بھی رہی ہو لیکن اس سے میرے جرم کی نوعیت کم نہیں ہو سکتی۔ مجھے شمعون اور مائیکل نے تمہارا گروپ توڑنے کے لیے باقاعدہ ایک معاہدے کے تحت اس شمولیت پر آمادہ کیا تھا۔ اور مجھے اپنا کام ختم کر کے واپس لوٹ جانا تھا۔

لیکن قسمت ہمیشہ ہمارے ارادوں کے مخالف سمت کی لکیر ہماری ہتھیلیوں پر ابھارتی ہے۔ تمہارا گروپ تو نہ ٹوٹا، البتہ تمہاری کونسلرشپ ختم ہوگئی اور تم لوگوں نے مجھے اس عہدے کے لیے نامزد کر دیا۔ تمہاری اور ہابرسیڈی کی بسام کے حق میں نکالی گئی ریلی نے میرا اندر بھی تلپٹ کر کے رکھ دیا۔ میں ہمیشہ تم سب کو ایک جذباتی گروہ سمجھتا رہا لیکن جب آگ میرے گھر تک پہنچی تو مجھے ان جذبات کی قدر و قیمت کا احساس ہوا۔ مگر تب تک بہت دیر ہو چکی تھی۔ میں نے یہ عہدہ ایک کفارے کے طور پر ہی قبول کیا تھا اور میرا اصل کفارہ اب شروع ہوگا لیکن اس سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ تمہیں میرے حتمی چناؤ کے ووٹ سے پہلے میرے ماضی کا نہ صرف علم ہو بلکہ تم اپنے تمام گروپ کو بھی میرے اس دوہرے کردار کی حقیقت سے آگاہ کر دو۔ ہاں اگر اس کے بعد بھی تم لوگوں کا مجھ پر ذرہ برابر اعتبار باقی رہ جائے تو اس بات کا یقین رکھ کر مجھے یہ ذمہ داری سونپنا کہ میں اس کفارے اور اپنے دامن پر لگے دھبے کو مٹانے کے لیے ہر حد سے گزر سکتا ہوں......

تم سب کا قصوروار...... آیان۔

عامر بن حبیب نے خط تہہ کر کے اپنی جیب میں ڈال لیا لیکن اس کے چپ ہونے کے بعد بھی بہت دیر تک ہال میں کوئی کچھ نہ بول سکا۔ پھر عامر نے ہی کھنکار کر سب کو اپنی جانب متوجہ کیا۔''یہ خط آیان نے کل شام مجھے دیا تھا اور میں کل رات سے ہی اس کشمکش میں مبتلا ہوں کہ میں ایک شخص کے ماضی کی جرم کی سزا سناؤں یا اُسی کے ہاتھ میں اپنے حال اور مستقبل کی ڈور تھما دوں۔ دماغ کہتا تھا کہ ایک بار ٹھوکر کھانے کے بعد دوبارہ اسی پر اعتماد کرنا حماقت ہوگی کہ مومن ایک سوراخ سے دوبارہ نہیں ڈسا جا سکتا ہے......لیکن دل کہتا تھا کہ میرا رب انسانوں کی کایا بھی تو پلٹ دیتا ہے۔ اور اگر ایسا ہو چکا ہے تو ہم ایک انسان کو سچ کے راستے پر چلنے سے پہلے ہی کہیں دوبارہ بھٹکا نہ دیں......لیکن ساری رات اپنا دل و دماغ جلانے کے باوجود میں کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا۔ اس لیے میں آج یہ فیصلہ آپ سب پر چھوڑتا ہوں کیونکہ میں نے ہمیشہ دماغ پر اپنے دل کے فیصلوں کو ترجیح دی ہے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

......آیان کے بارے میں بھی میں اپنے دل کی ہی ماننا چاہتا تھا لیکن یہ صرف میرا معاملہ نہیں۔ لہٰذا آپ سب کا بھی اس فیصلے میں شریک ہونا بہت ضروری ہے......"۔ عامر اپنی بات ختم کر کے خاموش ہو گیا۔ شمعون اور مائیکل پہلے ہی ہال سے جا چکے تھے۔ میں نے سوچ میں گھرے ہال کو مخاطب کر کے کہا۔ "میں نے خود کو ہر سزا کے لیے پیش کر دیا ہے۔ میں چاہتا تو شمعون کے بانٹے ہوئے اس کاغذ سے مکر بھی سکتا تھا۔ آج کل کسی کے دستخط کی نقل بنا لینا کچھ مشکل نہیں......اور میں یہ بہانہ بھی کر سکتا تھا کیونکہ پورے عہد نامے پر صرف میرے ایک دستخط ہی تو ہیں۔ تم سب میری بات پر یقین کرنے میں کوئی تامل بھی نہ کرتے کیونکہ شمعون کے مقابلے میں، مَیں بہرحال تم سب کی نظر میں زیادہ معتبر تھا۔ لیکن میں نے آج یہ سچ بتانے کا تہیہ کر رکھا تھا اور اب فیصلہ تمہارے ہاتھ ہے۔ مجھے جو بھی سزا سنائی جائے گی مجھے قبول ہوگی۔ ہاں لیکن اگر مجھ پر یقین کرنے کو جی چاہے تو دل سے ہر شبہ، ہر دھڑکا نکال کر پورا یقین کرنا......کیونکہ ادھورا یقین پورے شک سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ مجھے تم سب کے فیصلے کا انتظار رہے گا......"۔ میں ان سب کو سوچوں کے بھنور میں ڈوبا چھوڑ کر ہال سے باہر نکل آیا۔ سامنے ہی راہداری میں ایرک، جم، فرہاد اور جینی تیزی سے میری جانب آتے ہوئے دکھائی دیئے۔ ان کے چہروں سے شدید پریشانی ٹپک رہی تھی۔ مجھے دیکھتے ہی وہ میری جانب لپکے۔ فرہاد نے جلدی سے میرا بدن ٹٹولا۔ "تم ٹھیک تو ہو نا......؟ ہمیں پتا چلا کہ تم پر عامر بن حبیب کے ساتھیوں نے حملہ کیا ہے......" ایرک اور جم بھی شدید غصے میں تھے۔ "تم صرف نام بتاؤ اُن کے......ہم ابھی زندہ ہیں آیان......" جینی نے میرا بازو پکڑ کر مجھے دوبارہ ہال کی جانب کھینچا۔ "تم چلو ہمارے ساتھ......دیکھتے ہیں کس میں ہمت ہے، تمہیں چھو کر تو دکھائے......" میری آنکھیں بھر آئیں، دل تو جانے کب سے بھرا ہوا تھا۔ میں جانتا تھا وہ چاروں میرے لیے چارسو سے بھی بھڑ سکتے تھے۔ "میں ٹھیک ہوں......کچھ نہیں ہوا مجھے......"۔ فرہاد چلایا۔ "لیکن ہم اُن لوگوں کو اُن کے کیے کی سزا ضرور دیں گے......" میں نے ہال کی طرف جاتے ہوئے فرہاد کی کلائی پکڑ لی۔ "نہیں......اس بار سزا دینے کا اختیار اُن لوگوں کا ہے چلو تم لوگ میرے ساتھ......" میں آگے بڑھ گیا اور وہ چاروں بھی بادلِ نخواستہ میرے پیچھے چل پڑے۔

پھر میں زیادہ دیر کیمپس میں نہیں ٹھہرا۔ مجھے بسام سے ملنے کے لیے بھی جانا تھا اور جب لاک اَپ پہنچا تو ملاقات کے ٹائم میں صرف دس منٹ باقی بچے تھے۔ بسام بے چینی سے میرا انتظار کر رہا تھا۔ "کہاں رہ گئے تھے......آج میرا دل بہت گھبرا رہا ہے......سب ٹھیک تو ہے نا......؟" میں نے بسام کو آج کی رُوداد سنا کر پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ "ہاں سب ٹھیک ہے......دو دن بعد تمہاری پیشی ہے......میں تمہارے لیے کسی اچھے وکیل کا بندوبست کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ تم فکر نہ کرنا......" بسام کے ہونٹوں پر ایک شکستہ سی مسکراہٹ اُبھری۔ "نہیں الو......اب میں نے فکر کرنا چھوڑ دی ہے......بس تم اپنا خیال رکھنا......"۔ بسام کی بات سن کر میرا دل کٹ کر رہ گیا۔ اس کے لہجے میں اتنی مایوسی تھی کہ میرے اندر کا رواں رواں چھل سا گیا۔ "ایسے کیوں کہہ رہے ہو......؟ میں تمہیں ان دیواروں کے پیچھے زیادہ دن قید نہیں رہنے دوں گا۔ اور یہ بھی غور سے سن لو کہ میں اپنا خیال بالکل بھی نہیں رکھوں گا۔ تمہی کو باہر نکل کر میرا خیال رکھنا ہوگا۔ تم جانتے ہو مجھے اپنا خیال رکھنے کی بالکل عادت نہیں ہے......" بسام نے کچھ نہیں کہا۔ بس چپ چاپ میرا ہاتھ تھامے بیٹھا رہا۔

جب بچپن میں چھٹی کے بعد دیر گئے اسکول خالی ہو جانے پر بھی ڈیڈی ہمیں لینے کے لیے نہ آتے تو ہم دونوں بھائی خوف کے مارے اسی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

طرح بڑے میدان میں ایک دوسرے کا ہاتھ تھام کر تب تک بیٹھے رہتے جب تک کوئی آ کر ہمیں وہاں سے گھر نہیں لے جاتا تھا۔ لیکن آج ہم دونوں کو پیار کر کے گھر لے جانے والے ممی ڈیڈی جانے کہاں کھو گئے تھے۔ آج ان کے دونوں لاڈلے اُسی طرح خوف زدہ بیٹھے ہوئے تھے لیکن اس شام ہمیں وہاں سے لے جانے کے لیے کوئی نہیں آیا۔

میں بسام کو جھوٹی تسلی دے کر باہر نکلا تو ستمبر کی اداس شام ڈھل رہی تھی۔ ان شاموں کو جانے ہمارے اندر کے موسم کی خبر کیسے ہو جاتی ہے ......؟ جیسا سرمئی اندھیرا ہمارے اندر اُتر رہا ہوتا ہے ٹھیک ویسا ہی روپ باہر کا افق بھی دھار لیتا ہے۔ اور پھر ہمارے اندر اور باہر ایک ہی وقت میں روشنی کی آخری کرن بھی ڈوب جاتی ہے۔ میں اُسی اندھیرے میں اپنا آپ ٹٹولتا، بائیک نیویارک کی مصنوعی روشنیوں سے بھری سڑکوں پر دوڑاتا ہوا مین ہیٹن میں کھیل کا انتظام کرنے والے نیگروز کے اپارٹمنٹ کے نیچے پہنچ گیا۔ وہ سب اپارٹمنٹ کے پکے فرش پر بنے کورٹ میں باسکٹ بال کھیل رہے تھے، آس پاس گلی کی روشن لائٹس نے ایک دائرہ سا بنا رکھا تھا۔ مجھے دیکھ کر ان کا لیڈر کیلی kelly چلایا۔ ''ہے آیان...... کہاں ہو مین man...... ہمیں بھول گئے ہو کیا......؟'' ''نہیں...... تمہیں یہ یاد دلانے کے لیے آیا ہوں کہ میرے پرانے زخم بھر چلے ہیں اور میں اب پھر سے کھیلنے کے لیے تیار ہوں۔'' کیلی خوش ہو گیا۔ ''یہ ہوئی نا بات...... لیکن میرا کچھ پرانا ادھار بھی باقی ہے تم پر......'' ''ہاں...... مجھے یاد ہے میرا میچ ڈلوا دو تم کے ساتھ...... جیت گیا تو سارا اُدھار کل رات ہی چکا دوں گا......'' کیلی ہنسا ''اور اگر ہار گئے تو......'' ''تو بدلے میں تم مجھ سے کوئی بھی بانڈ بھروا لینا۔ میں اگلے دس میچ تمہاری جانب سے بلا معاوضہ کھیلنے کے لیے بھی تیار ہوں...... اور تم جانتے ہو کہ میں اپنے وعدے کا پکا ہوں......'' کیلی نے سر ہلایا۔ ''ہاں...... خیر اس میں تو مجھے کوئی شک نہیں...... لیکن تم کے ساتھ ہی کیوں کھیلنا چاہتے ہو......؟ وہ پہلے بھی تمہیں ہرا چکا ہے اور اس وقت وہ نیویارک کا بہترین رائیڈر ہے...... خوامخواہ اپنی جان کو مصیبت میں نہ ڈالو...... وہاں جیتنے کے چانسز سو میں سے دس فیصد بھی نہیں ہیں......'' ''اسی لیے میں اس کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہوں...... اُس سے جیتنے کی صورت میں رقم بھی دس کے مقابلے میں 100 فیصد زیادہ ملے گی......'' کیلی نے کندھے اُچکائے۔ ''ٹھیک ہے جیسے تمہاری مرضی...... کل رات 10 بجے تک پہنچ جانا ہمارے پرانے ٹھکانے پر......'' میں نے سر ہلا کر بائیک کا ایکسی لیٹر دبا دیا۔ میرے پاس بسام کے لیے نئے وکیل کی فیس جمع کرنے کا اور کوئی طریقہ نہیں تھا۔ اب چاہے انجام تخت ہوتا یا تختہ...... مجھے یہ بازی کھیلنا تھی۔ واپسی پر ٹائم اسکوائر کے مشہور کیفے کے باہر میں نے لوگوں کو کرسیوں پر بیٹھے خوش گپیاں کرتے دیکھا تو ان کی خوش نصیبی پر رشک آنے لگا۔ ہم انسان بھی کتنے عجیب ہوتے ہیں۔ جب ہمارے پاس فرصت اور خوشی کے لمحات ہوتے ہیں تو ہم انہیں کھل کر جینے کے بجائے مستقبل کی اُلجھنوں میں خود کو کھپائے رکھتے ہیں اور جب وہی مستقبل حال بن کر ہم پر کسی نئے عذاب کی صورت کھلتا ہے تو ہم بیٹھ کر اس سنہرے ماضی کی یاد میں آہیں بھرتے اور خود کو کوستے رہتے ہیں کہ کتنا اچھا وقت ہم نے یونہی ضائع کر ڈالا۔ شاید انسان کا مستقبل سدا ہی سے دھندلا، حال ہمہ وقت بے کیف و بے چین اور ماضی ہمیشہ دل فریب رہا ہے......

اگلے روز میرا یونیورسٹی جانے کو دل نہیں کر رہا تھا لیکن میں یہ سوچ کر چلا آیا کہ کہیں اسے کسی فرار کے طور پر نہ لیا جائے۔ کاش انہیں کوئی بتاتا کہ اب میرا اصل فرار ان سب کے درمیان میری موجودگی ہی ہے...... ورنہ تنہائی تو مجھے اب کسی بُرے خواب کی طرح ڈرانے لگی تھی۔ اس روز صبح



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

سویرے سے ہی یخ بستہ ہوائیں نیو یارک کی بھرپور خزاں کی آمد کا پتہ دے رہی تھیں اور ہماری یونیورسٹی کی طرف جانے والی سنسان سڑک زرد اور پیلے پتوں سے یوں ڈھکی ہوئی تھی جیسے کسی نے سونے کے پانی سے بھرے کئی تھال وہاں اُلٹ دیئے ہوں۔ کچھ ہی دیر میں ہلکی بوندا باندی بھی شروع ہوگئی اور شاخوں پر جھولتے وہ خشک پتے جنہیں تیز ہوا بھی گرا نہیں پائی تھی۔ بوندوں کی سازش کی وجہ سے اپنی محبوب ٹہنیوں کی بانہوں سے چھوٹ کر زمین پر گرنے لگے۔فنا اور جدائی ہی دنیا کے ہر رشتے کا حاصل ہے۔

کیفے میں مجھے اپنے دوستوں میں سے کوئی بھی نظر نہیں آیا۔ میرا کلاس لینے کو بالکل بھی من نہیں تھا لہٰذا میں اسٹیڈیم کی بھیگی ہوئی سیڑھیوں پر آ کر بیٹھ گیا۔آج اسٹیڈیم بھی ابھی تک خالی تھا اور تیز بوندا باندی کی وجہ سے اسٹیڈیم کی خزاں سے خشک ہوتی ہوئی سنہری گھاس ایک مخملی قالین کی طرح لگ رہی تھی جس پر بہت سے چاندی کے موتی ٹانکے گئے ہوں۔

میں اپنے خیالوں میں گم جانے کتنی دیر تک بارش کے قطروں کو گھاس کا سنگھار کرتے دیکھتا رہا۔ پھر اچانک ہی ایک مانوس سی خوشبو اور جانی پہچانی سی قدموں کی آہٹ نے مجھے سر اُٹھا کر دیکھنے پر مجبور کر دیا۔ وہ پُروا ہی تھی۔ سفید جینز پر کالی شال لپیٹے، اُداس اور نڈھال سی...... کچھ لڑکیاں اُداس ہو کر زیادہ حسین کیوں ہو جاتی ہیں؟ یا شاید ان کا اصل ''اندازِ حسن'' اُداسی کی ہی دین ہوتا ہوگا......؟ شاید کچھ چہرے خوشی یا عام معمول کے حالات میں وہ زاویے اختیار نہیں کر پاتے جس سے اُن کا اصل حسن جھلک سکے......؟ گویا ہم اپنی زندگی میں اپنے آس پاس بہت سے لوگوں کی اصل خوب صورتی کو اپنی نظر سے نہار ہی نہیں پاتے......؟ اور کون جانے اس فہرست میں اوّل نمبر پر...... ہمارے کمرے میں لگے آئینے کے اندر بیٹھا شخص خود ہی ہو......؟

''یہاں اکیلے کیوں بیٹھے ہو آیان......؟ تمہارے دوست کہاں ہے......؟''

''شاید وہ سب کلاس میں ہوں گے...... کچھ دیر تنہا بیٹھنے کو دل چاہ رہا تھا اس لیے یہاں چلا آیا......''

پُروا کچھ دیر خاموش رہی۔''جانتے ہو...... میں کل سے کئی بار ٹوٹی اور پھر ٹوٹ کر جڑی ہوں۔ میرے اندر شکست و ریخت کے اس مسلسل عمل نے مجھے ایک رات میں ہی برسوں کی تھکن عطا کر دی ہے۔تم تو اپنا اعتراف جرم کر کے سکون سے چلے گئے تھے لیکن مجھے ایک عذاب میں ڈال گئے...... بولو آیان...... میں کس سے یہ فریاد کروں۔ میں چاہتی ہوں کہ میں تم سے خوب جھگڑا کروں...... اتنا لڑوں کہ میرے اندر کا سارا غبار نکل جائے...... لیکن میں چاہتے ہوئے بھی ایسا کر نہیں پا رہی...... تم نے مجھ سے میرا اپنا آپ بھی چھین لیا ہے آیان...... برا کیا تم نے...... بہت بُرا کیا......'' پُروا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ میرا دل چاہا کہ میں آگے بڑھ کر اس کی پلکوں کے یہ ستارے اپنی ہتھیلی کے چاند میں جذب کر لوں اور اس کی بھیگی آنکھیں پونچھ کر اس سے یہ کہوں کہ موتیوں کا یہ خزانہ وہ مجھ جیسے ضمیر کے مجرم کے لیے ضائع نہ کرے...... کہ ایک خلقت انہیں چننے کے لیے اپنی ہتھیلیاں دعا کے انداز میں اُٹھائے بیٹھی ہوگی۔ میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔''ہاں...... جانتا ہوں کہ میں نے بہت بُرا کیا...... لیکن ایک بُرے سے برائی کی توقع ہی کی جا سکتی ہے پُروا...... تم آئندہ کبھی بھی کسی بُرے سے کسی اچھائی کی توقع نہ رکھنا۔ امیدیں ٹوٹ جائیں تو واقعی بڑا درد ہوتا ہے...... ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا......'' پُروا نے تڑپ کر اپنی پلکیں اُٹھائیں۔ اس کی پلک پر ٹنگا ایک ننھا سا آنسو ٹپک کر اس کے سردی سے نیلے پڑتے ہاتھ کی پشت پر گرا۔''کاش میرا دل تمہیں مجرم مان کر مجھے اُس مقام تک تو لاتا جہاں میں تمہیں معاف کرنے کا سوچ پاتی۔ میرا دل تو مجھے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تمہارے جرم کے بارے میں سوچنے کی مہلت ہی نہیں دے رہا...... مجھ سے غداری پر اتر آیا ہے اور میری ایک نہیں سنتا...... شاید مجھے تم سے محبت ہو رہی ہے آیان......''

تیز ہوا کے ایک بھیگے جھونکے نے پُر وا کے چہرے پر بال بکھرا دیئے۔ میں زور سے چونکا۔''یہ تم کیا کہہ رہی ہو......؟ میں تمہاری محبت کے قابل نہیں ہوں...... خدا کے لیے اپنے آپ کو اس عذاب میں مت دھکیلو...... یہ تمہاری روح کا آخری ریشہ بھی اُدھیڑ کر تمہارے جسم کو نیلا کر دے گا...... محبت کے زہر کا کوئی تریاق نہیں ہوتا کیونکہ یہ جسم میں نہیں، روح کی رگوں میں تحلیل ہو کر انسان کی جان لے لیتا ہے......''

پُر وا سر جھکائے بیٹھی رہی''جانتی ہوں...... پر افسوس ہمیں اپنی روح کی دھیرے دھیرے ہوتی قضا کا بہت دیر سے پتہ چلتا ہے...... مجھے بھی بہت دیر ہو چکی ہے آیان...... اب میرا بچنا مشکل ہے......''

اتنے میں میرے عقب سے بابر سیّدی کی تیز آواز ابھری...... ''اچھا تو تم یہاں بیٹھے ہو...... کب تک اپنی سزا سے بچو گے مسٹر آیان......''

میں نے پلٹ کر دیکھا۔ بابر سیّدی کے ساتھ عامر بن حبیب اور دوسرے بہت سے مسلم طلباء اسٹیڈیم کے گیٹ نمبر 7 سے اندر داخل ہو چکے تھے۔ میں اپنی جگہ کھڑا ہو گیا۔''میں اپنی سزا کے انتظار میں ہی یہاں بیٹھا ہوا ہوں۔ پھانسی کے قیدی کو سولی پر زیادہ انتظار نہیں کروایا جاتا۔ اپنا فیصلہ سناؤ......''پُر وا بھی گھبرا کر اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔ عامر بن حبیب اور بابر سیّدی باقی سب لڑکوں کے ساتھ میری جانب بڑھے۔ عامر اور بابر میرے بالکل مقابل آن کھڑے ہوئے اور کچھ دیر تک ہم تینوں ایک دوسرے کو دیکھتے رہے۔ عامر بولا۔''سزا تو ہم نے تمہارے لیے بہت کڑی تجویز کی ہے لیکن ہم تمہیں اپیل کا حق بھی دینا چاہتے ہیں۔ تم چاہو تو سزا میں کمی کے لیے اپیل کر سکتے ہو......''میں دھیرے سے مسکرایا۔''جو پہلے ہی سے فنا ہو چکے ہوں...... انہیں دوبارہ آتی موت کا بھلا کیا غم...... تم آخری حد کی سزا سناؤ...... میں اپیل کر کے وقت ضائع نہیں کروں گا......'' عامر بن حبیب نے بابر سیّدی کی جانب دیکھا۔ بابر ایک قدم آگے بڑھا۔''تو پھر سنو...... ہم نے تمام مسلم طلباء کی ذمہ داری کی سزا تمہارے لیے تجویز کی ہے...... تمہیں بطور مسلم کونسلر ان سب کا خیال رکھنا ہو گا اور ہر مرحلے پر اپنے تن، من اور روح کی آخری گہرائی سے ان کی جائز ضروریات کا خیال رکھنا ہو گا۔ بولو...... ایک سال کی یہ سزا قبول ہے تمہیں......؟''میں گنگ سا کھڑا تھا۔ اور پھر اچانک میری آنکھوں سے کفارے کے دو آنسو ٹپک کر نیچے زمین پر بارش کے پانی میں مل گئے۔ کاش کفارے کے لیے بہائے گئے آنسوؤں کا رنگ عام بہتے آنسوؤں سے کچھ مختلف ہوتا تو شاید بہت سی باتیں ان کہی اور بہت سے لفظ بچ جاتے...... عامر بن حبیب نے گھبرا کر کہا۔''ارے...... یہ کیا...... اتنا بہادر لڑکا یوں رو رہا ہے...... کوئی دیکھے گا تو کیا کہے گا......''۔ عامر نے آگے بڑھ کر مجھے گلے لگا لیا اور پھر وہاں موجود سبھی کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ اور میں جب رویا تو یوں ٹوٹ کر رو دیا کہ کئی جنموں کا قرض ادا ہو گیا۔ وہ سبھی مجھے تھپکیاں اور دلاسے دیتے رہے۔ پُر وا جو پہلے ہی بے حد گھائل تھی۔ اپنے آنسو ان سب سے چھپا نہیں پائی اور پھر وہ وہاں نہ رُک سکی اور تیز قدموں سے چلتی ہوئی اسٹیڈیم سے باہر نکل گئی۔ بابر نے میرے شانوں کو پکڑ کر مجھے سیدھا کھڑا کیا اور اپنے ہاتھوں سے میرے آنسو پونچھ ڈالے۔''اچھا کیا تم آج جی بھر کر رو لیے...... لیکن اب یہ آنسو میں اُن کی آنکھوں میں دیکھنا پسند کروں گا جنہوں نے ہم سب کو رُلایا ہے تم ہی ہماری آخری امید ہو آیان...... خدا تمہاری مدد کرے......''



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کچھ ہی دیر میں تمام یونیورسٹی میں یہ خبر پھیل چکی تھی کہ مسلم طلباء نے مجھے بطور اپنا مسلم کونسلر کنفرم کر دیا ہے اور انتظامیہ کو بھی قاعدے کے مطابق اطلاع کر دی گئی۔ شام تک بے حد مصروفیت رہی لیکن مجھے یاد تھا کہ آج رات مجھے ٹم کا مقابلہ کرنا ہے۔ مجھے بسام کی رہائی کے لیے پیسوں کی اشد ضرورت تھی لہٰذا میں ٹھیک وقت پر رات دس بجے مین ہیٹن کی اُس سنسان گلی میں پہنچ چکا تھا جہاں آج وہ آخری بازی کھیلی جانی تھی۔ گلی میں نیگروز اور دوسرے کھلاڑیوں کا رش بڑھتا جا رہا تھا کیونکہ آج ان کے چیمپئن ٹم کا مقابلہ مجھ سے ہونا تھا۔ کیلی kelly نے ایک بار پھر مجھ سے پوچھا کہ میں مقابلے کے لیے تیار ہوں اور میں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ کچھ ہی دیر میں ٹم بھی اپنی سپر بائیک پر گلی میں داخل ہوا۔ ہم دونوں کی نظر ایک دوسرے سے ٹکرائی۔ اور پھر ٹم سے ہوتی ہوئی میری نظر ٹم کی بائیک پر جم کر رہ گئیں۔ ایک نئی پریشانی میری منتظر تھی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 9

ٹم Tim نے اپنی بائیک کو ڈبل سائیلنسر کروا لیا تھا۔یعنی اب اس کی بائیک پہلے سے کہیں زیادہ طاقت ور ہو چکی تھی۔ٹم نے مسکرا کر میری جانب دیکھا۔"کیوں پھر اپنی جان جوکھم میں ڈالنے آگئے ہو لڑکے......؟سچ مانو تو اب تمہیں ہرانے کو جی نہیں چاہتا......اب بھی وقت ہے...... میرے مقابل فہرست سے اپنا نام واپس لے لو......"میں اپنی جگہ جما رہا......ٹم نے اپنی بات جاری رکھی۔"میں دیکھ رہا ہوں تمہاری بائیک......وہی پرانی ہے......جبکہ میں نے اپنی بائیک میں نئے پاور سائلنسر بھی لگوا لیے ہیں......یہ تو برابر کا مقابلہ نہ ہوا......"میں نے اطمینان سے ٹم کو جواب دیا۔ "تم نے اُس دن خود ہی تو کہا تھا کہ مقابلہ جیتنے کے لیے صرف مشین کا نیا ہونا ہی آخری وجہ نہیں ہوتی......اور بھی کچھ سوا چاہیے ہوتا ہے......آج میں صرف اپنی بائیک کے بل پر یہ مقابلہ لڑنے نہیں آیا ہوں......کچھ اور بھی ہے جو مجھے اکسا رہا ہے......"

ٹم نے غور سے میری جانب دیکھا"ٹھیک ہے......جیسے تمہاری مرضی لیکن ہار جاؤ تو پھر کوئی بہانہ نہ کرنا......جیت کا مزہ کرکرا ہو جاتا ہے"۔"بے فکر رہو......مجھے بہانے بازی کی عادت نہیں ہے......چاہے جیت ہو یا ہار......مکمل اور بھرپور ہوگی......"ٹم Tim اپنی بائیک کی جانب بڑھ گیا۔ہم آج اُسی پرانی گلی کے کشادہ حصے میں ایک بار پھر جمع ہوئے تھے جہاں آگے چل کر یہ گلی آدھی رہ جاتی تھی۔کھیل کے تمام انتظامات مکمل تھے۔اور گلی کے تنگ دھانے کو آج ایک دروازے کے آدھے پٹ سے نصف بند کیا گیا تھا۔آخری اشارہ ہونے سے پہلے نیگرو کیلی kelly میرے پاس آیا۔وہ کچھ پریشان تھا۔"ہے(HEY) آیان......تم نے شاید ٹم کی بائیک نہیں دیکھی۔وہ تمہاری بائیک کی دوگنی رفتار سے بھی تیز دوڑ سکتی ہے......"۔"جانتا ہوں......لیکن گلی کا تنگ دھانہ شروع ہونے سے پہلے وہ جس آخری حد رفتار تک اپنی بائیک پر کنٹرول قائم رکھ سکتا ہے۔اتنی تیز میری بائیک بھی بھاگ سکتی ہے مجھے صرف گلی تنگ ہونے کی حد تک ٹم کے ساتھ پوری رفتار سے اپنی بائیک دوڑانی ہوگی جس میں میری بائیک کے کنٹرول سے نکل جانے کا خطرہ بہت زیادہ ہے کیونکہ میری بائیک پوری رفتار سے دوڑ رہی ہوگی جبکہ ٹم کے پاس اُس کی بائیک کی آدھی رفتار ابھی باقی ہوگی لہٰذا وہ اپنی بائیک پر مکمل کنٹرول رکھ سکے گا۔ہاں......البتہ ایک بار ہم دونوں گلی کے تنگ حصے میں داخل ہوگئے تو وہاں صرف انیس بیس کا ہی فرق رہ جائے گا۔اور جو اُنیس رہ گیا وہ دوڑ ہار جائے گا......"۔کیلی نے اپنے ہاتھ سے اپنے سینے پر صلیب کا نشان بنایا۔"خداوند تم پر رحم کرے......تم جان بوجھ کر خودکشی کر رہے ہو کیونکہ آج تک میں نے تو کسی کی پوری رفتار سے بھاگتی ایک بے قابو بائیک کو بنا ٹکرائے اس تنگ سرنگ میں جاتے دیکھا تو نہیں ہے......اور ٹکرانے کے بعد اُن رائیڈرز کا کیا حال ہوتا ہے یہ تم بھی اچھی طرح جانتے ہو۔"

میں نے آسمان کی طرف دیکھا۔"کیلی......تم خدا پر یقین کرتے ہو......؟"کیلی نے جلدی سے سر ہلایا۔"ہاں......ایسے موقعوں پر تو بس ایک اُسی کا یقین باقی رہ جاتا ہے......"میں بائیک پر بیٹھ گیا۔تو بس یوں سمجھ لو کہ آج میں بھی اپنے اللہ کے بھروسے اور توکل یہاں اس گلی میں کھڑا ہوں......اور سنو......بسام جیل میں ہے......اگر مجھے کچھ ہو جائے تو اُسے خبر نہ کرنا......ایرک اور جم کو اطلاع دے دینا......سمجھ گئے نا......"کیلی


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

نے جلدی سے سر ہلایا کیونکہ تم اپنی بائیک کو بار بار ریس دے کر مقابلہ شروع کرنے کی ضد کر رہا تھا۔

اُلٹی گنتی شروع ہو گئی۔ تین، دو...... ایک...... اور ہم کمان سے نکلے ہوئے دو تیروں کی طرح گولی کی رفتار سے دوڑتی اور غراتی ہوئی بائیکس پر سوار اپنے ٹارگٹ کی طرف بڑھے۔ گلی کے کھلے حصے سے تنگ حصے تک کا فاصلہ تقریباً ایک ہزار گز اور اتنا ہی فاصلہ تنگ گلی سے باہر نکلتے دروازے تک کا تھا۔ میں نے پانچ لمحوں میں ہی بائیک کا ایکسی لیٹر پوری قوت سے دبائے رکھتے ہوئے بائیک کو پانچویں گیئر میں ڈال دیا تاکہ میں اس کی پوری رفتار حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکوں۔

لیکن تم کے پاس اپنی بائیک کی ابھی آدھی رفتار باقی تھی۔ اس لیے وہ بنا کوئی خطرہ لیے اپنی بائیک کو قابو میں رکھ کر بھی میری بائیک جتنی رفتار حاصل کر سکتا تھا۔

پہلے ہزار گز کے لیے ہماری رفتار پہلے ہی انتہا سے زیادہ تھی۔ اس بار میرے اندر وہ کلر انسٹنکٹ Killer instinct پہلے لمحے میں ہی اپنی پوری قوت سے جاگ چکی تھی۔ دوسرے کو کچل کر آگے بڑھنے کا جذبہ...... اپنی جیت کے لیے دوسرے کو مسلنے اور برباد کرنے کے لیے پوری قوت لگا دینے کا شاید کوئی اپنا ہی نشہ ہوتا ہے۔ اور یہی نشہ ہمیں ہر خطرے کی فکر سے آزاد کر دیتا ہے۔ میں بھی ان لمحوں میں ہر ڈر ہر خطرے سے آزاد ہو چکا تھا۔ تم ٹھیک ہی کہتا تھا کہ گلیڈیٹرز اگر کٹہرے میں چھوڑے جانے والے شیر کے گھائل ہونے کی فکر میں پڑ جائے تو پھر میدان سے اُن کی ادھڑی ہوئی لاش ہی باہر جاتی...... اس وقت مجھ اور تم میں سے بھی کوئی ایک وہ گلیڈیٹر تھا اور دوسرا کٹہرے میں اُترا ایک بھوکا آدم خور شیر...... اب ہم دونوں میں سے کسی ایک کو ہی فاتح واپس لوٹنا تھا۔ گلی کا تنگ دہانہ تیزی سے قریب آرہا تھا۔ تم کی شروع میں کی گئی ذرا سی احتیاط اور میری ابتداء سے ہی ہر حد کو پار کر دینے کی کوشش نے ہم دونوں کی بائیکس کو اب تک تقریباً ساتھ ہی رکھا ہوا تھا۔ تم مجھ سے چند سینٹی میٹر آگے تھا اور یہ چند سینٹی میٹر بھی میرے لیے میلوں جیسے تھے۔ میں نے جان بوجھ کر تم کی بائیک کو ایک طرف دبائے رکھنے کے لیے اپنی بائیک کو خطرے کی حد سے زیادہ ترچھا جھکا دیا۔ اس صورت میں اگر ایک چیونٹی برابر کنکر بھی میری بائیک کے پہیے کے نیچے آ جاتا تو میں پھسل کر نہ جانے کتنی قلابازیاں کھاتا ہوا سامنے دیوار سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتا...... تم نے چلا کر مجھے خبردار کرنے کی کوشش بھی کی لیکن میں اُسے گلی میں ان چند سینٹی میٹرز کی برتری کے ساتھ داخل ہوتے نہیں چھوڑ سکتا تھا۔ تم کو مجبوراً خود کو میری بائیک سے کچھ فاصلے پر رکھنا پڑا...... نتیجہ ہم دونوں ایک ساتھ تنگ گلی کی سرنگ میں داخل ہو گئے۔ آس پاس قطاروں میں کھڑے تماشائی لڑکوں کے شور سے فضا گونج رہی تھی۔ مجھے کہیں دور سے کیلی کی چلاتی ہوئی آواز سنائی دی۔ ”شاباش لڑکے...... مار دو یا مر جاؤ...... تم ایسا کر سکتے ہو......“۔

لیکن اب تم کی تمام حسیات بھی جاگ چکی تھیں۔ اُسے پتا چل گیا تھا کہ اس بار اُس کا مقابلہ صرف ایک بائیک سے نہیں ہے بلکہ اس کا اصل مدمقابل اس بائیک کا سوار ہے۔ اور شاید دنیا کی ہر جنگ کا سب سے بڑا اصول اور راز بھی یہی ہے کہ جنگ ہمیشہ حریف کے حوصلے اور اس کے اندر کے انسان کی صلاحیت سے لڑی جاتی ہے۔ ہتھیار اور اوزار ایک اضافی طاقت تو ہو سکتے ہیں لیکن کسی بھی جنگ کی فتح کی ضمانت ہرگز نہیں...... شاید اسی لیے دشمن کو کبھی کمزور نہ سمجھنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ انسان سے بڑا اوزار اور اس کے حوصلے سے بڑا ہتھیار بھلا اور کیا ہوگا؟



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میں اور ٹم ہر گزرتے لمحے کے ساتھ سرنگ کے دہانے سے قریب تر ہوتے جا رہے تھے۔ اس وقت ہماری بائیکس تقریباً ایک دوسرے میں اُلجھی ہوئی دوڑ رہی تھیں۔ میرا ترچھا ہینڈل ٹم کی بائیک کی ہیڈ لائٹ کو چھو رہا تھا اور ٹم کی بائیک کا جھکاؤ دونوں بائیکس کے ٹینکس Tanks کو بار بار ٹکرانے پر مجبور کر رہا تھا۔ اس وقت اگر غلطی سے ہم دونوں میں سے کسی ایک کا بھی پاؤں بریک کو صرف چھو لیتا تو ہم دونوں ہی فضا میں قلابازیاں کھا رہے ہوتے۔ آخری سو گز باقی رہ گئے تھے۔ میری کن پٹی سے شدید تناؤ کے باعث پسینے کا ایک قطرہ گر کر فضا میں تحلیل ہو گیا۔ ٹم نے جھنجھلاہٹ میں اپنی بائیک کی سپیڈ انتہائی حد تک بڑھانے کی آخری کوشش کی۔ لیکن میں نے اپنی بائیک تقریباً آدھی ترچھی اُسی کی بائیک پر ہی جھکا رکھی تھی۔ فضا میں ہم دونوں کی بائیکس کی آپس میں رگڑ کی وجہ سے تیز چنگاریاں نکلیں...... ٹم کی بائیک شدید طاقت ور تھراٹل Throttle سے کسی اندھے بھینسے کی طرح اچھلی اور میری اُلجھی ہوئی بائیک سے ٹکرا کر اُسے بھی اپنے ساتھ دھکیلتے ہوئے آگے کو بڑھی۔ میں نے اپنے جسم کی پوری قوت لگا کر اپنی بائیک کو سیدھا رکھنے کی کوشش کی اور اگلے ہی لمحے میں اور ٹم دونوں ہی ایک دوسرے سے ٹکرائے اور دروازے کو توڑتے ہوئے فضا میں اُچھلے۔ ہماری بائیکس پھسل کر ہمارے نیچے سے نکلیں اور ہم دونوں سمیت فضا میں لہراتی ہوئی باہر کھلی سڑک پر آ گریں۔ ٹھیک ایک لمحہ پہلے اس سڑک سے ایک 22 بائیس ویلر wheeler بھاری ٹرک تیزی سے ہارن بجاتا ہوا گزرا اور اس کے پہیوں کی سڑک سے رگڑ کی جلتی ہوئی مہک ابھی باقی تھی جب میں اور ٹم زوردار آواز کے ساتھ منہ کے بل سڑک پر آ گرے۔ مجھے لگا میری ساری ہڈیاں ایک ساتھ ہی کسی بڑے گرائنڈر Grinder میں مجھ سمیت ڈال کر پیس دی ہوں۔ میں نے کراہ کر آنکھیں بند کر لیں۔ میرا جی چاہ رہا تھا کہ اب مجھے دوبارہ کبھی یہ پلکیں اُٹھانے کی زحمت بھی نہ کرنا پڑے۔ کیونکہ اس وقت مجھے اپنی پلکوں کا وزن بھی ہزاروں ٹن جتنا بھاری لگ رہا تھا۔ جب ہم اپنے اندر کے آخری ریشے تک کو ملوث کر کے شدید مشقت اور محنت کے بعد کوئی جنگ ہارتے ہیں تو اس ہار کے اندر بھی ایک طمانیت چھپی ہوتی ہے۔ اپنے مطمئن ضمیر کے سراہے جانے کا سکون شامل ہوتا ہے کہ ہم نے اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ آنکھیں بند ہوتے وقت میرے اندر بھی اُسی طمانیت کی ایک لہر اُٹھ رہی تھی۔

جانے کتنی صدیاں یونہی گزر گئیں۔ پھر مجھے ایک ساتھ بہت سی آوازیں اور ملا جلا شور سنائی دیا۔ کوئی میرے چہرے پر پانی کے چھینٹے مار کر میرے گال تھپتھپا رہا تھا۔ ہے (HEY) آیان...... ہوش میں آؤ...... تم ٹھیک تو ہو......؟ تم جیت گئے Man ہے اور جیت کے اس لفظ نے مجھے واپس ہوش میں لانے کے لیے جیسے ایک زور آور Talyst کا کام کیا۔ میں نے کراہتے ہوئے پلکیں اُٹھائیں تو وہ سب مجھ پر جھکے ہوئے تھے۔ میری ضروری ''مرہم پٹی'' کی جا چکی تھی۔ دور میری اور ٹم کی بائیکس کے کچھ مڑے تڑے ڈھیر میں سے ہلکا ہلکا سا دھواں اُٹھ رہا تھا۔ کیلی نے ہاتھ سے پکڑ کر مجھے کھڑا کر دیا اور میرے منہ سے بہت سی آہیں اور کراہیں نکلیں۔ ''ٹم کہاں ہے......؟'' دوسرا نیگرو مارٹن زور سے ہنسا۔ ''وہ بھی دوسرے فٹ پاتھ پر پڑا کراہ رہا ہے......'' پتا چلا کہ آخری بیس گز میں جب ٹم کی بائیک نے انتہائی تیز تھراٹل Throttle کی وجہ سے میری بائیک کو اپنے راستے سے دھکیلنے کی کوشش کی تھی تو ٹم کی بائیک کے جھٹکے کی وجہ سے میری بائیک بھی اُچھل گئی تھی لیکن یہی بات ٹم کی ہار کا باعث بن گئی کیونکہ اس کی بائیک کی اندھا دھند طاقت نے میری بائیک کو اچھال کر دروازے کی جانب پھینک دیا تھا اور پھر جب ٹم کی بائیک میری بائیک سے ٹکرائی تو پہلے میری اور پھر ٹم کی بائیک ہم دونوں سمیت ہوا میں اُچھلتی ہوئی باہر سڑک پر آ گریں۔ اور اس طرح میری بائیک چند انچ کے فاصلے سے آگے رہنے کی وجہ سے یہ مقابلہ جیت گئی تھی۔ میں نے نظر اُٹھا کر آسمان کی جانب دیکھا۔ اس وقت مجھے شدت سے یہ احساس ہوا کہ مجھے ٹھیک طرح سے اللہ کا شکر ادا کرنا بھی نہیں آتا شاید



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

جتنی بڑی کامیابی یا خوشی وہ ہمیں عطا کرتا ہے، اُسی قدر ہمارے اندر موجود لفظوں کا ذخیرہ بھی کم ہو جاتا ہے......؟ عام حالات میں اپنی دعاؤں میں بے حد نظم ونسق اور سلیقے سے جڑے الفاظ ادا کرنے والے شدید خوشی یا کسی انہونی فتح کی صورت میں میری طرح بس "غوں غاں" کر کے ہی رہ جاتے ہوں گے......؟؟۔ میں دوسری جانب اپنے ساتھیوں میں گھرے ٹم کی جانب بڑھا اور اُسے بھی ہاتھ سے پکڑ کر کھڑا کر دیا۔ ٹم نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔" تم نے تو آج مجھے مار ہی ڈالا تھا آیان...... مجھے اب بھی یقین نہیں آ رہا کہ تم جیت چکے ہو......"۔ میں نے مسکرا کر اسے دیکھا۔ یہ مشورہ تمہارا ہی تھا...... کہ تم سے مقابلہ کرنے سے پہلے مجھے خود میں وہ کلر انسٹنکٹ killer instinct پیدا کرنی ہوگی۔" ٹم نے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا" آئندہ میں کسی کو اپنے راز بتاؤں تو تم سب مل کر مجھے مارنا......" ٹم کے سب ساتھی بھی مجھ سمیت ہنس پڑے۔

کیلی نے مقابلے کی انعامی رقم میری جیب میں ٹھونس دی" جاؤ...... جا کر عیش کرو لڑکے...... میں تمہاری بائیک کی" باقیات" تمہارے مکینک کے پاس بھجوا دوں گا......"۔ میں لڑکھڑاتا ہوا سب سے ملنے کے بعد جانے کس وقت اپنے اپارٹمنٹ پہنچا اور بستر پر ڈھے گیا۔ اگلے روز بھی میرا جسم کسی پھوڑے کی طرح دکھ رہا تھا لیکن میں بستر میں پڑے رہنے کی عیاشی مول نہیں لے سکتا تھا کیونکہ آج مجھے کسی بھی حال میں بسام کے لیے کسی بہتر وکیل کا بندوبست کرنا تھا۔ 12 بجے دوپہر عرفی ماموں بھی میری طرف آ گئے اور ہم اکٹھے ہی گھر سے نکل پڑے۔ عرفی ماموں میری لڑکھڑاہٹ دیکھ کر پریشان سے ہو گئے۔" خیریت تو ہے بھانجے...... تمہاری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی......"۔" نہیں...... میں ٹھیک ہوں...... بس ہلکی سی موچ ہے پاؤں میں......" ماموں نے بے یقینی سے میری طرف دیکھا لیکن چپ رہے...... ہم شہر کے مشہور وکیل آسٹن کے پاس جا رہے تھے۔ جس کی شہرت ایسے کیسز میں بہت اچھی تھی۔" آسٹن چیمبرز" بروک لین برج کے قریب ہی تھا اور اُس کی راہداری میں باہر کی جانب کھلتی کھڑکیوں کی طویل قطار سے اندر آتی نرم دھوپ کے مستطیل ٹکڑے فرش پر یوں بچھے ہوئے تھے جیسے کسی نے باقاعدہ انہیں" سوکھنے" کے لیے زمین پر ڈالا ہو۔ برآمدے میں منی پلانٹ کی سبز بیلیں بھی دور تک ستونوں سے لپٹی ہوئی تھیں۔ کافی ماحول دوستانہ قسم کا دفتر تھا وہ، کچھ دیر میں آسٹن کی سمارٹ سی سیکریٹری نے ہمیں اندر جانے کی اجازت دے دی۔ اور میں ماموں کے ساتھ آسٹن کے کمرے میں داخل ہو گیا۔ آسٹن نظر کی عینک لگائے ایک دھان پان سا شخص تھا جس کے ہونٹوں پر ہمیشہ ایک دھیمی سی مسکراہٹ چپکی رہتی تھی۔ اس نے غور سے ہماری ساری بات سنی اور پھر کچھ دیر تک کیس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد بولا۔" بظاہر تو یہ کوئی خاص اُلجھا ہوا کیس نہیں لگتا...... تمہارے بھائی کو دو نہیں تو چار پیشیوں کے بعد باہر آ جانا چاہیے کیونکہ اس پر کوئی جرم ثابت نہیں، نہ ہی کوئی چارج لگایا گیا ہے...... پھر تم لوگوں نے سرکاری یا ریستوراں کے وکیل پر اکتفا کیوں نہیں کیا......؟ معاف کیجیے گا شاید یہ بات کاروباری اصولوں کے خلاف ہو لیکن اتنے سے کام کے لیے آپ کو میری بھاری فیس بھرنے کی کوئی خاص ضرورت نظر نہیں آ رہی مجھے...... آپ لوگ پھر سوچ لیں......" مجھے آسٹن کی یہ صاف گوئی پسند آئی۔ میں نے اپنی جیب سے پیسے نکال کر میز پر رکھے۔" سچ تو یہ ہے کہ میرے پاس پیسے بھی بمشکل آپ کی دو پیشیوں کی فیس جتنے ہی ہیں۔ لیکن یہ پیسے میں نے صرف آپ کی فیس بھرنے کے لیے ہی کمائے ہیں۔ اب ان پیسوں کے بدلے کوئی مجھے امریکہ کی صدارت بھی پیش کرے تو وہ میرے لیے بے مصرف ہوگی۔ میں جانتا ہوں آپ چھوٹے موٹے کیس نہیں لیتے۔ لیکن یہ ہمارے لیے دنیا کا سب سے اہم کیس ہے۔ سنا ہے وکیل جذبات سے ہٹ کر سوچتے ہیں...... لیکن میری درخواست ہے کہ آپ یہ مقدمہ جذبات کی بنیاد پر لڑیں...... ہاں اگر میرا بھائی ان دو پیشیوں میں باہر نہ آ سکا تو یہ ہماری اور اُس کی قسمت......" آسٹن غور سے میری طرف



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

دیکھتا رہا۔ ”بہت محبت کرتے ہو اپنے بھائی سے......؟ اچھا لگا مجھے سن کر...... رشتوں اور جذبات سے عاری اس امریکن معاشرے میں یہ محبت کسی تازہ پھول کی طرح محسوس ہوتی ہے...... چلو ٹھیک ہے...... اس بار جذبات ہی سہی...... تم یہ فارم بھر دو اور یہ پیسے واپس جاتے ہوئے کاؤنٹر پر جمع کراتے جانا...... میں کوشش کروں گا کہ تمہارے بھائی کو زیادہ عرصہ قید میں نہ گزارنا پڑے......“ عرفی ماموں کے چہرے پر بھی رونق سی آ گئی۔ میں نے کاغذات بھر دیئے اور ہم معاوضے کی رسید لے کر آسٹن کے دفتر سے نکل آئے۔ میں ماموں کو اُن کے اسٹور چھوڑتا ہوا یونیورسٹی چلا آیا۔ کل شام سے لے کر اب تک یہ سب کچھ اتنی تیزی اور تواتر سے پیش آیا تھا کہ میں کچھ دیر کے لیے بھی سنبھل نہیں سکا تھا۔ آج جب بسام کے لیے وکیل کا انتظام ہو گیا تھا تو مجھے کچھ فرصت ملی تھی۔ مجھے گزشتہ روز پُروا سے ہوئی وہ ملاقات یاد آئی جس میں اُس نے اپنے معصوم من کے کچھ راز مجھ سے بانٹے تھے۔ وہ اتنی بھولی تھی کہ اُسے یہ بھی نہیں پتا تھا کہ ایسے کومل راز دل کی سرحدوں کو پار کر کے دوسرے کی سماعتوں کے شریک بن جائیں تو کئی بار اپنی حرمت کھو دیتے ہیں کون جانے سننے والے کا ظرف اتنا بلند ہو بھی یا نہیں کہ وہ اس نازک جذبے کی قیمت کو جان سکے......؟ اور پھر امریکہ جیسے مادر پدر آزاد معاشرے میں محبت کا مفہوم زیادہ تر جنس کی صورت ہی لیا جاتا تھا۔ ایسے میں بھلا یہ نازک آب گینوں جیسی اور دل کی محرم باتیں بھلا کسے سمجھ میں آتیں......؟ میں نے سوچا کہ میں کسی وقت اطمینان سے پُروا کو سامنے بٹھا کر یہ سب سمجھاؤں گا۔ لیکن وہ آج یونیورسٹی آئی ہی نہیں تھی۔ صنم کبیر بھی بسام کی گرفتاری کی وجہ سے روز بروز بجھتی سی جا رہی تھی۔ میرے سامنے وہ میری ہمت باندھنے کے لیے لمبی لمبی تقریریں کرتی رہتی تھی لیکن میں جانتا تھا کہ اس کے چہرے پر پھیلی وہ شفق جیسی لالی دن بہ دن دھیمی کیوں پڑتی جا رہی تھی۔ مجھے تو یہی سمجھ نہیں آتا تھا کہ یہ لڑکیاں اپنے دل میں بیک وقت اتنے درد چھپا کر زندہ کیسے رہ لیتی تھیں......؟

مسلم طلبہ نے ظہر کی نماز کے لیے یونیورسٹی کے عقبی دالان کے ایک چھوٹے سے گوشے کو چنا تھا۔ میں وہاں پہنچا تو بنگالی حافظ قرآن، شکیل کی معیت میں وہ سب باجماعت نماز پڑھ رہے تھے۔ شکیل کے سلام پھیرنے تک میں غور سے ان سب کو دیکھتا رہا۔ آخر کچھ تو کشش ہو گی اس سجدے میں جو انہیں سارے کام اور تمام مصروفیات بھلا کر یہاں اکٹھا ہونے پر مجبور کر دیتا تھا۔ مجھے وہاں کھڑے دیکھ کر وہ سب میرے اطراف جمع ہو گئے۔ احمر نے جوش میں میرا ہاتھ تھام لیا۔ ”ایان...... آج ہم نے یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کیمپس میں سجدہ کیا ہے...... اور یہ موقع اللہ نے تمہارے توسط سے ہمیں عطا کیا ہے...... ہم سب تمہارے شکر گزار ہیں......“ میں نے اس کا شانہ تھپکا...... ”یہ ہم سب کی مشترکہ جیت ہے...... لیکن ابھی ہمیں اپنی شناخت کا بہت لمبا سفر طے کرنا ہے...... تم سب میرا ساتھ دینا......“ سب نے زور و شور سے سر ہلا کر اپنی وفاداری کی تجدید کی۔ ہجوم میں سے کسی نے مجھے چھیڑا۔ ”ہے (HEY) کونسلر...... تم خود نماز کیوں نہیں شروع کر دیتے...... ہمیں بڑی خواہش ہے کہ تمہاری سربراہی میں جماعت ادا کریں......“ سب ہنسے میرے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ آ گئی۔ ”ہماری زبان میں ایک بڑی مشہور کہاوت ہے کہ۔ ”نیم حکیم خطرہ جان اور نیم ملا خطرہ ایمان......“۔“ وہ سب قہقہہ مار کر ہنس پڑے۔ بات سے بات نکلی لیکن مجھے شیخ الکریم کی نماز سیکھنے کے بارے میں کی گئی نصیحت یاد آ گئی۔ جانے کیوں لیکن مجھے ہمیشہ ہی سے نماز پڑھنے میں ایک عجیب سی جھجک مانع رہتی تھی۔ جیسے میں اس مقدس فرض کو ادا کرنے کے لائق ہی نہیں ہوں۔ میرے اندر ایک اور عجیب سا احساس بھی ہمیشہ پلتا رہتا تھا کہ جب ایک بار انسان نماز کی تمام تیاری کر کے، وضو سے اپنے آپ کو پاک کر کے سر کو ڈھانپ کر اُس اللہ کی بارگاہ میں کھڑا ہو جائے۔ تو پھر اُس کا دوبارہ اس دنیا کے جھمیلوں کی طرف پلٹنے کا کیا جواز باقی رہ جاتا ہے......؟ لیکن یہ عبادت زندگی بھر میں اگر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

صرف ایک بار ہی فرض ہوتی تو کیا تب بھی ہم اپنی عبادت ختم کر کے دوبارہ گناہوں کی طرف پلٹ نہ جاتے؟ مجھے ہمیشہ ہی یہ دھڑکا لگا رہتا تھا کہ میں نماز پڑھنے کے بعد پھر سے اپنی اسی آلودہ زندگی کی طرف لوٹ آیا تو میری عمر بھر کی عبادت ہی ضائع ہو جائے گی۔ میں اپنے اُس پہلے سجدے کو بچا کر رکھنا چاہتا تھا۔ تاوقتیکہ وہی ایک سجدہ میری نیا پار لگا دے..... اور پھر مجھے دوبارہ اس گناہوں سے آلودہ کنارے پر واپس پلٹ کر نہ آنا پڑے۔ جانے میرے نصیب کا وہ آخری سجدہ کب اور کس خاک کے مقدر میں لکھ دیا گیا ہوگا؟ میں اپنے مسلم گروپ کے ساتھ یونیورسٹی کے اکیڈمک بلاک میں پہنچا تو صحن کی سیڑھیوں پر ہماری مڈبھیڑ اوپر سے آتے شمعون اور مائیکل پر پڑی جو چند یہودی لڑکوں کے ساتھ سیڑھیاں اُتر رہے تھے..... چند لمحوں کے لیے ہم دونوں گروہ رک گئے۔ میں اور شمعون کچھ دیر تک ایک دوسرے کی آنکھوں میں جھانکتے رہے۔ شمعون نے مجھ پر طنز کیا۔

''بڑی تیزی سے مقبول ہو رہے ہو مسلم کونسلر.....؟ لیکن یاد رکھنا جو بہت تیزی سے اوپر جاتے ہیں، وہ اتنی ہی تیزی کے ساتھ نیچے بھی آ گرتے ہیں..... خود کو گرنے سے بچا لینا..... اگر بچا سکو تو.....'' احمر غصے میں ایک قدم آگے بڑھا لیکن میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور شمعون کی طرف دیکھا۔ ''مجھے جتنا گرنا تھا..... تم لوگوں کا ساتھ دے کر اُس سے کہیں زیادہ گر چکا ہوں۔ مگر اب میرے اُٹھنے کی باری ہے..... اور یاد رکھنا..... جس دن میں اپنے پورے قد کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ اُس دن تم جیسوں کو شاید بیٹھنے کی جگہ بھی نہ ملے..... ہو سکے تو اپنا اور اپنے جیسوں کا پہلے ہی سے کچھ بندوبست کر لینا.....'' میرا جواب سن کر شمعون کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا اور اگر ٹھیک اُسی وقت ڈپٹی ڈین کا وہاں سے گزر نہ ہوتا تو بات کافی بڑھ جاتی۔ ڈپٹی ڈین نے ہمیں سیڑھیاں خالی کرنے کا حکم دے دیا کیونکہ ہماری وجہ سے بھیڑ جمع ہو رہی تھی لہٰذا ہم دونوں ایک دوسرے کو گھورتے ہوئے مخالف سمتوں میں چل پڑے۔

شام کو میں بسام سے ملنے گیا تو اس نے بتایا کہ اگلے روز نائن الیون کی وجہ سے ان سب لڑکوں کی پیشی کو دو روز کے لیے مؤخر کر دیا گیا ہے۔ میں نے بسام کو تسلی دی کہ ہم نے اُس کے لیے آسٹن نامی وکیل کر لیا ہے اور اب وہ جلد ہی باہر نکل آئے گا۔ بسام نے میرے جسم اور ہاتھوں پر بڑی خراشیں دیکھ کر مجھے گھورا۔ ''تم نے پھر ریس لگائی ہے.....؟'' لیکن میں اس کی بات ٹال گیا۔ اگلی صبح نیویارک میں ہوئے ایک ایسے خوفناک حادثے کی یاد دلاتی صبح تھی جس نے تمام دنیا کی تاریخ بدل کر رکھ دی تھی۔ 11 ستمبر کی اس صبح جب میں یونیورسٹی جانے کے لیے گھر سے نکلا تو شہر میں ایک عجیب ہو کا عالم تھا۔ حادثے ہو کر گزر جاتے ہیں پر اپنی تکلیف دہ یادیں عمر بھر کے لیے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ گراؤنڈ زیرو پر ان عمارتوں کے انہدام کی جگہ پر گزشتہ رات سے ہی مرنے والوں کی یاد میں موم بتیاں جلا کر رکھنے کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔ چاہے کچھ بھی ہو..... وہ سب مرنے والے انسان تھے اور معصوم بھی..... میں نے بھی ایک شمع اُن کی یاد میں روشن کر دی۔ میں بس سے اُتر کر یونیورسٹی کی پارکنگ لاٹ میں داخل ہوا۔ تو نہ جانے مجھے وہاں بھی شہر کی طرح ایک عجیب سے سناٹے کا احساس ہوا۔ آج مسلم طلبہ نے کیمپس میں عید منانے کا اہتمام کیا تھا۔ لیکن مجھے اکیڈمک بلاک تک پہنچتے ہوئے کہیں بھی اس روایتی عید کی جھلک نظر نہیں آئی۔ اچانک سامنے سے احمر تیزی سے چلتا ہوا نظر آیا۔ ''اوہ آیان..... کہاں تھے تم..... پولیس نے بابر سیدی کو نائن الیون پر یہودیوں پر حملہ کرنے کے منصوبے کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔''



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب10

میرے ہاتھ میں پکڑا ہیلمٹ گرتے گرتے بچا۔ ''کیا......؟ یہ سب کب ہوا......اور تم لوگوں نے مجھے بتایا کیوں نہیں......؟''۔ ''ہمیں خود صبح پتا چلا۔ جانے رات کو کس وقت پولیس نے چھاپہ مارا۔ عامر بن حبیب اس وقت کمرے میں نہیں تھا ورنہ اُسے بھی ضرور گرفتار کر لیا جاتا......''۔ میں تیزی سے مسلم ہاسٹل کی جانب پلٹا۔ ''عامر اس وقت کہاں ہے......'' احمر میرے پیچھے ہی لمبے لمبے قدم اُٹھاتا چلا آ رہا تھا۔ ''اسے ہم لوگوں نے ضمانت ملنے تک روپوش کروا دیا ہے۔ آج عدالتیں بند ہیں......کل اس کی ضمانت کی کوشش کریں گے......''۔ یونیورسٹی میں بھی آج 9/11 کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیاں موقوف تھیں۔ مجھے ہاسٹل کی طرف جاتے ہوئے راہداریوں میں یونیورسٹی آڈیٹوریم میں آج کے دن کی مناسبت سے یہودی طلباء کی جانب سے منعقد کیے گئے سیمینار کے بڑے بڑے بینر اور پوسٹر لگے ہوئے نظر آئے۔ میرا جی چاہا کہ میں ہال میں زبردستی گھس جاؤں اور اسٹیج پر چڑھ کر زور زور سے چلا کر پوچھوں کہ ''یہ جو تم سب آج یہاں مگر مچھ کے آنسو بہانے کے لیے جمع ہوئے ہو مجھے صرف میرے ایک سوال کا جواب دے دو کہ جس روز وہ جہاز عمارت سے ٹکرائے تھے تو پچاس ہزار ملازمین کے ہجوم میں سے ساڑھے پانچ ہزار یہودی ہی کیوں کم تھے......؟ اُس روز اچانک وہ سب کہاں جا چھپے تھے......؟

مسلم ہاسٹل کی گیلری میں داخل ہوتے ہی مجھے بہت سے سفید اور سبز ہلالی نشان والے غبارے اور رنگین جھنڈیاں راہداری میں لٹکتی ہوئی نظر آئیں۔ میری آنکھیں جلنے لگیں مسلمان طلباء نے اس دیارِ غیر میں گھر سے ہزاروں میل دور رہ کر بھی عید کی یاد تازہ رکھنے کے لیے بہت محنت کی تھی لیکن اُن کی یہ عید نیویارک پولیس نے برباد کر دی...... جو گھر سے دور ہوتے ہیں صرف وہی جانتے ہیں کہ ایسے موقعوں پر یہ تہوار کتنے اہم ہوتے ہیں اور کتنا اُداس کر جاتے ہیں۔ مجھے اس روز عید کی اصل اہمیت کا احساس ہو رہا تھا۔ ورنہ آج سے پہلے تو میں اور بسام بھی سو کر ہی یہ دن گزارتے تھے۔ جب تک والدین زندہ تھے تو ممی بہت اہتمام کرتی تھیں عید کا۔ سویاں بھی بنتی تھیں اور انکل فرینکی اور ماموں تو ویسے ہی ہمارے گھر کے شیر خرمہ کے شیدائی تھے۔ عید کے روز ممی ڈانٹ ڈپٹ کر مجھے اور بسام کو کُرتا شلوار پہن کر ڈیڈ کے ساتھ علاقے کی جامع مسجد میں عید کی نماز پڑھنے بھیجا کرتی تھیں اور میں اور بسام ایک دوسرے کو شلوار قمیص میں دیکھ کر خوب ہنستے۔ ممی اور ڈیڈ کے جانے کے بعد اب تو ہر ''عید'' سراب ہو گئی تھی۔

کچھ ایسا ہی منظر مسلم طلبہ کے ہاسٹل کا بھی تھا۔ اُن کی عید بھی خواب ہو چکی تھی۔ وہ بھی ہاسٹل کے فوارے کے گرد سردی میں باہر بیٹھے جانے کن سوچوں میں گم تھے۔ جونیئر طلبا جن کی گھر سے باہر یہ پہلی عید تھی وہ زیادہ پریشان اور اُداس تھے۔ مجھے دیکھتے ہی وہ میرے گرد جمع ہو گئے۔ میں نے ایک جونیئر سٹوڈنٹ کے سینے پر ہلکا سا گھونسہ مارا۔ ''یہ کیا حالت بنا رکھی ہے چھوٹے...... بھلا عید ایسے مناتے ہیں میرے بشاش لہجے نے ان کی کچھ ہمت باندھی۔ میں نے جان بوجھ کر خود کو ان کے سامنے ہلکا پھلکا پیش کیا تھا۔ میں بھی اپنا کٹتا ہوا اندر ان کے سامنے رکھ دیتا تو وہ بالکل ہی رہ جاتے۔ کبھی کبھی شدید پریشانی میں کسی کی ایک مسکان اندھیرے میں روشنی کی ہلکی سی کرن ثابت ہوتی ہے۔ سوڈانی بلال نے غصے سے کہا۔ ''یونیورسٹی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میں بہت دن سے ایک پمفلٹ گردش کر رہا تھا کہ نائن الیون کے سانحے کے دن عید منانے کا مزہ ہم مسلمانوں کو چکھا کر رہیں گے......"۔اس کی بات سن کر باقی سب طلباء بھی جوش میں آ گئے۔"تو ہم کیا اپنی مرضی سے آج عید منا رہے ہیں...... یہ تو چاند کا معاملہ ہے...... اِدھر امریکہ میں گزشتہ کل عید منائی گئی۔ہم باقی مسلم ممالک کے ساتھ منانا چاہتے ہیں تو اس میں ایسا کیا گناہ کر ڈالا ہم نے......"لڑکوں کا غصہ بڑھتا جا رہا تھا"ٹھیک ہے...... ایسا ہے تو ایسا ہی سہی...... چلو آیان...... ہم ابھی چل کر اُن کا سیمینار خراب کرتے ہیں۔ہم عید نہیں منا سکے تو انہیں بھی نائن الیون نہیں منانے دیں گے...... چلو...... سب تیاری کر لو......"سب لڑکے بھڑک کر کھڑے ہو گئے۔"ہاں بالکل ٹھیک ہے...... اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے ہم آڈیٹوریم کی......"سبھی جوش میں آگے بڑھے۔"رُک جاؤ...... پہلے میری بات سن لو......"لیکن وہ سب بپھرے ہوئے تھے"نہیں آیان...... آج نہیں...... آج ہم کسی کی نہیں سنیں گے......"۔"شیخ الکریم کی بھی نہیں......؟"میری زبان سے شیخ الکریم کا نام سن کر وہ سب رک گئے،میں نے بات جاری رکھی۔"تم سب لوگ شیخ الکریم کے لیکچر تو بڑے ذوق وشوق سے سننے جاتے ہو،لیکن محسوس ہوتا ہے کہ مسجد سے نکلتے ہی سب کچھ بھلا دیتے ہو...... کل تک میں بھی تم جیسا تھا، پل میں بھڑک جانے والا...... لیکن میں نے شیخ الکریم سے ہی یہ سیکھا کہ ہماری اسی جلد بازی اور جذباتی پن سے دوسرے فائدہ اُٹھا جاتے ہیں۔وہ ہمیں بھڑکا کر مشتعل کرتے ہیں اور ہم ان کا باقی کام خود آسان کر دیتے ہیں۔عامر بن حبیب اور بابر سیدی کو اس وقت ہماری مدد کی ضرورت ہے لیکن ہم توڑ پھوڑ کر کے انہیں مزید مشکل میں ڈال دیں گے۔ملزم کو مجرم منانے میں اپنے دشمن کی مدد نہ کرو...... میری بات مان لو......"۔"احمر نے بے بسی سے سر پٹکا......"تو ہم کیا کریں...... یونہی چپ کر کے یہ سب دیکھتے رہیں......؟"۔میں نے اس کی جھکی ہوئی ٹھوڑی اپنے ہاتھ سے اوپر کی۔"نہیں...... ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھیں گے...... ہم انہیں جواب دیں...... لیکن اپنے انداز سے...... آج گیارہ ستمبر ہے...... وہی دن جس پر فلوریڈا کے پادری ٹیری جونز نے اُس گستاخی کا اعلان کیا تھا۔آج ہم سب وہیں جائیں گے جہاں ٹیری جونز نے آنے کا اعلان کیا تھا...... ہمارا جواب اُنہیں وہیں ملے گا۔"

سارے گروپ نے حیرت سے میری طرف دیکھا، لیکن وہ چپ رہے۔میں نے اُسی وقت ڈین کے نام ایک درخواست لکھی اور بلال سے کہا کہ وہ جا کر کانفرنس ہال میں ڈین سے اس پر دستخط لے کر گراؤنڈ زیرو پہنچے، تب تک ہم وہاں اُس کا انتظار کریں گے۔ہمارے گراؤنڈ زیرو پہنچنے کے آدھے گھنٹے بعد بلال بھی ڈین کا دستخط شدہ کاغذ لے کر وہاں پہنچ گیا۔یہاں آج ورلڈ ٹریڈ ٹاورز کے گرنے سے ہلاک ہونے والوں کے پیاروں کا رش تھا۔لوگ یادگار کی جگہ پر پھول اور گلدستے نچھاور کر رہے تھے اور شمعیں روشن کر رہے تھے۔میں نے حافظ شکیل کو اشارہ کیا اور اس نے دو سیڑھیاں چڑھ کر اپنی جگہ سنبھال لی۔شکیل نے میری جانب دیکھا ہم سب اس کے سامنے نیم دائرے میں جمع ہو چکے تھے۔میں نے سر ہلا کر اُسے اجازت دے دی اور اُس نے اپنی خوبصورت آواز میں تلاوت شروع کر دی۔لوگوں نے چونک کر حافظ کو دیکھا۔شکیل نے جب تک سورۃ اخلاص کی تلاوت ختم کی لوگ پوری طرح ہماری جانب متوجہ ہو چکے تھے اور وہاں موجود میڈیا کا ہر کیمرہ ہماری فلم بنا رہا تھا۔شکیل کی تلاوت ختم ہوئی تو میں اس کی جگہ اوپر چڑھ آیا۔"میں آیان احمر سنٹرل امریکن یونیورسٹی کا مسلم کونسلر آپ سے مخاطب ہوں۔جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ آج ہماری عید ہے لہٰذا آج ہم سب نے فیصلہ کیا کہ ہم اپنا یہ تہوار یہاں گراؤنڈ زیرو پر نائن الیون کے لواحقین کے ساتھ شمعیں روشن کر کے منائیں گے۔آج یہاں ٹیری جونز تو نہ آیا یا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

لیکن ہم نیویارک کے شہریوں کو یہ بتانے کے لیے اکٹھا ہوئے ہیں کہ ہم نفرتوں کو پھیلانے نہیں ..... ختم کرنے آئے ہیں۔ کل رات ہمارے ایک پیارے ساتھی بابر سیّدی کو پولیس نے دہشت گردی کے شبہے میں گرفتار کرلیا ہے۔ ہم پہلی شمع یہاں بابر سیّدی کی جانب سے بھی روشن کریں گے...... امید ہے آپ سب ہمارے اس پیغام محبت کو ٹیری جونز اور اُس جیسے ہر نفرت کرنے والے تک پھیلائیں گے.....'' میں نے پہلی شمع اُٹھائی اور کیمرے کی جانب دیکھ کر کہا۔ ''بابر..... یہ پہلی تمہاری جانب سے..... اور بسام..... یہ دوسری تمہاری طرف سے.....'' سب مسلم طلبہ اپنے ساتھ لائی ہوئی شمع ایک ایک کر کے جلاتے گئے اور میں نے بلال کو جو گلدستے لانے کا کہا تھا وہ ہم نے دیگر پھولوں کے انبار کے ساتھ رکھ دیئے۔ سارے حاضرین نے زوردار تالیاں بجا کر مسلم طلباء کے اس تاثر کو سراہا۔ میں نے بلال کو ڈین کے نام یہی درخواست لکھ کر بھیجی تھی کہ ہم سب مسلم گروپ والے گراؤنڈ زیرو پر جا کر دعا کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں اجازت دی جائے اور میری توقع کے مطابق اُس نے اجازت دینے میں ذرا بھی تامل نہیں کیا میں جانتا تھا کہ آج نیویارک کا سارا میڈیا یہاں گراؤنڈ زیرو پر جمع ہوگا اور اپنا پیغام دینے کا اس سے بہتر موقع ہمیں پھر شاید کبھی نہ ملے۔ عام امریکن شہریوں اور نیویارک کے باسیوں کے لیے یہ ایک نیا منظر تھا کہ آج تک وہ جس قوم پر نائن الیون کے سانحے کا الزام لگاتے آئے ہیں۔ آج اُسی قوم کی نوجوان نسل ان کے ساتھ مل کر مرنے والوں کے لیے دعا کر رہی تھی۔ دعا ختم ہوئی تو وہاں موجود سبھی لوگوں نے فرداً فرداً مسلم طلبہ کے ساتھ ہاتھ ملایا اور سہ پہر تین بجے جب ہم واپس یونیورسٹی پہنچے تو تمام میڈیا ہر پانچ منٹ بعد یہی خبر نشر کر رہا تھا۔ ہمارا پہلا پیغام نیویارک کے باسیوں تک پہنچ چکا تھا اور اس کے اثرات ہمیں یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی نظر آنے لگے تھے۔ ڈین نے ہمیں دیکھ کر اپنی گاڑی رکوائی اور چل کر ہماری جانب آیا ''ویل ڈن آیان ...... میں نے ٹی وی پر تمہارا پیغام سنا..... تم نے مسلم کونسلری کا فرض خوب نبھایا.....keep it up'' مسلم طلباء ڈین کی مبارکباد اور اس کا یہ نرم لہجہ سن کر حیران سے تھے لیکن مجھے اس دن محسوس ہوا کہ ڈین رابن سن ایک اصول پرست، منطق اور دلیل کا انسان ہے۔ مجھے شیخ الکریم کی کہی ہوئی بات یاد آئی کہ ان گوروں کو اُن کی نفسیات کے مطابق برتنا ہی اصل مسئلہ ہے۔ یہ لوگ کڑوی سے کڑوی بات بھی برداشت کر جاتے ہیں اگر بات اُس زبان اور طریقے سے کی جائے جو اُن کی سمجھ میں آتا ہو۔ آج گراؤنڈ زیرو پر ہم نے اپنا پیغام ان کی زبان میں دیا تھا لہٰذا سب کو سمجھ آ گیا تھا۔

شام کو ہم سب بابر سیّدی سے ملنے اور اسے عید کے پھول اور کارڈ دینے کے لیے ہاسٹل سے باہر نکلے تو سامنے سے اُلجھی اُلجھی اور خود سے روٹھی سی پُروا چلی آ رہی تھی۔ اس نے آتے ہی ہمیں زور و شور سے مبارک باد دی۔ ''میں نے ٹی وی پر تم سب کو ایک نئے روپ میں دیکھا۔ آیان...... تمہیں بہت مبارک ہو..... تم نہیں جانتے کہ اس کے اثرات کہاں تک جائیں گے.....'' احمر نے پُروا سے شکایت کی۔ ''وہ سب تو ٹھیک ہے..... لیکن تم دو دن سے کہاں غائب ہو..... گروپ کی ساری مسلم لڑکیاں تمہارے بارے میں پوچھ پوچھ کر تھک گئی ہیں..... انہیں حوصلہ دینے والا بھی تو یہاں کوئی ہونا چاہیے نا......''

پُروا کی نظر جھک گئی۔ ''بس کچھ طبیعت ٹھیک نہیں تھی میری۔ لیکن تم لوگ فکر نہ کرو...... اب میں آ گئی ہوں..... پُروا ضمیر خان از بیک is back)......'' ہم سب مسکرا دیئے۔ بابر سیّدی بھی اسی لاک اپ میں تھا جہاں بسام کو رکھا گیا تھا۔ البتہ ان دونوں کے بیرک علیحدہ تھے۔ ہم پہلے بابر کے پاس پہنچے تو اسے پہلے ہی ملاقاتیوں والے لمبے ہال میں لایا جا چکا تھا۔ بابر ہمیں دیکھ کر مسکرایا۔ ''تمہارے گراؤنڈ زیرو کے کارنامے کے چرچے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

پہنچ چکے ہیں مجھ تک..... آیان..... لگتا ہے عامر بن حبیب کی روح آج تم میں حلول کر گئی ہے..... اتنا صبر کہاں سے آ گیا تمہارے اندر.....؟'' پتا نہیں..... میں خود نہیں جانتا..... لیکن شاید یہ جنگ ہی صبر اور برداشت کی جنگ ہے.....'' بابر نے میرے پوچھنے پر بتایا کہ نیویارک پولیس نے ٹھیک رات بارہ بجے اُسے اس کے کمرے سے گرفتار کیا تھا۔ اُس پر چند دن پہلے یہودی طلباء کے سامنے نائن الیون کے دن کے لیے دی جانے والی دھمکی کا الزام لگایا گیا تھا جس میں اُس نے کہا تھا کہ اگر ٹیری جونز یا کسی نے بھی نائن الیون کے سانحے کو بہانہ بنا کر اس روز مسلمانوں کے ساتھ کوئی بھی زیادہ کی تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق انہوں نے بابر سیدی کے کمرے سے کچھ متنازعہ لٹریچر وغیرہ بھی برآمد کیا تھا جو بابر سیدی کے ارادوں کو ظاہر کرتا تھا۔ میں نے بابر سے لٹریچر کے بارے میں پوچھا تو اس نے بے زاری سے کہا۔'' کچھ نہیں یار..... ایسے پمفلٹ، پوسٹرز اور کتابیں تو انہیں ہر فلسطینی کے کمرے سے..... نائن الیون سے پہلے بھی مل سکتی تھیں۔ ہماری پوری نسل دل میں یہودی قبضے کے خلاف نفرت لے کر پلی ہے اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات بھی نہیں ہے۔ اس کا نائن الیون سے کوئی تعلق نہیں اور آج اگر یہی نیویارک پولیس شمعون اور مائیکل وغیرہ کے کمرے پر چھاپہ مارے تو انہیں اس سے کہیں زیادہ فلسطین مخالف مواد وہاں سے ملے گا۔ لیکن ہم کمزور ہیں اس لیے ہر پھندا ہماری گردن کے گرد کس دیا جاتا ہے۔ سو یہ الزام بھی میرے ہی سر سہی.....''

میں نے بابر کا ہاتھ زور سے جکڑ لیا۔'' ہم کمزور تھے..... لیکن ہمیشہ نہیں رہیں گے میرے دوست..... چاہے ہزار الزام مزید لگ جائیں..... بس تم ہمت نہ ہارنا.....'' بابر ہنس پڑا۔'' یہ ہوئی نا مسلم کونسلر جیسی بات thats like my councler'' میں انہیں بابر کے پاس چھوڑ کر بسام سے کچھ دیر ملنے جانے کے لیے اُٹھا تو احمر اور پُروا بھی میرے ساتھ چلے آئے۔ بسام کچھ نڈھال سا لگ رہا تھا۔ میں نے اُسے اپنے گلے لگا کر خوب زور زور سے جھنجھوڑا، میں گھر میں ایسا تب کرتا تھا جب وہ کبھی سست پڑ جاتا تھا۔ آخر وہ ہمیشہ کی طرح ہتھیار ڈال کر ہنس پڑا'' بس کر دیار..... ہڈیاں توڑ دو گے کیا.....؟'' میں نے پُروا اور احمر کا تعارف کروایا۔ وہ خوش دلی کے ساتھ دونوں سے ملا اور پُروا کو دیکھتے ہوئے وہ معنی خیز لہجے میں مجھ سے بولا۔ ''اچھا..... تو یہ پُروا ہے..... بھئی خوب ہے.....'' میں نے بسام کو گھورا، پُروا ہنس پڑی۔'' تم سے ملنے کو بہت جی چاہتا تھا میرا..... سو آیان کے ساتھ چلی آئی..... تمہیں بُرا تو نہیں لگا.....'' بسام مسکرایا'' نہیں..... مجھے خوشی ہوئی..... البتہ اس گدھے کے ساتھ اتنی اچھی لڑکی مجھ سے ملنے آتی ہے۔ اس بات کی حیرت ضرور ہے مجھے..... جینی کے بعد تم دنیا کی دوسری لڑکی ہو جس نے اسے شرف دوستی بخشا ہے..... اور مجھے تم دونوں لڑکیوں کی عقل پر کافی شبہات ہیں۔'' اتنے میں عارفین ماموں بھی ہاتھ میں مٹھائی کا ڈبہ لیے وہاں پہنچ گئے'' عید مبارک.....'' اور پھر کچھ ہی دیر میں سارا ہال میرے گروپ کے لڑکوں سے بھر گیا۔ بسام نے حیرت سے سب کو دیکھا۔ حافظ شکیل نے سوچوں کا بٹن بسام کے ہاتھ میں تھمایا۔'' ہم سب تمہیں عید کی مبارک باد دینے آئے ہیں بسام..... بابر کو اجازت نہیں ملی ورنہ وہ بھی اپنی بیرک سے کچھ دیر کے لیے یہاں آنا چاہتا تھا.....'' سب فرداً فرداً بسام سے گلے ملتے رہے اور بسام کی پلکیں نم ہوتی گئیں۔ میں جانتا تھا اسے بھی آج میری طرح ممی اور ڈیڈ یاد آ رہے ہوں گے..... کاش دنیا میڈ ہر چیز کو موت آتی، بس ماں باپ سدا زندہ رہتے تو کتنا اچھا ہوتا.....

ہم لاک اَپ سے باہر نکلے تو شام سو چکی تھی اور نیویارک کی رات جاگنے والی تھی۔ میں سارے گروپ سے اگلے روز کی ملاقات کا وعدہ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کر کے سڑک کی پرلی جانب بڑھنے لگا تو پُروا نے مجھے آواز دے کر روک لیا۔ ''آیان...... دونٹ میری بات سنتے جاؤ......'' میں نے پلٹ کر اسے دیکھا۔ وہ باقی ہجوم سے علیحدہ ہو کر میری جانب چلی آئی۔ ہم سب کچھ دیر پہلے یونیورسٹی کی بس سے وال اسٹریٹ کے گرجا گھر کے قریب اُترے تھے جہاں سے ہم سب کو علیحدہ سمتوں میں جانا تھا۔ گرجا گھر کے اندر روشنیاں جل چکی تھیں اور اندر شاید کسی شادی کی تقریب چل رہی تھی۔ پُروا چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتی میری جانب چلی آئی۔

''میں تم سے اپنے اس روز کے جذباتی پن کی معافی مانگنا چاہتی ہوں...... میں نے زندگی میں پہلے کبھی اس طرح اپنے جذبات پر اختیار نہیں کھویا...... لیکن ہر چیز کا پہلا دن ہوتا ہے...... میں ساری عمر جس جذبے کو صرف انسانی جسم کے اندر ہوتی مادوں کی تبدیلی سمجھتی رہی...... وہ احساس جب مجھ پر طاری ہونے لگا تو میں شاید بُری طرح بوکھلا گئی تھی۔ شاید مجھے خود بھی اپنے اندر ہونے والی اس تبدیلی کا بہت دیر سے پتا چلتا لیکن جب میں نے تمہاری شمعون گروپ کے ساتھ ہوئی ڈیل کا سنا تو پل بھر میں ہی میرے اندر دُور کسی کونے میں چھپا یہ احساس ایک دم ہی اوٹ سے نکل کر سامنے آ گیا اور مجھ سے ایک لمحے میں ہزار بار یہ سوال پوچھ پوچھ کر مجھے نشتر چبھوتا رہا کہ وہ پُروا ضمیر خان جو خود کو ایسے ہر جذباتی احساس سے بالاتر سمجھتی تھی اُسے پسند آنے والا شخص بھلا کیسے غلط ہو سکتا ہے؟ لیکن تب تک شاید میں یہ نہیں جانتی تھی کہ محبت کا اپنا غلط اور صحیح ہوتا ہے...... محبت دنیا کا قانون بھلا کب مانتی ہے کہ اُس کے تو اپنے قاعدے ہوتے ہیں۔ وہ دن میں نے بہت اذیت میں گزارے ہیں آیان...... اور اُسی اذیت میں میں نے تمہیں وہ سب بتا دیا جو شاید کسی جذبے کی حرمت کو باقی رکھنے کے لیے پوشیدہ رکھنا ضروری ہوتا ہے......''

میں چپ چاپ پُروا کی بات سنتا رہا کیونکہ مجھے احساس تھا کہ اُس وقت اُسے ٹوکنا مناسب نہیں تھا۔ وہ میلوں دور کا سفر طے کر کے آئی ہوئی ایک شہزادی تھی جس کے لہجے میں نئے دیس کا خوف اور سفر کی تھکن نمایاں تھی۔ میں نے اُسے تسلی دی۔ ''اگر تم میرے بارے میں تھوڑا سا بھی جانتی ہو تو اتنا یقین رکھو کہ تم نے وہ سب کچھ کہہ کر اپنی حرمت کھوئی نہیں...... اُس میں اضافہ ہی کیا ہے...... میں چاہتا ہوں کہ تم ایسے ہر احساس ندامت کو اپنے دل سے مٹا کر ہمیشہ سر اُٹھا کر جیو...... محبت کو تو فخر اور غرور کا احساس ہمارے اندر بھرنا چاہیے...... نہ کہ کسی ندامت و شرمندگی کا......''

پُروا نے اپنی پلکیں اُٹھائیں...... ''تم ٹھیک کہتے ہو آیان اور بالکل یہی میرے اندر کی آواز بھی تھی۔ بس یہی دھڑکا لگا تھا کہ کہیں تم مجھے غلط نہ سمجھ لو...... آج یہ اُلجھن بھی دور ہوئی۔ اب میں اپنی محبت کے ساتھ فخر سے جی سکوں گی...... اور تم مطمئن رہنا...... یہ محبت کبھی تمہارے راستے کی دیوار یا پیروں کی زنجیر نہیں بنے گی...... کیونکہ میں جانتی ہوں کہ تم نے ابھی بہت لمبا سفر طے کرنا ہے...... ایک پورا کارواں ہے جسے لے کر تمہیں چلنا ہے...... اور شاید میں بھی کہیں دور اسی کارواں کی آخری مسافر ہوں...... اس سفر میں تمہارا ساتھ دوں گی آیان...... لیکن ایک درخواست ہے کہ میری محبت کی وجہ سے خود پر کبھی کوئی پابندی لگانا...... نہ مجھے کوئی خصوصی رعایت دینا...... یہ میرا اور میرے دل کے آپس کا معاملہ ہے......''

میں محویت سے اس صاف گو اور بہادر لڑکی کو دیکھتا رہا جو اس دور میں بھی سچ بولنے کا حوصلہ رکھتی تھی جب جھوٹ اور منافقت نے چار سو ڈیرے ڈال رکھے تھے۔ میں نے اس ہارڈسی کے انداز میں خود ہاتھ آگے بڑھایا۔ ''ٹھیک ہے تو پھر طے رہا کہ دوستی رہے گی اور آخری سانس تک رہے گی...... کیوں مس پُروا ضمیر خان......؟'' پُروا نے میرے انداز پر چونک کر سر اُٹھایا اور پھر میری زوردار آواز اور بڑھا ہوا ہاتھ دیکھ کر زور سے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہنس پڑی اور اپنا نازک ہاتھ میرے ہاتھ میں دے کر بولی۔ "بالکل ٹھیک مسٹر آیان احمر" دور والی سٹریٹ کے چرچ کی گھنٹی زور زور سے بجنے لگی۔

اگلے روز ایک ہی کورٹ کے احاطے میں دو مختلف ججوں کے سامنے پہلے بسام اور پھر بابر سیّدی کی پیشی تھی۔ آسٹن پوری تیاری کے ساتھ عدالت آیا تھا اور اس نے آتے ہی سرکاری وکیل کو آڑے ہاتھوں لیا کہ صرف ٹائم اسکوائر کے دھماکے کی بنیاد پر کیا وہ نیویارک کے ہر مسلمان طالب علم کو نیویارک پولیس کے ہاتھوں قید کروانا چاہتا ہے؟؟ اگر بسام نے کوئی جرم کیا ہے تو اسے عدالت کے سامنے ثبوت کے ساتھ پیش کیا جائے ورنہ بسام سمیت اس کے ریسٹورنٹ میں کام کرنے والے سبھی بے گناہ طالب علموں کو رہا کیا جائے......" جج نے غور سے آسٹن کی ساری بات سنی اور پولیس حکام کو حکم دیا کہ اگر وہ اگلی پیشی پر مکمل ثبوت کے ساتھ حاضر نہ ہوئے تو سب کو رہا کر دیا جائے گا۔ آسٹن کی کوشش کے باوجود ہمیں اگلی پیشی کی تاریخ پانچ دن بعد کی ملی۔ میں نے بے چارگی سے بسام کی طرف دیکھا۔ اس نے دور سے ہی مجھے اطمینان رکھنے کا اشارہ کیا۔ وہاں سے نکل کر ہم بھاگم بھاگ بابر سیّدی کی پیشی والے کورٹ میں پہنچے۔ کارروائی شروع ہو چکی تھی۔ اور حکومت کا وکیل بابر سیّدی کے کمرے سے ملے کاغذ لہرا لہرا کر اسے خطرناک دہشت گرد ثابت کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ بابر سیدی کے لیے مسلم طلبہ نے چندہ اکٹھا کر کے وکیل کیا تھا اور اس چندے کی آدھی سے زیادہ رقم عامر سیّدی نے اپنے اکاؤنٹ سے ادا کی تھی۔ بابر کا وکیل اچھے انداز میں بابر کا دفاع کر رہا تھا لیکن بابر نے خود ایک ایسا جملہ کہہ دیا۔ جو اُس روز کے بعد ہمیشہ کے لیے میرے دل پر نقش ہو کر رہ گیا۔ جس وقت بابر کا مخالف وکیل بابر کے کمرے سے ملنے والے پمفلٹ اور پوسٹر لہرا لہرا کر بھری عدالت میں چیخ رہا تھا کہ جناب والا...... یہ دیکھیں اس لڑکے کے کمرے سے یہود کے خلاف کیسے کیسے خطرناک پوسٹر اور لٹریچر نکلا ہے۔" تو بابر نے ٹھہرے ہوئے لہجے میں اُس سے کہا۔ "تم جسے الزام ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہو...... وہ ہماری تاریخ ہے...... جن قوموں کے آبائی وطن قبضہ کر کے ہتھیا لیے جاتے ہیں...... اُن کی تاریخ سدا ایسے ہی پوسٹرز اور پمفلٹس سے بھری رہتی ہے...... اب میں اپنی تاریخ کو کیسے بدلوں......؟ تم لوگ میرا وطن آزاد کروا دو...... میرے کمرے سے بھی محبت نامے ملا کریں گے......" چند لمحوں کے لیے کورٹ میں سناٹا چھا گیا پھر جج نے بابر کو سرزنش کی کہ جب اس کا وکیل عدالت میں موجود ہے تو اسے بولنے کی ضرورت نہیں...... بابر کو بھی اگلی پیشی تک پابند سلاسل رکھنے کا حکم دے دیا گیا۔ اس دن عدالت سے نکلتے وقت پہلی بار مجھے احساس ہوا کہ دنیا بھر کے مسلمان ایک جدوجہد مسلسل کا شکار ہیں۔ مسلمان کے لیے تو یہ جہاں بڑی مشکل جگہ ہے۔ چاروں طرف "لٹیروں کے پہرے" ہیں اور مسلمان یرغمال ہے۔

اور پھر دو دن بعد اُس پاکستانی ڈاکٹر کی سزا کا فیصلہ بھی سنا دیا گیا۔ امریکہ کی تمام "اعتدال پسند" تنظیموں اور "انصاف پسند" جماعتوں کی امید کی برعکس اسے "صرف" 86 چھیاسی سال کی قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ نیویارک میں اس سزا پر مختلف قسم کا ملا جلا ردعمل دکھائی دے رہا تھا۔ لیکن مسلم طلبہ اس فیصلے سے بے حد مایوس تھے۔ فرہاد نے چلا کر کہا۔ "یہ تو اذیت در اذیت دینے والی بات ہے۔ اس انصاف سے تو بہتر تھا کہ وہ اس مجبور عورت کو ایک ہی بار زہر کا انجکشن دے کر مار ڈالتے......" کیفے کی دوسری میز پر احمر کے ساتھ بلال بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے کہا۔ "وہ اسے ہم سب کے لیے عبرت کا نشان بنانے کی باتیں کرتے تھے...... اور عبرت کا نشان بنانے کے لیے ایک ہی بار نہیں مارا جاتا...... روز روز کی موت دی جاتی ہے...... بار بار زندہ کر کے مارا جاتا ہے......" جم اور ایرک بھی خاموشی سے بیٹھے ہوئے تھے پہلی بار ایرک کے پاس امریکہ اور



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

نیویارک کی حمایت میں کہنے کے لیے کچھ نہیں تھا۔ فرہاد نے وہیں بیٹھے بیٹھے مسلم گروپ میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا۔ "ہاں آیان...... اب میں تم سب کے ساتھ مل کر یہ احتجاج کروں گا۔ اگر مذہب ہی اس دور میں وجہ شناخت ہے تو یوں ہی سہی...... اور مجھے اپنے مذہب پر فخر ہے......"

یونیورسٹی کی فضا عدالت کے اس فیصلے سے کافی کشیدہ ہو گئی تھی۔ آج شام شیخ الکریم کا آخری لیکچر تھا۔ ہم سب چائنا ٹاؤن جانے کی تیاری کر رہے تھے۔ میں نے احمر اور بلال کو باقی تمام طلبہ کو بس میں سوار کر کے وہاں پہنچنے کا کہا اور خود آج ہی گیراج سے واپس آئی اپنی بائیک پر یونیورسٹی کے گیٹ سے باہر نکلا تو چائنا ٹاؤن کے علاقے میں داخل ہونے سے پہلے چوراہا کراس کرتے ہی میری بائیک کے پیچھے ایک سادہ کیڈلک کار لگ گئی۔ میں کچھ دیر تک سائڈ کے شیشے میں اُسے اپنی بائیک کے بمپر سے تقریباً چھونے کی حد تک قریب دوڑتا دیکھتا رہا۔ پھر کار کی چھت پر کسی نے ہاتھ نکال کر نیلی بتی رکھ دی اور ہوٹر بجنے لگا۔ میں نے بائیک سڑک کے کنارے روک دی۔ کار بھی رک گئی اور اس میں سے دو افراد اُتر کر میری جانب چلے آئے۔ پہلے نے مجھے غور سے دیکھا۔ "تمہارا نام ہی آیان ہے......" "ہاں...... میں آیان ہوں......" اس شخص نے جیب سے ایک کارڈ نکال کر مجھے دکھایا۔ "میں سی آئی اے سے ہوں...... آفیسر فورڈ...... ہمیں تم سے کچھ بات کرنی ہے......" دفعتاً مجھے محسوس ہوا کہ جیسے وہ مجھے گھیرے میں لے چکے ہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# باب 11

میں نے آفیسر فورڈ کے ہاتھ میں پکڑے کارڈ کو غور سے دیکھا۔فورڈ کی گاڑی کے پیچھے ایک اور والکس ویگن آ کر کھڑی ہوگئی تھی جس میں سے دو افراد نکل کر غیر محسوس طریقے سے کچھ فاصلے پر میرے دائیں بائیں کھڑے ہو چکے تھے۔ میں نے فورڈ سے پوچھا ''کیا مجھے گرفتار کیا جا رہا ہے......؟'' فورڈ مسکرایا۔''کافی تلخ حقیقت پسند لگتے ہو......نہیں......ہم تمہیں گرفتار نہیں کر رہے۔بس تمہارے ساتھ کچھ باتیں کرنی ہیں۔تم شاید چائنا ٹاؤن کی طرف جا رہے ہو؟ میرا آدمی تمہاری بائیک لے کر وہاں پہنچ جائے گا۔تم ہماری وین میں بیٹھ جاؤ۔ہم تمہیں مسجد تک ڈراپ بھی کر دیں گے اور راستے میں بات بھی ہو جائے گی۔اس طرح تمہارا وقت ضائع ہونے سے بچ جائے گا۔'' ان کی معلومات سے لگتا تھا کہ وہ بہت دن سے میری نگرانی کرتے رہے ہیں۔ میں نے بائیک کی چابی فورڈ کے حوالے کر دی جسے اس نے میرے دائیں جانب کھڑے شخص کی جانب اچھال دیا اور ہم وین میں جا کر بیٹھ گئے جس کے شیشے گہرے سیاہ تھے۔ وین چل پڑی۔فورڈ کے علاوہ پچھلے حصے میں دو شخص اور موجود تھے۔ وین کے ڈرائیور والے حصے کو موٹے شیشے کی پارٹیشن سے جدا کر دیا گیا تھا۔فورڈ نے وین کے چھوٹے سے ریفریجریٹر سے کوئی مشروب نکال کر ٹن کھولا اور سوالیہ نظروں سے میری جانب دیکھا۔ میں نے مشروب لینے سے انکار کر دیا۔''تم مجھ سے کچھ پوچھنا چاہتے تھے......''

فورڈ نے لمبی سی ہاں کی۔''کوئی خاص بات نہیں ہے۔......بس تم جیسے ایک ماڈریٹ مسلمان لڑکے کو یوں اچانک ان مسجدوں کے چکر لگاتے دیکھ کر کچھ حیرت ہو رہی ہے۔......ویسے تم نے اپنے بھائی کے لیے بالکل ٹھیک وکیل چنا ہے۔آسٹن اُسے اگلی پیشی میں ضرور رہا کروا لے گا......'' میں نے چونک کر فورڈ کر دیکھا۔''مجھے خوشی ہے کہ امریکن سی۔آئی۔اے میں تم جیسے قابل اور ہوشیار افسر موجود ہیں۔لیکن اس بات کا افسوس بھی ہے کہ سی۔آئی۔اے اپنی ساری صلاحیتیں مجھ جیسے ایک امریکن شہری کی نگرانی پر صرف کر رہی ہے......تبھی تو ایک عام سیدھا سادھا طالب علم بھی ٹائم اسکوائر پر بم نصب کر کے آرام سے چلتا بنا۔میرا مشورہ ہے کہ کچھ توجہ اُدھر بھی ہونی چاہیے......'' فورڈ نے میرا طنز بہت آرام سے برداشت کیا۔''کافی بدتمیز ہو۔''لیکن نڈر ہو......ہم مسلمان کی اسی خصوصیت سے خائف رہتے ہیں......تم نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا......یہ اچانک تم پر اسلام کا بھوت کیوں سوار ہو گیا ہے......؟ مسلم کونسلر بننے سے پہلے تو تم ان مسلمان لڑکوں کے قریب پھٹکتے بھی نہیں تھے۔'' اب مجھے یقین ہو گیا تھا کہ آج مجھے یوں سرِ راہ روکنے سے پہلے ان سی۔آئی۔اے والوں نے ہفتوں میرے متعلق معلومات اکٹھی کر کے اپنا ہوم ورک مکمل کر رکھا تھا۔ میں نے غور سے فورڈ کی جانب دیکھا۔

''اسلام میرا مذہب ہے، اور مسجد ہماری عبادت گاہ......اس میں ایسی حیرانی کی کیا بات ہے......کیا تم اپنے گرجا گھر نہیں جاتے......؟''

فورڈ نے مشرب کی چسکی لی۔''پچھلے کرسمس پر گیا تھا......اب اِس کرسمس پر دوبارہ جانے کا ارادہ ہے۔خدا کو یاد رکھنے کے لیے عبادت گاہ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کے چکر لگانا ضروری تو نہیں......؟"میں نے سر ہلایا"اوہ......میں اب سمجھا کہ تم بھی ایک "ماڈریٹ" عیسائی ہو......اور تمہاری نظر میں سال میں ایک مرتبہ عبادت گاہ جانا ہی ماڈریٹ ہونے کی نشانی ہے......"

فورڈ نے بات بدل دی۔"چلو مان لیا کہ یہ تمہارا ذاتی فعل ہے۔ مجھے یہ بتاؤ کہ اُس فلسطینی لڑکے کے ساتھ تمہارا کیا رشتہ ہے جس کے لیے تم نے گراؤنڈ زیرو پر مشعل جلائی تھی۔ تم خود کو امریکن شہری بھی مانتے ہو اور امریکہ دشمن لوگوں کے لیے دل میں ہمدردی بھی رکھتے ہو...... یہ تو بڑا دوغلا معیار ہوا......""بابر سیدی میرے گروپ کا متحرک کارکن طالب عالم اور ایک سچا دوست ہے...... مجھے اس کے امریکہ دشمنی کے بارے میں کبھی کوئی اشارہ تک نہیں ملا...... ہاں......اس کی پوری نسل کا یہودیوں سے جھگڑا ضرور ہے اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے......کیا یہود دشمن امریکہ دشمن بھی ہوتا ہے......؟؟"فورڈ نے میرا جواب سن کر پہلی مرتبہ بے چینی سے پہلو بدلا"ہاں......اگر یہودی امریکن شہری بھی ہو......تب......"وین تیزی سے سڑکوں پر دوڑ رہی تھی لیکن مجھے راستوں کا اندازہ نہیں ہو رہا تھا۔فورڈ نے بات جاری رکھی۔"اچھا یہ بتاؤ اسامہ بن لادن کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے......؟"میں نے برجستہ کہا"کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔"فورڈ زور سے ہنسا"اچھا القاعدہ کے بارے میں تو ضرور جانتے ہو گئے......تمہارے اندازے کے مطابق وہ لوگ کہاں تک جا سکتے ہیں......؟"۔"میں تو آج تک یہ اندازہ بھی نہیں لگا سکا کہ یہ القاعدہ آخر ہے کیا بلا......؟......کوئی خیالی یا فرضی تنظیم یا ایک حقیقت......؟......یا پھر خود کو مصروف رکھنے کا ایک بہانہ......؟ کیونکہ میں نے سنا ہے کہ جب کسی قوم کے سارے دشمن ختم ہو جائیں یا کمزور پڑ جائیں تو پھر وہ اندر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے لگتی ہے......ایسے میں اسے یکجا رکھنے کے لیے کوئی فرضی دشمن تراشنا پڑتا ہے......شائد یہ القاعدہ بھی کچھ ایسی ہی ایک تنظیم ہوگی......؟"وین رُک گئی۔ میں اور فورڈ گاڑی سے نیچے اتر آئے جبکہ باقی دو افراد اسی طرح لاتعلق سے اندر بیٹھے رہے جیسے انہیں اس سارے معاملے سے کوئی سروکار ہی نہ ہو۔ لیکن پتا نہیں مجھے ایسا کیوں لگا کہ وہ میری اور فورڈ کی باتیں ریکارڈ کر رہے ہوں۔ ہم چائنا ٹاؤن کی مسجد کی پرلی سڑک پر کھڑے تھے۔ کچھ فاصلے پر میری بائیک کھڑی تھی اور اس کے اگنیشن میں چابی جھول رہی تھی۔ فورڈ نے مجھ سے ہاتھ ملایا"مجھے ایک بات نے متاثر ضرور کیا ہے کہ تم نے اپنے اندر کی ہر بات بلا جھجک کہہ دی۔ تمہیں اندازہ ہو گیا ہوگا کہ ہم تمہارے بھائی کی گرفتاری سے لے کر اب تک تمہاری نگرانی کرتے آئے ہیں۔ دراصل ٹائمز اسکوائر دھماکے کے کیس میں گرفتار لڑکے کے بیان کی روشنی میں ہمیں بھی پاکستانی نژاد یا پاکستانی طالب علموں پر نظر رکھنے کی ہدایات موصول ہوئی ہیں اور جب تک ہم اس کیس کی آخری کڑی کو بھی گرفتار نہیں کر لیتے یہ پوچھ گچھ اور تحقیق جاری رہے گی۔ تم دونوں بھائیوں کا اب تک کا ریکارڈ صاف ہے لیکن تمہاری اس روز گراؤنڈ زیرو پر کی جانے والی دعا نے سارے میڈیا کی توجہ تم پر مبذول کرا دی ہے......میں تمہیں بس اتنا ہی مشورہ دوں گا کہ امریکی شہری ہونے کے ناطے تمہاری وفاداریاں کسی اور سمت کا رُخ نہ کریں تو تم سب کے لیے بہتر ہوگا......فورڈ نے مجھے پر الوداعی نظر ڈالی۔"شاید یہ ہماری آخری ملاقات نہ ہو۔"وین چل پڑی۔

جب میں مسجد میں پہنچا تو شیخ الکریم کا آخری لیکچر سننے کے لیے طلباء کی ایک کثیر تعداد جمع ہو چکی تھی۔ میرے ذہن میں جو



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

سوالات تھے وہ میں پہلے ہی ایک کاغذ پر لکھ کر لایا تھا جسے میں نے بلال کے ساتھ شیخ صاحب تک پہنچا دیا۔ کچھ دیر میں شیخ الکریم نے اپنی جگہ سنبھالی اور مسجد کے صحن میں سناٹا سا چھا گیا۔ ''آج میں آپ لوگوں سے چند الوداعی کلمات کہنا چاہوں گا۔ گذشتہ تین ہفتوں میں نیویارک کی پرسکون فضا میں کافی ہل چل رہی۔ بدقسمتی سے یہ فضا ہمارے حق میں بہتر نہ تھی، مذہب کسی بھی شکست خوردہ قوم کا لٹنے والا آخری اثاثہ ہوتا ہے، اور مجھے لگتا ہے کہ وہ وقت آ گیا ہے جب فاتح ہمارے مذہب پر آخری ڈاکہ مارنے کی تیاریوں میں مصروف ہو چکے ہیں۔ جب دو تہذیبوں کا ٹکراؤ ہوتا ہے تو تاریخ ہمیشہ فاتح کے ہاتھوں لکھی جاتی ہے، اور اس تاریخ میں مفتوح کی اچھائیوں کا ذکر نہیں ہوتا، جیسا کہ نپولین نے کہا تھا کہ ''تاریخ کیا ہے.....؟'' بس چند تسلیم کردہ اوراق کا پلندہ.....'' لیکن یاد رہے کہ اگر ہم اب بھی نہ سنبھلے تو شاید تاریخ کے ان چند تسلیم شدہ صفحات میں بھی ہمارا ذکر کہیں نہ ملے.....جنگیں تیاری سے لڑی جاتی ہیں اور خود کو اس تاریخ کی لڑائی کے لیے ذہنی اور جسمانی طور پر تیار رکھیں۔ وہ (نعوذ باللہ) برن قرآن ڈے Burn Quran Day مناتے ہیں تو آپ لرن قرآن ڈے Learn Quran Day منائیں۔ وہ (استغفر اللہ) نبی ﷺ کی تضحیک کا شیوہ اپناتے ہیں تو آپ اسی پیارے نبی ﷺ کی تعلیمات کو سارے معاشرے میں تبلیغ کر کے ان کو جواب دیں۔ یاد رکھیں، میانہ روی ہی ہر مسئلے کا حل ہے۔ ابھی بات شروع کرنے سے پہلے مجھے مسلم کونسلر کا ایک خط ملا جس میں بڑا دلچسپ سوال پوچھا گیا ہے کہ اپنی زندگی کے پہلے سجدے کی حرمت کو آخری سجدے تک کیسے قائم رکھا جا سکتا ہے اور زندگی کی تمام عبادت کا حاصل کیا ہے.....؟ اسے لاحاصل ہونے سے کیسے بچایا جا سکتا ہے.....؟ میں سمجھتا ہوں یہ صرف ایک سوال نہیں، تمام عمر کا ایک نظریہ اور ایک کلیہ ہے جسے اگر ہم سمجھ جائیں تو ہم سب کی نیا پار لگ جائے..... بہت مشکل ہے کہ پہلے سجدے کی حرمت کو آخری سجدے کی عظمت تک قائم رکھا جا سکے لیکن ناممکن نہیں..... انسان جب اپنی عمر کا پہلا بے لوث اور خالص خدا کی رضامندی کے لیے اوّل سجدہ کرتا ہے تو اس کے زمین پر ماتھا ٹیکتے ہی اس کے تمام ماضی کے گناہ مٹ جاتے ہیں..... مسلمان کا پہلا سجدہ تو ویسے ہی عموماً معصومیت کے دور کی ایک خوش گوار یاد ہوتا ہے، لیکن پھر انسان دوبارہ دنیا کی طرف لوٹ آتا ہے۔ پہلے سجدے سے لے کر آخری سجدے کے درمیان کئی بار گناہوں سے آلودہ شب و روز اُس کا مقدر ہو جاتے ہیں۔ وہ خدا کو سجدہ کرتا ہے، اپنے اللہ کے سامنے ماتھا ٹیکتا ہے۔ معافی مانگتا ہے اور اگلی صبح پھر اسی خدا کی نافرمانی شروع کر دیتا ہے۔ سچ بتاؤں تو میں خود بھی کبھی اپنے پہلے سجدے کی حرمت برقرار نہیں رکھ پایا لیکن میرے دوست مسلم کونسلر کے دل میں یہ ڈر ہے کہ جب ایک بار ماتھا ٹیک ہی دیا تو پھر کہیں کوئی بھی لغزش اس کی ساری ریاضت ضائع نہ کر پائے.....واہ.....سبحان اللہ ایسا تزکیہ نفس تو اب سوچ کی حدوں سے بھی پرے کی بات ہے، روزانہ ہم سے نہ چاہتے ہوئے بھی کیا کچھ سرزد نہیں ہو جاتا.....؟ آنکھ، کان، زبان.....دل اور دماغ..... کسی کا بھی تو پردہ نہیں رکھ پاتے ہم لوگ.....لیکن میں ایمان کے جس کمزور ترین درجے پر فائز ہوں اُس حوالے سے اس مشکل تر سوال کا بس ایک ہی جواب ہے میرے پاس..... کہ جب تک سانس رہے اور جب تک اللہ کی طرف سے سجدوں کی توفیق باقی ہو، انسان کو اپنے ہر سجدے کو آخری سمجھ کر ماتھا ٹیکنا چاہیے اور ہر بار پہلے سجدے کی طرح سر اٹھانا چاہیے، یعنی ہر سجدہ ہی اس کا آخری اور پہلا سجدہ ہے.....



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اور ہر بار کی ملی درمیانی مدت صرف عبوری سمجھ کر گذارنی چاہیے..... یاد رہے کہ صرف سجدہ ہی وہ واحد عبادت ہے جو ابلیس کو شیطان بنا گئی، ورنہ وہ تو فرشتوں کا بھی فرشتہ تھا۔ ایک سجدے کے انکار نے اُسے کیا سے کیا بنا ڈالا..... لہٰذا اس سجدے کو معمولی ہرگز نہ جانیئے گا..... یہی ایک سجدہ ہی تو آدم کو ابلیس ہونے سے بچاتا ہے..... ورنہ خدا کو سجدہ کرنے والے فرشتوں کی بھلا کیا کمی تھی.....؟ ان میں سے کچھ تو شاید ازل سے ابد تک سجدے میں ہی پڑے رہے ہیں۔ لیکن یہ آدم کا سجدہ ہے جو اُسے صرف مخلوق سے اشرف المخلوقات بناتا ہے..... لہٰذا اپنے سجدوں کو گراں نہ جانے دیں..... ساری خلقت جب مسلمان کے درپے ہو تو اسے اپنے خالق کا ہی سہارا ہوتا ہے..... اُس خالق کو بھی خود سے ناراض نہ کر دیجئے گا۔ وما علینا الا البلاغ.............."

شیخ الکریم کا آخری لیکچر بھی اپنے اختتام کو پہنچ گیا لیکن مجھے اب بھی مزید کچھ آگہی کی تشنگی محسوس ہو رہی تھی۔ تین دن بعد شیخ الکریم یہاں سے قاہرہ کے لیے روانہ ہونے والے تھے اور پھر وہاں لیکچرز دینے کے بعد انہیں واپس تل ابیب جانا تھا۔ طلباء ان سے الوداعی ملاقات کے لیے انہیں گھیرے کھڑے تھے اور میرا نمبر آتے آتے بہت دیر ہو گئی۔ انہوں نے گرم جوشی سے مجھ سے ہاتھ ملایا، ہاں بھئی..... کچھ حصہ تو مل ہی گیا ہوگا تمہیں اپنے سوال کے جواب کا..... بہر حال میں کوشش کرتا رہوں گا کہ کوئی کامل جواب ملے تو تم تک پہنچاؤں..... تم نماز سیکھنے نہیں آئے میرے پاس.....؟....." "جی..... میں یہی کہنا چاہ رہا تھا کہ کیا میں کل شام سے آپ کے جانے تک روزانہ دو گھنٹے یہاں آ سکتا ہوں..... جو وقت بھی آپ کو مناسب لگے....." "ضرور ضرور کیوں نہیں..... ماشاءاللہ تمہارا خمیر تو پاکستان کی مٹی سے اٹھا ہے، بچپن کی یاد کردہ آیات دہرانے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا تمہیں..... تم یوں کرو عصر سے لے کر مغرب تک کا وقت مقرر کر لو..... آگے جو اللہ کی مرضی....."

ہم یونیورسٹی واپس پہنچے تو شام ڈھل چکی تھی اور صرف لائبریری اور چند دیگر شام کے شعبے کھلے تھے۔ ایرک اور جینی مجھے کیفے کے باہر والے بڑے دالان کے ایک بینچ پر سرگوشیاں کرتے نظر آئے اور میں ان کی جانب بڑھ گیا۔ "مجھے کبھی سمجھ نہیں آیا کہ آخر تم دونوں گھنٹوں بیٹھ کر روزانہ آخر کیا کھسر پھسر کرتے رہتے ہو.....؟..... تم دونوں کی باتیں آخر کبھی ختم کیوں نہیں ہوتیں.....؟" جینی زور سے ہنس پڑی۔ "کیے مسلم کونسلر بنتے جا رہے ہو..... چند دن میں تم ہماری ملاقاتوں پر بھی پابندی لگا دو گے۔ آیان....." ایرک بھی مسکرایا۔ میری بد دعا ہے کہ کبھی تم بھی کسی کی اِن پیار بھری سرگوشیوں کو ترسو..... لیکن شاید تمہارے ہاں محبت گناہ کے زمرے میں آتی ہے.....؟" جینی نے گرہ لگائی" حالانکہ میں نے ٹی۔ وی پر پاکستانی چینلز پر ہمیشہ موبائل فونز کے اتنے زیادہ سستے پیکیجز کے اشتہارات چلتے دیکھے ہیں کہ مجھے حیرت ہوئی ہے۔" "تمام رات مفت بات کرنے کا پیکیج، وغیرہ وغیرہ..... تم ان کی پیش کش پر کیوں تبصرہ نہیں کرتے کہ آخر تمام رات مفت کال کرنے کا یہ پیکیج ایک اسلامی ملک میں کس طبقے کے لیے متعارف کروایا جا رہا ہے............؟ میں بھی مسکرایا۔" وہ تمام پیکیجز Packages بھی تم جیسے احمقوں کے لیے ہی متعارف کروائے جاتے ہیں جو آئندہ زندگی کی تمام باتیں راتوں میں ختم کر کے خوش قسمتی سے رشتہ ہو جانے کی صورت میں تمام عمر ایک دوسرے سے باتیں ختم ہو جانے کی شکائتیں کر کے لڑتے ہوئے گذار دیتے ہیں۔ میرے بس میں ہوتا تو وہاں میں زندگی بھر کا رومانس چند راتوں میں نچوڑ دینے والی ایسی ہر پیش کش پر ہمیشہ کے لیے پابندی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

لگا دیتا.....'' کبھی کسی کو ملانے کی بات بھی کر لیا کرو You Seperator..... جدائی کے فرشتے میں اور جینی ایرک کی یہ دھائی سن کر زور سے ہنس پڑے۔ اتنے میں مجھے احمر نے عقب سے پکارا'' آیان..... کچھ ضروری بات کرنی ہے۔'' جینی نے لقمہ دیا۔'' جاؤ..... تمہارے'' جدائی گروپ'' کا ایک اور ہرکارہ آیا ہے، دیکھنا آیان..... تمہیں جب بھی محبت ہوئی ایسی جان لیوا ہوگی کہ اس کاٹے کا پانی بھی نہیں مل پائے گا تمہیں.....'' میں مسکراتا ہوا وہاں سے پلٹ گیا۔ تم جیسے دوستوں کی موجودگی میں ہی دشمنوں کو اضافی کہا گیا ہے......''

احمر کچھ پریشان سا دکھائی دے رہا تھا۔'' تمہیں عامر بن حبیب نے بلایا ہے۔ ہمیں ابھی چلنا ہوگا.....'' عامر بن حبیب کی روپوشی کو آج تین دن پورے ہو چکے تھے اور ان تین دنوں میں یہ ہماری پہلی ملاقات ہو رہی تھی۔ عامر بن حبیب بار کلے سٹریٹ کے ایک کشادہ سے اپارٹمنٹ میں رُوپوش تھا۔ مجھے دیکھتے ہی وہ مجھ سے لپٹ گیا جیسے کوئی برسوں پرانا رفیق اُس سے ملنے آیا ہو۔ کبھی کبھی ہمارے آس پاس ہی کیسے کیسے نادر اور مخلص لوگ موجود ہوتے ہیں لیکن ہمیں وہ نظر نہیں آتے اور ہم زمانے میں وفا اور خلوص کی دھائی دیئے پھرتے ہیں۔ عامر بن حبیب بھی ایسا ہی ایک نایاب صفت تھا جسے پہچاننے میں میں نے کتنی دیر لگا دی۔ عامر نے میرا ہاتھ تھام کر اپنے پاس بٹھالیا۔'' آیان..... یقین جانو اب میں بہت مطمئن اور Relax ہوں..... مجھے ہر دم یہی دھڑ کا لگا رہتا تھا کہ میری گرفتاری یا کسی اور ناگہانی آفت کی صورت میں یہ پورا گروپ بکھر جائے گا اور ہم نے اتنے برسوں میں اپنی ایک جو پہنچا بنائی ہے وہ بھی مٹ جائے گی، لیکن اب ایسا نہیں ہوگا..... مجھے یقین ہے کہ تم آخری سمسٹر تک مسلم کونسلر شپ کی ایسی مضبوط روایت ڈال جاؤ گے کہ ہمارے جانے کے بعد بھی اس یونیورسٹی میں مسلم کونسلر کا عہدہ ہمیشہ برقرار اور مضبوط رہے گا۔'' میں نے عامر کا چہرہ پڑھنے کی کوشش کی'' لیکن تم اتنی لمبی منصوبہ بندی کیوں کر رہے ہو.....؟ کچھ دن بعد تم اور بابر سیدی یونیورسٹی دوبارہ جوائن کر لو گے۔ اور ہم سب مل کر یہ جدوجہد جاری رکھیں گے..... اور تیسرا مہینہ ختم ہوتے ہی میں تمہیں دوبارہ مسلم کونسلر بنا کر تمہاری امانت تمہارے سپرد کر دوں گا۔ جب تک تم یونیورسٹی میں ہو تمہی مسلم کونسلر رہو گے..... اور میں اور بابر آخری دم تک تمہارے بازوؤں کی طرح تمہاری مدد کے لیے ساتھ دیں گے.....'' عامر نے گہری سی سانس لی۔'' میرا دوبارہ یونیورسٹی جوائن کرنا اب اتنا آسان نہیں ہے میرے دوست..... سی۔ آئی۔ اے میرے پیچھے پڑ چکی ہے اور یہ بات بہت پہلے سے ہی متوقع تھی۔ اسی لیے میں یہ چاہتا تھا کہ کسی بھی طرح کوئی امریکن شہریت رکھنے والا مسلمان طالب علم مسلم کونسلر بن جائے تاکہ اگر وہ مجھے کسی زندان میں ڈال دیں یا پھر ملک بدر بھی کر دیں تو وہ میرے جانے کے بعد یہ ذمہ داری سنبھال سکے..... کیونکہ کسی امریکن شہری کو ملک بدر کرنا ان کے لیے ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہوگا.....'' میں نے عامر کو وہ بُری خبر سنانے کا فیصلہ کر لیا جسے میں پہلے اس کی پریشانی کا سوچ کر چھپائے رکھنے کی سوچ رہا تھا۔

سی۔ آئی۔ اے کی تو مجھ پر بھی نظر ہے عامر بن حبیب.....'' وہ میری بات سن کر زور سے چونکا اور میں نے عامر کو آج دن کی ہوئی تمام واردات بتا دی۔ عامر گہری سوچ میں ڈوب گیا۔'' نائن الیون کے بعد یہ لوگ ہر اس مسلمان سے کھٹک جاتے ہیں جو ذرا سا بھی دل جمعی کے ساتھ اپنے مذہب کی جانب متوجہ ہو..... اُن کا خیال ہے کہ ہماری مسجدوں میں صرف دہشت گرد پلتے ہیں اور شیخ الکریم جیسے بزرگ اُستاد وہاں طالب علموں کو بم بنانے اور خود کش حملوں کی تربیت دیتے ہیں۔ آیان تم امریکی شہری ہو تبھی اُس آفیسر نے تمہاری اتنی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بات برداشت کرلی۔ ایسی بات مجھ سا کوئی عرب یا بابر جیسا فلسطینی کرتا تو وہ اب تک ہمیں اسامہ بن لادن کا دایاں ہاتھ ثابت بھی کر چکے ہوتے۔ مسلمان کی زندگی ہجرت میں یہاں بڑا عذاب ہے دوست...... تمہیں بھی بہت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ آخر کار تم ان کے لیے مسلمان پہلے اور امریکن بعد میں ثابت ہو گے...... کوشش کرنا کہ ان سے الجھے بنا ہی معاملات طے پا جائیں......''

''لیکن اُنہیں تم سے اب ایسی کیا پرخاش ہوگئی ہے......؟'' عامر مسکرایا ''پرخاش تو انہیں نائن الیون کے بعد ہر عرب مسلم کے ساتھ ہے کیونکہ ٹکرانے والے جہازوں کے پائیلٹ زیادہ تر عرب ہی تھے...... لیکن امریکن اپنے کچھ مفادات کی وجہ سے اب تک کھلم کھلا عربوں کی مخالفت نہیں کر پائے...... البتہ سارا نزلہ پاکستان اور افغانستان پر جا گرا...... عراق کا نمبر بعد میں آیا...... لیکن یہ کسی عرب کو یہاں نیویارک میں ایسی کسی سرگرمی میں ملوث ہوتے بھی برداشت نہیں کر سکتے جو ان کے لیے کسی انتظامی مشکل کا باعث بن جائے......'' اسی روز عامر بن حبیب نے کافی تفصیل سے اپنے خاندان کے بارے میں بتایا کہ وہ ایک متمول عرب خاندان کا اکلوتا چشم و چراغ ہے اور اس سے پہلے وہ قاہرہ کی اسلامک یونیورسٹی سے گریجوایشن مکمل کر چکا ہے اس کے والد کا ریاض میں قالینوں کا بہت بڑا کاروبار ہے اور ان کی جائیداد دنیا کے چھ ممالک میں موجود ہے۔ عامر کے والد اُسے اپنے کاروبار میں شریک کر کے سب انتظام اسی کے حوالے کرنا چاہتے تھے لیکن قاہرہ یونیورسٹی میں کچھ ایسا ہوا کہ اس کا من مذہب کی اس جدوجہد کی طرف پلٹ گیا اور وہ ماسٹرز کے لیے نیویارک آ گیا۔ جانے کیوں مجھے ایسا لگا جیسے عامر کا چہرہ قاہرہ یونیورسٹی کے ذکر پر کچھ شکن زدہ سا ہو گیا تھا لیکن میں نے اُسے کرید کر مزید اُداس کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ میں نے اُٹھتے ہوئے عامر کے شانے کو سہلایا۔ ''فکر مت کرو...... سب ٹھیک ہو جائے گا...... اگر یہ جنگ ہے تو ہم اسے بھرپور لڑیں گے اور اگر ہار ہی مقدر ہے تو پھر آخری سانس تک لڑیں گے......'' عامر مسکرایا ''مجھے تمہاری یہ فائٹنگ اسپرٹ ہی سب سے زیادہ بھاتی ہے۔ میں جانتا ہوں تمہیں ہرانا اتنا آسان نہیں ہوگا ان کے لیے...... تم ہارتے ہارتے ہارو گے آیان......''

اگلے روز بسام کی پیشی تھی، میں کورٹ پہنچا تو سیڑھیوں پر ہی صنم کبیر اور راموں سے ملاقات ہوگئی، کچھ ہی دیر میں جینی، ایرک، جم اور فرہاد بھی آ گئے۔ میں نے آج جان بوجھ کر مسلم گروپ کے لڑکوں کو عدالت آنے سے منع کر دیا تھا، میں اب ذرا محتاط ہو کر ہر قدم اٹھانا چاہتا تھا اور ویسے بھی میں نے اپنے تمام دوستوں کو فی الحال بسام کو میرے مسلم کونسلر بننے کی خبر دینے سے منع کر رکھا تھا۔ میں اسے تنہائی میں آرام سے یہ خبر سنانا چاہتا تھا۔ وہ میرے مسلم گروپ کو جوائن کرنے پر ہی بہت پریشان تھا، اس لیے اسے ایک دم ہی یہ خبر سنانا بہتر نہ ہوتا۔ اس روز آسٹن پوری تیاری کر کے آیا تھا اور اس نے سرکاری وکیل کی ایک نہیں چلنے دی۔ جج نے رسمی کارروائی کے بعد بسام کی ضمانت منظور کر لی۔ وہ عدالت سے باہر نکلا تو ہم سب اس سے لپٹ گئے، آسٹن نے میرا شانہ تھپکا ''لو بھئی...... ضمانت تو ہوگئی تمہارے بھائی کی...... لیکن اب ذرا احتیاط سے کام لینا ہوگا...... کیونکہ الزام ابھی ختم نہیں ہوا......'' آسٹن دو قدم آگے بڑھا پھر اسے جیسے کچھ یاد آیا۔ ''ارے ہاں...... یاد آیا...... بھئی تم اُس دن نائن الیون پر خوب بولے تھے...... تم تو بڑے مشہور ہو گئے ہو لڑکے......'' بسام کے کان کھڑے ہو گئے ''یہ وکیل کیا کہہ رہا تھا......'' میں نے بات ٹالی کچھ نہیں...... یونیورسٹی کی طرف سے کوئی تقریب تھی۔ تم چلو...... دیر ہو رہی ہے......'' ہم سب آگے بڑھے، لیکن سیڑھیوں کے اختتام پر لوہے کی ریلنگ کے پاس آفیسر فورڈ کو دیکھ کر میں ٹھٹھک



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

سا گیا۔ وہ اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ وہاں کھڑا بے پرواہی سے یوں مونگ پھلی کے چھلے ہوئے دانے چبا رہا تھا جیسے اُس نے آج وہ کاغذ کا بڑا سا تھیلا ختم نہ کیا تو کوئی غضب ہو جائے گا، اس نے مجھے دیکھتے ہی گرم جوشی سے کہا" ہے یو...... Hey you، مسلم کونسلر...... بھائی کی آزادی مبارک ہو...... میں نے کہا تھا نا آسٹن اُسے چھڑا لے جائے گا۔'' بسام فورڈ کے منہ سے میرے لیے مسلم کونسلر کا لفظ سن کر بری طرح سے چونکا۔ میں نے فورڈ کو گھورا۔ کیا تم مجھے یہاں یہ احساس دلانے کے لیے کھڑے ہو کہ سی۔ آئی۔ اے اب امریکن عدالتوں کے فیصلوں پر بھی اثر انداز ہو سکتی ہے...... فورڈ مسکرایا ''نہیں...... ہم تو کسی اور کام سے عدالت آئے تھے...... لیکن یہاں تم سے ملاقات ہو گئی...... بہر حال میں تمہاری بہترین قسمت کی دعا دیتا ہوں......'' فورڈ اپنے ساتھیوں سمیت آگے بڑھ گیا لیکن بسام کے پاؤں وہی گڑھ کر رہ گئے۔ ''آیان...... تم مسلم کونسلر بن گئے ہو...... بہت خوب...... اور کیا کیا چھپایا ہے تم نے مجھ سے......؟''

میں نے بڑی مشکل سے اسے اپارٹمنٹ چلنے پر راضی کیا لیکن گھر کا دروازہ بند کرتے ہی وہ مجھ پر برس پڑا۔ ''اُف...... یہ سب کیا ہو رہا ہے...... تم مسلم کونسلر بن چکے ہو اور سی۔ آئی۔ اے تمہاری تفتیش کرتی پھر رہی ہے...... تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے...... یہ سب ہمارے بس کی بات نہیں ہیں...... تم اسلام کے ٹھیکے دار کب سے بن گئے......؟'' مجھے بھی غصہ آ گیا۔ ''تب سے جب عامر بن حبیب اور بابر سیدی کو تمہاری حمایت کے جرم میں یونیورسٹی سے نکالا گیا اور عامر بن حبیب کی کونسلر شپ میری وجہ سے ختم ہوئی۔'' آیان بھی زور سے چلایا۔

''ہاں...... لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں تھا کہ تم ان کی جگہ لے لو...... عامر یا بابر کو اگر امریکہ سے نکالا گیا تو وہ پھر بھی اپنے ملک اپنے گھر واپس لوٹ جائیں گے...... لیکن ہم کہاں جائیں گے ہمارا نہ تو کوئی اور ملک ہے اور نہ گھر...... مجھے اب تک یقین نہیں آ رہا کہ تم بھی آخر کار اسی رستے پر چل پڑو گے جس کا انجام صرف اور صرف تباہی ہے...... میں کچھ نہیں جانتا...... تم صبح یونیورسٹی جا کر پہلا کام یہی کرو گے کہ کونسلری اور مسلم گروپ کی ممبر شپ سے استعفیٰ دو گے...... اور اگر تم خود نہیں دو گے تو میں تمہاری طرف سے لکھ آؤں گا...... اور مجھے اس سلسلے میں مزید کوئی بحث نہیں سننی ہے......'' میں نے زور دے کر کہا ''تم ایسا کچھ نہیں کرو گے...... میں تمہاری طرح احسان فراموش نہیں ہوں...... اب میں ان کا ساتھ نہیں چھوڑ سکتا......'' بسام نے طنزیہ لہجے میں کہا ''واہ...... خوب برین واش کیا ہے تمہارا ان لوگوں نے...... انہیں اور آتا ہی کیا ہے......؟...... تم جیسے نادانوں کو ایسی ہی پٹیاں پڑھا کر وہ دہشت گرد بنا دیتے ہیں...... لیکن میں تمہیں دہشت گرد نہیں بننے دوں گا آیان میں زور سے چلایا'' تم کون ہوتے ہو مجھے یہ پٹیاں پڑھانے والے......'' بسام غصے میں چلایا......

''میں کون ہوتا ہوں...... بہت خوب آج تم ان دہشت گردوں کی وجہ سے مجھ سے یہ پوچھ رہے ہو کہ میں کون ہوں...... لگتا ہے چار دن میں کافی یارانہ ہو گیا ہے......'' میں اور بسام ایک دوسرے کے مقابل آ کھڑے ہوئے...... میرا لہجہ بھی تلخ ہو گیا'' اور مجھے لگتا ہے کہ امریکہ میں رہتے ہوئے تمہارا خون بھی انہی لوگوں کی طرح سفید ہو گیا ہے......'' بسام زور سے چلایا۔ ''آیان......'' اور زندگی میں پہلی مرتبہ اس کا ہاتھ تیزی سے گھوما اور ایک زوردار چانٹے کی صورت میرے گال پر پانچ انگلیوں کا نشان چھوڑ گیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 12

کمرے میں زوردار چانٹے کی آواز گونجی، میری پوری زندگی میں بسام نے آج تک کبھی مجھ پر ہاتھ نہیں اٹھایا تھا، جب میں چوتھی جماعت میں پڑھتا تھا تب ایک بار بسام نے یونہی دھمکانے کے لیے صرف ہاتھ سے مجھے مارنے کا اشارہ کیا تھا تو میں اگلے دو دن اس سے ناراض رہا اور بات چیت بند کر دی تھی۔ پھر ڈیڈ نے ہم دونوں بھائیوں کو زبردستی گلے ملایا اور ہمیں ساحل پر ہماری پسندیدہ پولکا آئس کریم کھلانے سے لے گئے تھے، اس سے اگلے برس ہم سب امریکہ آ گئے اور تب سے آج تک کبھی بسام نے مجھے پھول سے بھی نہیں چھوا تھا...... حالانکہ وہ میرے مقابلے میں زیادہ نازک مزاج تھا لیکن اس نے ہمیشہ میرے ہی ناز اٹھائے تھے۔

کچھ دیر کے لیے ہم دونوں ہی ساکت ہو گئے اور پھر میں شدید غصے میں پلٹا اور بسام کے روکنے کے باوجود زور سے دروازہ بند کر کے اپارٹمنٹ سے نکل گیا۔ وہ رات میں نے نیویارک کی سڑکوں پر آوارہ گردی کرتے ہوئے گذاری...... ستمبر جا رہا تھا اور نیویارک کی راتیں بہت سرد ہو چکی تھیں۔ راستے میں بہت سی جگہوں پر بے گھر افراد نے لوہے کے بڑے بڑے ڈرمز میں ہاتھ سینکنے کے لیے آگ جلا رکھی تھی۔ آخر بسام کو بے گھر ہونے کا اتنا خوف کیوں تھا؟...... یہ لوگ بھی تو تھے جو یوں بنا کسی گھر، کسی چھت کے اپنی زندگی گذار رہے تھے۔ کیا زندگی صرف ''چھت اور چھایا'' کما لینے کا ہی نام ہے......؟...... صبح کے وقت میں بنا کسی ارادے کے چائنا ٹاؤن جانے والی زیر زمین ریل میں آ بیٹھا، مسجد میں فجر کی نماز کی تیاریاں جاری تھیں۔ شیخ الکریم کی معیت میں، جماعت کھڑی ہوئی تو میں بھی دوسروں کو دیکھا دیکھی وضو کر کے جماعت کے ساتھ کھڑا ہو گیا، شیخ نے سلام پھیرا تو مجھے وہاں دیکھ کر تعجب آمیز خوشی سے بولے۔ ''ارے...... آج تو مسلم کونسلر بھی یہاں موجود ہے...... لیکن اتنی صبح...... تمہیں تو عصر کے وقت آنا تھا لڑکے......'' میں نے دبے لفظوں میں انہیں بسام سے ہوئی جھڑپ کے بارے میں بتا دیا، وہ مسکرائے ''دو بھائیوں میں تکرار نہ ہو تو زندگی پھیکی ہے...... اس کی یہ ڈانٹ بھی دراصل تمہاری محبت کا ثبوت ہے...... اُسے ڈر ہے کہ کہیں تم غلط ہاتھوں میں پڑ کر جنوں کا شکار نہ ہو جاؤ۔ اور اس میں اس کا ایسا کچھ قصور بھی تو نہیں ہے۔''

ہم نے کچھ عرصے سے خود اپنی شناخت کو بھی تو اسی جنون کی بھینٹ چڑھا رکھا ہے...... لہٰذا اب تو نوے فیصد جھوٹ اور دس فیصد سچ کا سارا ملبہ تو ہم پر گرنا ہی تھا۔'' میں اب بھی کسی اندرونی الجھن کا شکار تھا۔ ''لیکن یہ شناخت کا جھگڑا شروع ہی کیوں ہوا......؟...... کیا مذہبی پہچان واقعی اتنا بڑا مسئلہ ہے کہ کئی تہذیبیں اس جنگ میں جھونک دی گئیں...... آخر مسلمان سے ایسا کیا بیر ہے باقی نسلوں کو......؟......'' شیخ الکریم مسکرائے۔ انہیں اپنی شناخت چھن جانے کا خطرہ ہے اس لیے وہ ہم سے لڑتے ہیں اور ہماری بے وقوفی دیکھو کہ ہم خود اپنی شناخت مٹانے کے درپے ہیں یہود یکجا ہو چکے...... اور ہماری فرقہ در فرقہ تقسیم کا عمل رُکنے میں نہیں آتا۔'' ''لیکن یہ یہودی بھی ہیں تو آخر وہ ہمیں کیوں مٹانا چاہیں گے......؟...... جب کہ آپ نے ابھی خود کہا کہ ہم خود اپنے آپ کو مٹانے کے درپے ہیں...... تو یہ



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بات پھر مسلمان دشمن نسلوں کو بھی اچھی طرح پتا ہوگی...... پر وہ اپنی تمام توانائیاں ہم پر ہی کیوں صرف کرنے لگے......؟...... وہ ہماری نسبت پہلے ہی بہت ترقی یافتہ ہیں اور انہوں نے کم از کم اس دنیاوی ترقی کا راز بھی پالیا ہے کہ کس طرح وقت کی اس دوڑ میں خود کو آگے رکھا جا سکتا ہے، پھر وہ اپنا قیمتی وقت ایک ہارے ہوئے پسپا دشمن پر کیوں ضائع کرنے لگے......؟...... سچ کہوں تو مجھے اب بھی یہ سب افسانوی باتیں لگتی ہیں...... ہم نے اپنی ناکامی کو ان یہودیوں کے سر تھوپنے کا آسان طریقہ ڈھونڈ لیا ہے اور بس......'' شیخ الکریم نے اطمینان سے میری بات سنی'' شاید کسی حد تک یہ اندازہ درست ہے...... لیکن یہود اور مسلمان کا معاملہ بھی بڑا عجیب ہے...... اسی عداوت کی مثال بالکل شیطان اور آدم کی دشمنی کی ابتداء جیسی ہے...... جس طرح ابلیس آدم سے پہلے اللہ کے مقرب ترین فرشتوں میں سے ایک تھا اور آدم کی تخلیق اور سجدے کے حکم سے اسے اپنی اہمیت اور لاڈلہ پن ختم ہوتا نظر آیا...... ٹھیک اسی طرح مسلمان سے پہلے یہود اللہ کی لاڈلی قوم تھی اور پیارے نبی محمد ﷺ کی آمد اور نبی آخر الزمان ﷺ کی اُمت نے جب یہود سے ان کا وہ اعزاز اپنے نام منتقل کروا لیا تو ٹھیک اسی ابلیس کی طرح جس نے تا ابد آدم کو بہکا کر اس سے یہ تکریم چھیننے کا عہد کر لیا تھا، یہود سے بھی مسلمان کو ملا یہ اعزاز کبھی ہضم نہیں ہوا۔ شیطان کی طرح یہود بھی جانتے ہیں کہ وہ غلط ہیں لیکن بغض اور حسد اُس انتہا کو پہنچ چکا ہے کہ وہ اپنی خطا تسلیم کرنے کے بجائے، وہ جسے عزت و رتبہ ملا، اس کو وجہ، خطا مانتے ہیں اور اُسے بے عزت اور ذلیل کر کے فنا کرنے کے درپے ہیں...... اور کتنی حیرت کی بات ہے کہ آدم شیطان کی اور مسلمان خود یہود کی مدد کر کے ان کا یہ کام آسان کرتا آیا ہے۔ سچ ہے...... شیطان کی چال بڑی گھائل کر دینے والی ہے......'' میں غور سے ان کی باتیں سنتا رہا...... مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ ان سوالوں کے جواب ملے جو ہمیشہ سے میرے اندر کہیں موجود تھے لیکن جواب نہ ملنے کے ڈر سے میں نے سدا انہیں دبائے رکھا۔ دھوپ نکلنے کے کچھ دیر بعد شیخ نے مجھے وضو کرنے کا کہا اور مجھے دیکھتے رہے۔ پھر چند جگہوں پر انہوں نے میری تصحیح کی اور خود مجھے پورا وضو کر کے بتایا۔ اس کے بعد انہوں نے مجھ سے نماز سنی اور جہاں جہاں تصحیح کی ضرورت تھی وہاں میری درستگی اور رہنمائی بھی کرتے گئے۔ ظہر تک میں ان کے ساتھ ہی رہا اور انہوں نے بہت سی بنیادی باتیں مجھے سکھا دیں، ظہر کے بعد میں اگلے روز آنے کا وعدہ کر کے مسجد سے نکل آیا...... بارش کے آثار دکھائی دے رہے تھے اور بادلوں نے آسمان سے اُفق تک اپنا خیمہ باندھنا شروع کر دیا تھا۔ نیلے فلک کے گڈریئے نے بادلوں کی سفید بھیڑوں کو ہانک ہانک کر شام سے پہلے گھر جانے کے لیے اکٹھا کرنا شروع کیا تو نیچے گھاٹیوں سے سرمئی اندھیرا سا چھانے لگا، اور جب میں نے یونیورسٹی کے گیٹ سے قدم اندر رکھا تو پہلی بوند میری جبیں پر سجدہ کر چکی تھی۔ اکیڈمک بلاک میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے صنم کبیر کی مجھ پر نظر پڑی اور وہ بدحواس سی میری جانب لپکی'' آیان...... کہاں تھے تم دن بھر'' ہم سب تمہیں تلاش کر کر کے تھک گئے...... کہاں چلے گئے تھے تم......؟'' میں نے حیرت سے اُسے دیکھا'' کیا ہوا......؟...... خیر تو ہے......؟...... میں کسی میلے میں کھو تو نہیں گیا تھا مس پہلوی......''۔'' بسام تمہیں کل رات سے پورے نیویارک میں کہاں کہاں نہیں ڈھونڈ چکا اب تک...... تم ساری رات کہاں تھے......؟ جانتے نہیں تمہارا بھائی تمہارے لیے کتنا فکر مند ہو جاتا ہے......'' مجھے رات والی جھڑپ یاد آ گئی۔'' وہ تمہیں ملے تو اس سے کہنا کہ اسے میرے لیے فکر کرنے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کی ضرورت نہیں...... میں نے مسلم ہاسٹل میں کمرہ لینے کا فیصلہ کر لیا ہے...... میری ذمہ داریاں اب مجھے یونیورسٹی سے زیادہ دیر باہر رہنے کی اجازت نہیں دیتیں......'' اچانک میرے عقب سے بسام کی آواز ابھری۔ ''یہ کیوں نہیں کہتے کہ میری قید کے دوران تمہیں وہ لوگ اپنے بھائی سے زیادہ پیارے ہو گئے ہیں...... اس لیے تم اپنا گھر چھوڑ کر ہاسٹل میں رہنے کی بات کر رہے ہو......'' بسام جانے کس وقت وہاں آ کھڑا ہوا تھا۔ میں چپ رہا۔ صنم کبیر نے پریشانی سے ہم دونوں کی طرف دیکھا ''کیا ہو گیا ہے تم دونوں کو...... پوری یونیورسٹی تم دونوں بھائیوں کی آپس کی محبت کی مثالیں دیتے نہیں تھکتی...... اور تم دونوں یوں......؟'' بسام نے صنم کی بات کاٹ دی ''یہ تم اسے سمجھاؤ...... میں اسی کے بھلے کے لیے اسے ان لوگوں سے دور رہنے کا مشورہ دے رہا ہوں...... میں جانتا ہوں کہ عامر بن حبیب اور بابر سیدی نے میرے لیے تحریک چلا کر ہم پر بڑا احسان کیا...... مجھے ذاتی طور پر ان دونوں لڑکوں سے کوئی پرخاش بھی نہیں ہے...... وہ اچھے لڑکے ہیں لیکن یہاں بات کسی کی ذات کی نہیں ہو رہی...... یہ ایک اجتماعی تاثر کی بات ہے اور نیویارک کے آج کل کے حالات میں کسی یونیورسٹی میں مسلم کونسلر ہونا بذاتِ خود اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالنے کے مترادف ہے اور آیان کے پیچھے تو پہلے ہی سی۔ آئی۔ اے کی عقابی نظریں لگ چکی ہیں......'' بسام اپنی بات کر رہا تھا کہ اتنے میں پروا اور جینی کے ساتھ ایرک اور جم بھی وہاں پہنچ گئے ایرک نے میرا ہاتھ تھام لیا ''بسام ٹھیک کہہ رہا ہے آیان...... تمہارا بھائی بنا کسی قصور کے تین ہفتے جیل میں گزار کر آ رہا ہے...... تم پر کوئی الزام لگانے میں تو انہیں شاید ایک لمحہ بھی نہ لگے...... ہم سب دوستوں کی یہی رائے ہے کہ تم فی الحال خود کو سی۔ آئی۔ اے کی نظروں میں آنے سے بچانے کے لیے مسلم کونسلر شپ سے استعفیٰ دے دو...... تم پس منظر میں رہ کر بھی اپنے مسلم دوستوں کی مدد کر سکتے ہو......'' پروا نے ان سب کی باتوں میں کوئی دخل نہیں دیا اور وہ چپ چاپ کھڑی ان سب کی سنتی رہی۔ میں نے ان سب پر نظر ڈالی۔ ''آج تم لوگ پولیس اور سی۔ آئی۔ اے کے ڈر سے مجھے سچ کا ساتھ دینے سے منع کر رہے ہو...... کل اگر یہی ادارے مجھے بسام کے رشتے سے بھی دست بردار ہونے کے لیے کہیں گے تو کیا تب بھی تم لوگوں کا یہی مشورہ ہوگا......؟ بسام بھی تھا ان کی نظروں میں مشکوک ہو چکا ہے؟ آخر ہم لوگ کب تک اس خوف کے اثر تلے اپنی زندگی گذارتے رہیں گے......؟ آخر ہمارا جرم کیا ہے......؟ ہم کیوں ان کی لگائی ہوئی فردِ جرم سے پہلے ہی خود کو مجرم ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں......؟ کیا نیویارک پولیس کے صرف کہہ دینے سے ہم میں سے کوئی بھی دہشت گرد ثابت ہو جائے گا......؟ ہمارا ہر فیصلہ کیا اب صرف یہی سوچ کر ہوگا کہ یہاں کی کسی ایجنسی کو ہمارا کوئی عمل ناگوار نہ گذر جائے...... سی۔ آئی۔ اے تو شاید ہمیں بعد میں گرفتار کرے لیکن ہم اس سے پہلے ہی خود اپنے آپ کو قید کر چکے ہیں۔ موت آنے سے پہلے ہی ہم خود اس خوف کے مارے اپنا گلا گھونٹ چکے ہیں...... یار پلیز...... مجھے چند دن جی لینے دو...... اگر میرا انجام انہی صیادوں کے ہاتھ لکھا ہے تو کچھ سانسیں مجھے اپنی مرضی سے سینے میں بھرنے دو...... پھر جو ہوگا...... دیکھا جائے گا......'' اتنے میں کسی جانب سے احمر بوکھلائے ہوئے انداز میں وہاں نمودار ہوا۔ ''آیان...... ٹائمز اسکوائر والے بم کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا ہے۔ اس پاکستانی لڑکے کو عمر قید کی سزا ہو گئی ہے...... سنا ہے اس نے خود جج سے کہا تھا کہ اسے اپنے جرم پر کوئی شرمندگی نہیں ہے اور اس نے عمر قید کا سن کر بھری عدالت میں اللہ اکبر کا نعرہ بھی لگایا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہے...... مسلم ہاسٹل میں سب طلباء اس فیصلے پر اپنا ردِعمل طے کرنے کے لیے جمع ہو چکے ہیں اور تمہارا انتظار ہو رہا ہے......''

میں نے احمر سے کہا ''ٹھیک ہے...... میں تمہارے ساتھ ہی چلتا ہوں......'' پروانے بھی میرے ساتھ قدم اٹھاتے۔ بسام نے زور سے کہا۔''رک جاؤ آیان...... آج اگر تم ہاسٹل گئے تو میں یہ سمجھوں گا کہ تم نے مجھ سے اپنا ہر رشتہ توڑنے کا فیصلہ کر لیا ہے......'' میں نے رک کر بسام کی جانب دیکھا۔''اگر ہم دونوں کا رشتہ اتنا ہی کچا ہے کہ وہ میرے کسی ایسے قدم سے ٹوٹ سکتا ہے جسے میں صرف اپنی کھوج مکمل کرنے کے لیے اٹھانا چاہتا ہوں...... تو پھر اسے ٹوٹ ہی جانا چاہیے......''

میں نے دوبارہ پلٹ کر نہیں دیکھا۔ میرے دوست اور صنم کبیر کی مجھے بلانے کی آوازیں دور تک میرا پیچھا کرتی رہیں ان آوازوں میں بسام کی کوئی آواز شامل نہیں تھی۔ جانے کیوں موڑ مڑتے وقت تک میرے کانوں کو بسام کی ایک ہلکی سی آواز کی آس رہی۔ جانے وہ اتنا سنگ دل کیسے ہو گیا تھا؟ چند دن کی قید نے اُسے کس قدر بدل ڈالا تھا......؟ یا شاید چند دن کی اُسی قید نے اس کے اندر میرے مستقبل کے لیے اتنا سخت قدم اٹھانے کا حوصلہ پیدا کر دیا تھا؟

پُروا غور سے میرے چہرے کے اُتار چڑھاؤ کو دیکھتی رہی لیکن اس نے کچھ نہیں کہا''ہم تینوں مسلم ہاسٹل میں داخل ہوئے تو سبھی لڑکے جمع ہو چکے تھے اور زوردار بحث جاری تھی۔ سب ہی کا ایک سوال تھا کہ اب ہمارا لائحہ عمل کیا ہونا چاہیے......؟''میں نے ہاتھ اٹھا کر ان سب کو خاموش کروایا۔''یہ ایک عدالتی فیصلہ ہے جسے ثابت کرنے کے لیے عدالت کو ثبوت اور گواہی بھی خود اسی لڑکے نے فراہم کی ہے...... اس نے اپنا جرم قبول کیا اور یہاں کی عدالت نے قانون کے مطابق اسے سخت سزا سنا دی...... اس لیے اس فیصلے کو پاکستانی لیڈی ڈاکٹر کے فیصلے کے ساتھ مشروط کیا جائے نہ ہی اسے اس تناظر میں دیکھا جائے کیونکہ یہ ایک بالکل الگ کیس ہے...... رہی بات سزا میں زیادتی یا کمی کی...... تو یہ ایک الگ بحث ہے اور یاد رہے کہ اپنی سزا اُس لڑکے نے خود عدالت کے سامنے تجویز کی ہے......ہمیں یہ بات بھی دھیان میں رکھنی ہو گی کہ امریکہ ایک خودمختار ریاست ہے اور اسے اپنی سلطنت کی حدود میں ہوئے جرم کے خلاف ہر اس ردِعمل کی اجازت ہے جو یہاں کے قانون اور آئین کے مطابق جائز ہے......، یہ جرم اس لڑکے نے پاکستان یا کسی اور اسلامی ملک میں کیا ہوتا، تب بھی اسے شاید یہی سزا ملتی۔ لہٰذا اس معاملے میں اپنے جذبات کو قابو میں رکھنے کی ضرورت ہے۔ شیخ الکریم نے کہا تھا کہ اس ماحول میں ہمیں علم اور قلم کے جہاد کی ضرورت ہے...... یہ جنگ کسی اور دیس میں ایک اقلیت کی حیثیت سے لڑی جا رہی ہے، اس لیے یہاں تلوار نہیں دلیل کی کاٹ سے کام چل جائے تو ہماری بہت بڑی کامیابی ہو گی......'' میری باتیں سن کر لڑکوں کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔ احمر نے پوچھا۔''تم ٹھیک کہہ رہے ہو آیان...... لیکن اگر ہم اس معاملے پر خاموش رہیں گے تو یہودی اور عیسائی گروپ ہمیں کمزور ہونے کا طعنہ دیں گے......''

اس کی ''معصوم'' تشویش سن کر میرے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی۔''اس بار اگر وہ لڑکے تمہیں کمزور ہونے کا طعنہ دیں تو جواب میں تم لوگ صرف ایک جملہ کہو گے کہ''ہم سب امریکن قوانین کا احترام کرتے ہیں...... اور کرتے رہیں گے تاوقتیکہ وہ قانون صرف ہم



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مسلمانوں کے خلاف کوئی امتیازی شکل اختیار نہ کر لے......" اور میں تم لوگوں کو احتجاج سے ہرگز نہیں روک رہا ہوں مگر احتجاج تو بازو پر کالی پٹی باندھ کر بھی کیا جا سکتا ہے، مسلم گروپ میں سے جس کسی کو بھی اس فیصلے کے خلاف احتجاج کرنا ہے وہ ایسا کوئی بھی مہذب احتجاج کر سکتا ہے، صرف شور شرابہ، توڑ پھوڑ اور سڑکوں پر جلوس نکالنا ہی احتجاج نہیں کہلاتا......اور کل ہم سب بابر سیدی کی گرفتاری کے خلاف اپنے دائیں بازو پر سیاہ پٹی باندھ کر کلاس میں آئیں گے......آئندہ سے ہمارا احتجاج نوٹس بورڈ پر لگے ایک کاغذ اور اس پر لکھی تفصیل کی صورت میں بولے گا اور ہم خاموش رہ کر، کارڈ اٹھا کر، پٹیاں باندھ کر یا پھر ہونٹوں پر ٹیپ لگا کر اپنا احتجاج رجسٹر کروایا کریں گے۔ بولو......یہ طریقہ احتجاج سب کو منظور ہے......؟......سب لڑکوں کو یک زبان ہو کر کہا "ہمیں منظور ہے......" لڑکے مطمئن ہو کر منتشر ہو گئے۔ پروا اس تمام معاملے کے دوران ایک جانب خاموش کھڑی رہی۔ مسلم گروپ میں پانچ لڑکیاں بھی گروپ کی ممبرز تھیں لیکن ان تک یہ احکامات زیادہ تر پروا کے ذریعے ہی پہنچائے جاتے تھے اور جب ضرورت پڑتی تبھی انہیں لڑکوں کے ساتھ مشترکہ ایجنڈے کے لیے طلب کیا جاتا تھا۔ میں نے پروا سے کہا کہ وہ طالبات کو بھی کل کے اس احتجاج کا پیغام دے آئے، وہ کسی الجھن کا شکار تھی، آیان......کیا تم نے واقعی ہاسٹل منتقل ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے......؟......میں جانتی ہوں کہ بسام اوپری طور پر سخت نظر آنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن وہ اندر سے اب بھی اتنا ہی نازک ہے......تمہارے بنا، وہ دو قدم بھی نہیں چل پائے گا......تم ایک بار پھر سوچ لو......" میں جانتا ہوں......ہم دونوں کبھی ایک دوسرے کے بنا مکمل نہیں رہ پائیں گے......یہ دونوں کا آدھا آدھا حصہ ایک دوسرے کے پاس ہی رہ جائے گا......لیکن شاید اب ہماری سوچ میں تضاد آ چکا ہے......ہم ایک ہی گھر میں رہے تو یہ بحث روزانہ طول پکڑے گی اور ہم روز ایک دوسرے سے لڑ جھگڑ کر گھر سے نکلا کریں گے......لہٰذا اس وقت یہی بہتر ہے کہ میں گھر سے باہر رہوں۔ ایک بار عامر بن حبیب اور بابر سیدی میں سے کوئی بھی ایک دوبارہ مسلم کونسلر بن کر اپنی ذمہ داریاں سنبھال لے، تب میں خود اس عہدے سے دست بردار ہو جاؤں گا......لیکن اگلے دو مہینے تک ایسا ممکن نہیں ہے، کیونکہ مسلم کونسلر کے عہدے کا چناؤ دو مہینے بعد ہوگا......"

شام تک میری مسلم ہاسٹل میں کمرے کی درخواست پر کاروائی مکمل ہو چکی تھی کیونکہ بطور مسلم کونسلر یہ سہولت مجھے ہمیشہ سے حاصل تھی۔ شام کو وارڈن نے مجھے اپنے کمرے میں بلایا۔ "ایک چھوٹا سا مسئلہ ہو گیا ہے......تمہاری رائے چاہیے......" وارڈن نے مجھے بتایا کہ عامر بن حبیب کے معطل ہونے کے بعد ابھی تک مسلم کونسلر کا کمرہ اس سے خالی نہیں کروایا گیا تھا کیونکہ میں نے بطور نئے مسلم کونسلر ہاسٹل میں کمرہ لینے کی درخواست جمع نہیں کرائی تھی۔ لہٰذا کمرہ بھی عامر کے نام پر ہی الاٹ ہے۔ اگر مجھے وہی کمرہ چاہیے تو انہیں عامر کا سامان وہاں سے نکال کر سیل کرنا ہوگا یا پھر مجھے ایک تحریری درخواست دینی ہوگی کہ میں اس کی ذاتی اشیاء کا ذمہ دار رہوں گا جب تک کہ اس کا سامان واپس نہ کر دیا جائے......تیسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ مجھے کوئی اور کمرہ الاٹ کر دیا جائے۔ میں نے وارڈن سے کہا کہ عامر بن حبیب کے ذاتی سامان کو وہاں سے کہیں اور منتقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے......اُسے وہیں کسی الماری میں سیل کر دیا جائے۔ میں اس کا ذمہ دار رہوں گا......لیکن مجھے وہی کمرہ الاٹ کیا جائے کیونکہ میں چاہتا تھا کہ مسلم کونسلر کے کمرہ نمبر ۱۳۷ کی یہ شناخت



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مدہم نہ ہونے پائے۔ میری درخواست منظور کر لی گئی اور دو گھنٹے کے بعد وارڈن نے کمرے کی چابی میرے حوالے کر دی۔ اتنی دیر میں ایرک اور جم میرے اپارٹمنٹ سے چند کپڑے اور میری ضرورت کا سامان لے کر آ چکے تھے۔ نہ مجھ میں خود اتنی ہمت نہیں تھی کہ جا کر اپنے گھر سے یہ سب اُٹھا کر لاسکوں۔ جانے بسام نے کس دل سے یہ سب اکٹھا کر کے جم اور ایرک کے حوالے کیا ہوگا.....؟ سامان نکالتے ہوئے اچانک وہ چھوٹا سا تکیہ نیچے گرا جس کے لیے روز رات کو میرے اور بسام کے درمیان باقاعدہ دھینگا مشتی ہو جایا کرتی تھی۔ میں نے اُسے اٹھایا تو میری آنکھیں نم ہونے لگیں..... کبھی کبھی بے جان چیزوں کے ساتھ جڑی ہوئی یادیں انہیں کتنا جاندار بنا دیتی ہیں..... بت میں رُوح سی پھونک دیتی ہیں..... یا شاید ''یاد'' بذات خود ایک روح کی طرح ہوتی ہے، ''ہمارے گذرے دنوں اور ماضی کی روح''..... رات کا کھانا ہم سب نے ہاسٹل کے میس Mess میں کھایا اور پھر وہ رخصت ہو گئے، سب سے آخر میں جانے والی پروا تھی۔ میں اُسے چھوڑنے کے لیے ہاسٹل کی پارکنگ تک آیا جہاں اس کی چھوٹی نیلے رنگ کی شیورلیٹ کھڑی تھی۔ ''اچھا تو مس پروا ضمیر خان..... اب صبح آپ سے ملاقات ہوگی..... دعا ہے کہ آپ کو اُردو زبان میں ڈب شدہ اچھے اچھے رنگین خوابوں والی نیند نصیب ہو.....'' پُروا میری بات سن کر مسکائی۔ ''بلیک اینڈ وائٹ خواب بھی چل جائیں گے..... خواب سچے ہوں تو رنگ اپنے آپ بھر جاتے ہیں.....'' وہ چند قدم چل کر اپنی گاڑی تک پہنچ کر پلٹی..... ''آیان..... تم ٹھیک تو ہو نا.....؟..... شاید پہلی رات تمہیں یہاں ٹھیک سے نیند نہ آئے..... میرے پاس ابھی کچھ سکون آور گولیاں ہیں گاڑی کی ڈیش بورڈ میں..... تمہیں دے جاؤں.....؟'' ''نہیں پروا..... کبھی کبھی نیند کو رُوٹھنے دینا چاہیے..... تا کہ خوابوں کی اہمیت کا اندازہ ہو سکے.....'' ''آیان..... تم اتنے بڑے بڑے فیصلے ایک دم کیسے کر لیتے ہو.....؟ میرا دل تو اتنی آسانی سے میری بات کبھی نہیں مانتا.....'' ''لیکن پھر بھی تم اُسے منا کر ہی دم لیتی ہو..... تم ایک بہادر اور بہت مضبوط لڑکی ہو پُروا ضمیر خان..... کاش میں بھی اتنا ہی مضبوط ہوتا..... پُروا مزید کچھ کہہ نہیں پائی اور خاموشی سے گاڑی میں بیٹھ گئی، میرے قریب سے گذرتے ہوئے وہ ایک لمحے کو رُکی..... ''کبھی کبھی اتنا مظبوط ہونا ہمیں خود اپنے اندر سے ہی چٹخا کر رکھ دیتا ہے..... میرے لیے دعا کرنا آیان..... کہیں میں کسی روز ایک دم ہی ٹوٹ کر ریزہ ریزہ نہ ہو جاؤں.....'' پروا نے گاڑی آگے بڑھا دی اور میں تھکے قدموں کے ساتھ واپس کمرے میں آ گیا۔

پُروا نے ٹھیک ہی کہا تھا..... نیند میری آنکھوں سے کوسوں دُور تھی بار بار یہی خیال آ جاتا تھا کہ جانے بسام کیا کر رہا ہوگا؟ وہ بھی میری طرح خالی دیواروں سے باتیں کر رہا ہوا.....؟۔ کھانا بھی کھایا ہوگا کہ نہیں..... مجھے رات کو بہت دیر تک لاؤنج کے صوفے پر لیٹ کر ٹی۔ وی دیکھنے کی عادت، اس لیے میں رات گئے اپنے اور بسام کے لیے ایک ایک مگ کافی بناتا تھا۔ بسام کو جان بوجھ کر سوتے سے جگا کر کافی اُسے تھماتا تو وہ اکثر تنگ آ کر میرے ساتھ ہی لاؤنج میں آ جاتا تھا اور پھر میں کچھ دیر میں سو جاتا اور بسام ساری رات جاگتا رہتا تھا جانے اُسے میری کافی یاد آ رہی ہوگی یا نہیں.....؟ انہی سوچوں میں گم میں بستر پر کروٹیں بدلتا اور پھر تنگ آ کر میں نے کمرے کی روشنی جلا دی۔ کمرے سے عامر بن حبیب کا سامان جمع کر کے اسے الماری میں لاک کر دیا گیا تھا۔ بس اس کی رائٹنگ ٹیبل پر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کچھ کاغذ، چند سیاہی والے پارکر پن، اور میز کے سامنے لگے شیلف میں چند کتابیں ابھی تک ویسے ہی بجی ہوئی تھیں، جیسے عامر انہیں چھوڑ کر گیا تھا۔ کمرے میں چند مشہور عرب مصوروں کے فن پارے سجے ہوئے تھے جو عامر کے ذوق کا پتا دیتے تھے۔ چند عربی رسائل، لیلیٰ بن خالد کا ایک پوسٹر بھی کمرے کی زینت تھے۔۔ میں نے یونہی بے خیالی میں ایک عربی ناول شیلف سے اٹھا کر اس کے صفحے پلٹنا شروع کر دیے۔ ناول کا ترجمہ انگریزی زبان میں بھی کیا گیا تھا، اچانک ناول کے بند صفحات کے درمیان سے ایک تصویر نیچے گر پڑی۔ میں نے میز پر پڑی تصویر اٹھا کر اسے جھاڑا۔ تصویر کسی معصوم سی خوبصورت لڑکی کی تھی جو سر پر اچھی طرح اسکارف لپیٹے اور اپنے جسم کو ایک بڑے سے اوورکوٹ سے ڈھانپے کھڑی مسکرا رہی تھی۔ لڑکی نے ہاتھوں پر دستانے پہن رکھے تھے اور اس کے پاؤں بھی بند جوتوں سے ڈھکے ہوئے تھے، مطلب وہ مکمل باپردہ لباس میں ملبوس تھی۔ تصویر کے پیچھے لکھا گا۔ ''ماریا قاہرہ یونیورسٹی۔ دسمبر ۲۰۰۶'' جانے کیوں مجھے وہ تصویر دیکھ کر اس روز عامر بن حبیب کی آنکھوں میں جھلکتی وہ بے نام سی اداسی یاد آ گئی...... کہیں اس اُداسی کے پیچھے بھی ایسی ہی کسی میٹھی یاد کی کسک تو شامل نہیں تھی۔؟؟

وہ رات جانے کس عذاب سے کٹی اور صبح جب میں یونیورسٹی پہنچا تو تمام مسلم طلباء نے اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں اور نوٹس بورڈ پر ایک تحریر جگمگا رہی تھی۔ ''ہم ہارسیدی سمیت ہر اس مسلم یا غیر مسلم قیدی کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں جسے صرف مذہبی تعصب کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔'' میں سیڑھیوں سے اُترا تو شمعون سامنے سے اپنے ساتھیوں سمیت آتا دکھائی دیا۔ ہم چند لمحوں کے لیے ایک دوسرے کے سامنے ٹھہر گئے۔ ''اچھے جا رہے ہو مسلم کونسلر...... لگتا ہے تم انہیں تمیز اور تہذیب کے کافی گر سکھا چکے ہو۔۔'' شمعون کی بات سن کر اس کے ساتھی مسکرائے۔ میں نے ان سب کے چہروں پر نظر ڈالی۔ ''ہاں...... انہیں تو سکھا چکا...... بس اب تم ہی باقی بچے ہو۔'' شمعون مجھے گھورتا ہوا آگے بڑھ گیا۔ اچانک ہال نمبر ۳ کی جانب سے عجیب سے شور کی آواز سنائی دی۔ جیسے کوئی بہت زبردست بحث چل رہی ہو۔ ساتھ ہی کچھ جوشیلے نعروں کی آواز بھی سنائی دی۔ میں تیزی سے چل کر جب تک راہداری میں پہنچا تب تک گیلری مسلم طلباء سے بھر چکی تھی۔ حافظ شکیل نے مجھے دیکھا تو غصے میں بھرا میری جانب لپکا۔

''آیان...... تم نے سنا کچھ...... اس بار تو انہوں نے وہ مکروہ سازش کی ہے اور ایسی گری ہوئی حرکت کا ارتکاب ہونے جا رہا ہے اس یونیورسٹی میں کہ ہم خود اس کے درودیوار کو آگ لگا کر بھسم بھی کر دیں تو کم ہوگا......'' ''ہوا کیا ہے......؟'' احمر نے ایک کاغذ پھاڑ کر ہوا میں پھینکا اور نفرت سے منہ بگاڑ کر بولا۔ ''یونیورسٹی انتظامیہ نے گستاخانہ خاکوں پر مبنی ایک سیمینار کی اجازت دی ہے جسے کوئی ڈینش این۔ جی۔ او سپانسر کر رہی ہے۔ وہ لوگ ہماری یونیورسٹی میں اپنے توہین آمیز خاکوں کی نمائش اور سیمینار میں تقاریر کرنے کی اجازت لے چکے ہیں لیکن اگر ایسی حرکت کا کسی نے سوچا بھی تو ہم یہ یونیورسٹی ہی جلا کر راکھ کر دیں گے...... چاہے پھر ہمیں پھانسی ہی کیوں نہ دے دی جائے......''



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب13

سب لڑکے چلانے لگے ''ہاں ہاں...... ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے...... ہم سب گرفتاریاں دینے کے لیے تیار ہیں...... لیکن ہم اس یونیورسٹی کے گیٹ سے کسی کو اس مقصد کے لیے اندر قدم رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے......'' چاروں جانب سے ایک ساتھ بولنے اور چلانے کی آوازوں نے ایک طوفان بدتمیزی برپا کر رکھا تھا۔ میں نے بڑی مشکل سے ہاتھ اٹھا کر انہیں خاموش کروایا۔ ''سیمینار کی تاریخ کیا مقرر کی گئی ہے......؟'' احمر نے ایک کاغذ میری جانب بڑھایا۔ تاریخ کا حتمی فیصلہ ابھی باقی ہے کیونکہ انہوں نے پہلے مرحلے کے طور پر یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس کو اس مکروہ عمل کا حصہ بنانے کے لیے انہیں بھی اس معاملے میں اپنے خیالات کے اظہار کی دعوت دی ہے...... ویسے اگلے مہینے کی پندرہ تاریخ متوقع ہے...... ایک آدھ دن میں تاریخ کا اعلان بھی ہو جائے گا......'' یونیورسٹی انتظامیہ نے مسلم طلباء کا ردعمل جاننے کے لیے اور ان کے جذبات کا اُبال ٹھنڈا کرنے کے لیے بہت آزمودہ طریقہ اختیار کیا کہ پہلے صرف سیمینار کا شوشہ چھوڑ کر وہ خاموشی سے بیٹھ گئے تھے۔ کچھ ہی دیر میں میں تمام لڑکوں سمیت ڈین کے کمرے کے باہر راہداری میں موجود تھا۔ ہم نے اندر ڈین سے ملاقات کے لیے پرچی بھیج دی اور اب ہمیں بلاوے کا انتظار تھا۔ میں نے لڑکوں کو نعرے بازی سے روکے رکھا۔ پہلے میں ڈین سے بات کر کے اس معاملے کا سرا ڈھونڈنا چاہتا تھا۔ کچھ دیر میں ڈین کے پی۔اے نے صرف مجھے اندر جانے کی اجازت دے دی۔ میں کمرے میں داخل ہوا تو ڈین ہونٹوں میں پائپ دبائے اپنے کمرے کی شیلف میں کوئی کتاب تلاش کر رہا تھا۔ اس نے مجھے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ ''آؤ مسلم کونسلر...... میں بس دو لمحے مزید لوں گا۔ جانے یہ میری کتابیں ہمیشہ کون آگے پیچھے کر دیتا ہے...... تم کتابیں پڑھتے ہو کونسلر...... میرا مطلب ہے نصاب سے ہٹ کر......'' میں کرسی پر بیٹھ چکا تھا۔ ''نہیں...... زیادہ نہیں...... مجھے تو نصاب کی کتابیں بھی دل جمعی سے پڑھنے کا موقع نہیں ملا کبھی......'' ''ڈین نے اپنے مطلب کی کتاب ڈھونڈ لی اور اپنی کرسی پر آ کر بیٹھ گیا۔ ''نہیں نہیں...... تمہیں کتاب پڑھنے کے لیے زندگی میں سے تھوڑا بہت وقت تو ضرور نکالنا چاہیے۔ کتابیں ہمیں بہت کچھ دے جاتی ہیں......'' میں نے دھیرے سے کہا...... ''ہاں...... سوچتا ہوں کتابوں سے رشتہ جوڑ لوں۔ لیکن پھر جب یہ دیکھتا ہوں کہ ان کتابوں کا دیا ہمیں بدل نہیں پاتا تو پھر رُک جاتا ہوں...... صرف صفحے پلٹنے اور وقت گذاری کے لیے کتابیں پڑھنے کو میں وقت کا ضیاع سمجھتا ہوں......'' ڈین نے چونک کر سر اٹھایا۔ ''یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ کتابیں ہمیں بدل نہیں پاتیں...... کتاب سے بڑا انقلاب تو شاید بھوک بھی نہیں لا سکتی......'' میں نے احمر کا دیا ہوا کاغذ ڈین کے سامنے رکھ دیا۔ ''دنیا کی ہر کتاب ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی جذبات کا احترام کرنے کا درس دیتی ہے۔ اگر ہم کتاب سے کچھ سیکھتے تو کیا یہ مذہبی تعصب اب تک ہمارے اندر پنپتا......؟؟ آپ نے زندگی میں سینکڑوں کتابیں پڑھی ہوں گی...... لیکن آپ بھی ابھی تک مذہبی رواداری کا سبق عام نہیں کر پائے سر...... پھر کتابوں کا اثر ہم انسانوں کو



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بدل دیتا ہے..... یہ میں کیسے مان لوں؟؟" ڈین کچھ دیر کے لیے خاموش سا ہو گیا۔" "آیان..... کچھ باتیں ہمارے اپنے اختیار میں بھی نہیں ہوتیں..... کبھی کبھی ہمیں اپنے اندر کے فیصلوں کے خلاف بھی جانا پڑتا ہے..... شاید میں اس معاملے میں تمہاری کچھ زیادہ مدد نہ کر سکوں....." میں نے کاغذ ڈین کی میز سے اٹھالیا" میں یہاں آپ سے مدد مانگنے نہیں آیا..... آپ کو صرف اتنا بتانے کے لیے آیا ہوں کہ میں آپ کے کہنے کے مطابق اپنے ساتھیوں کو ہر اسی قانون کی پاسداری کا سبق دیتا آیا ہوں جسے یونیورسٹی کے اندر اور باہر لاگو رکھا گیا ہے..... لیکن اس بار یہ وار ہم سب کے جگر کے پار ہو چکا ہے..... اور اگر یونیورسٹی نے اپنا فیصلہ جلد واپس نہ لیا تو شاید اس یونیورسٹی میں ایک مسلم طالب علم بھی نہ بچے..... وہ سب گرفتار ہو کر جیل چلے جائیں گے لیکن جاتے جاتے کیا کر جائیں..... یہ آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں....." میں اٹھ کر جانے لگا تو ڈین نے مجھے آواز دے کر روک لیا" میں اب بھی تم سب کو یہی مشورہ دوں گا آیان..... کوئی ایسی حرکت نہ کرنا جس کے بعد پچھتانے کے لیے تم لوگوں کو وقت بھی نہ ملے..... اگر ڈینش این۔جی۔اوN.G.O والے آزادیٔ اظہار کا اپنا حق استعمال کرنا چاہتے ہیں تو انہیں اس حق سے کوئی محروم نہیں کر سکتا۔ مسلم اسٹوڈنٹس چاہیں تو وہ بھی یونیورسٹی کے قوانین کے اندر رہتے ہوئے اسی روز کسی دوسرے ہال میں جلسہ کر سکتے ہیں"..... میں نے پلٹ کر ڈین کو دیکھا" بات صرف اگر ایک جلسے یا سیمینار کی حد تک رہتی تو ہم ضرور تقریر سے ان کا مقابلہ کرتے..... لیکن آپ اپنی یونیورسٹی کے اندر ان گستاخانہ خاکوں کی تشہیر کی اجازت دینے کی بات کر رہے ہیں۔ اور یقین کریں..... ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے....." میں بات ختم کر کے ڈین کے کمرے سے باہر نکل آیا۔ راہداری میں بھی مسلم طلباء اسی طرح جمع تھے جیسے میں انہیں اندر جاتے وقت چھوڑ کر گیا تھا۔ وہ تیزی سے میری جانب لپکے۔" بات ہو گئی.....؟ انتظامیہ کا کیا فیصلہ ہے.....؟....." میں نے ان سب کے چہرے پر نظر دوڑائی....." اس بار فیصلہ یونیورسٹی انتظامیہ کا نہیں..... ہمارا ہو گا..... ہم ان مکروہ گستاخانہ خاکوں کی نمائش یہاں کسی صورت نہیں ہونے دیں گے....." لڑکوں نے جوش میں آ کر نعرے بازی شروع کر دی۔ میں نے انہیں خاموش کرایا" لیکن یاد رہے..... ہمیں ایک بہت بڑی اور لمبی جنگ کی تیاری کرنا ہو گی۔ اس جنگ کے اصول اور ضوابط میں طے کروں گا۔ کیا تم سب کو مجھ پر اور میرے لڑنے کی صلاحیت پر اعتبار ہے.....؟" سبھی نے زور سے چلا کر کہا ہمیں تم پر اعتبار ہے کونسلر....." کہیں پیچھے سے پروا کی آواز آخر میں سنائی دی۔" اور مجھے بھی..... ہم سب کو تم پر مکمل اعتماد ہے آیان....." میں نے تمام لڑکوں کو شام کو ہاسٹل میں جمع ہونے کا کہا۔ پتا نہیں مجھے ایسا کیوں محسوس ہو رہا تھا۔ جیسے اس لڑائی کا انجام ہم سب کا آخری انجام ثابت ہونے والا ہے۔ لڑکے اپنی اپنی کلاس میں واپس چلے گئے۔ پروا نے غور سے میری جانب دیکھا" اب کیا سوچا ہے.....؟....." کچھ فیصلے سوچے سمجھے بغیر بھی لے لیے جاتے ہیں۔ کیونکہ وہ ازل سے ہی ہمارے خمیر میں طے شدہ حالت میں گوندھے جا چکے ہوتے ہیں۔ میری یونیورسٹی میں موجودگی میں تو یہ سب وہ کسی صورت نہیں کر پائیں گے..... ہاں اگر میں یونیورسٹی ہی میں نہ رہا یا مجھے کچھ ہو گیا تب یہ ذمہ داری میں تمہیں سونپ جاؤں گا۔ فی الحال تمہیں تمام مسلم لڑکیوں کو اپنے ساتھ ملا کر دوسرے مذہب کی طالبات کو اس بات پر قائل کرنا ہو گا کہ یہ صرف ہمارے دین اور پیغمبر ﷺ کے خلاف ہی نہیں..... بلکہ پوری انسانیت کے خلاف ایک ایسی گھناؤنی سازش ہے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

جس کے اثرات ہماری آئندہ نسلوں تک منتقل ہوتے رہیں گے اور اگر ایک بار مذہبی جذبات کے قتل کا یہ سلسلہ اس معاشرے میں شروع ہو گیا تو پھر یہ کبھی نہیں رُکے گا۔ پھر کوئی دین اور کسی کا بھی مذہب اس شر سے محفوظ نہیں رہ پائے گا......" پروا نے دھیان سے میری بات سنی "تم ٹھیک کہتے ہو...... ہم سب مسلم لڑکیاں آج سے ہی یہ پیغام یہاں کی ہر طالبہ تک منتقل کرنا شروع کر دیں گی...... تم اپنا محاذ سنبھالو...... میں اپنا محاذ سنبھالتی ہوں......" میں اور پروا مختلف سمتوں میں آگے بڑھ گئے۔ ہماری زندگیوں کا سب سے بڑا امتحان شروع ہو چکا تھا۔

عصر کے بعد میں کچھ دیر کے لیے چائنا ٹاؤن بھی گیا۔ شیخ الکریم سے عبادت کا درس لینے کے بعد میں نے انہیں آج یونیورسٹی میں ہوئے اس واقعے کے بارے میں بتایا تو ان کے چہرے پر دُکھ کے سائے چھا گئے" جانے یہ سلسلہ رُکنے میں کیوں نہیں آتا۔ کبھی لفظوں سے نشتر چبھو کر ہماری روح تک کو لہولہان کیا جاتا تھا اور اب یہ خاکے...... میں نے اس دن بھی کہا تھا کہ اگر مسلمان فیس بک facebook پر ہوئے اس مقابلے کا ٹھیک انداز میں بائیکاٹ جاری رکھتے تو نوبت آج یہاں تک نہ پہنچتی ......" میں نے شیخ سے سوال کیا" لیکن ایسی زیادہ تر حرکات کے پیچھے یہ نارویجین یا ڈینش اقوام کا کوئی فرد ہی کیوں ہوتا ہے...... ان کا مسلمانوں سے کیا لینا دینا......؟ جب کہ ہماری ان سے براہ راست کوئی دشمنی بھی نہیں ہے......؟" شیخ الکریم نے گہری سانس بھری۔" یہ سب مادہ پرست اور مادر پدر آزاد معاشرے ہیں...... انہیں اخلاقیات سے بھلا کیا واسطہ کیوں کہ انہیں زیادہ تر اپنے اصل والدین کا بھی پتہ نہیں ہوتا۔ جب کہ مذہب، تہذیب اور اخلاق کا پہلا درس تو ماں باپ ہی دیتے ہیں۔ جنسی بے راہ روی میں مبتلا ایسے معاشرے مذہب اور تقدس کی خدمت سے نابلد ہوتے ہیں کیوں کہ ان کے خون میں ملاوٹ ہوتی ہے۔ لہٰذا ان سے کسی بھی بات کی توقع کی جا سکتی ہے۔ رہی بات خاص طور پر اسلام کو نشانہ بنانے کی، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت پیسہ کمانے کا بہترین ذریعہ اسلام کی تذلیل کرنا ہے اور انہیں آسان پیسہ کمانے کی عادت ہے......" میں کسی گہری سوچ میں گم تھا" پھر تو انہیں پیسہ دینے والے بھی اس گناہ عظیم میں برابر کے شریک ہوئے...... لیکن انہیں ایسے کاموں کے لیے پیسہ دے کر ابھارتا کون ہے......؟" "وہی...... جو خود دنیا کے سامنے آ کر کھلم کھلا مسلمان اور اسلام کو زچ کرنے کا یہ مکروہ طریقہ استعمال نہیں کر سکتا...... یہ وہی اَن دیکھا دشمن ہے جو نبوت ﷺ کے زمانے سے آج تک منافق اور منافقت کے کسی نہ کسی رُوپ میں دنیا میں موجود ہے...... اور یاد رہے۔ یہ منافق مسلمان، عیسائی، یہودی یا کسی بھی مذہب کے لبادے میں ہمارے آس پاس موجود رہتا ہے...... وہ فقیر کا بھیس بدل سکتا ہے۔ اور کسی شہنشاہ کے روپ میں بھی اپنی شناخت چھپا سکتا ہے...... اُسے پہچاننے کے لیے مومن کی نظر چاہیے...... اور دُکھ اس بات کا ہے کہ ہمارے اندر کا وہ مومن ختم ہو گیا ہے، مسلمان کے پاس بصارت رہ گئی ہے، نظر کب کی فنا ہو چکی ہے......"

میں شیخ الکریم کی باتیں سن کر گہری سوچوں میں ڈوبا شام ڈھلے ہاسٹل پہنچا تو سارے طلباء دالان میں جمع ہو چکے تھے۔ میں نے انہیں آج دن میں ڈین کے ساتھ ہوئی ساری گفتگو حرف بہ حرف سنا دی۔ بلال نے مجھے بتایا کہ ڈینش NGO این۔ جی۔ او والے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

یونیورسٹی انتظامیہ کے ساتھ مل کر اس سیمینار کو بہت بڑے پیمانے پر منعقد کروانے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ یونیورسٹی کا سب سے بڑا ہال جس میں تین ہزار نشستوں کی گنجائش موجود تھی اور جسے عام طور پر صرف یونیورسٹی کے سالانہ کانووکیشن کی تقریب منعقد کروانے کے لیے کھولا جاتا تھا۔ اُسی کشادہ ہال کو اس سیمینار کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ سیمینار کی تمام نشستیں باقاعدہ ٹکٹ لگا کر بیچی جائیں گی اور این۔ جی۔ اوز نے داخلہ ٹکٹوں سے حاصل ہونے والی تمام رقم کو یونیورسٹی انتظامیہ کو بطور عطیہ دینے کا لالچ بھی دے رکھا ہے۔ جبکہ سبھی مسلمان طلباء کو اس بات کا بھی پورا یقین تھا کہ یونیورسٹی کو یہ سیمینار منعقد کروانے کے لیے بھی بہت بڑی رقم ضرور پیش کی گئی ہوگی۔ میرے ذہن میں شیخ الکریم کا جملہ گونجا...... ''کوئی منافق ہے جو پس پردہ رہ کر اپنے پیسے کے بل پر یہ تمام تحاریک کنٹرول کرتا ہے......''

لڑکوں کی بے چینی ہر لمحہ بڑھتی جا رہی تھی۔ میں نے انہیں سیمینار کی تاریخ کا اعلان ہونے سے پہلے کوئی بھی انتہائی ردِعمل ظاہر کرنے سے سختی سے منع کیا۔ اور انہیں اپنے ذہنوں میں گرفتاریاں دینے کے خیال کو بھی نکال دینے کا کہا۔ حافظ شکیل۔ زچ ہو کر بولا ''......تم کیا چاہتے ہو...... ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہیں...... جب تک ہم شور شرابہ کر کے ان کے حوالات نہیں بھریں گے...... یہاں کا میڈیا ہماری بات کو سنجیدگی سے نہیں لے گا۔ یہ نہ ہو کہ اس خاموشی کو وہ ہماری نیم رضامندی سمجھ لیں اور جب تک ہم احتجاج کے لیے سڑکوں پر نکلیں تب تک بہت دیر ہو چکی ہو......'' میں نے اطمینان سے شکیل کی ساری بات سنی۔ ''تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اس طرح خود کو گرفتار کروا کر تم انہیں ان کے مقصد میں کامیاب ہونے سے روک لو گے؟ اس مرحلے پر تو وہ خود چاہتے ہوں گے کہ'' ان کے مقابلے پر مسلمان طلباء کی نفری جتنی کم ہو، اتنا ہی ان کے لیے بہتر ہے۔'' اس وقت ہماری سب سے زیادہ ضرورت اسی کیمپس میں ہے فی الحال تم سب متحد رہو اور اس ان دیکھے دشمن کی اگلی چال کا انتظار کرو...... جو ہمیں ابتداء میں ہی جذبات کی رَو میں بہکا کر ہماری طاقت توڑ دینا چاہتا ہے۔

میں نے لڑکوں کے چہرے پر عارضی اطمینان کی جھلک تو دیکھ لی لیکن میں جانتا تھا کہ یہ سکون کسی بڑے طوفان سے پہلے کی خاموشی کا ہے۔ اگلے روز بابر سیدی کی پیشی تھی۔ ہم سب کو امید تھی کہ اسے ناکافی شہادت اور کمزور ثبوت کی بنیاد پر رہائی نہیں تو کم از کم ضمانت کی ضرور مل جائے گی لیکن زوردار بحث کے باوجود جج نے نہ صرف اس کی ضمانت رَد کر دی بلکہ اگلی پیشی تک اُسے جیل منتقل کرنے کا فیصلہ بھی سنا دیا۔ بابر کے چہرے پر ہمیشہ کی طرح کسی بھی قسم کا تاثر مفقود تھا۔ میں نے عدالت میں کمرے کے باہر دو لمحوں کے لیے اُس سے بات کی ''تم فکر نہ کرو...... ہم کوئی دوسرا وکیل کریں گے......'' بابر نے دھیرے سے کہا'' دوسرا وکیل کرنے سے کچھ نہیں ہوگا...... کہیں سے دوسرا مقدر لا دو......'' ''ایسا کیوں کہہ رہے ہو......؟...... اتنا مایوس تو میں نے تمہیں کبھی نہیں دیکھا......'' بابر نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔ مایوس نہیں ہوں...... لیکن خوش فہم بھی نہیں...... اس وقت یہ لوگ مجھے رہا کرنے کا رسک نہیں لیں گے کیونکہ نیویارک کی فضا روزانہ مزید تناؤ کا شکار ہو رہی ہے۔ اور یونیورسٹی انتظامیہ نے عدالت کو کسی نہ کسی طور پر یقین دلا رکھا ہے کہ مجھ جیسے ''اسلام پرست'' طالب علم کا اس وقت باہر آنا کسی بڑی تحریک کا باعث بن سکتا ہے...... لیکن وہ سب شاید یہ بھول گئے ہیں کہ تمہاری صورت میں مسلم طلباء کی سب سے بڑی تحریک تو ان کے درمیان ہی موجود ہے...... مجھے بلال اور احمد سے یونیورسٹی کیمپس کی خبریں ملتی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

رہتی ہیں...... تم بہت خوبی سے یہ ذمہ داری نبھا رہے ہو دوست...... ہم سب کی ہر امید اب تم سے ہی وابستہ ہے آیان...... بابر مجھے گلے لگا کر پولیس والوں کے ساتھ آگے بڑھ گیا لیکن مجھے ذمہ داری کی ایک نئی زنجیر میں باندھ گیا۔ دوسروں کی ہم سے بندھی "آس" سے بڑی زنجیر اور کیا ہو گی بھلا۔ عمر قید صرف چند دیواروں کے پیچھے کسی کو بند کر دینے کا ہی تو نام نہیں...... کبھی کبھی اس چار دیواری سے باہر چلتے پھرتے انسان کسی جیل سے کہیں زیادہ مقید ہوتے ہیں...... عدالت کی بیرونی سڑک پر مجھے احمر نے عامر بن حبیب کا پیغام دیا کہ وہ مجھ سے ملنا چاہتا ہے۔

میں بروکلین کے علاقے میں پہنچا تو عامر کی رہائش گاہ کے آس پاس بہت دیر یونہی بے مقصد بائیک گھماتا رہا تاکہ اگر کوئی میرا پیچھا کرتے ہوئے وہاں تک آ بھی گیا ہے تو وہ میری سمت کا صحیح اندازہ نہ لگا سکے، ویسے بھی سی۔ آئی۔ اے کے آفیسر فورڈ سے ملاقات کے بعد مجھے ہر وقت یہی شبہ سا رہتا تھا کہ جیسے کوئی ان دیکھی آنکھ میری نگرانی کر رہی ہے۔ میں نے اپنی بائیک سڑک کی دوسری جانب واقع شاپنگ پلازہ کی پارکنگ میں کھڑی کر دی اور پھر کچھ دیر شاپنگ سنٹر میں چہل قدمی کرنے کے بعد میں سڑک پار کر کے دوسری جانب اپارٹمنٹس کی لفٹ میں داخل ہو گیا۔ اس روز عامر مجھے کچھ پریشان دکھائی دیا۔ "آیان...... یہ سب کیا ہو رہا ہے ہمارے ساتھ......؟...... ابھی فیس بک Face book والا معاملہ ٹھنڈا بھی نہیں پڑا تھا کہ یہ سیمینار کا قصہ شروع ہو گیا۔ مجھے یہ سب کسی ایک ہی سازش کی کڑیاں لگتی ہیں......" میں نے اسے تسلی دی۔ "تم فکر نہ کرو...... ان کا کام سازشیں کرنا اور ہمارا فرض ان سازشوں کا توڑ ہے...... یہ ایک مستقل جنگ ہے جس کا کوئی اختتام نہیں...... صرف فوجیں بدلتی رہیں گی اور نئے سپہ سالار آتے جاتے رہیں گے...... لیکن لڑائی ہمیشہ جاری رہے گی...... لہٰذا ہمیں خود کو پہلے ہی سے ہلکان کر کے ان کا کام آسان کرنے کی ضرورت نہیں ہے...... جیسا وہ کریں گے...... ویسا توڑ ہماری طرف سے ہو گا......" عامر چند لمحے خاموشی سے میری طرف دیکھتا رہا۔ "کون کہہ سکتا ہے کہ یہ وہی آیان ہے جو دو مہینہ پہلے ہمارا نام بھی نہیں سننا چاہتا تھا...... لیکن تم نے اپنا گھر چھوڑ کر اچھا نہیں کیا بسام بہت سمجھدار اور سلجھا ہوا لڑکا ہے...... اگر وہ ہمیں غلط سمجھتا ہے تو اس میں اس کا ایسا کچھ قصور بھی نہیں...... ہمارا وقت ہی خراب چل رہا ہے......" پھر جیسے عامر کو کچھ اور یاد آیا "اور ہاں...... پروا نے بھی اس معاملے میں اپنے آپ کو خوب ثابت کیا ہے، مجھے احمر نے بتایا ہے کہ اس نے بہت سی طالبات کو مذہب کی تخصیص کے بغیر اس بات پر قائل کر لیا ہے کہ یہ خاکوں کا معاملہ صرف اسلام کا نہیں...... ہر اس شخص کا معاملہ ہے جو خدا کی وحدانیت اور وجود کا قائل ہے...... مجھے امید ہے کہ پُروا اس قافلے کی بہترین رہبر ثابت ہو گی" میں دھیرے سے مسکرایا "ہاں...... میں جانتا ہوں...... اور پھر پروا ضمیر خان کی قائل کرنے کی صلاحیت سے تو تم بھی واقف ہیں......" عامر کے چہرے پر بھی مسکراہٹ آ گئی۔

"ہاں......" اُس کی اسی صلاحیت نے تو اسے ہمارے گروپ کی سب سے فعال خاتون ممبر بنا رکھا ہے اور......" وہ کچھ کہتے کہتے رُک سا گیا۔" اور وہ تم سے ایک خاص انسیت بھی رکھتی ہے آیان...... ایسے ہم سفر کو کبھی کھونے نہ دینا......" میں نے چونک کر عامر بن حبیب کی آنکھوں میں جھانکا۔ گویا اسے بھی ان معاملات کی کچھ سن گن تھی۔ اچانک میری زبان سے وہ بات پھسل گئی جسے عام



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

حالات میں شاید میں کبھی لفظوں کی شکل نہ دیتا۔'' کہیں تم بھی کسی ایسے قیمتی ہمسفر کے کھو جانے کے تجربے سے تو نہیں گذرے...... '' اس بار چونکنے کی باری عامر کی تھی۔ '' تمہارے کمرے کے شیلف میں ایک کتاب کی ورق گردانی کے دوران کسی ماریا کی تصویر نیچے گر پڑی تھی۔ لیکن تم اگر میرے اس سوال کا جواب نہ دینا چاہو تو کوئی بات نہیں...... یہ تمہارا نہایت ذاتی معاملہ ہے۔...'' عامر کے چہرے پر کئی رنگ آ کر گذر گئے لیکن اس نے خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کی۔ '' نہیں آیان...... تمہارے سامنے میرا کچھ ذاتی نہیں ہے۔ بس میں خود ہی ان یادوں کی چنگاریوں کو وقت کی راکھ میں دبائے رکھنا چاہتا تھا۔ لیکن آج تم نے خود پوچھا ہے تو تمہیں اپنے اندر کے یہ داغ ضرور دکھاؤں گا۔'' عامر نے اپنی بات شروع کرنے سے پہلے کچھ وقت لیا۔ دل کے کمرے میں بکھری یادیں سمیٹنا بڑا مشکل کام ہے۔'' یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں ریاض سے گریجویشن کے لیے قاہرہ یونیورسٹی آیا تھا۔ میرے ہر انداز سے میرے بڑے خاندان کی جاہ و حشمت ٹپکتی تھی اور میں اپنے یونیورسٹی کے ساتھیوں کو متاثر کرنے کے لیے اپنی دولت بے تحاشہ ضائع کرتا تھا۔ ہاسٹل میں میرے پاس ایک نہیں، تین تین مرسڈیز اور بی۔ ایم۔ ڈبلیو کاریں کھڑی رہتی تھیں، اور میں صرف نمائش کے لیے روزانہ گاڑی بدل کر یونیورسٹی آتا اور پھر میرا روزانہ کا ہزاروں ڈالر کا بدلا جانے والا لباس کسی غریب طالب علم کے پورے سال کے خرچے سے بھی زیادہ قیمتی ہوتا تھا۔ بات بے بات پوری یونیورسٹی کو ٹریٹ دینا یا پھر ان کے کسی بھی تفریحی پروگرام، پکنک یا کسی دوسری مصروفیت کا سارا خرچہ خود اٹھا لینا میرا معمول بن چکا تھا۔ اور جس لمحے بھی میں یونیورسٹی کے کیفے یا میس میں داخل ہو جاتا، اس وقت سے لے کر میرے وہاں سے اٹھنے تک ہر کسی کا بل میرے ہی ذمہ ہوتا۔

دراصل اس نمائش اور خود پسندی کی تعلیم بھی مجھے اپنے گھر سے ہی ملی تھی اور زیادہ تر عرب رئیس ایسی ہی ظاہر پرستانہ زندگی گزارنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ہمارا ہاں ایک مقولہ بہت مشہور ہے کہ '' گھر میں اگر سونے کا کنواں بھی بہتا ہو تو باہر والوں کی اس کی کیا خبر...... '' لہٰذا ہم اپنی ہر چیز کو بڑھا چڑھا کر دنیا کے سامنے پیش کرنے میں ہی فخر محسوس کرتے ہیں۔

وہ بھی ایک ایسا ہی دن تھا جب میں کیفے میں اپنے دوستوں کے ساتھ داخل ہوا اور میرے ایک دوست نے حسب معمول کیفے کے مینیجر کو سب حاضرین کا بل میرے اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا حکم دے دیا جس میں میرا اسٹاف ہر ماہ ایک خطیر رقم پہلے ہی جمع کرا چکا ہوتا تھا۔ لیکن کچھ دیر بعد ہی کاؤنٹر پر کسی بحث کی آواز سنائی دی اور مینیجر نے مجھے بتایا کہ سال دوئم کی کوئی ماریا نامی لڑکی اپنے سینڈوچ اور کوک کا بل خود ادا کرنا چاہتی ہے کیونکہ اسے میری یہ مہربانی قبول نہیں ہے۔ شاید یہ بات ہمیشہ کے لیے وہیں ختم ہو جاتی اگر کچھ دیر بعد ماریا خود میرے سامنے نہ آ کھڑی ہوتی۔ مجھے آپ کی پیش کش ٹھکرانے کا بہت افسوس ہے یا سیدی...... لیکن میری خواہش ہے کہ آپ اگر روزانہ لٹائی جانے والی اس رقم سے یونیورسٹی کے ان غریب طلباء کے لیے کوئی اکاؤنٹ کھول دیں جنھیں اپنے ہر سمسٹر کی فیس بھرنے میں شدید مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو یقین جانیں یہ بہت بڑی نیکی ہوگی...... اور واضح رہے کہ میں ان طلباء میں شامل نہیں ہوں کیوں کہ میں اپنی فیس خود بھر سکتی ہوں...... '' اس کے چہرے کے گرد سیاہ سکارف سے جھلکتا نور کا ایک ایسا ہالہ تھا جو میں نے آج تک کبھی نہیں



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

دیکھا تھا۔ وہ اپنی بات ختم کر کے اطمینان سے چلتی بنی لیکن میں اسی معصوم سی لڑکی کے حسن میں الجھ کر رہ گیا۔ حالانکہ میرے اردگرد میری دولت کی وجہ سے حسین چہروں کا ایک جھرمٹ موجود رہتا تھا لیکن ان کے بے باک حسن میں بھلا وہ رُعب، وہ سادگی، کشش اور نور کہاں......؟ جو اس سیدھی سادھی، خود کو سر سے پاؤں تک ڈھکی ہوئی لڑکی کی ایک جھلک میں تھا۔ اور پھر مجھ پر جیسے ایک دُھن سی سوار ہو گئی۔ ماریا بیالوجی شعبے کی طالبہ تھی اور اب میں صبح شام اس کے شعبے کے اردگرد منڈلاتا رہتا تھا تاکہ کسی بہانے اس سے مزید بات چیت کا موقع مل جائے۔ تین چار دن تک وہ مجھ سے صرف ہیلو ہائے کہہ کر آگے بڑھ جاتی تھی لیکن پھر ایک دن وہ کچھ دیر کے لیے رُک گئی "کیا تمہیں مجھ سے کوئی کام ہے عامر......؟" میں نے جھٹ سے کہہ دیا "اتنے دن۔ تم سے متعلق کوئی کام ڈھونڈنے میں ہی تو ضائع کر ڈالے ہیں میں نے......" اور وہ میری بات سن کر زور سے ہنس پڑی۔ کتنی مقدس ہنسی تھی اس کی۔ پھر ہم دونوں میں خوب دوستی ہو گئی۔ مجھے تو ویسے ہی پڑھنے لکھنے سے کچھ خاص غرض نہیں تھی لیکن وہ اپنی تعلیم کے معاملے میں بہت سنجیدہ تھی۔ میں دن بھر اس کے شعبے کے باہر اس کا انتظار کرتا اور وہ کلاس ختم ہونے کے بعد روز مجھ سے آ کر ملتی۔ ہم نے قاہرہ کی کوئی سڑک، کوئی پارک کوئی اچھا کیفے نہیں چھوڑا جہاں بیٹھ کر ہم نے گھنٹوں مختلف موضوعات پر بات نہ کی ہو۔ اسے ہر شعبے پر مکمل دسترس حاصل تھی اور اس کے خیالات نہایت پاکیزہ تھے۔ وہ تمام وقت خود کو ایک خاص پردے کی حد تک ڈھکے رہتی اور اس نے اپنی ہر حد آپ مقرر رکھی تھی، چند ہفتوں میں ہی میں اس کا اس قدر عادی ہو گیا کہ اب مجھے زندگی اس کے بغیر بے مقصد نظر آنے لگی تھی۔ تب مجھے اپنے اندر ماریا کے لیے پلتے ہوئے اس خوبصورت احساس کا ادراک ہوا جسے لوگ محبت کے نام سے پکارتے ہیں۔ ہاں...... وہ محبت ہی تھی، لیکن شدت کے آخری درجوں کو چھوتی ہوئی محبت...... میرے دوست، میرے مشاغل سب مجھ سے رفتہ رفتہ ترک ہو چکے تھے اور اب صرف ماریا ہی میری کل کائنات تھی۔ لہٰذا میں نے اُسے شادی کی پیش کش کا سوچ لیا اور وہ ایک ایسی ہی جاتے اکتوبر کی سرد شام تھی جب میں نے ماریا کو اپنا ہم سفر بنانے کی خواہش کا اظہار کر دیا۔ وہ میری بات سن کر کچھ خاموش سی ہو گئی اور پھر بہت دیر بعد اس نے سر اٹھایا۔ "نہیں عامر...... ہماری شادی نہیں ہو سکتی۔" میں چیخ پڑا "لیکن کیوں......؟" اس نے اپنے بیگ سے بائبل نکال کر میز پر رکھ دی۔ "کیونکہ میں عیسائی ہوں۔"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# باب 14

عامر بن حبیب سے ماریا کے عیسائی ہونے کی بات سن کر میرے ہاتھ کافی کا مگ گرتے گرتے بچا۔۔۔۔۔ کیا۔۔۔۔۔؟ وہ عیسائی تھی۔۔۔۔۔ لیکن۔۔۔۔۔؟ میرا مطلب ہے۔۔۔۔۔؟'' عامر کہیں دور خلا میں دیکھ رہا تھا۔'' ماریا کی بات سن کر میرا تاثر بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ چند لمحے تو میں کچھ بول ہی نہیں پایا۔ وہ جس کتاب کو ہمیشہ اپنے سینے سے لگائے رکھتی اور جو کتاب اس کے بیگ میں ہر لمحہ کسی مقدس نشانی کی طرح بچی رہتی تھی۔۔۔۔۔ میں اسے قرآن سمجھتا رہا۔۔۔۔۔ لیکن وہ بائبل کا نسخہ تھا۔ ماریا کے حلیے اور اس کی خود پر لگائی پابندیوں کو دیکھ کر میں تو کیا۔۔۔۔۔ کوئی بھی غلط فہمی کا شکار ہو سکتا تھا۔ دراصل ہم دونوں نے کبھی مذہب کو موضوع گفتگو بنایا ہی نہیں تھا۔ میں خود تو مذہب سے کوسوں دور رہا لہٰذا میرے پاس مذہب پر بحث کا وقت ہی کہاں تھا اور خود نے بھی کبھی اپنا مذہب ظاہر نہیں کیا۔ ماریا نے اس روز مجھے بتایا کہ وہ عیسائیوں کے پینٹی کاسٹ قبیلے سے تعلق رکھتی ہے جو اب بھی روایتی پردے اور عیسائیت کے تمام مروجہ اصولوں کی پابندی کرتا ہے اور ان کے ہاں بھی حرام حلال کی تمیز کا پورا خیال رکھا جاتا ہے۔ ماریا اپنی بات ختم کر کے وہاں سے چلی گئی لیکن میں جانے کتنی دیر گم سم وہیں بیٹھا رہا۔ اب مجھے دھیرے دھیرے ماریا کی گاہے بگاہے عیسائیت اور عیسائی قوم کے تعارف اور اچھائیوں کے بارے میں کی جانے والی گفتگو یاد آنے لگتی تھی۔ اس نے تو کبھی شعوری طور پر اپنا مذہب چھپانے کی کوشش کی ہی نہیں تھی۔ یہ میں ہی تھا جو اس کی بات سمجھ نہیں پایا۔ ایک دو روز میں اس کش مکش میں گم سم سا سارے قاہرہ میں بھٹکتا رہا اور پھر ایک عجیب سے احساس نے میرے وجود میں اپنے پنجے گاڑنا شروع کر دیے۔ کیا ہوا اگر وہ کسی کٹر عیسائی خاندان سے تعلق رکھتی تھی؟ اہل کتاب تو تھی۔۔۔۔۔ میں جانتا تھا کہ میرے والدین اس فیصلے کے بعد مجھے اپنی تمام جائیداد اور وراثت سے ہمیشہ کے لیے عاق کر دیں گے لیکن محبت کی وراثت تو صرف محبت ہی ہوتی ہے، اسے اس دنیاوی دولت، جائداد اور جاہ و حشم سے کیا مطلب ہے۔۔۔۔۔ محبت کے لیے تو شہنشاہوں نے تخت چھوڑ ڈالے، تو کیا میں صرف اپنی چھوٹی سی سلطنت کی قربانی نہیں دے سکتا۔۔۔۔۔؟ اس فیصلے نے جیسے مجھے پر لگا دیئے اور میں اُڑتے ہوئے ماریا کے پاس اس کے ہاسٹل پہنچ گیا۔ میں نے بنا کسی تمہید کے ماریا کے سامنے اپنا دل کھول کر رکھ دیا کہ میں اس کی محبت میں اب اس مقام پر ہوں جہاں ذات، مذہب قبیلہ کوئی معنی نہیں رکھتا۔۔۔۔۔ لہٰذا میں اب بھی اس سے شادی کا خواہش مند ہوں۔ لیکن ماریا کا جواب اب بھی انکار ہی نکلا۔ مجھے سمجھ نہیں آیا کہ وہ کس وجہ سے مجھے قبول کرنے سے ہچکچا رہی ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا میں اس کے قابل نہیں۔۔۔۔۔؟ یا اس کی زندگی میں کوئی اور ہے۔۔۔۔۔؟ ماریا رو پڑی، اس نے مجھے بتایا کہ اس کے دل کے کواڑ زندگی میں صرف ایک ہی شخص کے لیے کھلے اور وہ صرف میں ہوں۔ لیکن وہ مجھ سے شادی نہیں کر سکتی کیونکہ اس کا مذہب اُسے اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔ البتہ اب وہ اپنی زندگی میں کسی دوسرے مرد کی چھایا تک برداشت نہیں کرے گی۔ لہٰذا اس نے تمام عمر تنہا رہنا کا فیصلہ کر لیا ہے۔ وہ ساری شام میرے سامنے بیٹھی روتی رہی اور میں ماریا کو سمجھاتا رہا کہ مجھے اس کے مذہب اور قبیلے سے کوئی غرض نہیں۔ وہ شادی کے بعد بھی عیسائی ہی رہے گی اور میں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اسے اپنے رستے پر چلنے کے لیے ہرگز مجبور نہیں کروں گا، لیکن اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرتے رہے کہ مذہب اس کے لیے دنیا کی ہر چیز سے زیادہ مقدم ہے۔ میں رات گئے ٹوٹے قدموں کے ساتھ ماریا کے ہاسٹل سے اٹھ آیا۔ اگلے چند دن میں نے ہر ممکن کوشش کی کہ میرا ماریا سے سامنا نہ ہو۔ لیکن میں نہیں جانتا تھا کہ خود ماریا مجھ سے بڑے عذاب سے گذر رہی ہے اور محبت کا نیلا زہر اس کے رگوں میں بھی آخری نس تک پھیل چکا ہے۔ محبت اسے جینے نہیں دیتی اور مذہب مرنے سے روکتا تھا، پانچویں روز وہ خود مجھ سے ملنے آئی تو برسوں کی نڈھال اور بیمار لگ رہی تھی۔ سچ پوچھو تو اس دن مجھے خود اپنی محبت کی طاقت پر فخر محسوس ہوا کہ اگر میں اس کی محبت میں جل کر راکھ ہو چکا ہوں تو وہ بھی سلگ سلگ کر دُھواں ہو رہی تھی۔ وہ بہت دیر چپ چاپ میرے سامنے بیٹھی رہی، پھر اس نے آخر کار یہ اقرار کر ہی لیا کہ وہ بھی میرے بنا اب جینے کا تصور نہیں کر سکتی، مجھے اپنی محبت کی فتح بہت قریب نظر آ رہی تھی، میں نے ماریا سے کہا کہ میں تو پہلے ہی اپنی ساری کشتیاں جلا کر عشق کے اس جزیرے پر اُترا ہوں لہٰذا میری واپسی کے راستے تو ابتدا سے ہی مسدود ہیں۔

ماریا چند لمحے میری آنکھوں میں جھانکتی رہی اور پھر اس نے اپنی آنکھیں بند کر لیں ''عامر...... مجھ سے شادی کر لو...... لیکن اس کے لیے تمہیں عیسائیت کو اپنے مذہب کے طور پر اپنانا ہوگا...... بولو...... تم میرے لیے یہ کر سکتے ہو......؟ '' مجھے ایک جھٹکا سا لگا......

''یہ تم کیا کہہ رہی ہو...... میں تو پہلے ہی تمہاری خاطر اپنا گھر بار، دھن دولت، رتبہ اور مقام ترک کر چکا ہو...... پھر یہ مذہب کی آخری پونجی تمہیں کیوں درکار ہے......؟'' ماریا سر جھکائے بیٹھی رہی ''تمہارے پاس سب کچھ ہے عامر لیکن میرے پاس میرے مذہب کے سوا اور کچھ نہیں۔ اور پھر تم خود ہی تو کہتے ہو کہ تم نے کبھی خود کو ان مذہبی دیواروں کے اندر قید نہیں سمجھا، نہ ہی تم اسلام کو ایک پکے مسلمان کی طرح برتتے ہو...... تو پھر تمہیں خود کو عیسائیت میں ڈھالنے میں زیادہ مشکل نہیں ہونی چاہئے...... میرے پاس اپنے اور تمہارے اس لازوال درد اور عمر بھر کی جدائی سے چھٹکارا کا بس یہی ایک طریقہ بچا ہے...... لیکن یہ راستہ تمہارے مذہب کی بند گلی سے ہو کر گذرتا ہے......''

میں عامر کی کہانی یوں دم سادھے سن رہا تھا جیسے میری ذرا سی جنبش اس طلسم کو کرچی کرچی کر دے گی۔ لیکن عامر بن حبیب ماریا کی گذارش سن کر یوں خاموش ہو گیا جیسے اس کی داستان وہی ختم ہو گئی ہو۔ میں نے بے چینی سے پہلو بدلا ''پھر...... پھر تم نے اسے کیا کہا......؟'' میں اسے اس وقت کوئی جواب دیئے بنا ہی الجھا ہوا سا وہاں سے اٹھ کر چلا آیا...... سچ یہی ہے کہ ماریا کی اس بات سے پہلے میں نے کبھی اس بات پر غور ہی نہیں کیا تھا کہ میں اگر مسلمان نہ ہوتا یہودی یا عیسائی بھی ہوتا تو مجھے کیا فرق پڑ جاتا......؟...... میرے اعمال، میرا کردار میرا لباس اور میرا رہن سہن تو کسی طور پر مسلمانوں جیسا نہ تھا۔ میں تو بس ایک برائے نام اور صرف ایک مسلم گھرانے میں پیدا ہونے کی وجہ سے مسلمان کہلاتا تھا۔ ایک عجیب سی بے چینی اور کش مکش نے مجھے آ گھیرا تھا۔ ذہن کہتا تھا کہ شادی کی حد تک اپنے اوپر کسی بھی مذہب کا لبادہ اوڑھ لینے سے کیا حرج ہے......؟...... میں کون سا دل سے اپنے مذہب سے منحرف ہونے جا رہا ہوں......؟ ایک بار ماریا میری زندگی میں آ جائے تو پھر اسے بتا دوں گا کہ میں نے صرف زبان سے مذہب بدلنے کی حامی بھری تھی ورنہ اندر سے میں اب بھی مسلمان ہوں...... لیکن میرا دل اس سودے پر راضی نہیں ہو رہا تھا۔ مجھے یوں لگ رہا تھا کہ ایسا کے میں اپنے ساتھ ہی نہیں،


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اپنے خدا اور مذہب کے ساتھ ساتھ ماریا کو بھی دھوکا دوں گا۔ پھر میں نے سوچا کہ مصر کے کسی جید عالم سے اس بارے میں کوئی فتویٰ لے لوں کہ صرف زبانی کلامی کسی مذہب پر ایمان لے آنے سے اپنے اصل مذہب پر کوئی فرق تو نہیں پڑے گا؟ جب کہ دل میں یہ نیت بھی شروع دن سے ہی طے شدہ ہو کہ میں حقیقتاً اپنا مذہب ترک نہیں کروں گا اور مناسب وقت آتے ہی دوبارہ اپنے مذہب کی جانب لوٹ آؤں گا۔ اتفاق سے انہی دنوں قاہرہ میں شیخ الکریم کے لیکچرز کا بڑا شہرہ تھا، سو میں بھی ایک دن ہمت کر کے مصر کی بڑی جامع مسجد پہنچ گیا اور شیخ کا لیکچر ختم ہونے کا انتظار کرنے لگا۔ خوش نصیبی سے اس روز شیخ کا لیکچر بھی میرے مسئلے سے کچھ ملتا جلتا ہی تھا۔ میں نے شیخ کو کہتے سنا کہ ہم مسجد کے حاضرین میں سے اس وقت بیشتر بلکہ شاید تمام اس لیے مسلمان ہیں کہ ہم ایک مسلم گھرانے میں پیدا ہوئے۔ گویا ہم پر اللہ کا خصوصی فضل وکرم تو ہماری پیدائش سے پہلے ہی شروع ہو چکا تھا۔ ذرا سوچیے، ہم میں سے کتنے ایسے ہیں جو کسی غیر مسلم گھرانے میں پیدا ہو کر اپنی کوشش اور سچ کے حصول کی خاطر اسلام کی جانب آسکتے تھے؟ اللہ نے ہمیں اس وقت عظیم امتحان سے بچایا ہے تاکہ ہمارا مزید وقت ضائع نہ ہو۔ ہمیں کائنات کے سب سے عظیم مذہب اور عظیم امت میں پیدا کر کے اس نے ہمیں ''چنا ہوا'' (Chosen - One) ثابت تو کر دیا لیکن آج آپ سب اپنے اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر خود سے سوال کیجیے کہ کیا ہم واقعی خود کو اس اعزاز کا حق دار ثابت کر سکتے ہیں......؟...... کیا ہم اپنی ذات کی خامیوں سمیت اس قابل تھے کہ ہمیں یہ انعام دیا جاتا......؟...... ہمیں دوسرے مذاہب کی نسبت ابتداء ہی سے ایمان بخش کر ہمارا جو وقت سچ کی کھوج میں ضائع ہونے سے بچایا گیا ہے...... کیا ہم واقعی اس وقت کا حق ادا بھی کر پائے ہیں یا نہیں......؟ ہم سے تو لاکھ درجہ بہتر وہ نو مسلم ہے جو چالیس پینتالیس سال کی عمر اس ایمان کی کھوج میں در بدر بھٹکتا ہے اور پھر ایک دن کائنات کے خالق کا راز جان کر ایمان لے کر آتا ہے...... اور اپنے خدا اور پیارے نبی ﷺ کی یاد میں جُت جاتا ہے۔ ہم تو اپنی عمر اس تسلی کے ساتھ ضائع کر دیتے ہیں کہ ابھی بہت وقت پڑا ہے...... جب بڑھاپا آئے گا...... تب دیکھا جائے گا...... مجھے آپ سب میں سے کوئی ایک آج اس بات کی ضمانت دے دے کہ وہ واقعی اپنا بڑھاپا دیکھ پائے گا......؟ چلیں بڑھاپا تو بہت دور کی بات ہے...... آپ میں سے کوئی مجھے اتنا ہی یقین دلا دے کہ میں اس ممبر سے اپنا دوسرا قدم نیچے رکھنے تک سانس لیتا رہوں گا......؟ جب ہم سب جانتے ہیں کہ یہ عالم اس قدر ناپائیدار ہے تو پھر یہ حجت کیوں......؟...... ہم ہر لمحے کو کسی آخری لمحے کی طرح مہلت جان کر اپنے اللہ کی جانب رجوع کیوں نہیں کر لیتے......؟ دنیا کے پھندے بڑے دل کش اور دل فریب ہیں دوستو...... ہم میں سے کوئی بھی ان کی دل پذیری سے انکار نہیں کر سکتا...... لیکن سچ یہی ہے کہ یہ دنیا ایک بہت بڑا دھوکہ ہے...... اور ہم سب جو آج یہاں جمع ہوئے ہیں...... وہ یہ جان لیں کہ ہمیں ہمارے اللہ نے ایک اور موقع عطا کیا ہے...... اور شاید یہ آخری موقع ہو، کیوں کہ کون جانے اگلی نماز تک بھی ہم میں سے کتنوں کو یہ مہلت ملتی ہے...... تو کیوں نہ ٹھیک اسی لمحے اپنے ماضی کے ہر گناہ سے تائب ہو کر خود کو اپنے رب کے سپرد کر دیں......''

عامر نے بات کرتے کرتے پہلو بدلا تو مجھے اس کی آنکھیں نم ہوتی دکھائی دیں۔ عامر نے بات جاری رکھی۔ ''شیخ کا لیکچر ختم ہوا تو میرے اندر بیک وقت کئی طوفانی جھکڑ چل رہے تھے۔ میں جو وہاں اس کے سامنے اپنے ایمان کو چند روز کے لیے گروی رکھنے آیا تھا،



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اپنے ایمان کے علاوہ باقی سب کچھ لٹا بیٹھا۔ مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے قدرت نے اس روز شیخ الکریم کا وہ بیان صرف میرے لیے ان کی زبانی جاری کروایا تھا۔ کیونکہ میرا ایمان بھی تو ایسی ہی دی گئی ایک مہلت کا شاخسانہ تھا۔ اور اس بات کی کیا ضمانت تھی کہ جس عرصے میں ماریا کو پانے کے لیے عارضی طور پر اپنی مذہب بدل کر "دھریئے" کا روپ دھار لیتا...... ٹھیک اسی دوران میری رُوح قبض نہیں کی جائے گی......؟......اور اگر اس دوران میری موت ہو جاتی تو میں تو اس فضل وکرم کے انعام سے بھی محروم رہ جاتا جو اللہ نے میری پیدائش ایک مسلم گھرانے میں کر کے مجھ پر عنایت کیا تھا، اور کچھ نہ سہی...... مسلمان کا نام اور پڑھے گئے اُس کلمۂ وحدانیت کا آسرا ہی سہی۔ روزِ آخر کہیں کسی فہرست میں آخری صفحے پر میرا نام تو ہوگا...... شاید وہ برائے نام مسلمانوں کی فہرست میں چھپا ہوا میرا نام ہی میری نجات کا ذریعہ بن جائے۔ میں جتنا سوچتا رہا۔ اُسی قدر میرے جسم پر طاری لرزہ تیز ہوتا گیا اور پھر جب مسجد خالی ہوئی اور شیخ کی نظر مجھ پر پڑی تو میں کوئی اور عامر بن حبیب بن چکا تھا، وہ عامر بن حبیب جو اپنی محبت کی خاطر اپنے مذہب کو گروی رکھنے آیا تھا، وہ اپنی محبت سمیت اپنا سب کچھ دان کر کے صرف اپنا گروی ایمان چھڑا کر لے جانا چاہتا تھا۔ میں نے شیخ کو الف تا یٰ ساری بات بتا دی۔ انہوں نے وہیں بیٹھے بیٹھے مجھے پھر سے چھ کلمے اپنے پیچھے دہرانے کی ہدایت کی اور جب میں مسجد سے باہر نکلا تو صرف میرا ایمان میرے ساتھ تھا، میں نے اسی شام ماریا کو قاہرہ کے اس پرسکون کیفے میں بلایا جو شہر سے کچھ باہر دو رویہ درختوں کی ایک قطار کے سائے تلے موجود اور ہماری ملاقات کا پسندیدہ مقام تھا۔ کیفے کی پرلی جانب جو پانی کا جھرنا بہہ کر ایک لمبی سی نالی کا رُخ اختیار کر رہا تھا۔ اس پانی کے بہنے کی آواز ہماری بہت سی خاموشیوں کی گواہ بھی تھی۔ اُس روز بھی اس یخ بستے ہوئے جھرنے کے پانی کی رم جھم ہمارے اطراف کی خاموشی کو مزید خاموش کر رہی تھی لیکن خود میرے اندر ایک طوفان کا شور موجود تھا۔ میں نے ماریا کو اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا کہ میں اپنی محبت کی خاطر اپنے ایمان کا سودا نہیں کر سکتا۔ میں عمر بھر ماریا سے ہی محبت کرتا رہوں گا اور آخری سانس تک میرا دل اُسی کے لیے دھڑکے گا مگر میں اپنا مذہب ترک کر کے اس کا ہاتھ نہیں تھام سکتا۔ اس روز میں اور ماریا بہت دیر تک روئے...... کبھی میں نے اُسے تسلی دی اور کبھی اس نے میری ہمت باندھی...... ہم دونوں ہی اپنی اپنی جگہ سچے تھے......، اور ہم دونوں میں سے کوئی بھی دوسرے کے ساتھ جھوٹ بول کر اُسے حاصل کرنا نہیں چاہتا تھا...... وہ میری ماریا سے آخری ملاقات تھی......، میں ماریا کے لیے اس روز شیخ الکریم کا دیا ہوا چھوٹا سا خوبصورت جلد والا قرآن کا نسخہ بطور تحفہ لے کر گیا تھا۔ جسے ماریا نے اپنی آنکھوں سے لگا کر اپنے بیگ میں رکھ لیا اور اپنی بائبل جسے وہ ہمیشہ اپنے سینے سے لگائے پھرتی تھی......، میرے حوالے کر دی۔ میرے پاس اب بھی ماریا کا دیا ہوا وہ تحفہ موجود ہے آیان......" میں نے عامر بن حبیب کے ہاتھ کے اشارے کی جانب نظر اٹھا کر شیلف میں دیکھا تو کالے کور Cover والی بائبل کا ایک نسخہ وہاں سجا ہوا تھا۔ عامر نے گہری سانس لے کر اپنی بات ختم کر دی۔ "اس روز کے بعد میری ماریا سے پھر کبھی ملاقات نہیں ہوئی...... میں ماسٹرز کے لیے نیویارک چلا آیا اور سنا ہے وہ دوبارہ اپنے آبائی شہر سینٹ لوئیس کو لوٹ گئی......" کمرے پر گھمبیر سی خاموشی چھا گئی۔ صرف آتش دان میں جل کر چٹختی ہوئی لکڑیوں کی آواز باقی رہ گئی۔ میں اور عامر دونوں اس وقت کسی ایسے ایک چھوٹے سے جزیرے کے باسی لگ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

رہے تھے، جن کے اردگرد کی ساری زمین سمندر رکھا چکا ہو اور اب ان کے پاس صرف اتنی ہی جگہ باقی بچی ہو جس پر وہ دونوں اپنے گھٹنوں کو اپنے سینوں سے جوڑ کر دم سادھے بیٹھے صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہوں کہ کب پانی کی کوئی بڑی لہر یہ مٹھی بھر زمین بھی ان سے چھین کر انہیں سدا کے لیے غرق آب کر جائے۔ میں نے کمرے سے نکلنے سے پہلے عامر سے ایک آخری سوال پوچھا۔ ''تو کیا تم نے یا ماریا نے کبھی ایک دوسرے سے ملنے کی کوشش بھی نہیں کی...... دل میں ایمان کی موجودگی رکھتے ہوئے بھی تو ایک ''سنگتِ پارینہ'' کی یاد تازہ کرنے کے لیے ایک دوسرے سے ملاقات کی جا سکتی تھی؟...... عامر اسی طرح سر جھکائے بیٹھا رہا ''نہیں...... کچھ رشتے ملاقات کے تکلف سے ماورا ہو جاتے ہیں......، اب ہمیں شاید کسی ملاقات کی ضرورت ہی نہیں رہی، کیونکہ ہم دونوں جانتے ہیں کہ ہم اب ملیں چاہے نہ ملیں...... عمر بھر ایک دوسرے کے اندر...... ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے......''

میں دروازہ بند کر کے باہر نکل گیا۔ اس روز نیویارک کا آسمان بھی عامر اور ماریا کی یاد میں نیر بہانے پر تلا ہوا تھا، میں بائیک لے کر مرکزی سڑک پر آیا تو بوندوں نے میرے آنسوؤں کا روپ دھار لیا...... پھر وہی محبت...... میں نے ایک جھرجھری لی...... مجھے جینی کی بددعا یاد آئی ''خدا کرے جب تمہیں محبت ہو تو ایسی ہو کہ اس کا کاٹا پانی بھی نہ مانگے......'' میری بائیک تیزی سے نیویارک کی سنسان سڑکوں پر پھسلتی جا رہی تھی، میں بارش تیز ہونے سے پہلے جان۔ ایف۔ کینڈی ایئر پورٹ پہنچنا چاہتا تھا جہاں رات تین بجے شیخ الکریم کی فلائیٹ کا اعلان ہو چکا تھا اور وہ سب سے گلے مل کر رخصت ہو رہے تھے، وہ میرے قریب پہنچے تو میں نے ان سے کہا ''میں آپ کے لیے پھول نہیں لا سکا...... دراصل مجھے ''الوداع'' کا ایسا کچھ تجربہ نہیں ہے لیکن اب پشیمان ہوں......'' وہ مسکرائے اور انہوں نے اپنے ہاتھ میں پکڑا ایک گلاب کا پھول میری جیکٹ کے کالر میں سجا دیا۔ ''یہ الوداع نہیں...... ابتداء ہے...... ایک نئے رشتے کی ابتداء...... اور اگر پھولوں کی رسم ان مواقع کے لیے ضروری ہے تو یہ لو...... میں نے تمہارے کالر میں پھول سجا کر یہ فرض بھی نبھا دیا...... ہاتھوں میں پھول ہوں یا نہ ہوں...... دل کا گلاب سدا کھلا رہنا چاہئے۔'' میں نے ان کے ہاتھ پر بوسہ دیا ''مجھے آپ کی رہنمائی کی ضرورت رہے گی...... آپ سے رابطہ کرنا ہو تو کیا کروں......'' شیخ نے کاغذ کے ایک پرزے پر کوئی نمبر لکھ کر میرے حوالے کیا۔ ''یہ میرا موبائیل نمبر ہے۔ عبادت اور تلاوت کے اوقات کے علاوہ کھلا رہتا ہے...... لیکن پیغام Message نہ کرنا...... مجھے پڑھنے میں دقت ہوتی ہے......'' وہ مسکرا کر اور مجھے سینے سے لگا کر آگے بڑھ گئے اور کچھ دیر میں ہی ایئر پورٹ لاؤنج کی بھیڑ میں کھو گئے۔ اچانک مجھے اپنے گالوں پر نمی کا احساس ہوا۔ میں نے ہاتھ پھیر کر دیکھا۔ تو میرے آنسو تھے...... میں نہ جانے کب سے رو رہا تھا...... اور پھر میں نے دیکھا کہ میرے آس پاس موجود بھی طلباء شیخ الکریم کے اس الوداع پر رو رہے تھے، مجھے ان سب طلباء کے جذبات کا احساس تو ہمیشہ سے تھا لیکن میں خود اپنے اوپر حیران تھا۔ آیان نے تو خود کو ہمیشہ ایسی کسی بھی جذباتیت سے مبرا سمجھ رکھا تھا...... پھر آج وہی آیان احمد اپنے آنسوؤں پر قابو کیوں نہیں رکھ پایا...... کبھی کبھی ہمیں اپنے اندر ہوتے انقلاب کی خبر سب سے آخر میں ہوتی ہے...... میں جب ایئر پورٹ سے واپس ہاسٹل پہنچا تو صبح کا سویرا دھیرے دھیرے پھیل رہا تھا۔ لیکن تیزی سے ہوتی بارش میں اکا دکا برف کے گالے بھی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شامل ہو چکے تھے۔

اس روز یونیورسٹی کی فضاء سخت کشیدہ تھی۔ مسلم طالب علموں اور طالبات نے متوقع ڈینش سیمینار کے پیش نظر کلاسوں کا بائیکاٹ کر رکھا تھا۔ مجھے احمر نے صبح سویرے ہی بتا دیا تھا کہ نیویارک پولیس نے گذشتہ رات ٹائم اسکوائر بم والے کیس میں سزا شدہ لڑکے کے بیان کی روشنی میں بہت سی جگہوں پر چھاپے مار کر پاکستانی اور ایشین طلبا کو گرفتار کیا ہے۔ احمر نے ہی مجھے بابر سیدی کا پیغام بھی پہنچایا کہ ہو سکے تو میں چند دن کے لیے بسام کو کسی دوسری جگہ منتقل ہونے کا کہہ دوں۔ کیونکہ نیویارک پولیس مجھے دباؤ میں رکھنے کے لیے یہ آخری حد بھی استعمال کر سکتی ہے۔ میں جانتا تھا کہ بابر کے ذہن میں کون سے خدشات پل رہے ہیں۔ وہ جانتا تھا کہ بطور مسلم کونسلر پولیس یا سی۔ آئی۔ اے کے لیے بنا کسی ثبوت کے مجھے گرفتار کرنا اتنا آسان نہیں ہوگا لیکن اگر انہیں یہ محسوس ہوا کہ میں یونیورسٹی کے مسلم طلبا کے ساتھ مل کر گذشتہ رات ہوئی گرفتاریوں پر ان کے لیے کوئی پریشانی کھڑی کر سکتا ہوں یا یونیورسٹی انتظامیہ ہی ہونے والے سیمینار سے پہلے میرے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کر دے تو وہ لوگ مجھے دباؤ میں رکھنے کے لیے بسام کی ضمانت منسوخ کروا کر اُسے ضرور گرفتار کر سکتے تھے۔ لیکن میں یہ بھی جانتا تھا کہ بسام کو یہ سب سمجھانا کس قدر مشکل ثابت ہوگا...... اور پھر وہی ہوا جس کا ڈر تھا، جب میں نے بسام کو صنم کبیر کے ذریعے یہ پیغام بھجوایا کہ وہ چند دنوں کے لیے یونیورسٹی سے چھٹی لے کر عرفی ماموں کی جانب منتقل ہو جائے تو اس نے صاف انکار کر دیا، ہمارا آمنا سامنا کیفے کے باہر والے بڑے دالان میں ہوا جب میں اور پُروا کیفے سے نکل رہے تھے اور بسام اور صنم کبیر کیفے جانے کے لیے سیڑھیاں چڑھ کر اوپر آ رہے تھے۔ ہم چاروں اچانک ہی ایک دوسرے کے سامنے آئے تو کچھ دیر کے لیے خاموش سے ہو گئے۔ پھر بسام نے ہی بات شروع کی......''میں جانتا تھا کہ تم جس رستے پر چل رہے ہو...... اس کا انجام ایک دن ایسی کوئی گرفتاری یا روپوشی ہی ہوگا...... لیکن میں اپنا گھر چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گا...... اگر ایک مسلم کونسلر کا بھائی ہونے کی کوئی سزا مقدر کی جا چکی ہے...... تو میں اُسے ضرور بھگتوں گا...... شائد میری سزا ہی تمہاری آنکھیں کھول دے......'' میں زچ ہو کر بولا ''آخر تم ہم سب کی بات سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کر رہے...... یوں خود کو پولیس کے حوالے کر دینا سراسر بے وقوفی ہوگی...... ابھی تو یہ بات صرف ایک خدشے کی حد تک ہے...... لیکن اگر حالات بگڑے تو یہ خدشہ حقیقت کا روپ دھارنے میں زیادہ وقت نہیں لے گا...... میری مشکلات میں اضافے کا سبب مت بنو بسام......'' پُروا اور صنم کبیر دم سادھے ہم دونوں بھائیوں کے بیچ ہوتی یہ تکرار سن رہی تھیں۔

بسام پھٹ پڑا ''مشکلات میں تم اضافہ کر رہے ہو یا میں......؟ تمہارے ذہن پر اسلامیات کا جو یہ بھوت سوار ہے...... ایک دن یہ جنون ہم سب کی زندگیاں برباد کر دے گا...... اس دن تم پچھتاؤ گے آیان...... لیکن تب تمہارا دامن ہر رشتے سے خالی ہو چکا ہوگا......''

میں نے کچھ توقف کیا ''بات اگر پچھتاوؤں کی ہی ہے تو پھر میرے دامن میں ماضی کے بہت سے پچھتاوے ابھی زندہ ہیں کہ جن کا حساب وقت سے کرنا باقی ہے...... کاش تم وہ دیکھ سکتے جو میں دیکھ رہا ہوں...... بہر حال...... میں اپنی جذباتی تسلی کے لیے تمہیں کسی بات پر مجبور نہیں کروں گا...... تم وہی کرو...... جو تمہیں بہتر لگے...... اور میں وہی کروں گا جو مجھے ٹھیک لگے گا......''



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میں اور بسام پُر وا اور صنم کے ساتھ مختلف سمتوں میں آگے بڑھ لئے۔ سیڑھیوں کے اختتام پر مجھے ایڈمن بلاک کے بر سرِ نے ڈین کا پیغام دیا کہ وہ مجھ سے ملنا چاہتا ہے۔ میں ڈین کے کمرے میں پہنچا تو پُر وا کو پی۔اے نے باہر ہی روک لیا۔ ڈین کے چہرے پر اشتعال کے آثار تھے۔

''میں اس طرح کلاسز کے بائیکاٹ کی وجہ پوچھ سکتا ہوں......؟ کیا تم سب لوگ اپنا سمیسٹر اپنے ہاتھ سے ضائع کرنا چاہتے ہو......؟'' ''نہیں...... ہم اپنی ایک کلاس بھی ضائع نہیں کرنا چاہتے...... اور آپ اس بائیکاٹ کی وجہ بھی اچھی طرح جانتے ہیں......'' ڈین نے خود پر ضبط جاری رکھا'' آیان...... تمہیں میں نے اس دن بھی بتایا تھا کہ کچھ باتیں خود میرے اپنے اختیار میں بھی نہیں ہیں...... یہ یونیورسٹی صرف طلبا کی فیسوں سے نہیں چلتی...... ہلکہ فیس اور دیگر فنڈز سے تو شائد ہم اتنی بڑی یونیورسٹی کو ایک ہفتہ بھی نہ چلا سکیں...... ہمیں اسے چلانے کے لیے، بہت بھاری عطیات کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ عطیات ہمیں یونیورسٹی کے بورڈ آف گورنرز کے ذریعے ملتے ہیں۔ میں بورڈ آف گورنرز کے فیصلے کے خلاف نہیں جا سکتا کیونکہ جو لاکھوں ڈالر کے سالانہ عطیات بھیجتے ہیں...... یہ بورڈ آف گورنرز انہی کا قائم کردہ ہے...... میں اگر زیادہ مزاحمت کروں گا تو انہیں دوسرا ڈین لانے میں بمشکل ایک ہفتہ بھی نہیں لگے گا...... لہٰذا یہ سیمینار ہو کر رہے گا......''

میں نے چند لمحے غور سے ڈین کی طرف دیکھا۔ وہ اس وقت واقعی ایک مجبور انسان کے روپ میں میرے سامنے کھڑا تھا۔ ''میں کبھی نہیں چاہوں گا کہ آپ کی نوکری پر ہماری وجہ سے کوئی حرف آئے...... لیکن میں نے آپ کو بتا دیا تھا کہ مسلم طلبا کی موجودگی میں ایسا کوئی سیمینار منعقد کروانا ناممکن ہے...... آپ چاہیں تو ہمارے خلاف یونیورسٹی کے قاعدے کے مطابق کوئی بھی ایکشن لے سکتے ہیں...... لیکن ہم نے ابھی یونیورسٹی کے قانون اور آئین کے دائرے سے نکل کر کوئی کام نہیں کیا ہے۔'' ڈین خاموش ہو گیا لیکن میں جانتا تھا کہ جلد یا بدیر اُسے بورڈ آف گورنرز کو جواب تو دینا ہی ہوگا۔

اس رات میں جلد اپنے کمرے میں واپس آ گیا۔ گذشتہ رات ایئر پورٹ کے راستے میں بائیک پر بھیگتے رہنے سے شائد ہلکی سی حرارت ہو گئی تھی۔ میں نے بخار کی ایک گولی نگلی اور تکیے پر سر رکھ کر سونے کی کوشش کرنے لگا۔ لیکن نیند بھلا کوشش سے کب آتی ہے، شائد نیند کوشش کی ضد ہے، لیکن پھر بھی رات کے کسی پہر میری آنکھ لگ گئی۔ اور پھر شدید دھڑ دھڑانے کی آواز سے میری آنکھ کھلی۔ کوئی زور زور سے دروازہ پیٹ رہا تھا۔ میں نے گھبرا کر دروازہ کھولا تو سبھی مسلم طلبا دروازے کے باہر پریشان کھڑے تھے۔ میرا دل دھک سے رہ گیا۔ ان میں سے کوئی ایک چلایا۔

''نیو یارک پولیس نے دو گھنٹے قبل عامر بن حبیب کو ایک چھاپے کے دوران گرفتار کر لیا ہے۔''



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب15

عامر بن حبیب کی گرفتاری نے ساری یونیورسٹی میں ایک ہل چل سی مچا دی۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا تھا کہ آخر اُس کی بروکلین والی رہائش کا پولیس کو پتہ کیسے چلا......؟۔ میں کل شام ہی تو اس سے مل کر آیا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں ایک جھماکا سا ہوا۔ کہیں وہ میرا پیچھا کرتے ہوئے تو اُس اپارٹمنٹ تک نہیں پہنچ گئے تھے؟ مسلم طلباء میں، میں ہی سب سے آخر میں عامر سے مل کر آیا تھا۔ اُس روز بھی مسلم طلبا نے کلاسوں کا بائیکاٹ جاری رکھا اور جب ہم ساڑھے گیارہ بجے کے قریب عدالت کے اُس احاطے میں پہنچے جہاں کچھ دیر بعد عامر کو لایا جانا تھا، تو ہلکی برف باری شروع ہو چکی تھی۔ یہ اس موسم سرما میں نیویارک کی پہلی برف باری تھی۔ کچھ ہی دیر میں عدالت کے احاطے میں موجود بڑا اینٹوں کا صحن اور تمام درخت برف سے اَٹ گئے، خزاں رسیدہ شاخوں پر برف کے پھول بجنا شروع ہو گئے تو وہ لوگ عامر بن حبیب کو لیے کورٹ کے احاطے میں داخل ہوئے، نیویارک پولیس نے بڑی مشکل سے اپنی حد کے لیے لگائی نیلی پٹی سے میڈیا کو دُور رکھا ہوا تھا۔ میں نے دُور سے ہی عامر کی جانب دیکھ کر ہاتھ ہلایا" ہم سب تمہارے ساتھ ہیں عامر...... تمہی ہمارے مسلم کونسلر ہو اور ہمیشہ رہو گے......" عامر بن حبیب نے مسکرا کر میرے "جوشیلے خوش آمدید" کو سراہا۔ میڈیا کے کیمروں کا رُخ میری جانب ہو گیا۔ میں تیزی سے ہجوم کو چیرتا ہوا عامر کے قریب تر ہوتا گیا۔ برف ہمارے سروں کو ڈھک رہی تھی اور ہماری سانسیں گرم بھاپ کی مانند فضا میں تحلیل ہو رہی تھیں۔ میں عامر کے اتنے قریب پہنچ چکا تھا جہاں سے وہ میری بات آسانی سے سُن سکتا تھا، میں نے تیزی سے چلتے ہوئے پولیس کے قدموں سے قدم ملائے" مجھے شک ہے یہ لوگ میرا پیچھا کرتے ہوئے کہیں تمہارے اپارٹمنٹ تک نہ پہنچ گئے ہوں......؟" عامر نے آگے چلتے ہوئے کہا" نہیں...... یہ اپارٹمنٹ والوں کا کارنامہ ہے، بہت دنوں سے آس پاس کے ہمسائے تم سب لوگوں کی آمد و رفت کو شک کی نگاہ سے دیکھ رہے تھے...... آج آخرکار انہوں نے شکایت کر دی......" عامر کی بات سن کر مجھے یوں لگا جیسے میرے شانوں سے بہت بھاری بوجھ ہٹ گیا ہو۔ کیونکہ عامر نہ سہی مگر کسی اور مسلم طالب علم کے ذہن میں یہ شک سر ابھار لیتا کہ عامر کی مخبری میں میرا کوئی ہاتھ ہو سکتا ہے تو مجھے اُنہیں جواب دینا بہت مشکل ہو جاتا کیونکہ میرا دامن پہلے ہی ایک ایسے الزام سے داغ دار تھا۔ عامر نے شائد میرا ذہن پڑھ لیا اور وہ ایک لمحے کے لیے سیڑھیوں کے قریب رُک گیا۔ گرتی ہوئی برف کا ایک بڑا سا گالا اس کی پلکوں میں آ کر اٹک گیا۔ عامر نے میرے شانے پر ہاتھ رکھا" مجھے اگر اپارٹمنٹ یونین کا صدر نہ بھی بتاتا کہ اُس نے خود فون کر کے پولیس کے سامنے اپنے شکوک کا اظہار کیا ہے...... تب بھی میرے ذہن میں ہرگز کوئی شک سر نہ اُبھارتا آیان...... خود کو بلاوجہ ہلکان نہ کیا کرو...... تمہیں ابھی بہت سی اہم ذمہ داریاں پوری کرنی ہیں...... اور اس بات پر اعتماد اور یقین رکھو کہ تمہاری ایک پُکار پر پورا مسلم گروپ اپنا سر کٹا سکتا ہے...... تم اب اُن کی رُوح کے اندر بستے ہو......، اور وقت آنے پر تم خود یہ سب دیکھ لو گے......" میڈیا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کے کیمرے دھڑا دھڑ ہماری تصویریں اتار رہے تھے اور بہت سے ٹی۔وی چینل والے بھی ہمیں کور کر رہے تھے۔ پولیس نے عامر کو آگے بڑھنے کا اشارہ کیا، برف باری تیز ہو چکی تھی۔ عامر بن حبیب کے قدموں کے نشان برف پر بنے تو میں اُس کے نقشِ قدم پر چلتا ہوا کورٹ روم میں داخل ہو گیا۔ عامر پر بھی کم وبیش وہی الزامات لگائے گئے تھے جو بابر سیدی کے سر تھے، نیویارک پولیس عامر بن حبیب کا تعلق بھی کسی نہ کسی طور ٹائمز اسکوائر بم کیس یا پھر ایسی ہی دیگر ''ان دیکھی اور ان ہونی سازشوں'' کے ساتھ جوڑنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی۔ عامر کی روپوشی اور اس دوران اُس سے ملنے کے لیے آنے والے ملاقاتیوں کی ''مشکوک سرگرمیوں'' کا بھی بہت مرتبہ ذکر آیا اور اپارٹمنٹ کے مکینوں کی شکایت اور شہادت بھی پیش کر دی گئی۔ جج نے تمام ''ثبوتوں'' کو دیکھتے ہوئے عامر کو سات دن کے لیے حراست میں رکھ کر تفتیش کرنے کا حکم صادر کر دیا۔ مسلم لڑکوں نے عدالت کے باہر گرتی برف میں بہت دیر تک مظاہرہ جاری رکھا۔ عامر کے چہرے پر پوری سماعت کے دوران اُس کی مخصوص مسکراہٹ چھائی رہی اور مجھے جانے کیوں ایسا محسوس ہوا کہ اس کی یہ مسکراہٹ سرکاری وکیل اور پولیس سمیت جج کے لیے بھی ایک تازیانے کی طرح تھی۔ کیونکہ اس قوم کو تو مرعوبیت مرغوب ہے اور یہ مرعوبیت انہیں بابر سیدی کے چہرے پر ملی نہ۔ عامر بن حبیب نے ہی اُن کی یہ خواہش پوری کی تھی۔ پیشی کے بعد انہوں نے عامر کو ہم سے بات کرنے کی اجازت نہیں دی اور تیزی سے اسے عدالت سے نکال باہر لے گئے۔ میں عدالتی کمرے سے باہر نکلا تو رپورٹرز نے مجھے گھیرے میں لے لیا ''تم تو وہی نئے مسلم کونسلر ہونا...... جس نے گراؤنڈ زیرو پر اُس روز شمع روشن کی تھی...... تم کیا سمجھتے ہو کہ پُرانے مسلم کونسلر کا نیویارک میں ہوئی دہشت گردی کی وارداتوں سے کوئی تعلق ہے یا نہیں......؟'' میں اُنہیں کوئی جواب دیئے بنا ہی آگے بڑھ جانا چاہتا تھا لیکن دہشت گردی کا الزام سن کر میرے قدم رُک گئے۔ میں رپورٹر کی جانب مڑا ''دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ اگر نیویارک پولیس کو عامر بن حبیب پر ایسا کوئی شک ہے تو پھر یہ شک ہر مذہب پرست پر کیا جانا چاہیے۔ اس دہشت گردی کے پیچھے پادری ٹیری جونز یا ملعون ویسٹر گارڈ جیسا کوئی شخص بھی تو ہو سکتا ہے جو اسلام کو بدنام کرنے کے لیے یہ سارا کھیل کھیل رہا ہو......؟...... آخر ایک مسلم کونسلر پر ہی تمام الزامات کیوں......؟...... کوئی عیسائی یا یہودی کونسلر بھی تو اس طرح کی واردات کا منصوبہ بنا سکتا ہے......؟ اگر جنون کا تعلق کسی مذہب سے جوڑنا ہی آخری کلیہ ہے تو پھر یہ ایسے مجنوں تو ہر مذہب میں پائے جاتے ہیں...... اُن میں سے دو کے نام تو میں نے ابھی آپ کو بتا دیئے ہیں......'' اتنے میں پُروا ہجوم کو دھکیلتی کہیں سے بھیڑ میں گھس آئی اور اُس نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے وہاں سے لے جانے کے لیے کھینچا ''آیان...... چلو یہاں سے......''

وہ جانتی تھی کہ میڈیا مجھے بھڑکا کر مجھ سے اپنے مطلب کے جوابات کا خواہاں ہے...... لیکن میں بھی کیا کرتا؟...... کچھ سوال بروقت جواب کے ہی متقاضی ہوتے ہیں......، ہم ایک قدم آگے بڑھے تو ایک اور برف سے ڈھکا مائیک میرے سامنے آ گیا۔ ''تم نے ابھی ویسٹر گارڈ پر منفی مذہبی جنون کا الزام لگایا ہے...... لیکن خود تمہاری یونیورسٹی اسی ویسٹر گارڈ کے بنائے ہوئے خاکوں پر باقاعدہ سیمینار کا پروگرام بنا چکی ہے...... مسلم طلباء کا اس سیمینار سے متعلق ردعمل کیا ہوگا......؟'' پُروا نے جلدی سے میری جگہ جواب دیا ''ہم تمام مسلمان



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

طلبا یونیورسٹی کے قانون کے اندر رہتے ہوئے اس سیمینار کو رکوانے کے لیے ہر ممکن احتجاج کریں گے.....'' ہم نے تیزی سے آگے بڑھنے کی کوشش کی لیکن ہجوم بہت زیادہ تھا، ایک اور زہر میں بجھا سوال میرے ساعتوں میں چھید کر گیا۔ ''آخر یونیورسٹی کے دو ہزار سے زائد طلبا میں سے صرف روڈھائی سو مسلمان طلباء کو ہی آزادئ اظہار سے اس قدر نفرت ہے.....؟ یہ بذات خود مسلمان طلباء کا ایک انتہا پسندانہ رویہ نہیں تو اور کیا ہے.....؟'' میرے بڑھتے قدم رک گئے۔ برف باری کا رُخ اب ترچھا ہو چکا تھا اور مجھے برف کے دبیز اور بڑے گالوں کے عقب میں رپورٹر کا چہرہ بھی صاف نظر نہیں آ رہا تھا ''ہمیں آزادئ اظہار پر کوئی اعتراض نہیں..... لیکن یہ آزادی نہیں..... وحشت ہے..... اور آج تم جو یہ ہاتھ میں مائیک تھامے آزادئ اظہار کے گُن گاتے پھرتے ہو..... تمہاری ہمت ہے کہ اس بھرے نیو یارک میں کسی یہودی کے سامنے ہالوکاسٹ کے بارے میں اپنے خیالات کا آزادانہ اظہار کر سکو.....؟..... کیا تم میں سے ایسا کوئی شیر دل ہے جو کسی عیسائی کے سامنے چرچ کی کسی رسم یا بپتسمہ کو غلط قرار دے سکے..... کیا تم کسی بھی کیتھولک کے سامنے پروٹسٹنٹ کو اور پروٹسٹنٹ کے سامنے کیتھولک عقیدے کو کھل کر اچھا کہہ سکتے ہو.....؟..... کیا کسی یہودی کے سامنے سینہ تان کر یہ بات کہہ سکتے ہو کہ عیسیٰ کو صلیب دینے کی سازش کے پیچھے خود یہودی علماء کا ہاتھ تھا.....؟..... کبھی تم لوگوں نے سینہ ٹھونک کر یہ کہا ہے کہ اسرائیل یہود کی ایک ناجائز بستی ہے جسے جنگ عظیم دوئم سے پہلے ہی یہودی منصوبہ کاروں نے فلسطین کے مقام پر بسانے کا فیصلہ کر لیا تھا.....؟..... کیا تم میں سے کوئی رپورٹر آج شام کی خبروں میں یہ اعلان کر کے آزادئ اظہار کا بول بالا کر سکتا ہے کہ بیت المقدس پہ اسرائیلی قبضہ ناجائز اور اس کے ارد گرد ہوتی کھدائی دراصل ہمارے قبلہ اول کے انہدام کی ایک سازش ہے.....؟ بولو..... کوئی ہے آزادئ اظہار کا ایسا متوالا جو میرے ان سوالات کا جواب دے سکے.....؟؟'' ہجوم پر ایک سناٹا سا طاری ہو گیا اور ہمارے ارد گرد صرف گرتی ہوئی برف کی سرگوشیاں رہ گئیں..... کوئی کچھ نہ بولا..... میں نے اپنی بات ختم کی ''اگر تم سب مل کر بھی آزادئ اظہار کے اتنے چھوٹے سے نمونے سے خائف ہو..... تو پھر ہم مسلمانوں پر اپنی کائنات کی سب سے مقدس ہستی ﷺ کے مقدس نام کی حرمت کا دفاع ہی تمہیں آزادئ اظہار کے خلاف کیوں لگتا ہے.....؟..... یاد رہے کہ اظہار کی آزادی کی اپنی کچھ حدود مقرر ہیں، اور آزادی اظہار کا بھی اپنا ایک تقدس ہوتا ہے..... اور جو کوئی بھی اپنے کسی ذاتی مذموم مقصد کے لیے ان حدوں کو پار کر جائے..... میری نظر میں وہ خود ایک انتہا پسند اور دہشت گردی ہے.....'' میں اور پُروا ہجوم کو چیرتے ہوئے آگے بڑھ گئے اور ہمارے یونیورسٹی واپس پہنچنے سے پہلے ہی نیو یارک کا تمام میڈیا آج عدالت کے احاطے میں میری رپورٹرز سے ہوئی اس خود ساختہ جھڑپ کی کہانیاں بیان کر رہا تھا۔ ایک آدھ چینل کے علاوہ باقی سب کا انداز ابھی تک نہایت منفی تھا اور میری کہی گئی بات کو یہود اور عیسائیوں کے لیے ایک چیلنج کے طور پر نمایاں کیا جا رہا تھا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اگلے روز یہودی اور عیسائی طلباء کی جانب سے بھی کلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا گیا۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے کسی ممکنہ ناخوش گوار واقعے سے بچنے کے لیے نیو یارک پولیس سے حفاظتی حصار کا مطالبہ کر دیا اور جب میں برف سے ڈھکی روشنیوں اور راستوں سے ہوتا ہوا یونیورسٹی کے بڑے دالان میں پہنچا تو سارا میدان سنسان پڑا ہوا تھا۔ چند منچلوں نے نیو یارک کی پہلی برف باری کا لطف لینے کے لیے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

گذشتہ روز میدان میں برف کے جو پتلے بنائے تھے وہ اب بھی اُسی طرح ایستادہ تھے اور رات کی گری مزید برف نے ان کے نقوش گہرے کر دیئے تھے۔ احمر اور بلال میرے ساتھ تھے اور کچھ ہی دیر میں ہمارے اردگرد ہمارا سارا گروپ اکٹھا ہو چکا تھا۔ مجھے دیکھ کر پُروا کے چہرے پر پریشانی کے آثار نمودار ہوئے لیکن وہ خاموش رہی مگر ٹھیک اُسی وقت صنم کبیر گھبرائی ہوئی سی وہاں آ پہنچی "آیان..... آج تمہیں یونیورسٹی نہیں آنا چاہیے تھا..... یہاں دوسرے گروپس کے لڑکے بہت مشتعل ہیں.....''۔ احمر غصے میں مجھ سے پہلے ہی بول پڑا "کوئی مشتعل ہوتا ہے..... تو ہونے دو..... ہم نے بھی چوڑیاں نہیں پہن رکھی ہیں..... اگر کسی نے آیان کی جانب آنکھ اُٹھا کر بھی دیکھا تو اس کی خیر نہیں ہے.....'' میں نے ان سب کو منع کیا 'جب تک کوئی ہم پر ہاتھ نہ اُٹھائے..... ہمیں چپ رہنا ہے..... اور کسی جھگڑے کی صورت میں بھی ہمیں صرف اپنا دفاع کرنا ہے..... تم سب کو یہ بات یاد رکھنی ہوگی کہ ہماری منزل ان جھگڑوں سے کہیں آگے ہے..... ہمیں اپنے راستے سے بھٹک کر کسی اور جانب نہیں نکلنا ہے.....'' پُروا ہماری باتوں کے درمیان نہ جانے چپ چاپ کہاں جا چکی تھی۔

ہم سب نے کیفے کے باہر والے دالان میں نصب سنگِ مرمر کے بینچوں سے برف جھاڑی اور وہیں ٹِک گئے۔ آج کیفے بھی حالات کے پیشِ نظر بند تھا لہٰذا کچھ طلباء اپنے ساتھ تھرماس میں کافی اور کچھ پلاسٹک کے کپ بھی لے کر آئے تھے، سخت جمی ہوئی برف میں کافی پینا بھی کچھ الگ ہی تجربہ ہے۔ ہم سب وہیں اپنے خیالوں میں گُم بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک جانب سے شمعون مائیکل اور ان کے گروپ کے بیس بائیس لڑکے وہاں آ پہنچے۔ میں نے اپنے گروپ کو آرام سے بیٹھے رہنے کی ہدایت کی، شمعون گروپ میری جانب بڑھ آیا۔ اُن سب کے چہرے تنے ہوئے اور آنکھوں میں غصے کی چنگاریاں سی لپک رہی تھیں۔ شمعون میرے سر پر آ کھڑا ہوا "ویسے تمہاری ہمت کی داد دینی چاہیے..... تم آج بھی یونیورسٹی آئے ہو..... حالانکہ ہم سمجھ رہے تھے کہ کل کے انٹرویو کے بعد تم ہفتوں کیمپس میں دکھائی نہیں دو گے.....'' میں نے سر اُٹھا کر شمعون کو دیکھا "کیوں؟..... کل میں نے ایسی کیا بات کہہ دی کہ تم مجھے دیس بدر کروانے کا سوچ رہے ہو.....؟.....''

شمعون میری بات سن کر پھٹ پڑا..... "دیکھا تم لوگوں نے..... اِسے یہ بھی پتا نہیں کہ اس نے سارے نیویارک کے میڈیا کے سامنے کیا ہرزہ سرائی کی ہے..... ہمارے مذہب پر کتنا کیچڑ اچھالا ہے..... آج اگر اردگرد پولیس کا یہ پہرہ نہ ہوتا تو ہم تمہیں بتاتے کہ اس بکواس کا کیا انجام بھگتنا پڑے گا تمہیں.....'' میں نے کافی کا آخری سِپ لیا اور اپنی جگہ سے اُٹھ کر شمعون کے ٹھیک مقابل کھڑا ہو گیا۔ "میں تمہارا یہ شوق اب بھی پورا کر سکتا ہوں..... تم شائد بھول رہے ہو کہ میں مسلم کونسلر بننے سے پہلے صرف آیان تھا..... اور دعا کرو کہ وہ آیان یہ نہ بھول جائے کہ وہ اب مسلم کونسلر بھی ہے..... رہی بات پولیس کے پہرے کی..... تو وہ تو صرف اس یونیورسٹی کی چار دیواری کی حد تک ہے..... تم پورے نیویارک میں کہیں بھی مجھ سے ملاقات کا شوق پورا کر سکتے ہو..... بس جگہ اور مقام بتا دو.....''

کچھ دیر تک میں اور شمعون ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھ ڈال کر دیکھتے رہے..... اتنے میں عیسائی کونسلر جارج بھی وہاں آ پہنچا، لیکن وہ یہ ساری صورت حال دیکھ کر خاموش ہی رہا۔ اچانک دور برف سے اٹے میدان میں پُروا چالیس پچاس یہودی، عیسائی اور



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مسلمان لڑکیوں کے ایک جلوس نما گروپ کی سربراہی کرتی ہوئی نمودار ہوئی اُن لڑکیوں نے اپنے ہاتھوں میں بڑے بڑے سے کارڈ اور بینر اُٹھا رکھے تھے جس کے اوپر نمایاں طور پر مسلمانوں کا نشانِ ہلال، عیسائی مذہب کی نشانی صلیب اور یہود کا ستارۂ داؤدی بنا ہوا تھا کارڈز اور بینرز پر تینوں مذاہب کی حرمت کا پاس رکھنے کے نعرے درج تھے۔"جو آسمان سے اُترا...... وہ سب کے لیے مقدس ہے......" "ہمارا خدا ایک ہے" "مذہبی تعصب کی بنیاد پر طلبا میں پھوٹ ڈالنے کی سب کوششیں ناکام ہوں گی......" "دُنیا کا ہر مذہب دوسرے مذہب کا احترام سکھاتا ہے" اور ایسے ہی بہت سے دوسرے نعرے۔

لڑکیاں اپنے قدموں سے "برف کی دُھول" اڑاتی ہوئی ہمارے پاس پہنچ گئیں اور وہاں انہوں نے تینوں مذاہب اور تینوں مذاہب کے کونسلروں کے حق میں پُرجوش نعرے بازی شروع کر دی تینوں گروپس کے لڑکوں کے چہروں پر تناؤ کم ہونے لگا۔ یہ وہ پوری تیاری کے ساتھ آئی تھی۔ لڑکیوں کے پاس چائے کے لوازمات، کافی اور کپ وافر مقدار میں تھے، یہودی لڑکیوں نے مسلمان لڑکوں کو کافی پیش کرنا شروع کی تو مسلمان لڑکیاں عیسائی اور یہودی طالب علموں کے کپ میں چائے کافی انڈیلنے لگیں، عیسائی لڑکیوں کا گروہ بھی ان کی مدد کرتا رہا، اس طرح کچھ لمحوں میں ہی ایک بہت بڑے تصادم کا خطرہ ٹل گیا۔ لیکن ہم سب جانتے تھے کہ چنگاری نے بھڑک کر آگ پکڑ لی ہے...... اور اب ذراسی بھی ہوا اس آگ کو اتنی تیزی سے پھیلائے گی کہ شائد سب کچھ جل کر خاکستر ہو جائے...... شمعون کافی پیئے بنا وہاں سے چلا گیا، البتہ جارج کو عیسائی گروپ کی طالبات نے گھیرے رکھا اور وہ اپنا کپ ختم کیے بنا وہاں سے آگے نہ بڑھ سکا۔ کچھ ہی دیر میں مجھے ڈین کے دفتر سے بلاوا آ گیا۔ میں کمرے میں داخل ہوا تو وہاں سیاہ سوٹ اور ٹائی میں ملبوس دو اجنبی چہرے بھی موجود تھے۔ ڈین نے مجھے بیٹھنے کا اشارہ کیا...... وہ کسی گہری سوچ میں گم دکھائی دے رہا تھا۔"آیان...... مجھے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ تمہارا کل کا بنا اجازت لیے میڈیا کو دیا گیا بیان یونیورسٹی کے قاعدے اور قانون کی مکمل خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے اور یونیورسٹی انتظامیہ کی پوری جیوری تمہارے اس عمل کے بارے میں جلد ہی کوئی فیصلہ لینے کا سوچ رہی ہے۔ بہرحال...... یہ تو بعد کی بات ہے...... فی الحال تم سے نیویارک پولیس کے دو آفیسر کچھ بات کرنا چاہتے ہیں۔ میں نے دونوں پولیس والوں کی طرف دیکھا جو قد اور جسامت کے لحاظ سے مشہور کردار لورل اور ہارڈی کی نقل نظر آ رہے تھے۔ پتلے والے نے غور سے میری جانب دیکھا"اچھا...... تو تم ہو مسلم کونسلر...... ویسے کل تم نے اتنی تلخ باتیں کر کے اپنے لیے اچھی خاصی مصیبت مول لی ہے۔ نیویارک میں ایک ہی دن میں کئی دشمن پیدا کر لیے تم نے......" میں جو شمعون کی باتوں کی وجہ سے پہلے ہی کافی تلخ ہو چکا تھا اپنے لہجے پر قابو نہ رکھ سکا"تو میں تم دونوں کو ہمدردوں کی فہرست میں شمار کروں یا نئے دشمنوں کی......" وہ دونوں چونک سے گئے۔ بھاری بھرکم بولا"نہیں...... ہم تمہارے دشمن نہیں ہیں۔ صرف تمہیں اتنا خبردار کرنے آئے ہیں کہ اپنی نقل و حرکت اب ذرا محدود ہی رکھنا۔ نیویارک بہت بڑا شہر ہے اور یہاں اپنے مذہب کی بات پر بھڑک جانے والے بہت ہوں گے...... کہیں کوئی تمہیں نقصان نہ پہنچا دے......" میرا جی چاہا کہ میں اس سے پوچھوں کہ یہ تنبیہہ ہے یا دھمکی......؟ لیکن میں نے بڑی مشکل سے اپنی زبان بند رکھی۔ انہوں نے مجھ سے اِدھر اُدھر کی بہت سی باتیں پوچھیں اور



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

خاص طور پر پاکستان میں میرے والدین کی جائے پیدائش، ان کی رہائش اور ہمارے رشتہ داروں کے بارے میں بھی خوب کرید کرید کر سوالات کیے۔ آخر کار مجھے ایک مقام پر زچ ہو کر کہنا پڑا کہ میں ایسا محسوس کر رہا ہوں جیسے میں نے پاکستان سے ابھی ابھی اپنے لیے امریکہ کا ویزا طلب کیا ہے یا پھر میں کوئی امریکی نہیں بلکہ ان کی نظر میں ایک مشکوک پاکستانی شہری ہوں جسے سی آئی اے نے ائرپورٹ پر ہی کسی شک کی بنیاد پر دھر لیا ہے اور اُسے واپس اپنے ملک ڈی۔ پورٹ کرنے کا کوئی بہانہ ڈھونڈا جا رہا ہے۔ لیکن میرے احتجاج کے باوجود انہوں نے اپنے سوالات کا سلسلہ جاری رکھا۔ اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد میری جان چھوٹی۔ کمرے سے نکلتے وقت انہوں نے ڈین کو خبردار کیا کہ ان کی رپورٹ کے مطابق نیویارک کی دیگر یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات بھی اب اس جھگڑے میں کود پڑنے کے لیے تیاریاں کر رہے ہیں اور وہاں کے مسلم طلبا نے میری مکمل حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ لہٰذا یہ بات آگے چل کر کسی بہت بڑے طوفان کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ اس لیے ڈین کو چاہیے کہ وہ کسی بھی حال میں اپنے طلبا کو باہر کی کسی یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس سے روابط بڑھانے نہ دے......'' اُن دونوں کے جانے کے بعد ڈین نے تشویش سے میری جانب دیکھا ''میں نے تم سے کہا تھا کہ تم آگ سے کھیل رہے ہو......دیکھ لو...... چنگاریاں کہاں کہاں تک پہنچ چکی ہیں......'' میں نے دھیرے سے جواب دیا ''یہ آگ انہوں نے لگائی ہے......ہم تو صرف اپنا گھر بچانا چاہتے ہیں سر...... آج میں نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ یونیورسٹی انتظامیہ بطور مسلم کونسلر نیویارک اور قانون کے مختلف اداروں کے سامنے میرا تحفظ کرنے کے بجائے۔ خود مجھی کو جواب دہ کر رہی ہے...... بہر حال...... آپ کا بہت بہت شکریہ......'' ڈین نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا لیکن پھر چپ ہو گیا۔ میں کمرے سے باہر نکلا تو پُروا راہداری میں بے چینی سے ٹہل رہی تھی ''کیا کہہ رہے تھے وہ لوگ...... حلیئے سے تو پولیس کے آدمی دکھائی پڑتے تھے؟'' ''پولیس والے ہی تھے۔ خبردار کرنے آئے تھے کہ مجھ پر اب کسی سمت سے بھی حملہ ہو سکتا ہے......'' پُروا پریشان ہو گئی...... ''پھر......تم نے اب کیا سوچا ہے......'' مجھے اس کی پریشانی اچھی لگی...... ''جو ہو گا دیکھا جائے گا مس پُروا ضمیر خان...... ویسے تم نے آج یونیورسٹی کی ساری طالبات کو یکجا کرنے کا جو کارنامہ سر انجام دیا ہے......اس پر تم شاباشی کے پورے پانچ ستاروں کی حق دار ہو...... بہت خوب مس ضمیر......ویل ڈن......'' پُروا شرما سی گئی۔ یہ مشرق کی لڑکیاں تمام عمر مغرب میں گزار لیں تب بھی ان کے اندر گالوں سے پھوٹتی اس شفق کا خزانہ سدا برقرار رہتا ہے......

ہم راہداری سے باہر نکلے تو ''دوسری مشرقی لڑکی'' بھی سامنے ہی بوکھلائی سی آتی ہوئی نظر آئی۔ میں نے صنم کبیر کو چھیڑا ''خدا کے لیے تم کبھی تو چہرے پر مسکراہٹ سجا کر ملا کرو...... تمہیں دیکھ کر مجھے ہمیشہ ایران کی گوگوش یاد آ جاتی ہے......بس تم مسکراتی نہیں ہو......'' صنم واقعی مسکرا پڑی ''تم دونوں بھائی مجھے کبھی مسکرانے کا موقع دو تو میں مسکراؤں ناں...... بسام زبان سے تو نہیں کہتا لیکن وہ تمہارے لیے بہت پریشان ہے...... خاص طور پر کل میڈیا سے ہوئی تمہاری جھڑپ کے بعد...... آیان...... میری ایک بات مانو گے......؟ بسام سے ایک بار مل لو......'' ''لیکن وہ مجھ سے ملنا چاہے تب ناں......؟'' صنم خوش ہو گئی۔ ''اس کی تم فکر نہ کرو...... میں نے آج شام اُسے کیفے ہنولی میں ملنے کے لیے بلایا ہے......تم بھی پُروا کے ساتھ وہیں آ جانا......اکیلے آؤ گے تو وہ سمجھ جائے گا کہ یہ ملاقات



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میرے کہنے پر ہو رہی ہے..... تم اپنی زبان سے اُسے تسلی دو گے تو وہ ضرور کچھ سنبھل جائے گا.....'' میں نے اس معصوم لڑکی کی خواہش کو رد کرنا مناسب نہیں سمجھا اور ہامی بھر لی۔ شام کو پُروا اپنی نیلی شیورلیٹ لے کر ہاسٹل پہنچ گئی اور ہم ہاسٹل سے کیفے پنولی کے لیے نکلے تو سڑک کے دونوں طرف برف کے بڑے بڑے انبار اکٹھے کیے جا چکے تھے، میں نے ٹھیک طرح سے غور نہیں کیا لیکن مجھے شک ضرور ہوا کہ کالے رنگ کی ایک بڑی وین ہماری گاڑی کے نکلتے ہی ہمارے پیچھے لگ گئی تھی۔ پُروا کو نیو یارک کے راستے از بر ہو چکے تھے لہٰذا وہ بڑی شاہراہوں سے بچتی گلیوں کے درمیان گاڑی دوڑاتی ہوئی منزل کی جانب بڑھتی رہی اور چند گلیوں کے بعد مجھے وہ وین بھی اپنے پیچھے آتے دکھائی نہ دی۔ میں بھی اُسے اپنا وہم سمجھ کر پُروا سے باتوں میں مشغول رہا۔ پُروا نے کیفے پنولی کی پرلی سڑک پر کار پارک کر دی اور ہم دونوں گاڑی سے نیچے اُتر آئے۔ میں سڑک پار کرتے ہوئے پُروا سے کوئی بات کر رہا تھا کہ اس کی آنکھوں میں اچانک شدید خوف کا سایہ لہرایا اور وہ زور سے چلائی ''بچ کے آیان'' لیکن میں نے پلٹ کر دیکھنے میں ایک لمحے کی تاخیر کر دی۔ سیاہ وین بالکل میرے سر پر پہنچ چکی تھی اور اس کا انجن زور سے چنگھاڑ رہا تھا۔ پُروا نے ایک لمحے کی تاخیر کیے بنا مجھے زور سے دھکا دیا اور میں دوسری جانب فٹ پاتھ پر جا گرا۔ وین تیزی سے اسکریچ مارتی ہوئی آگے بڑھ گئی اور پھر میری نظر سڑک کے درمیان میں برف پر بے سُدھ گری پُروا پر پڑی۔ اس کے ماتھے سے بھل بھل بہتا خون تیزی سے آس پاس کی برف کو لہو رنگ کر رہا تھا۔ میں چلا کر پُروا کی جانب دوڑا۔ پُروا کی گردن ایک جانب ڈھلک چکی تھی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب16

پُروا کو یوں لہولہان زمین پر بے سُدھ پڑے دیکھ کر میں اپنے حواس کھو بیٹھا جانے کس نے ایمبولینس کو فون کیا اور کب ہم نے پُروا کو اٹھا کر ایمبولینس میں ڈالا۔ مجھے کچھ یاد نہیں تھا۔ باہر کا شور شرابہ سن کر صنم کبیر بھی کیفے سے نکل کر ہماری جانب چیخ کر دوڑتی ہوئی آئی تھی۔ لیکن وہ کب میرے ساتھ ایمبولینس میں بیٹھی، مجھے یہ بھی پتا نہیں چلا، میں تو بس تمام راستے چلا چلا کر پُروا کو ہوش میں لانے کی کوششیں کرتا رہا۔ لیکن جب تک ہم کیفے نپولی سے قریب ترین ہسپتال کی ایمرجنسی میں داخل ہوئے، پُروا کا رنگ کورے لٹھے کی طرح سفید ہو چکا تھا۔ اس نازک سی لڑکی کے جسم میں پہلے ہی کتنا خون ہوگا جو یوں بوتلوں کے حساب سے ضائع بھی ہوتا جا رہا تھا۔ ایمبولینس کو ہنارو کے زمین دوز راستے کے ذریعے سیدھے ایمرجنسی تھیٹر کے دروازے تک پہنچا دیا گیا۔ جہاں پہلے سے ڈاکٹروں کی ایک ٹیم تمام تیاریوں کے ساتھ موجود تھی۔ ہمیں راہداری میں ہی روک دیا گیا اور ہم جلتے انگاروں پر وہیں باہر راہداری میں کھڑے، لوٹتے رہ گئے...... جانے کب شام ڈھلی اور کب رات گہری ہوئی...... مجھے کچھ پتا نہیں چلا۔ انہیں پُروا کو اندر لے جائے پانچ گھنٹے سے زیادہ ہو چکے تھے۔ ہمارے ہسپتال پہنچنے کے کچھ دیر بعد ہی سب سے پہلے بسام اور پھر سارا مسلم گروپ وہاں پہنچ گیا تھا۔ جس وقت پُروا کو وین نے کچلا تھا اس وقت تک بسام صنم کبیر سے ملنے کے لیے کیفے نہیں پہنچا تھا۔ مسلم طلبا کا اشتعال لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہا تھا لیکن وہ سب میری حالت دیکھتے ہوئے چُپ سادھے رہے...... جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا تھا ہماری تشویش بھی دو چند ہو رہی تھی۔ جانے اُنہیں اندر اتنی دیر کیوں لگ رہی تھی۔ اور پھر صبح سے کچھ دیر پہلے آپریشن تھیٹر کا دروازہ کھلا اور اندر سے تھکا ہارا میڈیکل اسٹاف باہر نکلا۔ ہم سب ان کی جانب لپکے۔ ڈاکٹر نے ہم سے نظریں چُرانے کی کوشش کی۔ میں پھٹ پڑا، ''بولتے کیوں نہیں...... کیا ہوا ہے اُسے......؟'' ''وہ ابھی خطرے سے باہر نہیں ہے...... اگلے اڑتالیس گھنٹوں میں ہوش نہ آیا تو یہ کومہ بھی ہو سکتا ہے...... بہر حال...... ہم ابھی نا اُمید نہیں ہیں......'' ڈاکٹر جاتے جاتے بھی ہم سب کو ایک نئی سُولی پر ٹانگ گئے۔ ہمارے سامنے پُروا کو بے ہوشی کے عالم میں ایک خاص کمرے کے اندر منتقل کر دیا گیا اور ہم سب کمرے کی شیشے کی دیوار سے اندر مختلف ٹیوبز اور پٹیوں میں جکڑی پُروا کو دیکھتے رہے۔ میرا جی چاہ رہا تھا کہ میں چیخ چیخ کر ڈاکٹروں سے کہوں کہ انہیں ضرور کچھ غلط فہمی ہوئی ہے کیونکہ یہ تو ہماری پُروا ہے ہی نہیں۔ ہماری پُروا ضمیر خان تو ہمیں دیکھتے ہی جھٹ اپنا ہاتھ آگے بڑھا کر زوردار انداز میں اپنا تعارف کرواتی تھی۔ اُس کی دھیمی مُسکان سے تو یونیورسٹی کے در و دیوار اور راہداریاں ہمیشہ روشن رہتی ہیں۔ وہ تو ایک پُروائی ہے۔ ایک دھنک ہے جو ہم سب کی زندگیوں پر ہمیشہ قوس وقزح بن کر چھائی رہتی ہے...... ہماری پُروا تو ہم سب کو یوں روتا چھوڑ کر خود شیشے کی دیوار کے پرے یوں آرام سے آنکھیں موندھ کر یوں بے خبر نہیں سو سکتی۔ نہیں نہیں...... یہ سرسوں کے پھول جیسی چیلی اور کُملائی ہوئی لڑکی تو کوئی اور ہے۔ جتنا ارک، جم اور فرہاد مجھے تسلی دیتے...... میں اتنا ہی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بکھرتا جا رہا تھا۔ جینی دوسری جانب صنم کبیر کی دل جوئی میں لگی ہوئی تھی جس کا اسکارف ابھی تک پُروا کے خون سے سرخ تھا۔ وہ صنم کبیر جو کسی کو زور کی چھینک مارتے دیکھ کر بھی ڈر جاتی تھی، آج وہی صنم اپنی گود میں پُروا کا لہولہان چہرہ رکھے سارے راستے اُسے تھپکتے ہوئے یہاں تک لائی تھی۔ لیکن اُس کی ہمت پُروا کے آپریشن تھیٹر میں جاتے ہی یوں ٹوٹی کہ اُسے ریزہ ریزہ کر گئی۔ کبھی کبھی اچانک اور بہت گہرا صدمہ بھی ہمیں فوری حوصلہ تو دے جاتا ہے اور ہم اپنی روزمرہ کی قوتِ برداشت سے کہیں زیادہ بڑا دھچکا بھی جھیل جاتے ہیں، لیکن اس صدمے کے اثرات کچھ دیر بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ صبح کا اجالا ہونے تک یونیورسٹی کی بھی مسلم، عیسائی اور یہودی لڑکیوں کے گروپ پھولوں کے گلدستے لیے ہسپتال کے دالان میں جمع ہونے لگے۔ وہ ان سب کی بھی تو ''پُروا'' تھی۔ اُس لمحے مجھے احساس ہوا کہ پُروا نے ان سب کو جوڑے رکھنے کے لیے کس قدر جوکھم اٹھایا ہوگا۔ لڑکیاں رو رہی تھیں اور ایک دوسرے سے پُروا کی خیریت پوچھ پوچھ کر جانے کہاں کہاں فون کیے جا رہی تھیں۔ میں چپ چاپ سا وہیں راہداری میں پڑے ایک بینچ پر بیٹھا باہر گرتی برف کی سسکیاں سنتا رہا......

مجھے اُس روز گاڑی میں کیفے نیولی جاتے ہوئے پُروا کی کہی ہر بات یاد آ رہی تھی۔ اس نے مجھے بتایا تھا کہ برف باری اسے ہمیشہ مسحور کر دیتی ہے اور گرتی برف کے دوران سخت سردی میں آئس کریم کھانا یا ٹھنڈی بوتل پینا بچپن سے اس کی عادت ہے۔ اُس نے مجھ سے بھی وعدہ لیا تھا کہ ہم کیفے نیولی سے نکل کر سامنے کھڑے آئس کریم والے سے ''لیمن فلیور کون'' لے کر ضرور کھائیں گے۔ اُسے رنگین شیشے کی بوتل سے آنکھ لگا کر گرتی برف اور سفید آسمان دیکھنا بھی بہت پسند تھا۔ اتنی زندہ دل لڑکی ایک دم سے یوں خاموش کیسے ہو سکتی ہے......؟ مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ ایک نئے خوف کا تجربہ ہوا، بچھڑنے کا خوف...... کسی کے چلے جانے کا خوف...... موت کا خوف...... یہ کتنی ڈرا دینے والی بات ہے کہ ہمارے آس پاس ہم سے جڑے تمام رشتے ایک نہ ایک دن ہمیں چھوڑ کر چلے جائیں گے...... دنیا کتنی آسان ہو جائے اگر ہم سب اپنوں سے پہلے ہی چلے جایا کریں...... مجھے رہ رہ کر وہ سیاہ وین یاد آ رہی تھی اور جانے مجھے ایسا کیوں لگ رہا تھا کہ میں نے وہ وین اس سے پہلے بھی کہیں دیکھی ہے...... مجھے جب سی۔آئی۔اے کے آفیسر فورڈ نے روکا تھا اُس روز ان کے پاس بھی ایسی ہی ایک وین تھی لیکن میرے دماغ میں اُس روز سے پہلے کی بھی کوئی یادداشت بار بار میرے ذہن کی دیواریں جھنجھوڑنے کی کوشش کر رہی تھی...... لیکن پُروا کے بہتے ہوئے خون کو دیکھ کر میرے اندر سب کچھ جامد سا ہو گیا تھا۔ ہسپتال کے دالان میں تیز برف باری کے باوجود مسلم طلبا اور دیگر طالبات بڑی بڑی سیاہ چھتریاں تلے یہاں وہاں بکھرے ہوئے تھے۔ کسی نے مجھے بتایا کہ ڈین نے آج کلاسز بھی معطل کر دی ہیں۔ اور کچھ دیر میں ہمارے کئی اساتذہ بھی ہسپتال کا چکر لگا گئے۔ ڈین بھی ان میں شامل تھا، وہ راہداری میں جاتے ہوئے کچھ دیر میرے پاس رُکا۔ ''تم ایک بہادر لڑکے ہو آیان...... اور میں جانتا ہوں تم اس صورتِ حال کا بھی دلیری سے مقابلہ کرو گے......'' میں سر جھکائے چپ چاپ کھڑا رہا...... ''لیکن دھیان رہے......تم جانتے ہو کہ وہ گاڑی پُروا کو نہیں تمہیں کچلنے کے لیے آگے بڑھی تھی...... تمہیں اب بہت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے......'' ڈین میرا شانہ تھپتھپا کر آگے بڑھ گیا۔ مجھ میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ میں چند قدم چل کر شیشے کی اس دیوار تک جا سکوں، جس سے پرے پُروا کی ڈوبتی سانسوں کا گراف سامنے لگا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مانیٹر سکرین دکھا رہا تھا۔ یہ بے جان مشینیں، یہ تاریں، یہ نلکیاں بھلا کسی کی زندگی ماپنے کا پیمانہ کیا جانیں......؟ زندگی ان سب چیزوں سے بہت الگ...... بہت سوا ہے...... اور یہ مصنوعی آلات اگر کل کلاں کسی کی زندگی کی لکیر کے اُتار چڑھاؤ کو ختم کر کے سیدھا دکھانا شروع کر دیں تو ہم یہ کیسے مان سکتے ہیں کہ وہ زندگی ہم سے ہمیشہ کے لیے روٹھ گئی ہے......؟...... مشینیں بھلا اس زندگی کے احساس کو کیا جان پائیں گی......؟ میرا جی چاہا کہ پُروا کے کمرے کی تمام مشینوں کو توڑ پھوڑ کر تباہ کر کے باہر کسی ویرانے میں پھینک آؤں......

کچھ دیر بعد پولیس والے بھی آئے لیکن ڈاکٹرز سے بات کر کے باہر ہی سے لوٹ گئے، میرا بیان وہ گزشتہ شام ہی لے چکے تھے، اور ان کے بقول وہ شہر میں اس سیاہ وین کی تلاش جاری رکھے ہوئے تھے۔ کچھ دیر میں مجھے احمر کا بلاوہ آ گیا۔ میں راہداری سے باہر نکلا تو بیرونی سیڑھیوں کے پاس وہ تیز برف باری میں سی۔آئی۔اے کے آفیسر فورڈ کے ساتھ کھڑا نظر آیا۔ فورڈ حسبِ معمول کچھ چبا رہا تھا اور اس کا سیاہ چمڑے کا اورکوٹ برف سے سفید ہو چکا تھا۔ احمر مجھے آتے دیکھ کر وہاں سے اندر راہداری کی جانب چلا گیا۔ فورڈ نے غور سے میری طرف دیکھا "میرے لیے یہ کوئی غیر متوقع بات نہیں ہے...... تم نے اپنے ساتھ اپنی پیاری دوست کو بھی مشکل میں ڈال دیا۔" میں نے غور سے فورڈ کی جانب دیکھا "اُسے کچلنے والی وین بھی بالکل ویسی ہی تھی جیسے اُس روز تمہارے پاس تھی......" فورڈ چونکا "نہیں...... تم غلط سوچ رہے ہو...... تم تو ہمارے لیے بہت کارآمد ثابت ہو سکتے ہو...... ہم تمہیں کوئی نقصان کیوں پہنچائیں گے بھلا......؟" میں نے حیرت سے اس کی جانب دیکھا "کیا مطلب......؟...... کھل کر بات کرو......" برف نے ہمارے بالوں میں چاندی بھرنا شروع کر دی تھی۔ فورڈ نے اپنے شانے جھاڑے "میں آج تمہیں یہاں ایک پیش کش کرنے آیا ہوں...... تم اگر ہمارے لیے کام شروع کر دو تو میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ تمہاری اور تمہارے بھائی سمیت تمہارے سبھی دوستوں کی تمام تکالیف کا نہ صرف خاتمہ ہو جائے گا بلکہ نیویارک اور امریکہ سے زیادہ محفوظ جنت تمہیں دنیا بھر میں کہیں نہیں سُوجھے گی......" "اور تمہارے لیے مجھے کرنا کیا ہو گا......؟......" فورڈ مسکرایا "کچھ زیادہ نہیں...... بس دنیا بھر میں کہیں بھی امریکی مفادات کو کوئی زک نہ پہنچنے پائے اور ہمارے شہری سدا محفوظ رہیں۔ اتنا ہی خیال رکھنا ہو گا تمہیں...... ہم سب بھی یہی کام کرتے ہیں...... اور اس کام کے عوض تمہاری سات نسلوں کی ہر ضرورت اور عیش و آرام کا خیال رکھنے کی ضمانت تمہیں پیشگی دی جائے گی......" میں نے اُسی کی بات پکڑی "گویا اگر میں 'ہاں' نہیں کرتا تو میری حفاظت کی ضمانت بھی نہیں دی جا سکتی۔ مطلب سی۔آئی۔اے مسلمانوں کو اپنا شہری نہیں سمجھتی...... اور ہم چاہے یہیں کی پیدائش بھی رکھتے ہوں، تب بھی ہمارے مفادات کا تحفظ تم میں سے کسی کا بھی قرض نہیں بنتا......؟؟" فورڈ کا چہرہ سپاٹ رہا "تم بہت جذباتی ہو...... اور یہی تمہاری سب سے بڑی خامی ہے...... تم سے کہیں زیادہ عقل مند تو تمہارا بھائی ہے...... جس نے نہ صرف ہماری بات غور سے سنی...... بلکہ اس پر غور کرنے کا وعدہ بھی کیا ہے۔" مجھے فورڈ کی بات سن کر زور کا جھٹکا لگا "کیا......؟ کیا کہا تم نے......؟ میرے بھائی سے تم لوگوں کی ملاقات کب ہوئی......؟" "دو دن پہلے...... وہ کافی سمجھدار اور سلجھا ہوا لڑکا ہے...... اور مجھے امید ہے کہ وہ بہت جلد ہمارے نیٹ ورک کا حصہ ہو گا...... میری یہ پیش کش تمہارے لیے بھی قائم رہے گی...... ہو سکے تو تنہائی میں بیٹھ کر کھلے دل سے اس پر غور کرنا......"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

فورڈ اپنی بات ختم کر کے زمین پر جمی برف اپنے جوتوں سے کھرچتا ہوا وہاں سے واپس پلٹ گیا۔ لیکن میرے ذہن و دل پر جو زنگ کی تہہ چڑھتی جا رہی تھی، اُسے کھرچنے کے لیے میرے پاس کوئی اوزار میسر نہیں تھا۔ میں جانے کتنی دیر وہیں برف کا پتلا بنا کھڑا رہا، اور پھر بہت دیر بعد کسی نے جب عقب سے میرا نام پکارا تو میں چونک کر پلٹا۔ وہ بسام تھا، لیکن آج اُس کی آواز اتنی اجنبی کیسے ہو گئی تھی کہ میں سن کر بھی پہچان نہیں پایا...... ایک وہ وقت بھی تھا جب ہم بنا کچھ کہے ایک دوسرے کی آہٹ بھی پہچان لیتے تھے...... وہ چند قدم چل کر میرے قریب آیا، میں نے اس کے پس منظر میں راہداری کے شیشے کے پیچھے صنم کبیر کو بھی کھڑے دیکھا۔ وہ ہماری طرف ہی دیکھ رہی تھی، بسام بولا ''یہاں باہر کیوں کھڑے ہو...... ٹھنڈ لگ گئی تو مسئلہ ہو جائے گا۔ اندر چلو، مجھے تم سے کچھ ضروری بات کرنی ہے......'' میرا لہجہ نہ چاہتے ہوئے بھی تلخ ہو گیا ''سی۔ آئی۔ اے کا مخبر بننے کے بارے میں......؟'' بسام چونکا ''یہ تم سے کس نے کہا......؟'' ''اُسی نے...... جو دو دن پہلے تمہیں بھی یہ پیش کش کر چکا ہے اور جس کے پروپوزل پر تم نے ''غور'' کرنے کا وعدہ بھی کر لیا ہے......'' بسام کو غصہ آ گیا ''یہ جھوٹ ہے...... میں نے صرف حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے فورڈ سے صرف اتنا کہا تھا کہ میں خود بھی ایک امریکی ہوں اور مجھے امریکہ اور اس کے باسیوں کے تمام مفادات اتنے ہی عزیز ہیں...... جتنا کہ اس کی ایجنسی کو......'' میں دو قدم بڑھ کر بسام کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ ''خوب...... تمہاری اس مفاہمت کی پالیسی سے وہ ضرور خوش ہوا ہوگا۔ تم نے اس سے یہ پوچھنے کی زحمت کیوں نہیں کی کہ آخر ہم مسلمانوں کا کیا قصور ہے...... اور ان کی لٹکائی ہوئی ہر تلوار صرف ہم پر ہی کیوں گرتی ہے......؟ چاہے ہم امریکہ کے اندر ہوں یا باہر...... ہمیشہ ہم ہی ٹارگٹ کیوں کیے جاتے ہیں......؟ ہر بار ہم مسلمانوں کو ہی امریکی مفادات کے خلاف اور امریکی شہریوں کا دشمن کیوں مان لیا جاتا ہے......؟'' بسام نے میری آنکھوں میں جھانک کر کہا ''کیونکہ ہر بار ان پر کیے گئے حملے کے پیچھے انہیں کسی مسلمان کا چہرہ ہی ملتا ہے...... ہم لوگ اپنے ملک چھوڑ کر یہاں آ کر بس جاتے ہیں...... سالوں یہاں سے کما کما کر واپس اپنے گھروں کو بھیجتے ہیں اور پھر ایک دن اپنے تمام ''گناہوں کے کفارے'' کے طور پر یہاں کوئی تخریب کاری کر جاتے ہیں۔ اور اب اس وبا میں یہاں کے مسلمانوں کی نئی نسل بھی مبتلا ہوتی جا رہی ہے...... یہ ٹائمز اسکوائر کیس جس کی وجہ سے آج ہم سب کی جان عذاب میں آئی ہوئی ہے...... یہ زری حماقت نہیں تو اور کیا ہے......؟ جنگ اگر امریکی سی۔ آئی۔ اے یا اُس کی پالیسیوں سے ہے تو معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا کہاں کا انصاف ہے...... اگر اس بات کو کلیہ بنا کر اس جنون کو ہوا دی جائے کہ یہاں کے شہری بھی ٹیکس دے کر اور خاموش رہ کر اس جنگ کا حصہ بنتے ہیں۔ تو پھر یہی فارمولہ خود ان مسلم ممالک میں معصوم شہریوں کے قتلِ عام پر بھی لاگو ہوگا جن کی سرکار اس جنگ میں امریکی حکومت کی حامی ہے...... وہاں جب مسلمان خود اپنے مسلم ممالک کے مسلمانوں کا گلا یہ سوچ کر کاٹتا ہے کہ یہ لوگ بھی خاموش رہ کر اور اپنے ملک کو امریکہ کی حمایت اور مدد کے لیے ٹیکس دے کر برابر کے حصے دار مجرم ہیں تو پھر اُن کی ہر وحشت بھی تو جائز قرار دی جا سکتی ہے...... نقصان تو دونوں طرف معصوم لوگوں کا ہو رہا ہے...... یہاں کی اور وہاں کی حکومتوں کو بھلا کیا فرق پڑتا ہے......؟'' میں نے بسام کو بات پوری کرنے کا موقع دیا اور پھر بولا ''خوب...... فورڈ نے ایک ملاقات میں ہی تم پر اپنا خاصا اثر چھوڑا ہے...... اتنی اچھی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

وکالت تم نے آج سے پہلے کبھی اور کسی کی نہیں کی...... اب غور سے میری بات سنو...... کوئی مسلمان اس دہشت گردی کی حمایت نہیں کرتا...... چاہے وہ یہاں امریکہ کے شہریوں کے خلاف ہو، پاکستان میں ہو یا انڈیا میں...... یا دنیا کے کسی بھی کونے میں ہو...... دہشت گردی صرف دہشت گردی ہی کہلائی جاتی ہے...... یہاں امریکہ میں تو پھر بھی ان کے اپنے ہم نسل شہریوں کے کچھ حقوق باقی ہیں باقی ممالک میں شہری بے چارے کسی گنتی میں بھی نہیں آتے۔ حقوق اور حکومت کی حمایت تو بہت دور کی بات ہے۔ ان پر تو پالیسیاں مسلط کر دی جاتی ہیں لہٰذا انہیں اپنی حکومت کے گناہوں کی حمایت کی سزا میں قتل کرنا انسانیت کے قتل سے بھی زیادہ گھناؤنی بات ہے...... میں نے کبھی ٹائمز اسکوائر کیس یا اس جیسی کسی بھی دوسری واردات کو اچھا کہا نہ اس کی حمایت کی ہے...... اور تم بھی اب دہشت گردی کا وہی ایک چہرہ بطور شناخت مقرر کر رہے ہو جو یہاں کی حکومت نے کر رکھا ہے ''مسلمان کا چہرہ......'' اور یہی میرا تم سب سے اختلاف ہے کہ دہشت گرد اور تخریب کار کو مذہب کی پہچان سے ہٹ کر صرف ایک جنونی انسان کی شناخت کیوں نہیں دی جاتی......؟...... ہاں یہ سچ ہے کہ زیادہ تر وارداتوں کے پیچھے ہمیں یہی پہچان ملتی ہے۔ لیکن ساری دنیا میں جو یہ جنگ چھڑی ہوئی ہے...... اس کے اندر مسلمانوں کی تعداد گنو گے تو تمہیں گنتی میں ایسے بہت سے دوسرے مذاہب اور نسلوں کے چہرے ملیں گے جن کی تعداد مسلمانوں سے کہیں زیادہ ہو گی، تو کیا تم اس بنیاد پر ساری صرف عیسائیت یا یہود کو ''عالمی دہشت گرد'' قرار دے دو گے......؟؟؟......'' میں نے اپنی بات ختم کی تو میرا سانس جذبات کی وجہ سے پھول چکا تھا اور تیز گرتی برف میں میرے نتھنوں سے بھاپ نکل کر فضاء میں بکھرے سفید گالوں کو پگھلا رہی تھی۔ ڈور شیشے کی راھداری سے بہت سی برف پھسل کر نیچے گری تو راھداری میں کھڑی ہماری طرف پریشانی سے دیکھتی صنم کبیر چونک کر بے خیالی میں ایک قدم پیچھے ہٹ گئی۔ میں اور بسام کچھ دیر خاموشی سے ایک دوسرے کے پیچھے خلاء میں کسی انجانی چیز کو تکتے رہے۔

بسام نے مجھ سے حتمی لہجے میں پوچھا ''گویا یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے کہ تم اپنے ساتھ ہم سب کو بھی مزید مشکلات میں ڈالتے رہو گے...... آج صرف تمہاری وجہ سے وہ معصوم لڑکی اندر بستر پر پڑی اپنی ڈوبتی سانسیں گن رہی ہے...... اور اگر اُسے کچھ ہوا تو اُس کے ذمہ دار بھی صرف تم......'' میں نے زور سے چلا کر بسام کی بات کاٹ دی ''کچھ نہیں ہو گا اُسے...... کچھ نہیں...... میں اُسے کچھ ہونے نہیں دوں گا...... اور رہی بات تمہاری...... تو اگر تمہیں لگتا ہے کہ میں تمہاری زندگی میں مزید مشکلات پیدا کرنے کا سبب بن رہا ہوں تو تمہیں اجازت ہے...... کل کے اخبار میں مجھ سے اپنی لاتعلقی کا باقاعدہ ایک اعلان چھپوا دو کہ تمہارا میرے قول و فعل سے آئندہ کوئی تعلق نہیں ہو گا۔ مجھے اُمید ہے کہ اس کے بعد تمہیں کوئی میری وجہ سے تنگ نہیں کرے گا...... اور تمہاری سی۔ آئی۔ اے بھی خوش ہو جائے گی......'' سی۔ آئی۔ اے کے طعنے پر بسام کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا اور وہ دانت چبا کر بولا ''ٹھیک ہے میں ''اپنی'' سی۔ آئی۔ اے کو خوش کرتا ہوں اور تم اپنے ''جنونی انتہا پسند'' گروپ کو راضی رکھو......'' بسام تیزی سے پلٹا اور بڑے بڑے ڈگ بھرتا ہوا وہاں سے چلا گیا۔ تقدیر ہمارے ساتھ کیسے کیسے کھیل کھیلتی ہے...... کون جانتا تھا کہ کبھی ایسا وقت بھی آئے گا کہ ہم دو بھائی جو ایک دوسرے کے بنا سانس بھی نہیں لے سکتے آج ایک دوسرے کو ایک نئی شناخت کا الزام دے کر یوں ہمیشہ کے لیے دور ہو جائیں گے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

دوپہر سے شام ہوگئی لیکن پُروا کی حالت ویسے ہی بدستور نازک تھی۔ میرا دل اندر سے یوں کٹ رہا تھا جیسے کوئی زنگ آلود آری سے اُس کے ٹوٹے کر رہا ہو...... آری کے کُند دندانوں میں دل کے ٹکڑے اٹک اٹک جاتے تھے اور پھر کوئی جلاد زور لگا کر آری کے کُند پنے کو طاقت کے ذریعے ختم کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں کسی وقت کی دی ہوئی جینی کی بددعا کے لفظ گونجے "خدا کرے آیان...... تمہیں بھی محبت ہو...... اور جب بھی ہو تو ایسی ہو کہ اس کا کاٹا پانی بھی نہ مانگے......" میں نے زور سے اپنے ذہن کو جھٹکا۔ یہ مجھے کیا ہو رہا ہے؟۔ کہیں یہ محبت تو نہیں......؟...... نہیں نہیں...... میں...... اور محبت......؟ ایسا نہیں ہو سکتا...... یہ تو صرف اس معصوم لڑکی سے دوستی کا دکھ ہے جو مجھے یوں کاٹے جا رہا ہے...... لیکن میں بسام سے پُروا کو کچھ ہو جانے کی بات پر اتنا اُلجھا کیوں تھا......؟...... اُس نے تو بس ایک خدشہ ہی ظاہر کیا تھا مگر میرا دل اندر سے یوں لرز کیوں گیا تھا...... میرا سارا وجود پل بھر میں ہی کانپا کیوں تھا......؟...... کیا محبت اپنے ساتھ اتنے شدید وسوسے اور جان لیوا خوف بھی لے کر آتی ہے......؟...... مجھے بار بار اور رہ رہ کر پُروا کی ہر بات، اُس کی مسکراہٹ اور اس کا وہ زندہ دل انداز یاد آنے لگا تھا، اور پھر جب مجھے اُس کی وہ برستی بارش میں اسٹیڈیم میں کہی بات یاد آئی تو جیسے میری تمام نازک رگیں کسی نے یوں زور سے کھینچیں کہ ایک جھٹکے سے ہی میرے اعصاب ریزہ ریزہ ہوگئے "آیان...... مجھے ڈر ہے کہ کہیں میں تمہاری محبت میں مبتلا نہ ہو جاؤں" ٹھیک اُسی کی طرح آج میرے دل میں بھی یہ "خوفِ محبت" جاگنے لگا تھا۔ میں اور پُروا بھی کتنے عجیب تھے، لوگ محبت میں مبتلا ہونے کا جشن مناتے ہیں اور ہم کسی قاتل بیماری کی طرح اس کے خوف سے سوگ منا رہے تھے۔ پُروا تو پھر بھی اپنے دل کی بات بتانے کی ہمت رکھتی تھی پر جانے میں اتنا بہادر تھا بھی یا نہیں......؟ اُس وقت میرا دل شدت سے یہ خواہش کر رہا تھا کہ کاش پُروا اپنی آنکھیں کھولے اور میں اسے بتاؤں کہ میرے اندر بھی "اندیشہ محبت" کے وسوسے پلنے لگے ہیں۔ چلو ہم دونوں کسی "مسیحاء عشق" کے آستانے پر جا بیٹھیں۔ اور اس کے دَر سے تب تک نہیں اُٹھیں گے جب تک کہ وہ "طبیبِ محبت" ہمارے اِس زہرِ عشق کا کوئی تریاق نہ ڈھونڈ نکالے۔ اِس عشق کے خونی اژدھے کے بَل نہ کھول دے جس نے ہماری روحوں کے گرد شدید کس کر بَل ڈالے تھے یا محبت کے اِس بچھو کا ڈنک نہ نکال دے جو ہم دونوں کے دِل میں دُور تک پیوست ہوگیا ہے۔ جانے کیوں...... لیکن ٹھیک اُس ایک لمحے میں مجھے "محبت" سے شدید خوف محسوس ہوا۔ رات نے ہسپتال کی راہداریوں میں ڈیرے ڈالنے شروع کر دیے، باہر والان کے درختوں سے تو گہری شام کی دوستی عصر کے بعد ہی شروع ہو چکی تھی۔ جنگلوں میں شامیں بہت جلد اُتر آتی ہیں...... ہسپتال کا بڑا دالان بھی اس وقت برف سے اٹے درختوں کا ایک ایسا ہی جنگل لگ رہا تھا۔ اسٹوڈنٹس کی ٹولیاں اب بھی ہسپتال کی راہداریوں میں بکھری ہوئی تھیں اور وہ عملے کی بار بار تلقین کے باوجود وہاں سے ٹلنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ وہ بھی پُروا کے لیے اُداس اور فکر مند تھے، اچانک کسی سنسان راہداری سے کسی پشتو ٹپے کی تان گونجی۔ یہ ضرور زرک خان ہوگا جو ابھی چند دن پہلے پاکستان سے وظیفہ لے کر ہماری یونیورسٹی میں داخل ہوا تھا اور اس نے آتے ہی مسلم گروپ بھی جوائن کر لیا تھا۔ وہ ساتھ ہی ساتھ اس شاعری کا انگریزی ترجمہ بھی اپنے ساتھیوں کو سنا رہا تھا۔ مجھے ان کے درمیان جینی اور ایرک کی آوازیں بھی سنائی دیں، زرک کی آواز بڑی میٹھی تھی۔ "او بی بی شیرین



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہاں.....پر وہ ابھی تو بی بی شیرین کی طرح ایک زرد پھول لگ رہی تھی۔ ایک ایسا زرد گلاب جسے اُس کی شاخ سے جدا کر دیا گیا ہو۔ اور اب وقت دھیرے دھیرے اس کی کومل پنکھڑیوں سے شبنم اور تازگی کشید کر اُسے مرجھا رہا ہو۔ میں بہت دیر تک کمرے کی کھڑکی سے اندر جھانکتا اور مشینوں کی ''بیپ بیپ'' کی آواز سنتا رہا۔ پھر جانے کب رات بیتی اور کب نیا سویرا ہسپتال کی راہداریوں کی درزوں سے اندر جھانکنے لگا۔ کبھی کبھی رات کیسے چھم سے اچانک اتر آتی ہے اور کبھی سویرا اپنے پَر پھیلانے میں کتنا زیادہ وقت لیتا ہے۔ شائد ہماری زندگیوں کا فلسفہ بھی کچھ ایسا ہی ہے.....ہم اپنے ارد گرد دولت، سکون، آرام و آسائش اور رشتوں کا اُجالا پھیلانے میں اپنی ساری عمر بتا دیتے ہیں اور موت کا صرف ایک جھماکا، چند لمحوں میں ہی ہمارے چار سُو اندھیرا کر جاتا ہے۔

آج بابر سیّدی اور عامر بن حبیب کی ایک ساتھ اور ایک ہی عدالت میں پیشی تھی۔ میں نے احمر اور بلال کو اُن کی خبر لینے کے لیے بھیج رکھا تھا۔ لیکن ان دونوں نے واپس آتے آتے سہ پہر کر دی۔ ان دونوں کے چہرے دیکھ کر میرا پہلے سے ڈوبا ہوا دل بیٹھ سا گیا۔ ''کیا ہوا.....سب خیر تو ہے ناں.....؟'' بلال نے مایوسی سے سر ہلایا ''اچھی خبر نہیں ہے.....عدالت نے بابر اور عامر کو ڈی۔ پورٹ کر کے واپس اُن کے ممالک بھیجنے کا فیصلہ سنا دیا ہے.....انہیں کل کی فلائیٹ سے ہی ملک بدر کر دیا جائے گا.....''۔ بلال کی بات سن کر میرے ہاتھ میں پکڑا کافی کا مگ چھوٹ کر زمین پر گرا اور ایک زوردار چھناکے سے ٹوٹ گیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 17

میرے ہاتھ سے گر کر ٹوٹنے والے گلاس کے چھناکے کی آواز سنسان راہداری میں دور تک سنائی دی ہو گی تبھی ایریک، جم اور جینی سمیت سبھی میری جانب دوڑے آئے۔ ''کیا ہوا......؟'' میں نے خالی خالی نظروں سے فرہاد کی طرف دیکھا ''عامر اور بابر کو ملک بدر کرنے کے احکامات آگئے ہیں......'' کچھ دیر کے لیے وہ سبھی خاموش ہو گئے اور پھر سبھی ایک دم بولنے لگے ''ایسے کیسے ہو سکتا ہے......؟......اپیل کا حق تو ملنا چاہیے تھا؟......یہ تو سراسر ناانصافی ہے......؟'' قریب سے گزرتی دو نرسوں نے گھور کر سبھی مسلم طلباء کو دیکھا اور ہونٹوں پر انگلی رکھ کر خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ ہم سب راہداری سے نکل کر باہر برفیلے دالان میں آگئے۔ فرہاد نے غصے سے جم اور ایریک کی طرف دیکھا ''سن لیا تم لوگوں نے عدالت کا فیصلہ...... یہ ہے تمہارا امریکی انصاف......؟ آج کچھ نہیں کہو گے اپنے امریکہ کی حمایت میں......؟؟......''
میں نے فرہاد کو جھاڑا ''فضول باتیں مت کرو...... انصاف کو صرف انصاف ہی رہنا چاہیے۔ جب وہ امریکی، روسی، جاپانی یا پاکستانی انصاف بن جائے تو انصاف نہیں رہتا......صرف ایک مذاق بن جاتا ہے......اور اس مذاق میں جم اور ایریک کا کوئی قصور نہیں......'' احمر چلایا ''لیکن ہم امریکن عدالتوں کو مسلمانوں کے ساتھ یہ گھناؤنا مذاق نہیں کرنے دیں گے......'' اتنے میں اندر سے صنم کبیر بوکھلائی ہوئی سی دوڑتی باہر آئی۔ ہم سب کا دل اُچھل کر حلق میں آگیا ''وہ......وہ پُروا کو ہوش آ رہا ہے......'' ہم سب اندر کی جانب لپکے۔ پُروا نے کچھ دیر کے لیے آنکھیں کھولیں اور پھر موند لیں۔ ہم سب شیشے کی دیوار کے پرے کھڑے اُس کی اُلجھتی سانس گنتے رہے۔ جانے وہ کس اذیت سے گزر رہی ہو گی۔ ڈاکٹرز اور دیگر عملے نے چند لمحوں میں ہی جانے کیا کچھ کر ڈالا، آکسیجن بدلی گئی، کچھ انجیکشن لگائے، دل کی حرکت گنی گئی۔ برقی جھٹکا دینے والے آلے تیار کر لیے گئے لیکن پُروا پھر سے اُسی مدہوشی کی دنیا میں واپس چلی گئی۔ بوڑھا ڈاکٹر باہر نکلا تو ہم نے اُسے گھیر لیا ''وہ کچھ دیر کے لیے ہوش میں آئی تھی......لیکن پھر سے خواب میں چلی گئی ہے......لیکن یہ بہتر ہونے کی طرف ایک اشارہ ہے......اُمید ہے اگلی بار اُس کے ہوش کا دقفہ طویل ہو گا......آپ لوگ دُعا کریں......''

ڈاکٹر ہمیں تسلی دے کر آگے بڑھ گیا۔ اب میں اُسے کیا بتاتا کہ میں نے تو دعا کرنا ہی ان دو دنوں میں سیکھا ہے......اس سے پہلے تو شائد مجھے ٹھیک سے ہاتھ اُٹھانا بھی نہیں آتا تھا۔ لیکن صرف ہاتھ اُٹھا لینے سے دُعا کے تقاضے تھوڑا ہی پورے ہو جاتے ہیں؟ دُعا کے آداب تو کچھ اور ہی ہوتے ہیں......اور دعا کی قبولیت کسی اور جذبے سے مشروط ہوتی ہے......شائد اس وقت پُروا کے لیے دعا مانگتے وقت ہم سب کے اندر وہی جذبہ کروٹیں لے رہا تھا۔

خود کو اللہ کی بارگاہ میں ڈال دینے کا جذبہ......اپنا ہر احساس اس دعا کے لیے سرنگوں کر دینے کا جذبہ......پھر شام ڈھلی اور پھر وہی رات ہمارے دل کے اندھیروں کو مزید بڑھانے کے لیے در و دیوار پر مسلط ہو گئی، دُکھ کی راتیں کتنی طویل ہوتی ہیں۔ شائد دکھ ہمارے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

گزرتے وقت کا پیمانہ بدل دیتا ہے..... ورنہ آس پاس دوسروں کے لیے تو وقت کی وہی پرانی رفتار ہوتی ہے۔ اگلی صبح دس بجے بابر اور عامر کی فلائیٹ تھی جو ان دونوں کو ایک ساتھ پہلے قاہرہ لے جاتی، پھر وہاں سے الگ الگ اُن کے گھروں کو جانے والے جہاز میں انہیں بٹھایا جانا تھا۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ میں پُروا کو اس حال میں چھوڑ کر اُن دونوں کو رخصت کرنے ایئرپورٹ کیسے جاؤں گا؟۔ آخر صنم کبیر اور جینی نے میری ڈھارس باندھی کہ وہ پُروا کے سرہانے بیٹھی رہیں گی اور ہر پل کی خبر مجھے دیتی رہیں گی لہٰذا میں بنا کسی اُلجھن اپنے ان دو دوستوں کو رخصت کرنے ایئرپورٹ جا سکتا ہوں جن کی دوستی سمجھنے میں میں نے بہت دیر کر دی۔ میں ایئرپورٹ پر پہنچا تو ڈیپارچر لاؤنج کے باہر مسلم طلباء کا جمِ غفیر اکٹھا تھا۔ آج عامر اور بابر کو رخصت کرنے کے لیے صرف ہماری یونیورسٹی کا مسلم گروپ ہی نہیں آیا تھا بلکہ نیویارک کی سبھی یونیورسٹیوں کے مسلم اسٹوڈنٹس جان۔ ایف۔ کینڈی ایئرپورٹ کے بیرونی لاؤنج میں اکٹھے تھے۔ عامر اور بابر کو ابھی تک حکام ایئرپورٹ نہیں لائے تھے۔ مجھے رات کو احمر نے بتایا کہ پرسوں رات دوبارہ ٹائمز اسکوائر پر کوئی مشکوک گاڑی کھڑی ملی تھی جس کی اطلاع ملتے ہی ٹائمز اسکوائر کا سارا علاقہ فوراً خالی کروا کر سیل کر دیا گیا تھا۔ لیکن گاڑی میں سے کچھ نہیں ملا۔ البتہ اگلے روز سرکاری وکیل نے عدالت میں گذشتہ رات کے اس واقعے کو خوب اُچھالا اور نمک مرچ لگا کر اس بات کو بھی عامر اور بابر کی گرفتاری کے خلاف مسلمانوں کے احتجاج کے طور پر پیش کیا عدالت نے بھی وکیل کے دلائل کو اہمیت دی کہ جب تک عامر بن حبیب اور بابر سیدی جیسے لڑکے اسٹوڈنٹ لیڈر کے روپ میں نیویارک کی یونیورسٹیوں میں مسلم طلبا کے جذبات کو بھڑکانے کے لیے موجود ہیں، ایسے واقعات ہوتے رہیں گے..... لہٰذا عدالت نے کافی ''سوچ بچار'' کے بعد دونوں طالب علموں کو امریکہ بدر کرنے کے احکامات صادر کر دیے۔ میں ابھی تک اسی سوچ میں گم تھا کہ آخر وہ مشکوک گاڑی دوبارہ وہیں ٹائمز اسکوائر کے علاقے تک پہنچی کیسے؟ پچھلی بار جب وہ پاکستانی طالب علم گاڑی کھڑی کر کے وہاں سے نکلا تھا تو آس پاس لگے درجنوں کیمروں نے اس کی فلم بنالی تھی، لیکن اس دوسری گاڑی کی کوئی فلم کیوں منظرِ عام پر نہیں آئی؟ جب کہ پچھلے کیس کے بعد وہاں کیمروں کی تعداد بھی دُگنی کر دی گئی تھی، اچانک ایک شور سا اُٹھا اور نیویارک پولیس ڈپارٹمنٹ NYPD کی بہت سی گاڑیاں نیلی، سُرخ بتیوں کی چکا چوند میں ایئرپورٹ کے احاطے میں داخل ہو گئیں۔ آج برف باری رُکی ہوئی تھی لیکن سڑکوں کے گرد جمع کی گئی برف میں سے اب بھی دھواں سا اُٹھ رہا تھا..... ٹھیک اُس دھویں کی طرح جو اس وقت ہمارے دلوں کو سُلگا رہا تھا۔ عامر اور بابر گاڑی سے اُترے تو ان دونوں کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں دیکھ کر میرے دل پر بیک وقت کئی چھریاں سی چل گئیں۔ لڑکوں نے شدید نعرے بازی شروع کر دی۔ نیویارک پولیس نے اپنی طرف سے ہر ممکن حفاظتی اقدام کر رکھا تھا۔ انہیں طالب علموں کے اس ردِعمل کا خوب اندازہ تھا۔ میں اُس راستے پر جا کھڑا ہوا جہاں سے بابر اور عامر کو لاؤنج کے اندر لے جایا جانا تھا۔ پولیس نے مجھے ہٹانے کے لیے دھکا دیا تو آس پاس بکھرے طالب علم اُن سے اُلجھ پڑے، شدید دھکم پیل اور نعرے بازی شروع ہو گئی۔ میں اپنی جگہ پر جما کھڑا رہا اور میرے آس پاس لڑکوں نے ایک مضبوط حصار بنا لیا۔ وہ مجھ پر برسائی جانے والی لاٹھیاں اپنے جسم پر جھیلتے رہے لیکن انہوں نے پولیس کو مجھ تک پہنچنے سے روکے رکھا۔ نیویارک کا سارا میڈیا یہ ساری ہلڑ بازی اور



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہنگامہ آرائی "زندہ نشریات" کے ذریعے تمام امریکہ میں نشر کر رہا تھا۔ کچھ دیر میں عامر اور بابر بھی مجھ تک پہنچ گئے۔ عامر نے میری آنکھ سے بہتے آنسو کو اپنی ہتھیلی سے صاف کیا "میں نے تم سے کہا تھا نا آیان...... ایک وقت آئے گا کہ یہ سب تم پر اپنی جان لٹانے سے بھی دریغ نہیں کریں گے...... مجھ سے وعدہ کرو دوست...... تم اُن کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑو گے...... میں اور بابر یہاں نہیں ہوں گے لیکن ہمارے دل یہیں دھڑکتے رہیں گے...... تم سب کے پاس......" میں نے عامر کا ہاتھ تھام لیا۔ "میں بہت تنہا ہو جاؤں گا عامر بن حبیب...... تم دونوں کے بغیر تو میں آدھا بھی نہیں ہوں......" پولیس عامر اور بابر کو آگے دھکیلنے کے لیے پورا زور لگا رہی تھی اور چیخ چیخ کر ہم سب کو راستے سے ہٹ جانے کی تنبیہہ کر رہی تھی لیکن طلبا نے انہیں اس طرح الجھایا ہوا تھا کہ وہ ہم تینوں کی اس الوداعی ملاقات میں زیادہ رخنہ اندازی نہیں کر پا رہے تھے۔ بابر نے آگے بڑھ کر مجھے گلے لگا لیا...... "مجھے ایک بات کا ہمیشہ افسوس رہے گا آیان...... ہم دونوں نے شروع کے دو سال اپنی دشمنی کی نذر کر دیئے...... کاش ہم پہلے دوست بن جاتے تو اب تک ہم نہ جانے کیا کچھ کر جاتے...... بہر حال...... اب تم ہی ہو جو اس کشتی کو پار لگاؤ گے...... ہم نے بہت کوشش کی کہ مجھے اور عامر کو پُروا کی صرف ایک جھلک دیکھنے کی اجازت مل جائے لیکن ان بزدلوں نے ہمیں ہماری گھائل ساتھی کی مزاج پُرسی کی اجازت بھی نہیں دی۔ اپنا بہت خیال رکھنا جوشیلے لڑکے......" میں عامر اور بابر کے گلے لگ کر اُن کے شانے بھگوتا رہا...... جانے میری آنکھوں تلے اتنے آنسو کب سے جمع تھے؟ میں تو اپنی زندگی میں مسلم گروپ جوائن کرنے سے پہلے کبھی نہیں رویا تھا۔ وہ لوگ عامر اور بابر کو کھینچتے ہوئے ڈیپارچر لاؤنج میں لے جانے میں کامیاب ہو گئے اور آخر کار مسلم طلبا کے شدید نعروں کی گونج میں عامر اور بابر ہم سے رخصت ہو گئے۔ اُن دونوں نے بھیڑ میں ایک لمحے کے لیے رک کر پلٹ کر ہماری جانب دیکھا۔ بابر نے اپنی دو انگلیوں سے فلسطینیوں کا مخصوص نشان وی "V" بنا کر ہم سب کو ایک بار پھر فتح کی دُعا دی اور پھر وہ دونوں ہجوم میں گم ہو گئے۔ میرے دل سے ایک آہ نکلی "ہاں میرے دوست...... ہمیں وہ فتح ضرور ملے گی جو ازل سے ہماری تقدیر ہے...... اور تمہارا یروشلم ایک بار پھر صرف تمہارا ہوگا...... قبلہ اول آزاد ہوگا اور بابر سیدی کے بیٹے اس کے پوتوں اور نواسوں کو ان کے دادا اور نانا کی کہانیاں سنایا کریں گے...... کہ ان کی نسل کا ہیرو بابر سیدی کس طرح قبلہ اول پر آزادی کا جھنڈا لہرانے میں پیش پیش تھا، بیت المقدس کی بیرونی دیوار پر بابر جیسے کئی جانبازوں کے نام ہوں گے اور عامر بن حبیب وہاں کی آزادی کی پہلی باجماعت نماز کی قیادت کرے گا۔ ہاں...... "لازم ہے کہ ہم بھی دیکھیں گے......" میں اپنی نم آنکھیں لیے واپسی کے لیے پلٹا تو مسلم طلبا کا وہی جم غفیر جو چند لمحے پہلے تک ایک آتش فشاں بنا پولیس سے جھگڑ رہا تھا، اس وقت کسی پُرسکون گلیشیر کی طرح چُپ چاپ اور اُداس کھڑا تھا۔ احمر، بلال، حافظ شکیل اور حتیٰ کہ فرہاد...... سبھی آنسوؤں سے رو رہے تھے۔ آج ان کا دوست ان کا رہنما عامر اپنے یار غار بابر سیدی کے ساتھ اُن سے رخصت ہو گیا تھا۔ دوسری یونیورسٹیوں کے مسلم رہنما میری جانب بڑھے "تم خود کو تنہا مت سمجھنا آیان...... ہم سب تمہارے ساتھ ہیں...... اور تمہاری ایک آواز پر ہم نیویارک کا پہیہ جام کر دیں گے...... یہ امریکی ہماری جان تو لے سکتے ہیں لیکن ہماری آواز نہیں دبا سکتے...... ایک وقت آئے گا کہ انہیں ہم سب کو ڈی۔ پورٹ کرنے کے لیے امریکہ کے ہر ایئر پورٹ



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کے سارے جہاز ایک قطار میں کھڑے کرنے ہوں گے، لیکن ہماری آواز سدا یہیں رہ جائے گی.....''

میں نے ان سب کو خاموش کروایا۔''میں اس وقت تم سب لوگوں سے صرف اتحاد کا تقاضہ کرتا ہوں..... ایک ایسا اتحاد جس میں ہمارا کوئی بھی دشمن نقب لگا کر دراڑ نہ ڈال سکے..... عامر اور بابر کی ملک بدری تو صرف ابتداء ہے..... ہمیں ابھی اس جیسے ان گنت امتحانات سے گزرنا ہوگا..... شاید ہماری باقی تمام عمر ایسی سزائیں جھیلتے ہوئے ہی گزر جائے گی..... لیکن ہمیں شیخ الکریم کی ہدایت کے مطابق ہر جنگ کا سامنا ظلم و نسق کے ہتھیار سے کرنا ہوگا..... بولو..... تم لوگ میرا ساتھ دو گے.....'' ایئر پورٹ سارے طالب علموں کے نعروں سے گونج اُٹھا''ہاں..... ہم تمہارا ساتھ دیں گے آیان..... ہمیشہ دیں گے.....''

ہم لوگ ایئر پورٹ سے باہر نکلے تو مرکزی شاہراہ پر مُڑنے سے پہلے ہی میرے فون پر جینی کا نمبر جگمگانے لگا۔ میں نے دھڑکتے دل کے ساتھ جلدی سے فون کان سے لگایا۔ میرے ہاتھ باقاعدہ لرز رہے تھے۔ میری آواز بیٹھ گئی، دوسری جانب سے جینی کی آواز بھی لرزش کی ماری تھی۔''آیان..... پُروا کو ہوش آ رہا ہے..... تم جلدی آ جاؤ.....''۔ اب میں اس بھولی جینی کو کیسے بتاتا کہ دنیا میں کبھی ہماری 'جلدی' نہیں چلتی۔ ہم اپنی مرضی کے غلام بن جائیں تب بھی دنیا کے راستے، یہ موڑ اور یہ فاصلے ہمارے پیروں کی رُکاوٹ بن جاتے ہیں۔ فاصلوں کو ہم سے تکلف ہو جائے تو راستے لمبے ہو جاتے ہیں۔ اور راستوں کا واسطہ تو سدا لمحوں سے رہا ہے سو مجھے بھی ہسپتال پہنچتے پہنچتے بہت وقت لگ گیا۔ سارے راستے میرا دل انہی وسوسوں سے گھبراتا رہا کہ پُروا کہیں پھر سے مدہوشی کی وادی میں نہ چلی جائے۔ میں پُروا کے کمرے میں پہنچا تو میرے سارے دوست اُسے گھیرے کھڑے تھے اور نرس ان سب کے ہاتھ جوڑ رہی تھی کہ فی الحال مریض کو اکیلا چھوڑ دیا جائے۔ پُروا نے ایک نظر اُٹھا کر میری جانب دیکھا اور اس کے خشک ہونٹوں پر دُنیا کی تازہ ترین مسکراہٹ اُبھر آئی۔ نرس نے ہمیں کمرے سے نکل جانے کا آخری حکم باقاعدہ انتظامیہ کو شکایت کرنے کی دھمکی کے ساتھ سنایا تو ہمیں وہاں سے نکلتے ہی بنی۔ لیکن میں وہاں سے نکل کر شیشے کی دیوار کے پرے آ کھڑا ہوا جہاں سے میں اب بھی پُروا کو دیکھ سکتا تھا۔ پُروا کے چہرے پر گزشتہ روز کے مقابلے میں آج زندگی کی لہر زیادہ واضح دکھائی دے رہی تھی۔ میں بہت دیر یونہی چپ چاپ اُسے دیکھتا رہا، پھر مجھے اپنے شانے پر جینی کے ہاتھ کا دباؤ محسوس ہوا۔''وہ سنبھل رہی ہے آیان..... اور جانے کیوں میرا دل بار بار کہہ رہا ہے کہ وہ صرف تمہاری دعاؤں کے جواب میں واپس پلٹی ہے..... کیونکہ میں جانتی ہوں محبت میں بڑی طاقت ہوتی ہے.....''

میں نے چونک کر جینی کی طرف دیکھا۔''ہاں آیان..... تمہارا رُواں رُواں چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے کہ تمہیں پُروا سے محبت ہوگئی ہے..... ایسی محبت جو موت کے منہ سے بھی روح کو واپس کھینچ کر بدن میں بھر سکتی ہے.....'' میں چپ چاپ کھڑا حیرت سے جینی کی باتیں سنتا رہا۔ شاید یہ محبت نامی عذاب باقاعدہ کسی اعلان کی صورت ہم پر وارد ہوتا ہے۔ ایک ایسا اعلان جو صرف اُسی کو سب سے آخر میں سنائی دیتا ہے جس کا نام اس محبت کی تختی پر سب سے اوپر لکھا ہوتا ہے۔

شام تک پُروا کی حالت مزید بہتر ہوگئی اور ڈاکٹر نے ہمیں چند لمحوں کے لیے اس سے ملاقات کی اجازت بھی دے دی۔ میں نے پُروا کا ہاتھ دھیرے سے دبایا''کیسی ہو مس پُروا ضمیر خان..... اب ہمیں مزید کتنے روز اس ہولناک ہسپتال کی ان بے جان



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

راھداریوں میں ٹہلاؤ گی؟" پُروا دھیرے سے مُسکائی "جب تک نصیب میں یہ بستر اور تقدیر میں یہ زخم لکھے ہیں......"

فرہاد نے جلدی سے دخل اندازی کی "بس بس...... اتنی مذہبی باتیں نہ کرو...... ویسے بھی مرد مذہبی باتیں کرنے والی عورتوں کو زیادہ پسند نہیں کرتے......" ہم سب فرہاد کی بات سن کر ہنس پڑے۔ میں نے محسوس کیا کہ پُروا کچھ کھوئی کھوئی سی ہے۔ اس کا یہی کھویا پن اس وقت بھی قائم رہا جب اگلی صبح نیویارک پولیس اس کا بیان لینے کے لیے ہسپتال پہنچی۔ پُروا نے سیاہ وین کے ذکر پر گول مول سا جواب دیا کہ اُسے یاد نہیں کہ ڈرائیور کس حلیے کا شخص تھا حالانکہ وہاں صرف پُروا ہی ایسی تھی جس نے وین کے ڈرائیور کو بالکل قریب سے براہ راست دیکھا تھا کیوں کہ وین سے ٹکراتے وقت اُس کے چہرے کا رُخ سیدھا وین کے اسٹیرنگ پر بیٹھے شخص کی جانب تھا۔ میں نے پولیس کے سامنے پُروا سے اس بارے میں کوئی بات کرنے سے احتراز کیا لیکن پولیس کے کمرے سے نکلتے ہی میرا سوال لبوں پر آ گیا "تم نے پولیس والوں سے یہ کیوں کہا کہ تم نے ڈرائیور کو نہیں دیکھا...... جب کہ تم نے اس کی واضح جھلک ضرور دیکھی ہوگی۔ چہرہ تو میرا دوسری جانب تھا، کیونکہ تم نے مجھے پلٹنے سے پہلے ہی دھکیل دیا تھا۔" پُروا نے بات ٹالی۔ "تم نے سنا نہیں مسلم کونسلر...... مریضوں کو ذہن پر زیادہ زور نہ ڈالنے کی ہدایت کی جاتی ہے...... تم طب کے اصولوں کے خلاف جا رہے ہو......" بات آئی گئی ہوگئی لیکن میرے اندر یہ شک مزید تقویت کے ساتھ اپنی جڑ پکڑ گیا کہ پُروا نے ڈرائیور کو شناخت نہیں بھی کیا تو اُسے دیکھا ضرور ہوگا۔ شام کو میں تقریباً ایک ہفتے کے بعد کچھ دیر کے لیے کیمپس پہنچا تو ایک اور بُری خبر میرا انتظار کر رہی تھی۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے مسلم طلباء کی پُروا کی جانب توجہ بٹ جانے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گستاخانہ خاکوں کے سیمینار کی تاریخ کا اعلان کر دیا تھا۔ پندرہ جنوری اُس منحوس مقصد کے لیے مقرر کی گئی تھی میں نے شام کو ہی ڈین سے ملاقات کی کوشش کی لیکن وہ تین دن کی چھٹی پر جا چکا تھا۔ میں نے طلبا کو فی الحال ہاتھوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر اور کارڈز اور بینرز کے ذریعے اپنا احتجاج جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ میں بیک وقت کئی محاذوں پر بٹتا جا رہا تھا۔ پُروا کی جان لیوا بیماری سے واپسی، بسام کی سی۔ آئی۔ اے والوں سے ملاقاتیں، عامر اور بابر کی ملک بدری...... اور اب یہ سیمینار...... کاش میرے ایک وجود کے کئی حصے ہوتے تو میں ہر حصے کو اس کا کام سونپ دیتا لیکن یہ ہم انسانوں کی کتنی بڑی مجبوری ہے کہ ہمیں اپنے ایک اسی گھائل اور بوسیدہ وجود پر یہ تمام قیامتیں بیک وقت جھیلنا ہوتی ہیں۔ میں یونیورسٹی سے باہر نکلا تو فورڈ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سڑک کی پرلی جانب کھڑا نظر آیا۔ مجھے دیکھ کر اس نے ہاتھ ہلایا تو میں نے بائیک ایک جانب کھڑی کر دی اور سڑک پار کر کے اس کے پاس جا پہنچا۔ فورڈ مسکرایا "تمہارے دوست کی نئی زندگی تمہیں مبارک ہو...... تم بیک وقت کئی محاذوں پر لڑنے کے عادی معلوم ہوتے ہو......" میں نے فورڈ کے لہجے میں کوئی تاثر تلاش کرنے کی ناکام کوشش کی "اور تم بیک وقت اپنے دشمنوں کو کئی محاذوں پر اُلجھائے رکھنے کے عادی معلوم ہوتے ہو...... بڑی کامیاب حکمت عملی ہے یہ تم لوگوں کی......" فورڈ نے میری آنکھوں میں جھانکا "تم پھر غلطی پر ہو...... ہم تمہیں اپنا دشمن نہیں...... دوست تصور کرتے ہیں...... اس روز ایئرپورٹ پر جس طرح نیویارک بھر کے مسلم طلبا تمہارے لیے اپنے جسم پر پولیس کی برستی لاٹھیاں کھا رہے تھے، اُسے دیکھ کر میرا یقین تم پر مزید پختہ ہوگیا ہے...... تم ہمارے لیے سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتے ہو...... اگر اپنے ذہن سے یہ فرسودہ مذہبی جذبات نکال کر سوچو گے تو تمہیں اس میں نہ صرف اپنا بلکہ ان تمام جذباتی اسٹوڈنٹس کا بھی فائدہ نظر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

آ ئے گا جو جنون کے اس راستے پر چلنے کی تیاری میں ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اور ایجنسیاں انہیں ہمیشہ کے لیے امریکہ بدر کرنے کی تیاری میں لگی ہوئی ہیں'' ۔ میں نے غور سے فورڈ کی جانب دیکھا۔ ''چلو فرض کرو میں تمہاری بات مان کر تم لوگوں کے ساتھ آ ملتا ہوں تو تم میرے لیے کیا کر سکتے ہو......؟...... ہماری یونیورسٹی میں تمام عالم اسلام کی دل آزاری کے لیے ایک سیمینار منعقد کروایا جا رہا ہے...... کیا تمہاری سی۔آئی۔اے اسے منسوخ کرواسکتی ہے......؟'' فورڈ سوچ میں پڑ گیا۔ ''میں نے ابھی تم سے کہا کہ ہمارا ساتھ دینے کے لیے تمہیں ان بوسیدہ مذہبی دیواروں کے حلقے سے باہر آنا ہوگا۔ ان خاکوں کی نمائش پہلی مرتبہ اور صرف نیویارک کی اس یونیورسٹی میں تو نہیں ہو رہی۔ یہ مسئلہ پرانا ہے۔ ابھی چند ماہ پہلے فیس بک پر بھی یہی ایشو اٹھایا گیا تھا اور بڑی ہاہاکار مچی تھی...... لیکن تمہاری طرح کتنے ایسے ہوں گے جنہوں نے فیس بک کا باقاعدہ بائیکاٹ ہی کر ڈالا ہو......؟...... کیا دنیا میں مسلمان صرف تم یا یہاں کا مسلم گروپ ہی باقی رہ گیا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تم لوگ احتجاج نہ کرو...... ضرور کرو...... بائیکاٹ کر دو اس سیمینار کا...... اپنا احتجاج بھی دنیا کے سامنے درج کروانے سے تمہیں کوئی نہیں روک رہا...... لیکن اپنے دل سے اس سیمینار کو سبوتاژ کرنے کا خیال نکال دو...... جس بات کی اجازت نیویارک کا قانون دے چکا ہوا سے روکنے کا اختیار تمہارے پاس نہیں ہے...... اور اگر ایسی کوئی کوشش زبردستی کی گئی تو یاد رکھو کہ ہماری تم پر گہری نظر ہے...... عامر اور بابر کے بعد تیسری گرفتاری تمہاری بھی ہو سکتی ہے۔ اور یقین جانو اس بار الزامات کی فہرست بہت لمبی ہوگی۔'' میں نے لبوں پر ایک طنزیہ مسکراہٹ سجا کر فورڈ کی جانب دیکھا ''دھمکی دینے اور مجھے ذہنی طور پر اس گرفتاری کے لیے تیار کرنے کا بہت شکریہ آفیسر فورڈ...... تم تیر آزماؤ...... ہم اپنا جگر آزمائیں گے......''۔ میں نے سڑک پار کر کے دوسری جانب کھڑی اپنی بائیک اسٹارٹ کی اور فورڈ کے نہایت قریب سے تیزی سے گزارتا ہوا آگے بڑھ گیا۔ سٹی ہال کے چوراہے پر سرخ بتی نے مجھے رکنے پر مجبور کر دیا۔ سامنے پارک کی جانب کسی عمارت کا پچھلا حصہ ڈھایا جا رہا تھا۔ بڑی بڑی کرینیں ملبہ ہٹانے کے لیے وہاں جمع تھیں۔ یک جانب بڑا سا لکڑی کا بورڈ لگا ہوا تھا جس پر سرخ حرفوں میں بڑا سا ''زمین دوز پارکنگ'' لکھا ہوا تھا اور ایک تیر کے نشان سے پارکنگ کی جگہ کی نشان دہی کی گئی تھی۔ میرے ذہن میں ایک جھماکا سا ہوا۔ ایسا بورڈ تو میں نے پہلے بھی کہیں دیکھا تھا۔ پھر دوسرا جھماکا ہوا اور پھر تو میرے ذہن میں دھماکوں کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا اور جب تک میں ہسپتال پہنچا تو مجھے یاد آ چکا تھا کہ پُروا کو کچلنے والی سیاہ وین میں نے پہلے کہاں دیکھی تھی۔

میں تیزی سے پُروا کے کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے چونک کر میری جانب دیکھا۔ میں نے شدید غصے کے عالم میں اس سے پوچھا۔

''تم نے پولیس سے یہ بات کیوں چھپائی کہ تم کو تقریباً ختم کر دینے والی وہ سیاہ وین کون چلا رہا تھا......، اب تمہارے چھپانے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا پُروا ضمیر خان...... کیونکہ میں اس درندے کو پہچان چکا ہوں......''



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب18

پُروا نے گھبرا کر میری جانب دیکھا "یہ تم کیا کہہ رہے ہو آیان......؟" اتفاق سے اس وقت پُروا کے کمرے میں دوسرا کوئی نہیں تھا۔ "ہاں...... میں نے وہ سیاہ وین سب سے پہلے اُس وقت اپنی یونیورسٹی کی پارکنگ لاٹ میں دیکھی تھی جب مائیکل گروپ نے پہلی مرتبہ عامر بن حبیب کا گروپ توڑنے اور مجھے اُس میں شمولیت کے لیے رقم دینے کی پیش کش کی تھی، اور دوسری مرتبہ یہی وین مجھے ایک بار شمعون سے ملاقات کے وقت اُس کے پس منظر میں کھڑی نظر آئی تھی۔ اگر میں سٹی ہال کے سامنے اپنی یونیورسٹی کی زمین دوز پارکنگ جیسا ایک بورڈ لگا نہ دیکھتا تو شائد کچھ دن مزید میری یادداشت سے یہ سب کچھ محو رہتا لیکن آج شاید یہ راز کھلنا ہی تھا، مگر تم نے ان لوگوں کو کیوں بچایا......؟؟ بہر حال...... اب شمعون اور مائیکل کے جیل جانے کا وقت آ گیا ہے...... میں ابھی اسی وقت پولیس کو اپنا بیان دینے کے لیے جا رہا ہوں...... اور اُمید ہے اس بار تمہاری گواہی میرے حق میں ہوگی" میں واپسی کے لیے پلٹا تو پُروا نے آواز دے کر مجھے روک لیا "ٹھہرو آیان...... میری بات سن لو......" میں نے پلٹ کر پُروا کو دیکھا "ہاں...... یہ سچ ہے کہ میں نے شمعون کو اُس روز چہرے پر مفلر لپیٹے وہ سیاہ وین چلاتے ہوئے دیکھ لیا تھا اور میں اُسے لاکھ چُھپنے کے باوجود پہچان بھی گئی تھی۔ لیکن میں بات نہیں بڑھانا چاہتی...... اِسی لیے میں نے پولیس کے سامنے شمعون اور مائیکل کا نام نہیں لیا جو اس دن شمعون کے پیچھے والی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس سے کیا ہوگا۔ انہیں یونیورسٹی سے نکال کر جیل میں ڈال دیا جائے گا اور اُن کی جگہ کوئی اور یہودی لڑکا سنبھال کر پھر ہم سے اپنی دشمنی نکالنے کی تازہ فکر میں لگ جائے گا...... یہ جنگ کب ختم ہوگی آیان...... میں اس کا خاتمہ چاہتی ہوں...... میں یہ لڑائی یہیں ختم کر دینا چاہتی ہوں...... اور تم اس جنگ بندی میں میرا ساتھ دو گے...... یہ میرا تم پر مان اور بھرم ہے......" میں زور سے چلایا "یہ جنگ ہم نے نہیں...... انہوں نے شروع کی ہے مِس پُروا ضمیر خان...... وہ اس لڑائی میں اخلاق کی آخری حد بھی پار کر چکے ہیں...... اور تم اب بھی اُنہیں معاف کر دینے کی بات کر رہی ہو...... جانتی ہو ہم نے یہ پچھلے چند دن کس سولی پر لٹکے اور کس عذاب میں کاٹے ہیں؟ ایک پل میں ہزار بار جی کر مرا ہوں میں...... اگر تمہیں کچھ ہو جاتا تو جانتی ہو......؟" میں جذبات کی رو میں کچھ کہتے کہتے رُک سا گیا۔ پُروا چپ چاپ میری ڈانٹ سہتی رہی۔ پھر دھیرے سے بولی "میں جانتی ہوں آیان...... تمہاری سُرخ آنکھیں، تمہاری بڑھی ہوئی شیو اور تمہارا یہ میلا لباس ہی وہ ساری داستان سنانے کے لیے کافی ہے جو یہاں تم سب پر لحہ بیتی ہے۔ لیکن میری تم سے درخواست ہے...... ہماری دوستی کی خاطر...... میری خاطر...... تم ان لوگوں سے کوئی جھگڑا نہیں کرو گے...... ہمیں ان فضول کے جھگڑوں سے آگے نکل کر سب سے پہلے اُس سیمینار کی بندش کا کچھ سامان کرنا ہوگا جو ہماری روحوں میں چھید کرنے کے لیے بہت جلد منعقد ہونے جا رہا ہے...... اس وقت مسلم گروپ مزید کوئی انتشار اور ایسا کوئی بھی نقصان برداشت نہیں کر سکتا جو ہمیں پھر سے بکھرے پتوں کی طرح جدا کر دے...... عامر اور بابر



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

کی ملک بدری کے بعد اُن لوگوں کی نظر اب تم پر ہے...... اور ہم سب تمہیں کھونا نہیں چاہتے...... اپنے جذبات پر قابو رکھو...... تمہاری گرفتاری کے بعد گروپ کی کمر ہی ٹوٹ جائے گی...... اسی لیے میں اس بات کو یہیں ختم کر دینا چاہتی ہوں...... ہمیں اپنے کل کے لیے اس آج کی قربانی دینا ہوگی...... کیا تم میرا ساتھ نہیں دو گے آیان......؟‘‘ میں لاجواب ہوگیا۔ پُروا دھیرے سے مُسکرائی ’’مجھے تمہارے غصے سے بہت ڈر لگتا ہے، اور مریض کے لیے خوف بڑا نقصان دہ ہوتا ہے...... چلو اب مسکرا دو......‘‘ میں نے پُروا کے چہرے کی طرف دیکھا، وہ کسی بچے کی طرح اپنی خواہش پوری ہونے کے انتظار میں میرے چہرے کی طرف یوں دیکھ رہی تھی جیسے میری مسکراہٹ نظر آتے ہی اس کی کوئی لاٹری نکل آئے گی۔ اس کے تاثرات دیکھ کر خود بخود میرے لبوں پر ایک ہلکی سی مسکان اُبھر آئی۔ میں نے اُس لمحے پُروا کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے لب سی لیے۔ لیکن میں جانتا تھا کہ شمعون یا مائیکل میں سے جب بھی کوئی میرے سامنے آیا...... تب مجھے خود پر قابو رکھنا بہت مشکل ہو جائے گا اور اگلے روز ٹھیک ایسا ہی ہوا۔ میں نے پارکنگ میں اپنی بائیک کھڑی کی اور سیڑھیاں چڑھ کر باہر نکلنے ہی والا تھا کہ اوپر سے شمعون اور مائیکل نیچے اُترتے نظر آئے۔ میرے قدم وہیں جم گئے۔ شمعون نے مجھے دیکھا تو اُس کے چہرے پر کچھ عجیب سا تاثر اُبھرا ’’کیوں مسلم کونسلر...... کہاں رہتے ہو آج کل...... تمہاری لیڈری کا دور ختم ہوتا نظر آ رہا ہے مجھے......‘‘ میں نے اُسے گھورا ’’میرا زیادہ تر وقت آج کل سنٹرل ہسپتال کی اُس راہداری میں گزرتا ہے، جس کے ایک کمرے میں وہ معصوم لڑکی گھائل پڑی ہے جسے کسی کم ظرف بزدل نے مجھ سے اپنی دشمنی نکالنے کی خاطر کچل ڈالا......‘‘ میری بات سن کر شمعون اور مائیکل دونوں کچھ گڑبڑا سے گئے۔ پھر شمعون ڈھٹائی سے بولا ’’ظاہر ہے جب تم لوگوں کو یوں للکارتے پھرو گے تو دشمن تو پیدا ہوں گے...... اور اس کا نقصان تمہارے اپنوں کو بھی اٹھانا پڑے گا......‘‘ شمعون اور مائیکل نے بات ختم کر کے قدم نیچے کی طرف بڑھائے۔ اور ٹھیک اسی لمحے میرا ضبط جواب دے گیا۔ میں نے آواز دے کر ان دونوں کو روکا۔ ’’رُکو...... ایسی بھی کیا جلدی ہے؟...... کچھ باتیں صاف کرنی ہیں مجھے تم دونوں سے......‘‘ شمعون اور مائیکل رُک گئے۔ لیکن انہوں نے پلٹ کر میری جانب نہیں دیکھا۔ میں چند سیڑھیاں اتر کر اُن دونوں کے بالکل سامنے جا کھڑا ہوا۔ کچھ دیر تک ہم ایک دوسرے کی جانب دیکھتے رہے۔ آس پاس سے گزرتے چند لڑکے اور لڑکیاں جو اپنی گاڑی وغیرہ پارک کر کے جا رہے تھے ہمیں سیڑھیوں پر آمنے سامنے یوں تنا ہوا کھڑے دیکھ کر جلدی جلدی اِدھر اُدھر ہوگئے کیونکہ پچھلے چند دن کے دوران یونیورسٹی میں اتنا کچھ ہو چکا تھا کہ اب اُن میں سے کوئی بھی ہمارے جھگڑے میں پڑ کر یونیورسٹی سے باہر نہیں ہونا چاہتا ہوگا۔ شمعون نے بے چینی سے پہلو بدلا ’’ایسے کیا دیکھ رہے ہو؟......‘‘ میں نے سرسراتی آواز میں اس سے پوچھا ’’آج کل تم لوگ اپنی وہ سیاہ وین یونیورسٹی نہیں لا رہے جس کو میرے اوپر چڑھانے کی کوشش میں تم لوگوں نے پُروا کو شدید زخمی کر دیا تھا۔ کیا کسی گیراج میں چھپا رکھی ہے......؟ کیونکہ پولیس کو ابھی تک وہ وین ملی نہیں......‘‘ میری بات کسی توپ کے گولے کی طرح ان کے سروں پر پھٹی، شمعون زرد ہو کر بولا ’’یہ تم کیا بکواس کر رہے ہو...... کیا پورے نیویارک میں وہی ایک سیاہ وین ہے...... ہزاروں بلیک ویگنز ہوں گی اس شہر میں ویسی......‘‘ میرے ہونٹوں پر زہرخندہ سی مسکراہٹ اُبھر آئی ’میرے شک کو یقین میں بدلنے کا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شکریہ...... تمہیں کیسے پتا چلا کہ جس وین نے پُروا کو کچلا تھا وہ کیسی تھی؟...... اور اس جیسی اور بہت سی گاڑیاں ہو سکتی ہیں...... جب کہ وین کا ٹھیک حلیہ تو ابھی تک پولیس کو بھی نہیں پتا......؟" میری بات سن کر وہ دونوں مزید الجھ گئے، مائیکل نے پریشانی سے شمعون کی طرف دیکھا شمعون کرُک کر بولا" تم ہمیں باتوں میں اُلجھا کر کچھ ثابت نہیں کر سکتے...... ہو سکتا ہے کہ وہ گاڑی اب تک کریش ہو کر سکریپ کا حصہ بن گئی ہو اور اس کے ہزاروں حصے پورے امریکہ میں پھیل چکے ہوں...... لہٰذا اپنا وقت ضائع نہ کرو......" میں نے شمعون کے ریلنگ پر رکھے ہاتھ پر اپنا ہاتھ سختی سے جما دیا" تم دونوں اپنے وقت کی فکر کرو...... آج شام تک پولیس کو پُروا کا تحریری بیان مل جائے گا۔ پھر اُسے وہ وین کیسے تلاش کرنی ہے یہ تم جانو اور نیو یارک پولیس...... میں چاہوں تو اسی وقت یہیں پارکنگ میں اپنے سارے حساب برابر کر سکتا ہوں...... لیکن جب پولیس خود تم دونوں کو ہتھکڑیاں ڈال کر پوری یونیورسٹی کے سامنے لے کر جائے گی اور تین چار سال تم لوگ نیو یارک کی کسی جیل کی روٹیاں توڑو گے تو تم لوگوں کے پاس بہت وقت ہوگا۔ اپنے مستقبل کے بارے میں سوچنے کا...... کیوں کہ یونیورسٹی تو گرفتاری کے فوراً بعد تم دونوں کو رسٹی کیٹ کر ہی چکی ہوگی...... اور جب تم دونوں جیل سے باہر آؤ گے تب میں تم دونوں سے اپنی بات کروں گا...... فی الحال تم لوگوں کے لیے اتنا ہی کافی ہے......" میں ان دونوں کو ہکا بکا چھوڑ سیڑھیاں چڑھ کر اوپر یونیورسٹی کے بڑے والان میں نکل آیا۔ آج آسمان اور سورج بادلوں کے ساتھ دھوپ اور سائے کی آنکھ مچولی کھیل رہے تھے۔ ویسے ہی آنکھ مچولی جیسے میں اور بسام بچپن میں کھیلا کرتے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میرے چھپنے کی باری پر بسام مجھے ڈھونڈنے میں کچھ دیر لگا دیتا تو میں خود ڈر کر رونا شروع کر دیتا تھا کیونکہ تب مجھے ایسا لگتا تھا جیسے اگر بسام نے مجھے ڈھونڈ کر نہ نکالا تو میں ہمیشہ کے لیے کھو جاؤں گا۔ اور اب قسمت نے ہم دونوں کے ساتھ ایک ایسی آنکھ مچولی کا کھیل کھیلا تھا کہ ہم دونوں بھائی ایک دوسرے کو آخر کار کھو بیٹھے۔ کبھی کبھی ہمارے بچپن کے کھیل جوانی میں سچ ہو جاتے ہیں۔ بسام کی یاد آتے ہی میری پلکوں کے گوشے نم ہونے لگے۔ مجھے آج کل اس کی جتنی ضرورت تھی اتنی شاید پہلے کبھی نہ رہی ہو۔ میں نے شمعون اور مائیکل کو پریشان کرنے کے لیے صرف ایک دھمکی ہی دی تھی، میں چاہتا تھا کہ جس درد سے ہم اُن کی وجہ سے گزر رہے ہیں...... اس خوف کا کچھ مزہ وہ بھی چکھ لیں۔ پُروا سے کیے گئے وعدے کا خیال نہ ہوتا تو میں واقعی ان دونوں کو آج ہتھکڑی لگوا کر ہی یہاں سے بھیجتا۔ میں نے ابھی آدھا دالان ہی پار کیا تھا کہ میرے عقب سے مائیکل کی آواز اُبھری" آیان......" میں نے پلٹ کر دیکھا۔ وہ دونوں گھاس پر پڑی پگھلتی برف میں قدم جمائے پریشان سے کھڑے تھے۔ مائیکل میری جانب بڑھا" میں تمہیں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارا مقصد تمہیں یا پُروا کو کوئی نقصان پہنچانا ہرگز نہیں تھا۔ اور پُروا تو بلاوجہ ہی نشانہ بن گئی۔ شمعون صرف تمہارے بہت قریب سے گاڑی گزار کر تمہیں خوف زدہ کرنا چاہتا تھا، لیکن پھر اچانک ہی پُروا نے ہماری گاڑی تمہاری جانب بڑھتی ہوئی دیکھی تو وہ بہت گھبرا گئی، اُسے لگا کہ ہم تمہیں کچلنا چاہتے ہیں۔ اور اس نے گھبرا کر تمہیں دھکا دے دیا اور خود گاڑی کے سامنے آ گئی۔ شمعون نے آخری وقت میں بھی اُسے بچانے کی پوری کوشش کی تھی، اور اس کا ثبوت سڑک پر ابھی تک موجود گاڑی کے ٹائروں کے مڑنے کے نشانات بھی ہیں، لیکن وہ پُروا کو نہیں بچا پایا۔ ہم اتنے بوکھلا گئے تھے کہ ہم نے گاڑی روکے بنا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

وہاں سے بھاگنے میں ہی عافیت جانی اور سیدھا اپنے ایک دوست کے سکریپ گودام میں لے جا کر اس گاڑی کو کریش کروا ڈالا، تا کہ اُس کا نام ونشان ہی مٹ جائے......تم یقین کرو میں سچ کہہ رہا ہوں...... مجھے داؤدؑ اور موسیٰؑ کی قسم......، لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایک بار پُروا نے ہمارے نام پولیس کے سامنے اگل دیئے تو اُن کا اُس سارے معاملے کی تہہ تک پہنچنا زیادہ مشکل نہیں ہوگا......اور پھر ہمارے کیریئر عمر بھر کے لیے جیل کی نظر ہو جائیں گے......اس لیے ہمارے پاس تمہارے لیے ایک آفر ہے......" میں نے مائیکل کو گھورا، "کیسی آفر؟"......شمعون اب بھی ہم دونوں سے دس بارہ قدم دور کھڑا تھا۔ وہ چند قدم اٹھا کر قریب آ گیا۔ مائیکل نے سر جھکا کر کہا "یہی کہ تم بدلے میں جو بھی چاہو......ہم وہی کریں گے......اسلام اور مسلم گروپ کی مخالفت بھی چھوڑ دیں گے اور جب تک تم مسلم کونسلر ہو ہم تمہاری راہ میں کوئی روڑہ نہیں اٹکائیں گے......اس کے علاوہ تمہارے گروپ کو جتنی بھی فنڈنگ درکار ہوگی۔ ہم تمہاری کونسلر شپ کے مکمل دور میں وہ تمام رقم بھی تمہیں اپنی جیب سے ادا کرنے کے لیے تیار ہیں......بدلے میں تمہیں صرف اپنی زبان بند رکھنا ہوگی......ہم پُروا کو بھی تمام نقصان کی تلافی کر دیں گے......" میرا ضبط جواب دے گیا اور میں نے اپنے بیگ سے پُروا کی اب تک کی تمام میڈیکل رپورٹس نکال کر ان دونوں کے چہرے پر دے ماریں "کس کس نقصان کی تلافی کرو گے تم لوگ۔ یہ پُروا کی رپورٹس ہیں......اگر چند گھنٹے۔ مزید اُس بے ہوشی میں گزر جاتے تو وہ ایسے کومہ میں چلی جاتی جہاں سے شائد اُس کی واپسی کبھی ممکن نہ ہوتی۔ تم لوگوں میں تو اتنی اخلاقی جرأت بھی نہیں ہے کہ ایک بار ہسپتال آ کر اس کی خیریت ہی پوچھ جاتے۔ اور ایک وہ ہے جو تم دونوں کو پہچان لینے کے باوجود بھی پولیس کے سامنے تم لوگوں کے نام نہیں ظاہر کرنا چاہتی......شرم سے ڈوب مرو......" ان دونوں نے چونک کر سر اٹھایا "کیا......پُروا نے ہماری شناخت ظاہر نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے......لیکن تم تو کہہ رہے تھے کہ......" "وہ میری اپنی دلی خواہش تھی کہ تم لوگوں کو اقدامِ قتل کے جرم میں جیل کی ہوا ضرور کھلاؤں لیکن وہ صاف دل لڑکی صرف تمہاری یہ گھٹیا دشمنی ختم کرنے کی خاطر اپنی جان بھی نچھاور کرنے کو تیار ہے۔ ہمیں تمہاری کوئی مدد کوئی فنڈ یا کوئی حمایت درکار نہیں ہے......ابھی ہمارے بازوؤں میں اتنا دم باقی ہے کہ ہم اپنا بوجھ خود اٹھا سکتے ہیں۔ ہمیں تمہاری مخالفت کا بھی کوئی ڈر نہیں ہے۔ تم لوگ جس طرح چاہو ہمارے مقابلے پر ڈٹ سکتے ہو......مگر ہر جنگ کے کچھ اصول ہوتے ہیں......لیکن تم لوگوں نے گراوٹ کی ہر سطح پار کر لی ہے......کیا دشمنی ہے تمہاری ہم سے یا ہمارے مذہب سے؟......کیا کبھی ہم نے تمہارے مذہب پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی ہے......؟ ہم تو آج بھی داؤدؑ، زبور، توریت اور موسیٰؑ کا نام زبان پر آتے ہی آنکھوں کو چھوتے ہیں......وہ ہمارے لیے بھی اُتنے ہی محترم ہیں جتنے تم لوگوں کے لئے......بلکہ شاید تم لوگوں سے بھی زیادہ......کیوں کہ تم تو انہی کی دی ہوئی تعلیمات کو بھلا کر ایک ایسی دشمنی کی آگ میں خود کو جھونک چکے ہو جس میں صرف حسد کی تپش ہے۔ کیا چاہتے ہیں ہم مسلم طلبہ تم سب سے؟......بس اتنا ہی کہ خود بھی جیو اور ہمیں بھی جینے دو......ہمارے مذہب اور ہمارے مذہب کی معتبر اور پاکیزہ ہستیوں کی بے حرمتی نہ کرو کیونکہ اُن کی حرمت صرف ہم پر ہی لازم نہیں......خود تمہارے مذہب نے بھی ان کی عظمت اور پاکیزگی پر تصدیق کی مُہر ثبت کر رکھی ہے۔ کیا تم اپنے مذہب سے بھی مخلص نہیں ہو؟......مسلمان دشمنی نے تمہارے اندر کے انسان کو ختم



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کر کے صرف ایک جانور باقی چھوڑ دیا ہے......اور میں اب بھی تمہارے اندر کے درندے کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہوں......لیکن مجھے کسی کی دی ہوئی قسم اور دوستی کے وعدے نے روک رکھا ہے۔"

میری بات کے دوران عیسائی کونسلر جارج بھی وہاں پہنچ گیا تھا لیکن وہ خاموشی سے میری بات سنتا رہا، پارکنگ میں جن چند طلباء نے مجھے اور شمعون کو سیڑھیوں پر بحث کرتے دیکھا تھا انہوں نے شائد اوپر جا کر خبر کر دی تھی، اسی لیے میری بات ختم ہونے تک مسلم، یہودی اور کرسچن طلباء دوڑتے ہوئے میدان میں داخل ہونا شروع ہو چکے تھے۔ وہ اپنے ذہن میں مسلم اور یہودی کونسلر کا جھگڑا رکھ کر وہاں پہنچے تھے لہٰذا سبھی نے ہاتھ میں ہاکی، بیس بال بیٹ، موٹر سائیکلوں کی چین، لوہے کے کنڈے والے بیلٹ اور اُسی قسم کے دوسرے کئی ہتھیار تھام رکھے تھے۔ کچھ ہی دیر میں بڑے دالان کا علاقہ اسٹوڈنٹس سے بھر چکا تھا اور وہ تین گروہوں کی صورت میں میرے، شمعون اور جارج کے عقب میں جمع ہوتے گئے۔ وہ سب ہمارے ایک اشارے کے منتظر تھے۔ میں نے جارج کی طرف دیکھا "دیکھ رہے ہو اس نفرت کی تبلیغ کا نتیجہ......تمہارے گروپ کو یہ بھی پتا نہیں کہ اصل جھگڑا کیا ہے......لیکن وہ مسلم دشمنی میں یہاں یہ سوچ کر اکٹھے ہو گئے ہیں کہ یہودیوں کی آڑ میں وہ اپنے بدلے بھی چکا سکیں گے......" اتنے میں میرے عقب میں جینی، ایرک اور جم کی بیک وقت آواز اُبھری "لیکن ہم تمہارے ساتھ ہیں آیان......" ایرک ایک قدم آگے آیا "سب عیسائی اور شاید سبھی یہودی طلباء ان کے ساتھ نہیں ہیں۔ میں آج اپنی، جینی اور جم کی طرف سے یہ کھلا اعلان کرتا ہوں کہ اگر مذہب کی جنگ مسلط کی گئی تو ہم تینوں آیان کی طرف سے لڑیں گے......کیوں کہ ہمارا مذہب ہمیں سچ کا ساتھ دینے کی تلقین کرتا ہے......" میرے تینوں دوست کندھے سے کندھا ملا کر میرے ساتھ کھڑے ہو گئے، کچھ یہودی اور عیسائی لڑکیاں جو پہلے بھی پُروا کے ساتھ تھیں، وہ بھی دو قدم بڑھا کر مسلم گروپ کی جانب آ گئیں۔ ماحول پر ایک گھمبیر سناٹا طاری ہو چکا تھا۔ شائد اوپر ایڈمن بلاک کی دوسری منزل سے کسی نے نیچے یہ ہنگامہ دیکھ کر ڈین کو اطلاع کر دی تھی لہٰذا کچھ لمحوں بعد ڈین بھی دیگر اساتذہ کے ساتھ یونیورسٹی کی تاریخ کے اس سب سے بڑے اور تین مذاہب کے ہجوم کو آپس میں ٹکرانے سے روکنے کے لیے دور سے ہماری جانب بھاگتا ہوا نظر آیا۔ میں نے اس کے قریب پہنچنے سے پہلے اپنی بات ختم کی "میں آج تم سب پر یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جسے تم لوگ مذہب کی جنگ سمجھ کر لڑ رہے ہو، وہ صرف تمہارے اور تمہارے بڑوں کی غلط نظریات کی جنگ ہے، جسے تم لوگوں نے صرف مذہبی تعصب کی بنیاد پر خود پر مُسلط کر لیا ہے۔ اپنے دلوں پر ہاتھ رکھ کر بتاؤ ہم میں سے کتنے ایسے ہیں جنہیں اپنی مذہب کی صحیح پہچان ہے، کتنے ہیں جو دل میں اپنے مذہب کا سچا درد رکھتے ہیں۔؟ ہم تو بس ایک بھیڑ چال کا شکار ہیں ہمیشہ سے......"

میری بات ختم ہوئی تو ڈین پارٹی پہنچ گئی "یہ تم سب لوگ یہاں کھڑے کیا کر رہے ہو......میں تم سب کو حکم دیتا ہوں کہ تین منٹ کے اندر اندر یہ میدان خالی کر دو......تین منٹ بعد اگر مجھے کوئی اس میدان میں نظر آیا تو میں اس کے خلاف سخت کارروائی کروں گا......چلو......جلدی کرو......اپنی اپنی کلاس میں پہنچ کر اپنی حاضری لگواؤ......" ڈین کی بات سن کر لڑکے وہاں سے منتشر ہونے لگے، میں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

نے بھی پلٹ کر دوسری جانب قدم بڑھائے۔ ڈین نے مجھے روک لیا" آیان...... یہ میری آخری وارننگ ہے...... اور ہاں تمہارے گذشتہ میڈیا انٹرویو کے لیے بھی تمہیں اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ تمہیں سات دن کے اندر اس کا جواب جمع کروانا ہو گا......" میں میدان سے باہر نکلا تو بلال نے دھیرے سے میرے کان میں کہا،" کل سے سیمینار کے ٹکٹوں کی فروخت شروع ہو جائے گی۔ پانچ سو اور ہزار ڈالر کے ٹکٹ ہوں گے نیچے ہال اور اوپر والی گیلری کے، سیمینار میں صرف دو ہفتے باقی رہ گئے ہیں......" میں نے پریشانی سے بلال کی جانب دیکھا" ہماری یونیورسٹی میں مسلم گروپ کی تعداد کتنی ہے......" بلال نے سوچ کر جواب دیا۔" کل ملا کر 313 تین سو تیرہ کے قریب ہوں گے......"۔" اور نیویارک کی باقی یونیورسٹیوں میں مسلمان طلباء کی کل تعداد کیا ہوگی؟ بلال نے پھر سے گنتی کی" ہماری یونیورسٹی کے طلباء ملا کر کل بارہ سو کے قریب ہو جائیں گے۔ ان میں غیر حاضر طلباء کی تعداد بھی شامل ہے......" میری پریشانی بڑھتی جا رہی تھی" اور ہال کی نشستیں کتنی ہیں؟" بلال نے حیرت سے میری جانب دیکھا" تین ہزار...... لیکن تم یہ کس اعداد و شمار کے پھیرے میں پڑ گئے ہو......؟" میں نے کچھ دیر سوچا اور پھر بلال سے کہا" تم سب لڑکوں کو کسی کھلی جگہ میں اکٹھا ہونے کا کہو...... ہال نمبر 3 کا نہ کہنا...... مجھے اب اُن دیواروں کے کان بے اعتبار لگنے لگے ہیں...... انہیں عقب والے اسٹیڈیم میں جمع کرو...... میں بھی کچھ دیر میں وہیں پہنچتا ہوں"...... بلال سر ہلا کر وہاں سے آگے بڑھ گیا۔ بلاک کے نوٹس بورڈ کے قریب سے گزرتے ہوئے میری نظر اخبار کی دو تازہ لگائی گئی کٹنگز پر پڑی (1)" لیسٹر شائر (لندن) کی ایک عدالت نے مسلم خاتون کو برقعہ اتار کر بیان دینے پر مجبور کیا۔ (2) ہوسٹن (امریکہ) کی عدالت نے عدنان مرزا نامی پاکستانی طالب علم کو طالبان سے روابط کے جرم میں پندرہ سال کی قید سُنادی۔" شاید یہ دونوں تراشے غیر مسلم طلبا کے گروپ نے مسلم گروپ کو چڑانے کے لیے یہاں چپکا رکھے تھے۔ میرے دماغ میں شیخ الکریم کی بات گونجی" مسلمان کے لیے یہ دُنیا بڑی سخت جگہ ہے۔" انہی دو تراشوں کے نیچے ایک اور چھوٹی سی خبر چپکی ہوئی تھی" سی۔ آئی۔ اے اور ایف۔ بی۔ آئی کو انتہا پسند گروپوں سے روابط رکھنے والے مسلم طلباء کی تلاش......" میرے ذہن نے آفیسر فورڈ کی دھمکی دُہرائی" اور یاد رکھنا، اس بار اگر تم گرفتار ہوئے تو الزامات کی فہرست بہت لمبی ہو گی......" مجھے لگا کہ میرے گرد شکنجہ کستا جا رہا ہے۔ میں سٹیڈیم پہنچا تو قریباً سارا گروپ جمع ہو چکا تھا۔ صرف وہی لڑکیاں غیر حاضر تھیں جو پُروا کے پاس ہسپتال میں رُکی ہوئی تھیں۔ وہ سب سیمینار کی حتمی تاریخ کے اعلان اور ٹکٹوں کی فروخت کا سن کر بے حد آزردہ اور بے چین تھے۔ بے بسی جب حد سے گزر جائے تو وہ اشتعال کی آخری لکیر پار کر کے ایک ایسی مایوسی کی شکل اختیار کر لیتی ہے جس کا انجام صرف فنا ہوتا ہے۔ مجھے اُن سب کے چہروں پر بھی ایک ایسی ہی فنا دکھائی دے رہی تھی۔ آج وہ خلاف توقع خاموش تھے۔ سچ ہے کہ مجھے ان کے غصّے اور اشتعال سے کبھی پریشانی نہیں ہوئی لیکن آج ان کی اس زبان بندی نے مجھے خوف زدہ کر دیا تھا۔ میں نے اُنہیں بتایا کہ ہمیں پندرہ دن بعد ہونے والے اس سیمینار کو روکنے کے لیے آج ہی اپنا حتمی لائحہ عمل طے کرنا ہو گا۔ اس لیے اس معاملے میں مجھے اُن سب کا مشورہ درکار ہے۔ اور اُن سب کی سننے کے بعد آخر میں میں انہیں اپنے منصوبے سے آگاہ کروں گا۔ وہ لوگ خاموش رہے۔ میں نے دوبارہ اپنی بات دُہرائی لیکن ان کے چہرے ویسے ہی سُتے رہے۔" تم لوگ کچھ بولتے کیوں نہیں......؟...... جنگ ابھی جاری ہے...... اور ہمیں لڑنا ہے......" احمر نے سب لڑکوں کی طرف دیکھا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اور دو قدم بڑھا کر آگے آ گیا۔ ''نہیں آیان...... شائد ہم یہ جنگ اس طرح اُن سے نہ جیت پائیں...... سیمینار میں صرف دو ہفتے باقی ہیں اور ہم انہیں روکنے میں ناکام رہے ہیں...... لہذا ہم نے بھی آخری حد سے گزر جانے کا فیصلہ کر لیا ہے......'' میں نے حیرت سے پوچھا ''کیسا فیصلہ......؟'' احمر نے سر جھکا لیا۔ ''حافظ شکیل سے کل رات کسی انجان گروپ نے فون پر رابطہ کیا ہے...... وہ لوگ خود کو جہادی کہتے ہیں اور انہوں نے اس گستاخی کی سزا دینے کے لیے سیمینار والے دن ہال میں بم نصب کر کے دھماکہ کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ ہم سب نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم اس کام میں ان کا ساتھ دیں گے...... حافظ شکیل اُن کے رابطے میں رہے گا اور سیمینار والے دن سے ایک رات قبل ہال میں بم نصب کرنے میں اُن کی مدد کرے گا۔ ہم اُن سب کو فنا کر دیں گے جنہوں نے ہمارے پیارے نبی ﷺ کی شان میں گستاخی کا ناپاک خیال بھی اپنے دل میں کہیں پال رکھا ہے۔'' احمد کی بات سن کر مجھے سارا اسٹیڈیم گھومتا ہوا محسوس ہونے لگا۔


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب 19

میں زور سے چلایا۔"تم لوگ اپنے ہوش میں تو ہو......؟...... جانتے بھی ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو......" وہ سب خاموش رہے اور ان کی خاموشی اس بات کی دلیل تھی کہ وہ خود کو اس بات کے لیے ذہنی طور پر گذشتہ رات ہی سے تیار کر چکے ہیں۔ اس بار حافظ شکیل بولا "ان لوگوں نے ہمارے لیے کوئی دوسرا راستہ بھی تو نہیں چھوڑا۔ ہمارے لاکھ احتجاج کے باوجود یونیورسٹی انتظامیہ نے سیمینار کی تاریخ کا اعلان کر دیا ہے۔ ہم زیادہ ہنگامہ کریں گے تو یہ لوگ ہمیں پولیس والوں سے اُٹھوا لیں گے، اور عامر بن حبیب اور بار سیدی کی طرح ہمیں بھی عدالتوں سے ملک بدر کروا کر چھوڑیں گے...... لیکن ہم نے بھی تہیہ کر لیا ہے کہ چاہے ہم قید ہو جائیں یا ملک بدر...... یہ سیمینار تو ہم کسی صورت نہیں ہونے دیں گے...... بس اب ہمیں اُس تاریخ کا انتظار ہے جب وہ ملعون ڈینش این۔ جی۔ او ہماری یونیورسٹی کے بڑے ہال میں اکٹھی ہوگی اور ہم ان سب کو واصلِ جہنم کریں گے......"

میری آواز تیز ہوگئی "ٹھیک ہے...... میں مان لیتا ہوں کہ اس طرح تم لوگ انہیں وقت سے کچھ پہلے دوزخ پہنچا دو گے...... حالانکہ ان کے اگلے جہاں کا یہ ٹھکانہ پہلے سے ہی طے شدہ ہے...... لیکن پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ کیا ان چند مٹھی بھر لوگوں کے مر جانے سے وہ سوچ بھی فنا ہو جائے گی جو اس تمام مکروہ عمل کے پیچھے پوشیدہ اور کارفرما ہے؟؟...... اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ ان لوگوں کے بعد کوئی دوسرا گستاخ یہ ملعون عمل دُھرانے کی جرأت نہیں کرے گا؟ تب اُسے روکنے والا یہاں باقی کون ہوگا......؟ کیونکہ تم لوگ جو دھماکہ کرنے جا رہے ہو اس کے بعد ہماری یونیورسٹی میں تو کوئی مسلم طالب علم بچے گا نہیں، صرف ہماری یونیورسٹی پر ہی کیا منحصر ہے...... نیویارک بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں ایسا کریک ڈاؤن ہوگا کہ آدھے سے زیادہ ملک بدر ہو جائیں گے اور جو باقی بچ گئے وہ عمر بھر یہاں کی جیلوں میں سڑتے رہیں گے تب اگر آئندہ ایسی شرارت ہوئی تو ان کا راستہ کون روکے گا؟ ہاں اگر یہ آخری جنگ ہوتی تو میں خود سب سے پہلے یہ سب کچھ کر گزرتا، لیکن ابھی قیامت دُور ہے اور ہمیں ایسے جانے کتنے محاذوں پر ان سے لڑنا ہے۔ خود کو پہلے ہی مورچے پر فنا کر دینا کہاں کی عقل مندی ہے......؟" وہ سب میری بات سن رہے تھے لیکن بالکل مُردوں کی طرح...... اور سانس لیتے مُردوں سے زیادہ مُردہ شے اس جہاں میں اور کوئی نہیں ہوتی۔ دشمنوں نے پے در پے اور بار بار اُن کی روحوں پر اتنے وار کیے تھے کہ ان کی رُوح بھی مر چکی تھی...... صرف یہ بوسیدہ جسم سانس لینے کا تکلف جاری رکھے ہوئے تھے...... اور جب کسی انسان کی رُوح مر جائے اور صرف جسم زندہ رہے تب وہ ایک بھیانک قضاء کی صورت اپنے روح کے قاتلوں پر بجلی بن کر گرتا ہے۔ مذہب، مقدس ہستیوں اور پیارے نبی ﷺ کی توہین (نعوذ باللہ) ہی تو کسی مسلمان کی رُوح کو قتل کرنے کا سب سے بڑا حربہ ہے۔ ہمارے مذہب کے دشمن آج کل یہ قتل سرِعام اور بار بار کرنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ اور آج اُس قتلِ عام کا نتیجہ میرے سامنے اس مسلم گروپ کی صورت میں کھڑا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تھا جو بے بسی کی آخری حد سے گزر جانے کے بعد اب مکمل اور بااختیار ہو چکے تھے۔ حد سے زیادہ بے بسی بھی تو انسان کو ایک طرح کا کامل مختار بنا دیتی ہے۔ خود کو فنا کرنے کا اختیار اور حوصلہ بخش دیتی ہے۔ بے بس اگر حوصلہ مند بھی ہو تو پھر وہ خود کش بن جاتا ہے۔ اور خود کش سے بڑا خطرہ اس دنیا میں بھلا اور کیا ہوگا......؟؟

بلال نے آخر کار اپنے لب کھولنے کی ہمت کی۔ ''ہم نے ہر طرح طریقہ آزما کر دیکھ لیا ہے آیان...... بہت دفعہ انہیں سمجھانے کی کوشش کی۔ سب طرح کی منت زاری بھی کر دیکھی...... مگر انہوں نے شائد اپنے کان سی لیے ہیں...... دلوں پر لوہے کے خول چڑھا رکھے ہیں اور اپنا ذہن شیطان کے ہاتھ بیچ ڈالا ہے...... یہ ایسی گستاخیاں کرنے سے باز نہیں آئیں گے اور تم ٹھیک کہتے ہو کہ ان لوگوں کے جہنم واصل ہونے کے بعد بھی شائد یہ گستاخی جاری رہے گی کیونکہ ان کے دلوں پر زنگ لگ چکا ہے...... ایک ایسا دائمی زنگ جو اب ان کی رُوح کے ساتھ ہی اگلے جہاں جائے گا...... تمہارا یہ خدشہ بھی ٹھیک ہے کہ اس دھماکے کے بعد نیو یارک کا کوئی بھی مسلم طالب علم یہاں کی ایجنسیوں کی زد میں آنے سے نہیں بچ پائے گا...... لیکن ہمارے پاس اب اور کوئی چارہ نہیں رہ گیا...... ہم اپنا فرض تو ادا کر جائیں...... ہمارے بعد آنے والے اپنا فرض ادا کریں گے......'' بلال نے اپنی بات ختم کی تو وہ سب سر جھکائے دھیرے دھیرے وہاں سے چل دیئے...... میں انہیں آوازیں دیتا اور روکتا ہی رہ گیا لیکن ان سب کے دلوں پر فنا کا سایہ پڑ چکا تھا۔ وہ سایہ جو سماعتیں معطل کر دیتا ہے۔ کچھ ہی دیر میں تیز بارش شروع ہو گئی۔ سخت برف پر بارش کے قطرے گر گر کر خود بھی جم رہے تھے، یہاں بھی قدرت نے فنا کا وہی ابدی کھیل شروع کر دیا تھا۔ میں پُروا کے پاس پہنچا تو وہ تکیہ سیدھا کیے کچھ پڑھ رہی تھی۔ مجھے دیکھ کر اس کا چہرہ کھل اُٹھا...... ''آیان میرے پاس تمہارے لیے ایک اچھی خبر ہے...... تمہیں پتا ہے......'' پھر میرے چہرے پر اُبھری فکر کی لکیروں نے اُسے اپنی بات خود کاٹنے پر مجبور کر دیا'' کیا ہوا...... سب ٹھیک تو ہے نا......؟......'' میں نے اُسے پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ آج بہت دن بعد اس کے چہرے کی لالی واپس لوٹی تھی'' کچھ خاص بات نہیں...... بس جُوں جُوں سیمینار کی تاریخ قریب آ رہی ہے...... اُلجھنیں بڑھتی جا رہی ہیں...... لڑکے اپنا حوصلہ ہار رہے ہیں...... ڈرتا ہوں ان کے اندر ہوتی یہ شکست کہیں اُنہیں کسی انتہائی اقدام کی طرف نہ دھکیل دے......'' پُروا ابھی تک آگہی کے عذاب سے ناآشنا تھی'' نہیں...... مجھے یقین ہے ایسا نہیں ہوگا۔ تم اُن کی ہمت کبھی کھونے نہیں دو گے...... یہ میرا یقین ہے...... اچھا تمہیں ایک اچھی خبر سناتی ہوں...... مجھے یقین ہے کہ مایوس دل مسلم طلباء اسے سن کر ایک بار پھر سے جی اٹھیں گے...... سُنو گے......؟'' میرا دھیان کہیں اور ہی تھا'' ہاں...... ہاں ضرور......''۔ پُروا نے ہاتھ میں پکڑا نیو یارک ٹوڈے رسالے کا ایک صفحہ کھولا'' یہ دیکھو...... کتنی اچھی خبر ہے۔ سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر کی سالی لورین بوتھ نے اسلام قبول کر لیا......'' پُروا کی بات سن کر میں زور سے چونکا'' کیا...... کہاں دکھاؤ......'' میں نے جلدی سے ساری رپورٹ پر نظر ڈالی، لورین بوتھ ایران کے شہر قم کے دورے پر اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر چکی تھی اور اس خبر سے برطانیہ کے محلوں میں ہل چل سی مچ گئی تھی، پُروا نے مُسکرا کر میری جانب دیکھا'' ''اچھی خبر ہے نا...... اسلام کی مخالفت کے اس سیاہ دور میں بھی ہمارا دین اُن کے امراء اور شہزادے، شہزادیوں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تک پہنچ رہا ہے...... مطلب اگر وہ ہمیں زچ کرنے کا کوئی موقعہ ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تو قدرت بھی ہماری مدد سے غافل نہیں ہے
...... مجھے تو لگا کہ یہ خبر خاص ہمارے لیے ہی مقدر نے بچا رکھی تھی" میں جوش میں جلدی سے اُٹھ کھڑا ہوا" ہاں پُروا ضمیر خان...... یہ ہمارے نصیب کی خبر ہے...... جو قدرت نے آج تمہارے ذریعے مجھ تک پہنچائی ہے...... اگر یہ میگزین میں رکھ لوں گروپ کو دکھانے کے لیے تو تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں...... "پُروا ہنس پڑی" نہیں آیان احمد صاحب...... آپ کے لیے ہی اب تک سب سے چھپا رکھا تھا......" میں جلدی میں واپسی کے لیے پلٹا۔ پُروا نے مجھے پکارا" کہاں چل دیئے...... کچھ دیر تو بیٹھو......" "نہیں...... میں پھر آؤں گا...... اس وقت کچھ بھٹکے ہوئے ذہنوں کو یہ خبر پہنچانا بہت ضروری ہے......" پُروا نے اپنے تکیے کے نیچے سے ایک اور کتاب نکالی" اردو تو پڑھ لیتے ہو نا...... میں نے تمہارے لیے یہ کلام اقبال منگوایا ہے...... اس میں "شکوہ" اور "جواب شکوہ" ضرور پڑھنا...... بہت سے سوالوں کے جواب مل جائیں گے...... میں جب کبھی بہت زیادہ اُلجھ جاؤں...... ایک بار اسے اپنے شیلف سے نکال کر ضرور پڑھ لیتی ہوں...... اور یقین کرو...... ہر بار یہ کلام مجھے کچھ نئے جواب دے جاتا ہے...... واقعی اقبال ہر دور کا شاعر ہے......" میں نے پُروا کے ہاتھ سے کتاب لے لی...... "ضرور پڑھوں گا......" میں جاتے جاتے ایک لمحے کے لیے رُکا وہ سر جھکائے کسی سوچ میں گم تھی" پُروا"...... اُس نے چونک کر سر اٹھایا۔ ہماری نظریں ایک لمحے کو ملیں، میں کچھ کہتے کہتے رُک گیا" نہیں...... کچھ نہیں......" میں نے جانے کے لیے قدم بڑھائے اور اس بار پُروا نے دھیرے سے میرا نام لیا" آیان......" میں نے پلٹ کر اُسے دیکھا۔ اُس نے نظریں جھکا لیں۔" کچھ نہیں......" کبھی کبھی جب کہنے کے لیے بہت کچھ ہو تب بھی کچھ کہا نہیں جاتا...... وہ سر جھکائے بیٹھی رہی۔ میں ایک لمحے کے لیے دروازے کے قریب رُکا۔" جب تم ہسپتال سے لوٹ کر واپس یونیورسٹی آؤ گی۔ اُس روز ہم ویسٹ اور بیچ کے وسپرز Whisper`s ریستورانٹ میں پوری ایک شام بتائیں گے...... اور وہ شام صرف ہماری ہوگی...... تب ہم ایک دوسرے سے وہ سب کچھ کہہ دیں گے جسے کہنے میں ہمیں ایک زمانہ لگا......" پُروا نے چونک کر سر اُٹھایا۔ اس کی آنکھوں میں خوشی کی ایک ایسی انمول چمک لہرائی جو اس کی آنکھوں کی جوت کو ہمیشہ کے لیے امر کر گئی" سچ آیان......" میں دھیرے سے مسکرایا" ہاں...... بالکل سچ......" میں پُروا کے کمرے سے نکلا تو مجھے سینکڑوں بار کی دیکھی ہوئی وہ راہداری جانے کیوں بالکل نئی اور بہت زیادہ جگمگاتی ہوئی نظر آئی۔ ہسپتال سے یونیورسٹی تک کے تمام دیکھے بھالے راستے کسی نئے پرستان کی ڈگر دکھائی دے رہے تھے۔ درختوں پر جمی برف مجھے کسی سانتا کلاز کی جادو کی چھڑی سے چھڑکی گئی نمک کی پریوں جیسی محسوس ہو رہی تھی۔ سڑکوں کے کناروں پر برف کے سفید گھوڑے اپنے سنہری رتھ میں جتے میری بائیک کے ساتھ ساتھ دوڑ رہے تھے، جانے آج یہ کس کی بارات کا سماں طاری تھا؟ نیویارک کی شامیں تو سدا ہی گلابی تھیں لیکن آج یہ بکھرا گُلال کچھ خاص، کچھ سوا تھا۔ شائد محبت ہمارے اردگرد کے پُرانے ماحول پر قلعی پھیر کر اُسے پھر سے اُجال دیتی ہے۔ زنگ زدہ پُرانی بوسیدہ اشیاء چمکتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اور ہزاروں بار کے دیکھے ہوئے نظارے بھی کنوارے محسوس ہوتے ہیں۔ شائد محبت ہماری ہستی کی ایک بار پھر سے تجدید کر دیتی ہے۔ آج میں بھی نیا اور تجدید شدہ تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

میں نے ہاسٹل پہنچ کر احمر کو سب لڑکوں کو صحن میں جمع کرنے کہا۔ کچھ دیر بعد وہ سب میرے سامنے موجود تھے۔ اُن سب کے چہروں پر ابھی تک وہی دن والے تاثرات نمایاں تھے۔ اور صاف نظر آ رہا تھا کہ وہ صرف میرا بھرم رکھنے کے لیے بادلِ نخواستہ وہاں جمع ہوئے ہیں۔ میں نے بات کا سرا جوڑنے کی کوشش کی ''میں نے تم سب کو کسی نئی بحث میں اُلجھانے کے لیے یہاں اکٹھا نہیں کیا۔ میرے پاس اب کوئی تازہ دلیل بھی نہیں ہے۔ جنون کے آگے کوئی دلیل کارگر نہیں ہوتی۔ ہم مسلمانوں کا اس دور میں یہی سب سے بڑا المیہ رہا ہے کہ جہاں قلم کے جہاد کی ضرورت ہوتی ہے، ہم وہاں تلوار اُٹھا لیتے ہیں اور جہاں تلوار کی دھار کے بنا کام نہیں چل سکتا وہاں ہم قلم کی سیاہی خشک کرتے رہتے ہیں۔ خود کو بے مقصد بحث میں الجھائے رکھتے ہیں۔ اور پھر زمانے بھر کو اپنی مظلومیت کی دُھائی دیئے پھرتے ہیں۔'' میں کچھ دیر سانس لینے کے لیے رُکا۔ وہ سب سر جھکائے چپ چاپ کھڑے رہے۔ میں نے بات جوڑی ''کیا تم لوگوں کا اب بھی یہی خیال ہے کہ صرف فنا ہی اس مسئلے کا واحد حل ہے......؟ کیا تم لوگوں کا اپنے دین سے بھروسہ ہمیشہ کے لیے اُٹھ گیا ہے......؟'' بلال نے میری بات کا جواب دینے میں پہل کی ''نہیں...... یہ ہمارا دین پر بھروسہ ہی تو ہے جو ہمیں اس حد سے گزرنے کی ہمت دے رہا ہے۔ ہم جانتے ہیں یہ قدم ہم سب پر ہمیشہ کے لیے انتہا پسندی کی شناخت کی ایسی مُہر لگا دے گا جو ہماری سات نسلیں بھی نہیں دھو پائیں گی...... لیکن تم ہی بتاؤ...... اور کوئی چارہ ہے کیا......؟...... کوئی کرن باقی نہیں بچی ہمارے لیے اس گھپ اندھیرے میں......'' میں اِسی موقعے کے انتظار میں تھا، ''ایک کرن باقی ہے ابھی......'' ان سب نے چونک کر اپنے سر اُٹھائے اور میری طرف دیکھا۔ میں نے اپنے ہاتھ میں پکڑا رسالہ کھولا اور لورین رُوتھ کے قبولِ اسلام کی خبر انہیں پڑھ کر سنائی۔ ''اگر تم سب کا اپنے دین پر کامل یقین اب بھی برقرار ہے تو اس خبر کو تم سب بار بار پڑھنا...... یہ اُسی مغربی معاشرے کی ایک بچی عورت کی کہانی ہے جو شائد اسلام قبول کرنے سے چند دن پہلے تک انہی لوگوں کی طرح سوچتی ہو جنہیں تم لوگ قتل کر کے ختم کرنے کے درپے ہو...... لیکن اس عورت کے مقدر میں قدرت نے فلاح کا راستہ لکھ دیا تھا۔ سوچو اس پورے ہال میں اگر ایک بھی ایسا فرد ہُوا جس کے نصیب میں آگے چل کر سچائی کا یہ راستہ لکھ دیا گیا ہو تو اُس کی فنا کا حساب کون دے گا......؟؟ جب اگلے جہاں میں وہ دربارِ الٰہی میں فریاد کرے گا کہ اُس سے تو اس کا مقدر ملنے سے پہلے ہی چھین لیا گیا، تو کون ذمہ داری لے گا......؟'' وہ سب چپ رہے۔ احمر نے خود کو سنبھالا ''لیکن ہم کسی کافر کے مستقبل کی آس پر اُسے حال میں ایسی گستاخی کی اجازت بھی تو نہیں دے سکتے...... ہمارا اللہ ہماری نیتوں کا حال جانتا ہے......'' میں نے زور دے کر کہا ''نہیں...... ہم کبھی ایسی کسی بھی گستاخی کی اجازت نہیں دیں گے اُنہیں...... بس...... ایک بار میرا ساتھ دو...... میں تم سب کے سامنے اعتبار کی بھیک کا کشکول لیے کھڑا ہوں...... خدا کے لیے خود کو اس جنون کے سُپرد نہ کرو...... میری بات مان جاؤ......'' ان کے چہروں پر کشمکش کے آثار نظر آئے۔ پھر سب سے پہلے بلال نے ہی دو قدم اُٹھائے اور وہ میرے ساتھ آ کر کھڑا ہو گیا۔ ''میں آیان کے ساتھ ہوں......'' اور پھر رفتہ رفتہ کچھ اور لڑکے بھی میرے بھروسے بھیڑ میں سے نکل میری جانب آتے گئے۔ یہ سلسلہ چلتا رہا اور پھر دوسری جانب صرف احمر اور حافظ شکیل کھڑے رہ گئے۔ احمر نے سر جھکا لیا۔ ''لیکن اُن لوگوں کا کیا بنے گا جن سے شکیل نے مدد کا وعدہ بھی لے لیا ہے۔ انہوں نے واضح الفاظ میں ہم سے کہا تھا کہ ایک بار جب وہ قدم اُٹھا لیں تو نہ وہ خود واپس پلٹتے ہیں نہ کسی کو پلٹنے دیتے ہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

وہ لوگ سیمینار کو سبوتاژ کرنے کے لیے ضرور آئیں گے اُس دن......"میں نے انہیں تسلی دی" اُن کی فکر تم مجھ پر چھوڑ دو......اب اگر وہ تم میں سے کسی سے بھی رابطہ کریں تو انہیں میرا نمبر دے دینا کہ تم لوگوں نے حتمی فیصلے کا اختیار مجھے دے دیا ہے......لہٰذا اب وہ مجھ سے بات کریں......" شکیل اور زرک اب بھی تذبذب کا شکار تھے۔"لیکن تمہارے ذہن میں آخر اُس سیمینار کو روکنے کا منصوبہ ہے کیا......؟؟"میں نے گہری سانس لی"فی الحال خاکہ کچھ واضح نہیں ہے......لیکن مجھے زیادہ سے زیادہ تعداد میں ہال کی نشستوں کے ٹکٹ چاہیے ہوں گے کل صبح سے پہلے ہمارا تمام مسلم گروپ چندہ اکٹھا کرنا شروع کر دے گا......لڑکیاں اور لڑکے مل کر یہ کام کریں گے لیکن ہم دوسری یونیورسٹیوں کے صرف مسلم طلبہ تک محدود رہیں گے......تین ہزار نشستوں میں سے جتنے بھی ٹکٹ خرید سکتے ہو......خرید لو......لیکن خیال رہے کہ یہ کام بہت خاموشی کے ساتھ کرنا ہوگا، تمہارے غیر مذاہب کے دوست بھی اگر تم لوگوں کے لیے اپنے نام سے ٹکٹ خرید کر لا سکیں تو کوئی حرج نہیں......لیکن پیسے پورے ادا کرنے ہوں گے......" لڑکوں نے اپنے سر ہلائے۔ شائد میری طرح اُن کے ذہن میں بھی کوئی نامکمل خاکہ بن رہا تھا۔ لیکن ہم سب کا مسئلہ یہ تھا کہ ہم میں سے چند ہی ایسے تھے جو اپنے جیب خرچ سے ٹکٹ خریدنے کی استطاعت رکھتے تھے ورنہ پانچ سو یا ہزار ڈالر کا ٹکٹ خریدنا ہمارے لیے خواب ہی تھا۔ جانے اس لمحے مجھے ایسا کیوں محسوس ہوا جیسے یونیورسٹی انتظامیہ نے جان بوجھ کر ٹکٹوں کی قیمت اتنی زیادہ رکھی تھی تا کہ وہ مسلمان طلباء کی دسترس سے باہر رہیں۔ مجھے اس لمحے عامر بن حبیب کی کمی شِدّت سے محسوس ہوئی۔ مجھے کل ہی احمر نے بتایا تھا کہ اس کا یونیورسٹی والا اکاؤنٹ سیل کر دیا گیا ہے تا کہ وہ اپنے پیسوں سے مسلمان "انتہا پسند گروہوں" کی مدد نہ کر سکے......اگر نیویارک پولیس اور سی آئی اے والوں نے عامر بن حبیب کی رقوم کی منتقلی پر پابندی نہ لگائی ہوتی تو اکیلا عامر ہی سارے ہال کی نشستیں خرید سکتا تھا لیکن اب ہمارے ہاتھ بندھ چکے تھے......ہمیں اپنے زورِ بازو پر ہی اکتفا اور بھروسہ کرنا تھا اور اگلے روز تیر اور جگر آزمانے کا یہ خاموش مقابلہ شروع ہو چکا تھا۔ لڑکیوں نے اپنے زیور اور باقی تمام غیر ضروری اشیا "برائے فروخت" رکھوا دیں اور لڑکے بھی کلاس کے بعد خالی وقت میں کچھ نہ کچھ کمانے کی دُھن میں سرگرداں ہو گئے۔ میرے پاس بیچنے کے لیے اپنی بے مول رُوح کے علاوہ صرف ایک ہی چیز تھی سو میں اُسے لے کر سرِ شام ہیگروز کے علاقے میں ٹم کے پاس جا پہنچا۔ وہ میری بات سن کر حیرت سے چلایا" کیا؟؟......تم اپنی بائیک بیچنا چاہتے ہو......وہی بائیک جس نے مجھے شکست دی تھی اور جسے پانے کے لیے اب نیویارک کا ہر رائیڈر رکھلاڑی بے تاب ہے......تم ایسی ان مول ساتھی کو کیسے بیچ سکتے ہو آیان......ایک بار پھر سوچ لو......" میرے پاس سوچنے کے لیے اب کچھ باقی نہیں رہا دوست......تم یہ بتاؤ......کیا تم میری بائیک خریدو گے......اِسے خریدنے والے شائد اور بہت مل جائیں لیکن میں اسے کسی ایرے غیرے کو نہیں سونپنا چاہتا......میرا اور اس بائیک کا برسوں کا ساتھ رہا ہے......میرے جسم کے ساتھ اس نے بھی بہت زخم سہے ہیں......لہٰذا اس کا حق ہے کہ اسے کسی بہترین سوار کے سپرد کیا جائے......" ٹم میرے افسردہ چہرے کو دیکھ کر خود بھی غمگین ہو گیا" ہاں......میں اسے ضرور خریدوں گا......اور اتنی ہی تعظیم دوں گا جس کی یہ حق دار ہے......لیکن اس نایاب مشین کے بدلے میں تمہیں صرف پانچ ہزار ڈالر دے سکتا ہوں......یہ میری اب تک کی کل جمع پونجی ہے......اگر تمہیں قبول ہو......"میں نے بنا کچھ کہے سر ہلا دیا، ٹم اندر چلا گیا اور کچھ دیر بعد واپس لوٹا تو رقم اس کے ہاتھ میں تھی جو اُس نے میری



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شرٹ کے جیب میں منتقل کر دی' میں جانتا ہوں آیان...... تم نے کسی عظیم مقصد کے لیے ہی اپنی اس ساتھی کو قربان کیا ہوگا...... اور میں آج تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ جب بھی تم اسے دوبارہ حاصل کرنا چاہو...... یہ یہیں تمہاری منتظر رہے گی...... میں اسے کسی بھی حال میں فروخت نہیں کروں گا......''میں تم کا شانہ تھپتھپا کر پلٹ گیا۔کون کہتا ہے کہ بے جان اشیاء کے پاس زبان نہیں ہوتی۔ مجھے تو واپسی کے ہر قدم پر ایسا ہی محسوس ہوا کہ جیسے وہ مجھے پکار رہی ہے۔ رو رہی ہے اور مجھے روکنے کی کوشش کر رہی ہے...... لیکن میں نہیں رُکا اور پنا مڑ کر دیکھے وہاں سے چلا آیا۔پُروا کی غیر موجودگی میں اُس کی ذمہ داریاں صنم کبیر نے سنجال لی تھیں، اور وہ حسب عادت خاموشی سے اپنے کام میں لگی ہوئی تھی۔لیکن کبھی کبھی اس کی اداس آنکھیں یہ راز کھول جاتی تھیں کہ بسام اس کی یہ سرگرمی پسند نہیں کرتا۔پُروا ہسپتال میں تھی لیکن وہ ہر لمحے کی خبر رکھتی تھی۔اتفاق سے اس کے ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کی تاریخ بھی سیمینار والے دن کی ہی تھی۔

سیمینار میں صرف سات دن باقی تھے لیکن ابھی تک ہمارا گروپ بمشکل 437 چار سو سینتیس ٹکٹ ہی خرید پایا تھا، اور یہ بھی تمام تر پچھلی نشستوں والے پانچ سو ڈالر مالیت کے ٹکٹ تھے۔ٹکٹوں کی فروخت جاری تھی اور جم، ایرک اور جینی نے بھی ہمارے لیے پچاس سے زائد ٹکٹ خرید لیے تھے لیکن اتنی زیادہ مالیت کے تمام ٹکٹ خریدنا ہم میں سے کسی کے بس کی بھی بات نہیں تھی۔ہم نے خاموشی سے دیگر یونیورسٹیوں کے مسلم گروپوں سے چندہ اکٹھا کرنا بھی شروع کر رکھا تھا اور لڑکیاں دن بھر نیویارک کی یونیورسٹیوں میں ماری ماری پھرتی تھیں۔یونیورسٹی کے قاعدے کے مطابق سیمینار میں پہلی فوقیت ہماری اپنی یونیورسٹی کے طلباء کی شرکت کو دی جارہی تھی اور نشستیں بچ جانے کی صورت میں باقی یونیورسٹیوں کو بھی ٹکٹ خریدنے کی پیش کش کی جاتی لیکن جس رفتار سے ٹکٹ بک رہے تھے اس سے تو یہی لگ رہا تھا کہ شائد ہال ہماری یونیورسٹی کے طلباء سے ہی بھر جائے گا۔میں اِسی جمع تفریق میں پڑا ہوا تھا کہ میرے موبائل پر کوئی انجان نمبر جگمگانے لگا......''ہیلو......''''کیا تم آیان بول رہے ہو......''''ہاں......میں آیان ہوں...... لیکن تم کون؟......''''میری شناخت کی فکر چھوڑ دو...... بس اتنا جان لو کہ ہم سب تمہاری شہہ رگ کے آس پاس رہتے ہیں اور ہمارا دل تمہارے دل کے ساتھ دھڑکتا ہے...... تمہارے درد کو محسوس کر کے ہی ہم نے تم لوگوں کی مدد کا سوچا ہے...... لیکن تم یہ کس ہیر پھیر میں پڑ گئے ہو...... تم کیا سمجھتے ہو کہ زیادہ سے زیادہ ٹکٹ حاصل کر کے تم ان لوگوں کو اُس ملعون حرکت سے روک پاؤ گے......؟ نہیں...... یہ وہ لاتوں کے بھوت ہیں جن پر کوئی بات اثر نہیں کرتی...... دین قربانی مانگتا ہے نوجوان...... اور ہم سب تم لوگوں کی طرف سے قربانی دینے کے لیے تیار ہیں...... پھر یہ ہچکچاہٹ کیسی؟؟''

میں دوسری طرف کی بات سنتے ہی سمجھ گیا تھا کہ یہ اُسی گروپ کا فون ہے جو خود کو جہادی کہتا ہے۔میں نے اس کی بات ختم ہونے کا انتظار کیا......''تم اگر واقعی مدد کرنا چاہتے ہو تو صرف ہماری شناخت پر لگے اس جنون اور انتہا پسندی کے دھبے کو مٹانے میں ہماری مدد کرو...... تمہارا ایک دھماکہ چند جسم تو ضرور فنا کر دے گا لیکن ہمارے خلاف پلتی سوچ اور نفرت میں ہزار گنا اضافہ کر جائے گا...... پھر شائد ہم میں سے کوئی اس سوچ کو مٹانے کے لیے یہاں موجود بھی نہ ہو...... لہٰذا اپنا ارادہ بدل دو...... مجھے تم لوگوں سے صرف اچھی دُعا کی ضرورت اور اُمید رہے گی......'' دوسری جانب سے بھی میری بات اطمینان سے سُنی گئی۔''تم بہت بڑی غلطی کر رہے ہو کونسلر...... ان کتابی باتوں کا اثر وہاں ہوتا ہے جہاں اگلے کی نیت فلاح پانے کی ہو...... لیکن تم جن لوگوں سے لڑ رہے ہو...... اُن کی نیت میں ہی فتور ہے...... اُن



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کے قلب سیاہ ہو چکے ہیں اور اب اُن کا علاج صرف اچانک اور ایک بجلی کی طرح چمکتی قضاء ہے...... اور تم اس قضاء کا راستہ روکنے کی حماقت کر رہے ہو...... جلد یا بدیر انہیں ہمارے ہاتھوں جہنم واصل ہونا ہے...... لہٰذا تم خود کو اس اُلجھن سے دور ہی رکھو تو بہتر ہوگا......"

میں نے حتمی لہجے میں بات ختم کی "میں تمہارے ساتھ کسی جائز اور ناجائز کی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔ نیتوں کا حال اللہ ہی بہتر جانتا ہے، سو میں تو یہی دعا کروں گا کہ رب اُن کی نیت بھی ہمارے حق میں بہتر کر دے جو ہماری شناخت مٹانے کے درپے ہیں۔ میری اور تمہاری لڑائی کا میدان الگ ہے...... اور اگر ہم دونوں کی نیت ایک ہے تو پھر ایک دوسرے کا راستہ کاٹنے سے فائدہ نہیں...... دوبارہ مجھے فون نہ کرنا......" میں فون بند کرنے لگا تو اُس نے کڑک کر کہا "سنو لڑکے...... تم پچھتاؤ گے"۔ لیکن میں نے اس کی بات پوری ہونے سے قبل لائن کاٹ دی۔ دن لمحوں کی طرح گزرنے لگے اور پھر آخر کار سیمینار سے قبل والی شام بھی آ پہنچی۔ ہم سب مسلم ہاسٹل کے دالان میں جمع اپنے ٹکٹ گن رہے تھے۔ کل صبح کی تقریب کے لیے یونیورسٹی انتظامیہ نے تمام تیاریاں مکمل کر لی تھیں۔ شہر کے بڑے اور مشہور یہودی اور عیسائی علماء کو بھی تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ میں نے ان چند دنوں میں ڈین سے ملنے کی بارہا کوشش کی لیکن مجھے ہر بار ناکامی ہوئی تھی۔ میں اپنے شوکاز نوٹس کا جواب داخل کرانے کے لیے خاص طور پر روزانہ صبح و شام اس کے دفتر کے چکر لگاتا رہا لیکن مجھے اپنا جواب ڈیسک پر جمع کروانے کی ہدایت دے دی گئی۔ صاف ظاہر تھا کہ ڈین جان بوجھ کر سیمینار سے پہلے کسی وضاحت سے بچنے کے لیے مجھے ٹال رہا ہے۔ لڑکوں کی بے چینی بھی حد درجہ بڑھ چکی تھی مگر وہ میرے کسی بھرم کی خاطر اپنے لبوں کو سیئے ہوئے تھے۔ لیکن میں جانتا تھا یہ خاموشی کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ ثابت ہونے والی ہے۔ احمر نے ٹکٹ گن کر مایوسی سے سر ہلایا۔ "ہم صرف چھ سو ستر 670 ٹکٹ خرید پائے ہیں آیان...... اگر تمہارا ارادہ ہال کی زیادہ سے زیادہ نشستیں خرید کر انتظامیہ پر دباؤ بڑھانے کا تھا تو ہمارا یہ منصوبہ ناکام ہو چکا ہے......" اتنے میں مسلم گروپ کی لڑکیاں دوسری یونیورسٹی کی لڑکیوں کے ساتھ صنم کبیر کی سربراہی میں مسلم ہاسٹل کی راہداری میں داخل ہوئیں۔ صنم کبیر نے اپنے بیگ سے ٹکٹ نکال کر لہرائے اور خوشی سے بولی "ہمارے تین سو بیس 320 ٹکٹ بھی شامل کر لو...... یہ دوسری یونیورسٹی کی مسلم لڑکیوں کی محنت کی کمائی ہے......" بلال نے تمام ٹکٹ یکجا کر کے لہرائے "نو سو نوے 990......" ہم سب نے پریشانی سے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ ہال میں مسلم اکثریت حاصل کرنے کے لیے ہمیں اب بھی تقریباً چھ سو ٹکٹ درکار تھے۔ احمر کا اندازہ ٹھیک تھا۔ میرے ذہن میں جو منصوبہ تھا اس کے لیے کثیر تعداد میں ٹکٹوں کا ہونا بہت ضروری تھا۔ لیکن ہم سب دو ہفتے کی سر توڑ کوشش کے بعد صرف ایک تہائی ٹکٹ جمع کر سکے تھے۔ ہال کی دو ہزار دس نشستیں اب بھی کسی اور کے پاس تھیں۔ بلال کی اطلاع کے مطابق ٹکٹ ختم ہو چکے تھے۔ احمر نے مایوسی سے سر ہلایا "ہم ہار گئے آیان......" اور ٹھیک اسی لمحے دروازے کی جانب سے آواز اُبھری "نہیں...... ہمارے ہوتے ہوئے آیان کبھی ہار نہیں سکتا......" ہم سب نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا۔ اور دروازے میں کھڑے فرد کو دیکھ کر ہم سب پریشانی میں اپنی جگہوں سے کھڑے ہو گئے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# باب20

ہاسٹل کے بیرونی دروازے پر شمعون اور جارج اپنے گروپ کے چند لڑکوں کے ساتھ کھڑے تھے، ہم سب یہودی اور عیسائی کونسلر کو ایک ساتھ مسلم ہاسٹل میں ایسے وقت دیکھ کر پریشان ہو گئے کیونکہ ہم نے اب تک اپنا ٹکٹ جمع کرنے کا منصوبہ ہر ممکن حد تک خفیہ رکھنے کی کوشش کی تھی۔ احمر نے کڑک دار آواز میں کہا "تم لوگ اس وقت یہاں کیا کر رہے ہو......؟"۔ وہ لوگ اندر داخل ہو گئے، شمعون میرے مقابل آ کھڑا ہوا "آیان...... تم نے اُس دن کہا تھا کہ پُروا نے صرف ہماری دشمنی ختم کرنے کے لیے اپنی جان داؤ پر لگا دی لیکن ہم اتنے کم ظرف نکلے کہ ہم اُسے دیکھنے ہسپتال بھی نہ جا سکے۔ آج ہم نے وہ داغ دھو دیا ہے دوست...... میں مائیکل اور جارج کے ساتھ ابھی ہسپتال سے واپس لوٹا ہوں۔ پُروا تو ہمیں پہلے معاف کر چکی ہے...... لیکن اس کی دشمنی ختم کرنے کی شرط پوری کرنے کے لیے میں خود یہاں چل کر آیا ہوں...... کیا ہم بیتی باتیں بُھلا نہیں سکتے......؟" تمام مسلم لڑکے لڑکیاں تذبذب کی کیفیت میں گم سُم کھڑے تھے۔ پھر میں نے ہی آگے بڑھ کر شمعون کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا "نظریات کا اختلاف اپنی جگہ...... لیکن ہماری تم لوگوں سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں ہے...... ہم مسلم تو اِس وقت اپنی شناخت کی جنگ لڑ رہے ہیں...... مطمئن رہو...... ہمارے دل بہت بڑے ہیں...... تم سے کوئی گلہ باقی نہیں......" میں بات ختم کر کے واپس پلٹا لیکن شمعون کی بات نے میرے قدم روک لیے۔ "اپنی اس جنگ میں ہمیں شامل نہیں کرو گے آیان......" میں چونک کر واپس پلٹا۔ شمعون کے ہاتھ میں بہت سارے ٹکٹ لہراتے نظر آئے "یہ وہ ٹکٹ ہیں جو یہودی اور عیسائی گروپ کے طلباء نے سیمینار میں شرکت کے لیے خریدے تھے۔ تم نے اُس دن ٹھیک کہا تھا کہ ہم میں سے شائد کوئی ایک بھی ایسا نہیں ہے جو اپنے مذہب کی تعلیمات پر پُورا اُتر سکے...... یا اپنے دل میں اپنے مذہب کا پورا درد رکھتا ہو، ہم واقعی ایک بھیڑ چال کا شکار ہیں۔ لیکن میں آج ذاتی طور پر اس مخالفت برائے مخالفت کا خاتمہ کر رہا ہوں۔ پُروا نے مجھے بتا دیا ہے کہ تم لوگ زیادہ سے زیادہ ٹکٹ جمع کرنے کے مشن میں مصروف ہو...... میں تم لوگوں کے لیے اور تو کچھ نہیں کر سکتا۔ بس یہ ٹکٹ حاضر ہیں...... اسے پُروا کے زخموں کا بدلہ ہرگز نہ سمجھنا...... یہ بس ایک کفارہ ہے...... شاید "مُقدّس" کو مقدس سمجھنے کی طرف ہمارا یہ پہلا قدم ہے......" شمعون میرے ہاتھ میں ٹکٹ تھما کر تیزی سے پلٹا اور اس کے پیچھے اس کے سارے ساتھی بھی چل پڑے۔ میں نے اسے آواز دے کر روکا "بات سُنو یہودی کونسلر......" شمعون ٹھٹھک کر رُک گیا۔ سارے ماحول پر شدید تناؤ چھا گیا۔ میں چند قدم چل کر شمعون کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ کچھ دیر تک ہم ایک دوسرے کو دیکھتے رہے اور پھر میں نے اپنا ہاتھ شمعون کی جانب بڑھا دیا۔ شمعون کی آنکھوں میں خوشی کی تیز چمک لہرائی اور اگلے ہی پل اس نے میرا بازو کھینچ کر مجھے اپنے گلے لگا لیا۔ چاروں طرف سیٹیوں اور تالیوں کا ایک شور سا مچ گیا۔ صنم کبیر کے ہر لحہ تیار آنسو چھلک پڑے اور مجھے یوں لگا کہ شمعون اور جارج کے ہمارے ساتھ مل جانے سے ہم آدھی جنگ پہلے ہی جیت گئے ہیں۔ میں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شمعون اور جارج کو رخصت کرنے کے لیے ہاسٹل کے گیٹ سے باہر نکل آیا۔ جارج نے جاتے جاتے دھیرے سے میرے کان میں کہا "پتا نہیں مجھے تمہیں یہ بات بتانی چاہیے کہ نہیں...... لیکن مجھے شک ہے کہ تمہارا بھائی بسام سی۔آئی۔اے والوں کے چنگل میں پھنستا جا رہا ہے۔ اس سیمینار کی مہم کے دوران میں نے کئی بار اُسے کچھ مشکوک لوگوں سے بات کرتے دیکھا ہے: شائد یہ میرا وہم ہو...... لیکن میں نے تمہیں بتانا ضروری سمجھا......" جارج میرا شانہ تھپتھپا کر آگے بڑھ گیا اور میں ان گنت سوالوں کی سُولی پرو ہیں ٹنگا رہ گیا۔ قدرت کب، کس وقت اور کیسے کسی کی کایا پلٹ دیتی ہے، یہ ہم انسان کبھی نہیں جان پائے...... کل تک جو میرے بدترین دشمن تھے، پُروا کی قربانی کی وجہ سے وہ آج میرے شانے سے شانہ ملائے کھڑے تھے، مگر میرا اپنا خُون مجھے چھوڑ کر میرے دشمنوں کے ساتھ جا ملا تھا۔ میرے وجود میں دُکھ کی ایک شدید تیز لہر کسی نیزے کی طرح رُوح کی گہرائیوں تک پیوست ہوگئی۔ لیکن جنگ میں سپاہی اپنے رِستے لہو کے قطرے اور کُھلے زخم نہیں گِنا کرتے۔ انہیں تو بس آگے بڑھنا ہوتا ہے، جنگیں رشتوں کو مدِ نظر رکھ کر نہیں لڑی جاتیں، سُو میں بھی آگے بڑھ گیا۔ ہاسٹل میں احمر اور بلال ٹکٹ گِن رہے تھے، انہوں نے مجھے دیکھ کر خوشی سے نعرہ لگایا "مبارک ہو آیان...... ہمارے پاس اب پورے دو ہزار نوسو ننانوے ٹکٹ موجود ہیں۔ صرف ایک ٹکٹ کم ہے لیکن اب پورا ہال ہمارے قبضے میں ہی ہوگا......" صنم کبیر نے جلدی سے اپنے بیگ میں سے یونیورسٹی کے سب سے بڑے ہال کے انتظامی منشور کا کتابچہ نکال کر پڑھا...... کاش یہ آخری ٹکٹ بھی ہمارے پاس ہوتا تو ہم یونیورسٹی کے آڈیٹوریم قوانین کی رُو سے تمام ہال کو باقاعدہ سیل بھی کروا سکتے تھے۔ کیونکہ اس منشور میں صاف درج ہے کہ اگر کسی بھی فرد یا گروہ کے پاس نشستوں کی فروخت کی صورت میں پورے ہال یا مکمل تین ہزار نشستوں کے حقوق حاصل ہوں، تو وہ اُس خاص پروگرام یا ایونٹ Event کے لیے اُس مخصوص دن کی حد تک ہال کی ملکیت حاصل کر سکتے ہیں...... لیکن اگر ایک ٹکٹ یا نشست بھی کسی دوسرے فرد یا گروہ کی ملکیت ہو تو پھر باقی تمام ٹکٹ حاصل کرنے کے باوجود اکثریتی گروپ اُس روز اس پروگرام یا تقریب کے لیے ہال کے سارے حقوق حاصل نہیں کر سکتا......" احمر نے جوشیلے لہجے میں سب کو مخاطب کیا "لیکن ہمارے پاس ابھی پوری رات پڑی ہے...... ہم کوشش تو کر سکتے ہیں اس آخری ٹکٹ کو پانے کی...... ہمیں مختلف ٹولیوں میں بٹ کر وہ ٹکٹ تلاش کرنا ہوگا اور اس آخری ٹکٹ کی جتنی بھی قیمت لگے...... ہمیں اُسے حاصل کرنا ہی ہوگا...... صرف اسی صورت ہم یونیورسٹی انتظامیہ اور اس ڈینش این۔جی۔او کو مُنہ توڑ جواب دے سکیں گے......" سارا گروپ اپنی اپنی بولیاں بول رہا تھا جب کہ میرے ذہن میں صرف ایک ہی خدشہ بار بار سر اُٹھا رہا تھا کہ کہیں اگر وہ آخری ٹکٹ خود ڈین یا یونیورسٹی انتظامیہ کی ملکیت ہوا، تو پھر ہم کیا کریں گے......؟؟ شام ڈھلنے لگی تھی اور آسمان پر گلابی بادلوں کی دھند ایک بار پھر برف باری کی پیشین گوئی کر رہی تھی۔ میں نے صنم کبیر سے کہا کہ میں ایک آخری کوشش کے طور پر بسام سے ملنا چاہتا ہوں۔ لڑکے اور لڑکیاں آخری ٹکٹ کی کھوج میں ٹکڑیوں میں بٹ کر روانہ ہو چکے تو میں اور صنم کبیر بھی ہاسٹل سے نکل آئے۔ مغرب کا وقت ہو چکا تھا اور ہوا کے ساتھ آسمان سے ہلکے پھلکے برف کے گالے بھی اُڑ اُڑ کر ہمارے سروں میں چاندی بکھیرنے لگے تھے میں اپنے اپارٹمنٹ کی بیرونی سڑک پر ہی رُک گیا۔ جہاں کافی بنانے کی خود کار مشین سے نشیلا دھواں اٹھ رہا تھا۔ صنم بسام کو بلانے کے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

لیے اوپر چلی گئی اور جب تک بسام اس کے ساتھ نیچے واپس آیا، برف باری تیز ہو چکی تھی، میں نہ جانے کن خیالات میں گم تھا۔ مجھے پتا ہی نہیں چلا کہ میں فٹ پاتھ پر نصب جس بینچ پر بیٹھا ہوا ہوں اسے برف نے مکمل ڈھک لیا ہے۔ بسام نے قریب آ کر میرا نام لیا تو میں چونک کر کھڑا ہو گیا۔ صنم کبیر کچھ فاصلے پر بنے شیشے کے چوبارہ نما بس اسٹاپ کی چھت کے نیچے کھڑی رہی، لیکن میں اتنی دُور سے بھی دُعا کے لیے اس کے تیزی سے ہلتے لبوں کی جنبش محسوس کر سکتا تھا۔ میں اور بسام کچھ دیر خاموش رہے۔ پھر بسام نے ہی بات شروع کی۔

''کیسے ہو......؟......'' ''ٹھیک ہوں...... بس ہر سردی کے ساتھ آنے والے فلو نے تنگ کر رکھا ہے......'' بسام نے اپنی پریشانی چھپانے کی کوشش کی ''تم اپنا خیال بھی تو نہیں رکھتے......، سارا دن اور ان برفیلی شاموں میں بائیک دوڑاتے پھرو گے تو یہی ہو گا......'' پھر بائیک کا ذکر کرتے ہی بسام خود چونک سا گیا اور ادھر اُدھر دیکھ کر بولا ''تمہاری بائیک کہاں ہے؟......'' ''میں نے بائیک بیچ دی ہے یار......'' بسام کو حیرت کا ایک شدید جھٹکا لگا۔ وہ جانتا تھا کہ میری زندگی میں اُس بائیک کی کتنی اہمیت تھی جسے میں بسام کو بھی چھونے نہیں دیتا تھا۔ ''کیا......؟؟؟...... تم نے بائیک بیچ دی...... مگر کیوں......؟؟؟''

''میرے گروپ نے سیمینار کے زیادہ سے زیادہ ٹکٹ جمع کرنے کا بیڑا اٹھایا مگر میرے پاس بیچنے کے لیے اور کچھ بھی نہیں تھا...... سو بائیک بیچ دی......'' بسام ابھی تک حیرت اور دُکھ سے میری جانب دیکھ رہا تھا...... ''یہ تم نے ٹھیک نہیں کیا...... آج تمہیں دیکھ کر کون اس بات پر یقین کرے گا کہ یہ وہی لڑکا ہے جو سارے شہر کے سو جانے کے بعد اپنی بائیک پر آوارہ گردی کے لیے نکلا کرتا تھا...... تم کتنا بدل گئے ہو آیان......'' میں نے کہیں دُور خلاء میں دیکھتے ہوئے کہا ''شائد وقت ہر چیز بدل دیتا ہے...... خون کے رشتے بھی...... ایسا نہ ہوتا تو آج تم میرے خلاف سی۔ آئی۔ اے کا ساتھ نہ دے رہے ہوتے مجھے سی۔ آئی۔ اے، ایف۔ بی۔ آئی یا کسی بھی ایسی دوسری ایجنسی کا کوئی خوف نہیں ہے...... لیکن میں آج آخری بار تمہیں صرف یہ بتانے کے لیے یہاں آیا ہوں کہ یہ لوگ اپنے سوا کسی اور کے نہیں ہوتے...... جانے انہوں نے تمہیں کس موقعے اور کس مقام کے لیے تیار کرنے کی ٹھانی ہے...... لیکن یاد رکھنا کہ یہ ایجنسیاں خود کسی جنون کی پیداوار ہیں...... یہ لوگ ہم مسلمانوں پر انتہا پسندی کا الزام لگاتے ہیں لیکن درحقیقت یہ خود نفرت کے جنون کی ایک زندہ مثال ہیں...... ہو سکے تو ان سے بچ کر رہنا......'' برف نے ساری سڑک اور آس پاس کی ہر شے سفیدے سے ڈھک دی تھی۔ میں بات ختم کر کے واپس پلٹا تو میرے قدموں کے نشان برف میں ثبت ہو گئے۔ بسام نے مجھے آواز دی ''ٹھہرو آیان......'' میں رُکا...... بسام کی آواز میں درد تھا ''گھر واپس لوٹ آؤ یار...... یہ ہم دونوں کن مخالف سمتوں میں چل پڑے ہیں۔ میں سی۔ آئی۔ اے کے ساتھ صرف اس لیے رابطے میں ہوں تا کہ وہ لوگ تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں...... لیکن بات میرے ہاتھ سے بھی نکلتی جا رہی ہے...... پولیس آج کل جگہ جگہ مسلم طلبا کو انتہا پسندوں سے روابط رکھنے کے الزام میں گرفتار کر کے انہیں عمر بھر کے لیے جیلوں میں ڈال رہے ہیں اور کون جانے کہ انتہا پسندی کا یہ چارہ بھی خود یہی ایجنسیاں تیار کرتی ہوں...... یہ لوگ اپنی حفاظت کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں آیان...... اُن کے راستے کی رُکاوٹ نہ بنو...... میری بات مان جاؤ...... میں نے دُکھ کے ساتھ اپنے بھولے بھیا کو دیکھا ''حیرت



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہے..... جب تم یہ سب کچھ جانتے ہو..... پھر بھی ان کا ساتھ کیوں دے رہے ہو.....؟'' ..... اس لیے کہ یہ ان کا ملک ہے..... میں اور تم بھی امریکی ہیں اور یہ ہر امریکی کا حق ہے کہ وہ چین اور سکون سے اپنے ملک میں زندگی گزارے.....''میں نے زور دے کر کہا''۔ ہاں..... یقیناً یہ ہر امریکی کا حق ہے..... لیکن شائد ہر مسلمان امریکی کا نہیں..... بہرحال..... میں تم سے مزید کوئی بحث نہیں کروں گا..... ہم دونوں اپنا اپنا راستہ چُننے کا حق رکھتے ہیں..... میں نے اپنے مذہب کے لیے امریکی قوانین کے اندر رہ کر لڑنے کا راستہ چُنا ہے..... مگر تمہارا راستہ کیا ہے..... یہ فیصلہ تمہیں خود کرنا ہے.....''بسام کا لہجہ تلخ ہو گیا۔''کس مذہب کی حفاظت کی بات کر رہے ہو تم.....؟ وہ..... جس پر عمل کیے سالوں بیت چکے.....؟..... جسے آج تک تم نے کسی ناگوار فریضے کے طور پر برائے نام ابھی ادا نہیں کیا.....؟..... جس کے فرائض تو در کنار..... بنیادی ارکان کو سمجھنے کی بھی توفیق نہیں ہوئی تمہیں.....؟ اور آج تم اُسی مذہب کی حفاظت کا بیڑہ اٹھا رہے ہو.....؟ حیرت ہوتی ہے مجھے تمہاری ان باتوں پر آیان.....''میں سر جھکائے بسام کی بات سنتا رہا۔ زمین پر ہمارے قدموں کے اردگرد برف کا گڑھا ابھرتا جا رہا تھا۔''ہاں..... تم ٹھیک کہہ رہے ہو..... یہ وہی مذہب ہے، جس پر میں نے کبھی عمل کرنے کا سوچا تک نہیں تھا..... جسے میں آج تک برائے نام بھی پورے دل سے ادا نہیں کر سکا..... اور جس کے بنیادی ارکان کو اپناتے اپناتے میرا جیون بیت گیا..... لیکن اس میں میرا کیا قصور ہے بسام..... کیا مجھے آج تک تم امریکہ میں آ کر اسی ست رنگی زندگی کے جال میں خود کو الجھا نہیں بیٹھے تھے.....؟..... گھر میں صرف ہماری ماں تھی جو اس دین سے ہمارے تعلق کا ایک واحد ذریعہ تھیں..... لیکن کیا ہم دونوں نے کبھی ان کی بات ہی غور سے سُنی تھی.....؟..... میرے، تمہارے اور ہم جیسے لاکھوں کروڑوں نوجوانوں کے پاس مذہب یا اسلام کا کریڈٹ ہی کتنا ہے..... صرف یہی کہ ہمیں خُدا نے کسی مسلمان گھرانے میں پیدا کر کے ہماری مُشکل آسان کر دی۔ ورنہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتاؤ کہ اگر ہم کسی عیسائی یا یہودی گھرانے میں پیدا ہوتے تو کیا تب بھی ہمارے اندر اتنی جرأت اتنی روشنی ہوتی کہ ہم خود اپنی کھوج کے بل پر اس مذہب کے دروازے سے اندر داخل ہو پاتے.....؟؟۔ کم از کم میں تو خود میں ایسی کوئی سچائی کی جوت جلتے ہوئے نہیں دیکھتا..... لیکن آج اگر قدرت نے خُود مجھے ایک موقع دیا ہے کہ میں اپنے دین کے لیے یہ چھوٹی سی خدمت اور کارگزاری دکھا سکوں تو کیا مجھے یہ سوچ کر رُک جانا چاہیے کہ مجھے تو فرض نماز کی پوری رکعتیں بھی یاد نہیں رہتیں..... میں دو کلموں کے بعد تیسرے کلمے پر ہی گڑبڑا جاتا ہوں..... مجھے وضو کے فرض اور سنتوں کا فرق پتا نہیں ہے یا میں نے آج تک روزہ نہیں رکھا، زکوٰۃ نہیں دی.....؟ اگر تقدیر نے موقع اور قدرت نے توفیق دی تو ایک دن یہ سب بھی سیکھ ہی جاؤں گا۔ لیکن میرے مُقدر نے مجھے اس کل ہونے والے سیمینار کے ذریعے اپنے مذہب سے روشناس ہونے کا ایک موقع فراہم کیا ہے۔ شائد اگر ہم پاکستان میں ہوتے تو میں بھی ہر عام مسلمان کی طرح کلمہ، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے ترتیب سے دین کو سمجھ پاتا..... لیکن ہم امریکہ میں پلے بڑھے ہیں بسام..... لہٰذا مجھے اتنی رعایت تو دو کہ میں اپنی خامیوں پر قابو پانے کی کوشش کر سکوں..... کل وہ جس دین پر کیچڑ اُچھالنے جا رہے ہیں..... وہ تمہارا بھی مذہب ہے..... اور جس عظیم الشان ہستی ﷺ اور جس خاتم النبیین ﷺ پیغمبر کی شان میں (نعوذ باللہ) گستاخی کی کوشش کی جا رہی ہے وہ صرف میرے تمہارے نہیں، ساری



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کائنات کے نبی آخرالزمان ﷺ ہیں۔ اب یہ تمہاری مرضی ہے کہ تم ہماری صف میں کھڑے ہوکر ہمارے ساتھ لڑتے ہو یا پھر ہمارے دشمنوں کے ساتھ کھڑے ہوکر ہمارا تماشہ دیکھتے ہو...... ہاں...... البتہ دونوں صورتوں میں تم مسلمان ہی کہلاؤ گے......'' میں بسام کے جواب کا انتظار کئے بنا ہی وہاں سے لمبے لمبے ڈگ بھرتا، برف پر اپنے جوتوں کے نشان بناتا دوسری سمت بڑھ گیا۔ شائد صنم کبیر بھی میرے نقشِ قدم پر چل پڑی تھی۔ تبھی مجھے اُسے پُکارتی بسام کی آواز سنائی دی لیکن صنم کبیر نہیں رُکی۔ جب تک ہم دونوں صنم کی دُور پارک کی گئی کار تک پہنچے، ہم تیز گرتی برف سے ڈھکے جا چکے تھے...... صنم نے مجھ سے کہا'' چلو میں تمہیں ہاسٹل تک چھوڑ دیتی ہوں......'' اس کی بھیگی پلکیں بتا رہی تھیں کہ اس نے بسام کی پکار پر نہ رُکنے کے لیے اپنے اندر کتنی بڑی جنگ لڑی ہے، میں نے گاڑی کا دروازہ کھولا اور ٹھیک اُسی لمحے میرے موبائل پر احمر کا نمبر جگمگانے لگا۔ ''ہیلو'' دوسری جانب سے احمر کی پریشانی سے بھرپور آواز اُبھری'' آیان...... تم اس وقت کہاں ہو......؟......'' ''اپنے اپارٹمنٹ کی بیرونی سڑک پر...... کیوں......؟ خیریت......؟...... نہیں...... سب ٹھیک نہیں ہے...... نیو یارک پولیس نے تمہیں گرفتار کرنے کے لیے کچھ دیر قبل مسلم ہاسٹل پر چھاپہ مارا ہے...... ان کے ساتھ کچھ سادہ لباس والے اور وہ آفیسر فورڈ بھی ہے جو تم سے ملنے اُس روز ہسپتال آیا تھا...... تم وہاں سے جلدی نکلنے کی کوشش کرو...... کیونکہ یہاں ناکامی کے بعد یہ لوگ ضرور تمہارے گھر پر بھی دھاوا بولیں گے، اور ہاں...... مسلم ہاسٹل کی طرف بالکل نہ آنا...... یہ لوگ ساری رات یہاں پہرے کا منصوبہ بنا کر آئے ہیں...... تم گراؤنڈ زیرو پہنچنے کی کوشش کرو...... ہم کچھ انتظام کرتے ہیں......'' احمر نے جلدی میں فون بند کر دیا۔ میں نے حیران پریشان سی کھڑی صنم کبیر کو ساری بات بتائی، اُسے غصہ آ گیا۔'' میں جانتی تھی...... یہ لوگ سیمینار سے پہلے ہمارے خلاف کریک ڈاؤن ضرور کریں گے...... اور ہماری کمر توڑنے کا اس سے بہترین طریقہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ ہمارے کونسلر کو ایک رات پہلے گرفتار کر کے اس سیمینار کی سازش کو کامیاب بنایا جائے...... صنم کبیر تنگ گلیوں کے درمیان گاڑی دوڑاتے ہوئے گراؤنڈ زیرو کی طرف بڑھتی رہی ہم مرکزی شاہراہوں پر پولیس کی موجودگی نظر انداز نہیں کر سکتے تھے اور میں کل یونیورسٹی جائے بنا کسی بھی حال میں گرفتاری نہیں دینا چاہتا تھا۔ ہم گراؤنڈ زیرو پہنچے تو گھڑیاں رات کے بارہ بجا چکا تھا۔ چوراہے کے گرد تیز زرد رنگ کی طاقت ور لائٹس نے آس پاس گرتی برف پر بھی نارنجی رنگ چھڑک کر اُس میں آگ سی لگا رکھی تھی۔ صنم کبیر میرے ساتھ وہاں رُکنا چاہتی تھی لیکن میں نے زبردستی اُسے گھر واپس بھجوا دیا، کیونکہ میری آج رات گرفتاری کی صورت میں اُسے کل صبح بہت اہم ذمہ داری نبھانا تھی۔ وہ جاتے جاتے بھی مُڑ مُڑ کر میری جانب دیکھتی رہی اور پھر اس کی کار سفید دُھند میں کہیں غائب ہوگئی۔

میں نے اپنی جیکٹ کے کالر اونچے کر کے زِپ اوپر تک کھینچ لی۔ تیز برچھی جیسی ہوا میرے روئیں روئیں کو کاٹنے لگی تھی تقریباً ڈیڑھ بجے کے قریب ایک سیاہ ویگن گراؤنڈ زیرو کے چوراہے کے گرد گھومتی گول سڑک پر نمودار ہوئی۔ ایک لمحے کو تو مجھے ایسا لگا کہ جیسے وہ فورڈ کی گاڑی ہو۔ لیکن قریب آنے پر اس میں سے میرے پرانے چار یار، وفادار برآمد ہوئے۔'' بے آیان...... سوری ہمیں آنے میں کچھ دیر ہوگئی۔ نیو یارک پولیس سارے شہر میں تمہاری تلاش میں بھٹک رہی ہے...... ہمیں بھی یہاں سے نکلنا ہوگا......'' میں بنا کچھ کہے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

گاڑی میں بیٹھ گیا۔ ایرک نے مجھے راستے میں بتایا کہ پولیس کی پوری کوشش ہے کہ مجھے کل صبح یونیورسٹی میں داخل ہونے سے پہلے گرفتار کرلیا جائے کیونکہ یونیورسٹی میں داخلے کے بعد تین ہزار طلباء کی موجودگی میں مجھے کیمپس سے گرفتار کرنا اُن کے لیے کافی مشکل ثابت ہوسکتا تھا۔ جینی خود وین ڈرائیو کررہی تھی، اُس نے ویسٹ اور بیچ کی جانب سے لمبا موڑ کاٹا اور بولی ''لیکن تمہیں صبح یونیورسٹی کیمپس میں اتنے سخت کڑے پہرے میں داخل کرنا بھی ناممکن ہوگا...... اس لیے ہم نے ایک آخری جُوا کھیلنے کا فیصلہ کیا ہے...... ہم آج رات ہی تمہیں دوبارہ مسلم ہاسٹل میں کسی بھی طرح پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ پولیس وہاں کی تلاشی کے بعد کافی حد تک مطمئن ہوچکی ہوگی اور ان کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوگا کہ تم دوبارہ وہاں آ ؤ گے...... اور صبح یونیورسٹی کھلتے ہی تمہیں اندرونی راستے سے کیمپس پہنچا دیا جائے گا۔ ایک بار تم یونیورسٹی کی چاردیواری میں داخل ہو جاؤ...... پھر سارے نیویارک کی پولیس اور ایجنسیاں مل کر بھی تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں''۔ ''لیکن انہوں نے مجھ پر الزام کیا لگایا ہے؟...... اچانک ایسا کیا گناہ سرزد ہوگیا مجھ سے کہ انہیں یوں راتوں رات میری تلاش میں سارا شہر چھاننے کی ضرورت پیش آ گئی......؟'' ...... فرہاد کھڑکی سے باہر گرتی برف کے گالے اپنی مٹھی میں بند کرنے کی کوشش کررہا تھا'' تم پر مسلم انتہا پسندوں سے رابطے رکھنے کا الزام ہے...... سی۔ آئی۔ اے کی اطلاع کے مطابق تم نے کسی جنونی گروپ کے ساتھ مل کر کل کے سیمینار کو بم دھماکے سے سبوتاژ کرنے کا منصوبہ بنایا ہے......'' فرہاد کی بات سن کر خود میرے سر میں بیک وقت کئی دھماکے ہوئے۔ میں نے انہیں حافظ شکیل کو آنے والی کال اور اس کے بعد کا سارا واقعہ سنا دیا۔ جم نے پریشانی سے میری طرف دیکھا ''پھر تو یہ واقعی بہت پریشانی کی بات ہے...... اب آگے کیا ارادہ ہے......؟'' میں نے وین کے شیشے سے باہر برف کے جگنو گنتے ہوئے کسی گہری سوچ میں گم کہا۔ ''فی الحال تو مجھے صرف کل کے سیمینار کی فکر ہے...... ایک بار یہ معاملہ خوبی سے نبٹ جائے...... پھر آگے کی سوچیں گے...... مگر مجھے احمر نے فون پر بتایا تھا کہ پولیس نے ہاسٹل کے گرد کڑا پہرا لگا رکھا ہوگا...... کیا ایسی صورت میں ہم ہاسٹل میں داخل ہوسکیں گے......؟ ......'' جینی نے تیزی سے گیئر بدلا...... ''یہی پریشانی ہے مجھے بھی...... لیکن اتنا رسک تو شائد لینا ہی پڑے گا ہمیں......'' اچانک فرہاد کے سیل فون کی گھنٹی بجی، اس نے دوسری جانب کی بات سنی اور پھر پریشانی میں فون بند کردیا۔ ''پولیس نے شکیل بنگالی کو گرفتار کرلیا ہے، سوڈانی بلال اور مسلم گروپ کے چند دوسرے لڑکوں کو بھی گاڑیوں میں دھکیل دیا گیا ہے۔ پاکستانی زرک خان بھی ان میں شامل ہے......'' وین میں کچھ دیر سناٹا طاری رہا، صرف برف پر پھسلتے ٹائروں کی مدھم آواز کچھ اس طرح سنائی دیتی رہی جیسے بہت دُور کوئی جھرنا بہہ رہا ہو۔ مسلم گروپ کے لڑکوں کی گرفتاری نے ہم سب کو اندر سے جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں ایک جھماکا سا ہوا اور میں نے شدید پریشانی کے عالم میں فرہاد سے پوچھا۔ ''ہال کے جمع شدہ ٹکٹ کس کے پاس ہیں......'' فرہاد کا چہرہ بھی تاریک ہوگیا۔ ''ٹکٹ......؟ ٹکٹ تو ہم سبھی نے گن کر دوبارہ بلال کے حوالے کردیئے تھے...... اوہ میرے خدا...... کہیں پولیس کے ہاتھ بلال کے ساتھ وہ ٹکٹ بھی......'' فرہاد پریشانی میں خود اپنی بات بھی ختم نہ کرسکا۔ ٹکٹوں کی گم شدگی کی صورت میں یونیورسٹی آڈیٹوریم کے قوانین کے مطابق یونیورسٹی انتظامیہ کو یہ حق حاصل تھا کہ وہ اپنے طور پر نشستوں کی دوبارہ تقسیم کردے۔ انگریزی کے ایک محاورے کے مطابق ''مصیبتیں اور مشکلات کبھی تنہا نہیں آتیں''، شائد ہماری آج کی رات اس محاورے کو پوری طرح سچ ثابت کرنے پر تلی ہوئی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تھی۔ جینی نے ہاسٹل جانے والی سڑک پر گاڑی موڑی تو سامنے ہی ایک لمبی قطار میں نیویارک پولیس کی نیلی پٹیوں والی سفید کاریں کھڑی نظر آئیں۔ کاروں کی چھت پر لگی نیلی اور سرخ بتیوں کی گھومتی روشنیوں سے سارا ماحول جگمگا رہا تھا۔ ہاسٹل کے باہر کافی چہل پہل نظر آ رہی تھی اور پولیس کے علاوہ سادہ لباس والے بھی اِدھر اُدھر آتے جاتے اور سرگرداں دکھائی دے رہے تھے۔ ایک نے سرگوشی کی "یہ تو ابھی تک یہیں دھرنا دیے بیٹھے ہیں۔ اب کیا کریں......" جینی نے حتمی فیصلہ کر لیا۔ "آیان......تم گاڑی کے پچھلے حصے میں رکھی ترپال سے خود کو اچھی طرح ڈھک لو......اور جب تک میں خود تمہیں آواز نہ دوں......پچھلی سیٹوں کے درمیان ہی دُبکے رہنا۔ ہمیں کسی بھی حال میں اندر داخل ہونا ہوگا کیونکہ یہودی اور عیسائی ہاسٹل بھی احاطے کے اندر ہی ہیں......اگر وہ مسلم ہاسٹل کے باہر بھی پہرہ لگائے بیٹھے ہوئے تو ہم ہاسٹل بدل بھی سکتے ہیں......لیکن یہ سب کیمپس میں داخلے کے بعد ہی ممکن ہوگا......" میں نے دل ہی دل میں اللہ کو یاد کیا اور جینی کی ہدایت کے مطابق پیچھے جا کر ترپال کا زرد آسمان خود پر اوڑھ لیا۔ گاڑی سٹارٹ ہو کر چند فرلانگ آگے بڑھی اور پھر ہاسٹل کا گیٹ آ گیا۔ کسی پولیس والے نے اپنے ہاتھ میں پکڑے بیٹن سے زور سے گاڑی کا دروازہ کھٹکھٹایا اور کڑک کر بولا۔

"ٹھہرو......کہاں سے آ رہے ہو تم لوگ......؟ کون کون ہے گاڑی کے اندر......؟ دروازہ کھولو......"

میں نے دم سادھ لیا۔ سخت سردی کے باوجود میری کن پٹی سے پسینے کا ایک قطرہ تیزی سے بہہ کر ترپال میں جذب ہو گیا۔ کسی نے گاڑی کا پچھلا دروازہ زوردار انداز کے ساتھ کھول دیا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ ہمارا کھیل یہیں ختم ہونے والا ہے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

# آخری باب

گاڑی کا دروازہ کُھلنے کی آواز کے ساتھ ہی جینی کی غصّے میں بھری آواز سُنائی دی۔

''کیا بات ہے آفیسر...... کیا آج پھر ان مسلمان انتہا پسندوں نے کوئی حرکت کی ہے......؟...... جان عذاب میں ڈال رکھی ہے ان جنونیوں نے......'' کسی دوسرے پولیس والے کی آواز سنائی دی۔''ہاں...... آگے کچھ گڑ بڑ ہے...... تم تینوں بھی سٹوڈنٹ ہو کیا......؟''۔ تین کا لفظ سن کر میں چونکا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ فرہاد کو وہ لوگ پہلے ہی اُتار چکے تھے۔ ایرک نے جواب دیا۔''ہاں میں ایرک، یہ جم اور وہ جینی...... اور یہ رہے ہمارے یونیورسٹی کارڈ...... لیکن تم نے بتایا نہیں...... معاملہ کیا ہے......'' پولیس والے نے بے زاری سے کہا''معاملہ کیا ہونا ہے...... وہی مذہبی جنونیت کا قصّہ...... اِن مسلمان لڑکوں نے تو ناک میں دم کر دیا ہے ساری نیو یارک پولیس کا...... تم لوگ اس وقت کہاں سے آ رہے ہو......''۔''ہم ذرا کلب تک گھومنے گئے تھے...... عیسائی ہاسٹل سے اپنے دوست کو لے جانے آئے ہیں...... آج جینی کی سالگرہ ہے اور ہم صبح تک ہلّہ گلّہ کریں گے...... تم بھی ہمارے ساتھ چلو آفیسر......'' پولیس والے زور سے ہنسے''سالگرہ مبارک ہو خوبصورت لڑکی...... پر ہمارے ایسے نصیب کہاں...... اچھا تم لوگ اندر جا سکتے ہو مگر مسلم ہاسٹل والی سڑک سے نہ جانا...... وہ راستہ سِیل کر دیا گیا ہے......'' جینی نے جواب دیا''ٹھیک ہے...... جیسا تم کہو...... میرا بس چلے تو ان سارے مسلم لڑکوں کو عمر بھر کے لیے رسٹی کیٹ کروا دوں...... ان کی وجہ سے ہمیں ہر جگہ جواب دہ ہونا پڑتا ہے...... کرے کوئی اور بھرے کوئی......'' پولیس والے نے وین کا پچھلا دروازہ دھکیل کر بند کر دیا''چلو اب اتنا غصّہ نہ کرو...... ان سے نپٹنے کے لیے ہم جو موجود ہیں...... تم اپنی سالگرہ کا جشن مناؤ......'' ایرک اور جم نے شکریہ ادا کیا اور جینی نے وین آگے بڑھا دی۔ اور پھر جب وین رُکی تو میں نے خود کو عیسائی ہاسٹل کے احاطے میں پایا۔ میں گاڑی سے باہر نکل آیا''تم تینوں کو کسی نوٹنکی میں اچھا موقع مل سکتا ہے...... یونیورسٹی کے بعد بھوکوں نہیں مرو گے......'' ایرک نے ڈھٹائی سے دانت نکالے''تو پھر طے رہا...... اس بار کے ڈرامہ فیسٹول میں جب ہم شیکسپیئر کا''میک بتھ Mecbith'' کھیلیں گے تو تم ہماری اداکاری دیکھنے ضرور آؤ گے......'' کچھ ہی دیر میں عیسائی کونسلر جارج نیچے احاطے میں پہنچ چکا تھا۔ ہم نے اُسے تمام صورتِ حال بتائی جس کی زیادہ تر تفصیل اُسے پہلے ہی معلوم تھی، اس نے ہمیں تسلی دی''ہاں...... یہ خبر مجھ تک پہنچ چکی ہے...... لیکن تم لوگ فکر نہ کرو...... آیان یہ رات یہیں ہمارے ہاسٹل میں گزار سکتا ہے اور صبح ہم سب اِسے عیسائی طلباء کے ہجوم کے ساتھ یونیورسٹی کیمپس بھی پہنچا دیں گے...... حقیقت تو یہ ہے کہ ہم سب عیسائی طلباء اس بات پر شدید حیران ہیں کہ ایک مسلم لڑکے کی گرفتاری کے لیے ساری نیو یارک کی پولیس اور ایجنسیاں اس قدر بے تاب کیوں ہو رہی ہیں...... کہیں یہ کسی''سچ'' کا خوف تو نہیں ہے......'' ہم چُپ رہے۔ وہ تینوں پولیس سے کچھ دیر کی اجازت لے کر اندر آئے تھے لہٰذا اُن کا جلدی واپس لوٹنا ضروری تھا ورنہ پولیس



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کو شک ہو سکتا تھا۔ جارج نے دکھاوے کے لیے ایک لڑکے کو ان کی گاڑی میں بٹھا دیا تا کہ واپسی پر پولیس والے انہیں روکیں بھی تو چوتھا فرد جسے لینے وہ ہاسٹل آئے تھے، ان کے ساتھ موجود ہو۔ جاتے ہوئے ہم اور ایرک نے خُوب بھینچ کر مجھے گلے لگایا۔ ''اپنا خیال رکھنا یار...... ہم صبح ہوتے ہی لوٹ آئیں گے...... سویرا ہونے میں بس کچھ گھنٹے باقی ہیں......'' میں دھیرے سے مُسکرایا'' کاش ہمارے مُقدر کا سویرا اتنا قریب ہوتا...... مجھے تو ابھی شام ڈھلنے کے آثار دکھائی دے رہے ہیں......'' میری بات سن کر اُن سے مزید وہاں رُکا نہ گیا اور وہ افسردہ سے گاڑی میں بیٹھ وہاں سے روانہ ہو گئے۔ جارج نے مجھے ایک خالی کمرے میں پہنچا دیا اور میں تمام رات آتش دان کی راکھ کرید کر کھڑکی سے باہر گرتی برف کا نظارہ دیکھتا رہا۔ برفیلے موسم کی صبح نہایت دُودھیا ہوتی ہے...... جیسے آسمان سے نُور کی برسات ہو رہی ہو۔ برف کی قلعی سارے ماحول کو اس قدر پاکیزہ بنا دیتی ہے جیسے اس کائنات پر کبھی کسی کے گناہ کا ایک سیاہ دھبہ بھی نہ لگا ہو۔ یہ اُجلا پن اور یہ دودھیا اُجالا انسان کی رُوح تک پُرنُور کر دیتا ہے اور کچھ دیر کے لیے ہم اپنے دامن پر لگا ہر داغ بھول جاتے ہیں۔ میں بھی اپنی رُوح کو اسی سفیدے سے اُجال رہا تھا جب جارج نے کیمپس جانے کے لیے میرے دروازے پر دستک دی۔ میرے کمرے کے باہر تقریباً سو سے زائد عیسائی طلبہ کا ہجوم جمع تھا جو اپنی آڑ میں مجھے کیمپس کے آڈیٹوریم تک لے جانے کے لیے آئے تھے۔ میں نے جارج کا نم پلکوں کے ساتھ شکریہ ادا کیا تو اس نے میرا شانہ تھپتھپایا'' یہ میرا فرض تھا مسلم کونسلر...... کیونکہ ہر مذہب اُس کے ماننے والوں کے لیے ''مقدس'' ہوتا ہے اور یہ ہم نے تم سے ہی سیکھا ہے......'' ہم لوگ عیسائی ہاسٹل سے باہر نکلے تو کیمپس کے آس پاس پولیس اور سادہ لباس والوں کی کافی نفری اِدھر اُدھر بکھری نظر آئی۔ کچھ ہی دیر میں شمعون کے گروپ کے لڑکے بھی عیسائی لڑکوں سے آن ملے اور ہجوم بڑھتا چلا گیا۔ پولیس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہو گا کہ ایک مسلمان کونسلر کی حفاظت اور بھید کے لیے یہودی اور عیسائی طلبہ اُسے اپنے گھیرے میں لے کر کیمپس میں داخل ہو سکتے ہیں، اور پھر یہی ہوا، مسلمان طلباء کو باقاعدہ تلاشی اور شناختی کارڈ کی پرکھ کے بعد اندر جانے کی اجازت دی جا رہی تھی جبکہ یہودی اور عیسائی طلباء کے صرف تعارف کرواتے ہی سامنے کی رکاوٹ ہٹا دی گئی اور میں تین ساڑھے تین سو طلباء کے گھیرے میں اطمینان سے آڈیٹوریم تک پہنچ گیا۔ ایرک، جم اور جینی پہلے سے وہاں موجود تھے اور انہوں نے بنا وقت ضائع کیے اسی چہل پہل کے درمیان مجھے اسٹیج کے پردے کے پیچھے ایک کشادہ سے کمرے میں پہنچا دیا جہاں عام حالات میں یونیورسٹی کے تھیٹر کی ریہرسل ہوا کرتی تھی۔ لکڑی کے چکنے تختوں کے فرش والا یہ طویل کمرہ اس وقت سنسان تھا اور شیشے کے ایک پٹ والی بہت سی لمبی اور مستطیل کھڑکیوں سے آتی باہر گرتی برف کی روشنی نے ایک ٹھنڈا اور پُرسکون اجالا بکھیر رکھا تھا۔ مجھے ٹکٹوں کی فکر بھی کھائے جا رہی تھی کیونکہ اگر بلال کی گرفتاری کے وقت ٹکٹ اُس کی جیب میں ہوئے، تو ہم ایک بڑی مُشکل کا شکار ہو چکے تھے۔ میں ایک کھڑکی کے قریب کھڑا انہی سوچوں میں گُم تھا کہ اچانک کسی کے قدموں کی ہلکی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ میں نے بے خیالی میں نظر اُٹھائی اور پھر میری نظریں وہیں جمی رہ گئیں، یہ کمرہ انگریزی کے حرف ڈی کی طرز پر بنا ہوا تھا اور ڈی کے آدھے دائرے والے حصے میں بیرونی دالان کی طرف نکلتی یہ مستطیل شیشے کی کھڑکیاں چُنی ہوئی تھیں جن سے باہر کا برفیلا اُجالا چھن کر اندر آ رہا تھا۔ میں نے اُسی دودھیا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

روشنی کے ایک مستطیل ٹکڑے میں پُروا کو کھڑے دیکھا......ہاں......وہ پُروا ہی تھی۔ کھڑکی سے چھن کر اندر آتا نور بھی اُس کے چہرے کی زردی کم نہیں کر پایا تھا، یا شاید نور خود اس کے چہرے کو چھوتے ہی "زرد رنگ" ہو جاتا ہو گا......؟......وہ سیاہ لباس میں ملبوس کوئی زرد گلاب ہی تو لگ رہی تھی۔ ایک لمحے کے لیے مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے میں کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔ پھر دھیرے سے اُس کے پنکھڑی لب ہلے "آیان......" میں جلدی سے اس کی جانب بڑھا۔ "پُروا......تم......یہاں......؟ اس وقت......؟" وہ مسکرائی "ہاں......ویسے تو آج شام کو ہسپتال سے چھٹی ملنے والی تھی......لیکن میں اپنے ڈاکٹرز سے ضد کر کے صبح ہی وہاں سے چلی آئی......بس وقت پر دوا کھانے کا ایک لمبا سا حلف اُٹھانا پڑا سارے عملے کے سامنے......" میں پریشانی سے بولا "لیکن تمہیں یوں ہسپتال سے نکل سیدھا یونیورسٹی نہیں آنا چاہیے تھا۔ تمہیں آرام کی ضرورت ہے......تمہاری طبیعت بگڑ گئی تو......" پُروا نے ہاتھ اُٹھا کر مجھے مزید کچھ کہنے سے روک دیا "نہیں آیان......آج ہماری زندگیوں کا سب سے بڑا امتحان ہے......آج میں آرام کیسے کر سکتی ہوں......، اور تمہیں اپنا وعدہ یاد ہے ناں......ہم آج کا دن خیریت سے گزر جانے کے بعد شام کو وھسپرز ریسٹورانٹ (Whisper's Resturant) میں ملیں گے......جہاں ہمیں آج صرف اپنی باتیں کرنی ہیں......تم جانتے ہو آیان......تمہارے اس وعدے نے مجھے اتنی جلد اپنے پیروں پر دوبارہ کھڑا ہونے پر مجبور کر دیا۔" میں نے چونک کر پُروا کی معصوم مسکراہٹ کو دیکھا۔ شائد اُسے باہر کسی نے میری گرفتاری کے لیے جاری مہم کے بارے میں ابھی تک اطلاع نہیں دی تھی۔ اتنے میں احمر تیز قدم اُٹھاتا پردے کے پیچھے آ پہنچا "شکر ہے تم خیریت سے یہاں تک پہنچ گئے۔ چلو جلدی کرو......راہداری میں ٹکٹوں کی گنتی شروع ہونے والی ہے......" پُروا نے سوالیہ نظروں سے ہم دونوں کی جانب دیکھا۔ احمر میری مشکل سمجھ گیا، اور پُروا سے بولا "تمہیں صنم کبیر ساری تفصیل بتا دے گی......وہ باہر راہداری میں تمہارا انتظار کر رہی ہے......چلو اب دیر نہ کرو......" احمر تیزی سے باہر نکل گیا، میں نے گم صم سی کھڑی پُروا کا نازک ہاتھ چند لمحوں کے لیے اپنے ہاتھ میں تھام لیا "ہاں......مجھے اپنا ہر وعدہ یاد ہے......اور اگر تم جسمانی فاصلوں کو بے معنی سمجھو تو جان لو گی کہ آج اس پل......اس لمحے کے بعد میں ہمیشہ تمہارے ساتھ رہوں گا......ہر دن کی ڈولی اٹھنے سے لے کر ہر رات کا گھونگھٹ سر کنے تک......ہر کنواری صبح سے ہر سہاگن شام تک......آیان پُروا کے ساتھ رہے گا......" پُروا نے میرا ہاتھ مضبوطی سے تھام لیا "کیا بات ہے آیان......تم مجھ سے کچھ چھپا تو نہیں رہے......؟......تمہارے لہجے میں اتنا یقین اور اتنا درد میں نے آج سے پہلے کبھی نہیں سُنا......بولو نا......کیا بات ہے......؟" میں کچھ بول نہیں پایا، بس اُسے دیکھتا رہا اور وہ بھی چپ چاپ میری آنکھوں میں ان دیکھے لفظوں کی تحریر پڑھتی رہی، اور پھر صنم کبیر کی آواز ہمیں واپس حقیقت کی دنیا میں لے آئی "آیان......سب لڑکے باہر تمہارا انتظار کر رہے ہیں......" میں نے صنم کبیر کے قریب سے گزرتے ہوئے دھیرے سے اُسے کہا "اِس کا خیال رکھنا......"

ہم تینوں باہر راہداری میں نکلے تو لڑکوں نے مجھے دیکھ کر زوردار نعرے لگائے۔ احمر کے ہاتھوں میں ٹکٹ کی گڈی دیکھ کر میرے سینے سے اطمینان کی ایک لمبی سی سانس باہر نکلی۔ گویا بلال نے گرفتاری سے پہلے سارے ٹکٹ احمر کے حوالے کر دیئے تھے۔ کچھ ہی دیر میں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

یونیورسٹی کی طرف سے مدعو شدہ مہمان ہال میں پہنچنے لگے۔ پولیس ابھی تک میری کیمپس کی راہداری میں موجودگی سے بے خبر تھی، انتظامیہ کی طرف سے یونیورسٹی کے برسر گیٹ پر ٹکٹوں کی گنتی کے لیے کھڑا کیا گیا تھا، لیکن تمام طالب علم ابھی تک میرے اشارے کے منتظر تھے، کچھ ہی دیر میں ڈین بھی چند "مہمانانِ خصوصی" کے ساتھ راہداری میں پہنچ گیا۔ مجھے دروازے کے قریب کھڑے دیکھ کر اسے حیرت کا ایک زوردار جھٹکا لگا لیکن وہ اپنے تاثرات چھپانا خوب جانتا تھا۔ اس نے لڑکوں کو مخاطب کیا "تم سب باہر کیوں کھڑے ہو......؟ اندر چلو...... تقریب کا وقت ہونے والا ہے......" ڈین ہماری بات سُنے بغیر اندر چلا گیا۔ صنم کبیر نے پریشانی سے فرہاد کی جانب دیکھا "اُس آخری ٹکٹ کا کچھ پتا چلا......؟ ہم اس ٹکٹ کی غیر موجودگی میں سارے ہال پر اپنا حق ثابت نہیں کر سکتے...... اگر ایک نشست بھی کسی اور کے پاس رہی تو وہ لوگ یہ سیمینار منعقد کروانے کا قانونی اختیار استعمال کر سکتے ہیں......" فرہاد نے مایوسی سے سر ہلایا "نہیں...... ہم وہ آخری ٹکٹ نہیں ڈھونڈ پائے......" میں نے راہداری کے باہر میدان میں کھڑے تمام مسلم، یہودی اور عیسائی طلباء کے چہروں پر نظر دوڑائی...... لیکن اُن سب نے بھی سر جھکا دیا۔ میں نے صبر کھو دیا "آخر وہ آخری ٹکٹ گیا کہاں......؟" اچانک راہداری کے آخری سرے سے ایک آواز گونجی "آخری ٹکٹ میرے پاس ہے آیان......" ہم سب چونک کر پلٹے...... راہداری کے اندھیرے گوشے سے روشنی میں قدم رکھنے والا کوئی اور نہیں...... میرا بھائی بسام تھا...... چند لمحے کے لیے وقت تھم سا گیا۔ بسام چل کر میرے قریب آ گیا۔ اور اس نے وہ ٹکٹ میرے ہاتھ میں تھما دیا۔ اس کی آواز میں لرزش تھی۔ "یہ میں نے آفیسر فورڈ کے کہنے پر خرید رکھا تھا اپنے پاس...... لیکن کل رات جب انہوں نے تمہاری تلاش میں ہمارے گھر پر چھاپہ مارا اور اُن کی دیکھا دیکھی سارے نیویارک کے میڈیا نے تمام رات تمہارے نام کے ساتھ دہشت گرد کا لیبل لگا کر خبریں نشر کیں تو مجھے تمہاری ایک ایک بات یاد آ گئی۔ تم نے ٹھیک کہا تھا آیان...... امریکہ صرف امریکیوں کا ہے...... امریکن مسلمانوں کا نہیں...... اور آج بسام احمد، تمہارا بڑا بھائی مذہب کی اس جنگ میں تمہارے ساتھ صف آرا ہونے کے لیے یہاں کھڑا ہے۔ ان لوگوں کو ہمارے مذہب کی توہین نہ کرنے دینا میرے بھائی...... چاہے کچھ بھی ہو جائے...... اپنی جان لڑا دینا آیان...... ہم سب تمہارے ساتھ کٹ مرنے کے لیے تیار ہیں...... تم قدم پیچھے نہ ہٹانا بھیا...... ہماری لاج رکھ لینا......" بولتے بولتے بسام کی آواز روہانسی ہو گئی اور جب میں نے اسے کھینچ کر اپنے گلے سے لگایا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہا تھا، میں بھی رو پڑا اور وہاں اور بھی کئی آنکھیں نم ہو گئیں۔ میں نے بڑی مشکل سے بسام کو تھپک تھپک کر خاموش کروایا اور ٹھیک اُسی وقت آفیسر فورڈ کی آواز میرے عقب میں گونجی۔ "واہ کیا بات ہے...... اس دور میں دو بھائیوں کے ملن سے بڑھیا نظارہ بھلا اور کیسا ہو گا...... آیان تمہاری گرفتاری کا وارنٹ ہے میرے پاس...... کل رات سے تم نے پوری نیویارک پولیس کی کافی پریڈ کروا لی...... اب چلو میرے ساتھ......" فورڈ کی بات سُن کر طلباء نے غیر محسوس طور پر میرے گرد گھیرا سا ڈال لیا۔ میں نے چاروں طرف ایک سرسری نظر ڈال کر فورڈ کی جانب دیکھا۔ "کیمپس میں اس وقت تین ہزار طلباء ہیں، اور یہ سب میرے ایک اشارے کے منتظر ہیں نیویارک کی سڑکوں پر نکلنے کے لئے...... کیا تمہیں اب بھی یقین ہے کہ تم میری مرضی کے خلاف مجھے یہاں سے گرفتار کر کے لے جا سکتے ہو......؟"



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

فورڈ نے غور سے آس پاس دیکھا" میں تمہیں ایک مشورہ دینا چاہتا ہوں......ایسی کوئی صورتِ حال پیدا مت کرنا جو آگے چل کر عدالت میں تمہارے کیس کو مزید بگاڑ دے......اگر طلباء نے تمہاری گرفتاری میں کوئی رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی تو ہمیں عدالت کو یہ یقین دلانے میں ذرا دیر بھی نہیں لگے گی کہ تم باقاعدہ تربیت یافتہ اور حالات کو اپنے حق میں استعمال کرنا خوب جانتے ہو......تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ تم چپ چاپ میرے ساتھ چل پڑو......" فورڈ بسام کی جانب مُڑا" اور تم......؟ تم بھی اس کے ساتھ مل گئے...... میں تو تمہیں کافی حقیقت پسند لڑکا سمجھتا تھا......" بسام نے تلخی سے جواب دیا" ہاں......کل رات تک میں بھی خود کو یہی الزام دیتا تھا، لیکن تم نے میری آنکھیں کھول دیں مسٹر فورڈ......میں نے آج تک تم لوگوں کا ساتھ صرف اس شرط پر دیا کہ تم نے بدلے میں مجھ سے آیان کی حفاظت کا وعدہ کیا تھا......تم نے کہا تھا کہ اگر میں تم لوگوں کی مدد کروں گا تو تم لوگ میرے بھائی پر کوئی الزام نہیں آنے دو گے...... لیکن کل رات جب تم نے انتہا پسندوں کے ساتھ روابط کے الزام میں ہمارے گھر پر آیان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا تب مجھے تمہارا سارا کھیل سمجھ میں آ گیا۔ کیوں آفیسر فورڈ......کن انتہا پسندوں کی بات کر رہے تھے تم......؟ اگر آیان کے سیل فون پر کسی جنونی گروپ کی کالز کا ریکارڈ تمہارے پاس محفوظ ہے تو آیان سے پہلے تم نے ان لوگوں کو گرفتار کیوں نہیں کیا جو آیان کو فون کر رہے تھے......کیونکہ کال آیان کو آئی تھی......آیان نے تو کبھی ایسا کوئی نمبر ڈائل ہی نہیں کیا......اور صرف ایک فون کال ریسیو کرنے پر تمہارے سارے نیویارک کی پولیس حرکت میں آ گئی......لیکن اس سارے ڈرامے کے مرکزی کردار وہ فون کال کرنے والے تمہاری نظروں سے اوجھل رہے۔؟ آخر کیوں......؟ بس اتنی ہی تحقیقات آتی ہیں تمہاری سی۔آئی۔اے کو......اور کیا تم نے خود مجھ سے تین بار ایسے انجان نمبروں پر کال کرنے کی درخواست نہیں کی تھی جن پر تمہیں انتہا پسند ہونے کا شبہ تھا؟ کون جانے کہ حافظ شکیل اور آیان کو آنے والی فون کالز بھی تم جیسے کسی سی۔آئی۔اے آفسر کے کہنے پر ہی کی گئی ہوں......" بسام کی بات سن کر ہم سب کو حیرت کا ایک شدید جھٹکا لگا، ہم سب کی نظریں فورڈ پر جم گئیں۔ وہ کچھ گڑبڑا سا گیا" ان سب باتوں کا فیصلہ اب عدالت میں ہوگا۔ میں تمہیں آخری وارننگ دے رہا ہوں آیان خود کو قانون کے حوالے کر دو......تم پہلے ہی اپنا کیس بہت بگاڑ چکے ہو......مزید کوئی حماقت نہ کرنا......" میں دو قدم بڑھا کر فورڈ کے بالکل مقابل کھڑا ہو گیا۔ اُس کے آس پاس کھڑے پولیس والوں نے کسی ناخوشگوار صورتِ حال کے پیشِ نظر باقاعدہ پوزیشن لے لی۔

"تمہیں میری گرفتاری کے لیے تھوڑا انتظار کرنا پڑے گا آفیسر......تم چاہو تو میرے ساتھ رہ سکتے ہو......میرا کہیں غائب ہونے کا ارادہ نہیں ہے......" لڑکوں نے شدید نعرے بازی شروع کر دی تھی اور احمر نے یونیورسٹی کے تمام گیٹ بند کرنے کی ہدایت کر دی۔ فورڈ کی توقع کے برعکس عیسائی اور یہودی لڑکے بھی مسلمان طلباء کے ساتھ کھڑے دکھائی دیے تو پہلی مرتبہ اس کے ماتھے پر پسینے کے چند قطرے چمکتے نظر آئے۔ پُروا اور صنم نے راہداری کی دوسری جانب لڑکیوں کی صف بندی کروا لی تھی۔ اگلے ہی لمحے ڈین گھبرایا ہوا سا ہال کے اندر سے باہر نکلا۔" یہ سب کیا ہنگامہ ہے......؟ فورڈ......تمہارے پولیس والے کس مرض کی دوا ہیں......؟" میں نے لڑکوں کو ہال میں چلنے کا اشارہ کیا۔ ڈین اور انتظامیہ کے ارکان نے مزاحمت کی" تمہارے خلاف وارنٹ ہیں آیان......تم ہال میں نہیں آ سکتے......" میں نے احمر



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کے ہاتھ سے ٹکٹوں کا بنڈل لے کر ڈین کو تھما دیا۔ ''یہ پورے تین ہزار ٹکٹ ہیں ہال کی تمام نشستیں ہمارے پاس ہیں اور قاعدے کی رُو سے ہم آپ سب کو ہال سے باہر نکال کر اِسے باقاعدہ سیل کر سکتے ہیں...... لیکن میں ایسا نہیں کرنا چاہتا...... آپ کے ''معزز'' مہمانوں کے سامنے آپ لوگوں کی سبکی کروانا ہمارا مقصد نہیں ہے...... لہٰذا بہتر ہے کہ ہم ہال کے اندر چل کر بات کریں......'' ہمارے ہاتھ میں تین ہزار ٹکٹ دیکھ کر ڈین کا سارا جوش صابن کے جھاگ کی طرح بیٹھ گیا اور اس نے بے چارگی سے فورڈ کی جانب دیکھا۔ فورڈ نے اسے نظروں میں تحمل رکھنے کا اشارہ کیا اور کچھ دیر میں ہی ہال طلبا سے بھر گیا۔ ڈینش این۔ جی۔ او والے بڑے پروجیکٹر اور باقاعدہ تیاری کے ساتھ آئے تھے۔ میں نے چند لمحے طلباء کے سیٹوں پر بیٹھنے کا انتظار کیا اور پھر میں اسٹیج پر چڑھ گیا۔ فورڈ اور پولیس والے ہال کے دروازوں پر ٹک گئے۔ این۔ جی۔ او والوں نے پریشانی سے ڈین کی طرف دیکھا، میں نے اوپر چڑھ کر وہ بڑی اسکرین نیچے گرادی جس پر ان کافروں نے وہ متنازعہ خاکے دکھانے کا منصوبہ بنا رکھا تھا، اسکرین زوردار آواز سے نیچے گر کر ٹوٹی تو ہال میں طلباء کے نعروں کا شور مچ گیا۔ وہ سب چلا رہے تھے۔ ''ہمیں کسی بھی مذہب کی توہین برداشت نہیں...... اپنے لیے ہر ایک کا مذہب ''مقدس'' ہے......'' ڈین اپنا سر پکڑے اگلی قطار میں لاچار بیٹھا ہوا تھا اور این۔ جی۔ او کے سربراہان اس پر برس رہے تھے۔ میں نے ہاتھ اٹھا کر سب کو خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ ہال میں سناٹا چھا گیا۔ نیویارک کا میڈیا لمحہ بہ لمحہ یہ ساری کارروائی براہِ راست نشر کر رہا تھا۔ اسٹیج فلیش لائٹس کی روشنی سے جگمگا رہا تھا۔ میں نے ڈینش این۔ جی۔ او کے سربراہ پر نظر ڈالی ''شائد آپ سب کو یہ بات جان کر مایوسی ہو کہ یونیورسٹی کے طلبا کی مرضی کے مطابق آج یہاں کوئی سیمینار نہیں ہوگا...... نہ ہی کسی قسم کے خاکے دکھائے جائیں گے...... بحیثیت مسلم کونسلر اس وقت میرے پاس یہ طاقت بھی موجود ہے کہ میں یونیورسٹی انتظامیہ سمیت آپ سب کو پانچ منٹ کے اندر ہال سے بے دخل کروا کر آپ سب کو کیمپس سے نکال دوں...... لیکن ہم مسلمانوں کو رواداری اور تہذیب کا درس گود سے ہی مل جاتا ہے...... لہٰذا باوجود اس کے کہ آپ سب یہاں میرے عظیم مذہب کی توہین کے لیے جمع ہوئے ہیں...... میں آپ کو بے عزت کر کے یہاں سے نہیں نکالوں گا...... مجھے افسوس ہے کہ اس ہال میں چند عیسائی اور یہودی علماء بھی موجود ہیں...... وہ جنہیں ہمیں مذاہب کی عظمت کا درس دینا چاہیے تھا...... وہ خود اس تماشے کا حصہ بنے ہیں...... لیکن خوشی کی بات یہ ہے کہ ہماری نئی نسل نے اس مقدس سرحد کو پار نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میں عیسائی اور یہودی کونسلر کو اسٹیج پر آنے کی دعوت دینا چاہتا ہوں...... تاکہ وہ یہاں میرے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اس میڈیا کے ذریعے تمام دنیا کو یہ پیغام دے سکیں کہ ہماری نئی نسل ہر مذہب کے تقدس کو سمجھتی ہے اور اسے پامال کرنے والوں کے خلاف یکجا ہو کر لڑنے کو تیار ہے......'' جارج اور شمعون اسٹیج پر چڑھ آئے اور ہال ایک بار پھر نعروں اور تالیوں سے گونج اُٹھا۔ میں نے عیسائی اور یہودی علماء کی طرف دیکھا۔ ''آپ لوگوں میں سے اگر کوئی اسٹیج پر آ کر بات کرنا چاہتا ہے تو ہم اُسے خوش آمدید کہیں گے...... یہ پیشکش ڈینش لوگوں کے لیے بھی ہے جو ویسٹر گارڈ کے یہ خاکے یہاں دکھانا چاہتے تھے...... کسی کے پاس کوئی دلیل...... کوئی جواز ہے اس مذہبی تعصب اور اس بے حرمتی کا تو وہ یہاں اسٹیج پر آ جائے......'' ہال میں کوئی ہل چل نہیں ہوئی ''ٹھیک ہے...... تو پھر مجھے اجازت دیجئے کہ میں اپنے ایک معزز مہمان کو اسٹیج پر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

آنے کی دعوت دوں......'' ڈین، انتظامیہ اور این۔ جی۔ او والوں نے چونک کر ادھر اُدھر دیکھا۔ میں نے مائیک میں زور سے کہا، ''ایرک، جم......انہیں لے آؤ......'' اور پھر اسٹیج کے پیچھے سے وہ دونوں شیخ الکریم کو لیے برآمد ہوئے جو آج صبح کی فلائیٹ سے میری خاص درخواست پر نیویارک پہنچے تھے۔

عامر بن حبیب نے ان کی نیویارک آمد و رفت کا سارا خرچہ خود برداشت کیا تھا اور ہم نے آخری لمحے تک اس بات کو اس لیے خفیہ رکھا تھا کہ کہیں آخری وقت پر انہیں ائیر پورٹ سے ہی واپس نہ بھیج دیا جائے۔ مسلم طلباء کو اب تک یقین نہیں آ رہا تھا کہ شیخ ان کے درمیان موجود ہیں۔ فورڈ نے بے چینی سے پہلو بدلا۔ شیخ نے مسکرا کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور ہال کی جانب متوجہ ہو گئے۔'' السلام و علیکم......میرا مذہب سب کو سلامتی کی دُعا سے آغاز کرتا ہے......کیا آپ لوگوں میں سے کوئی یہاں اسٹیج پر آ کر باقاعدہ مجھ سے مناظرہ کرنا چاہے گا......؟......کوئی ہے جو اس حرکت کا کوئی جواز کوئی توجیہہ پیش کر سکے؟'' ......ڈینش این۔ جی۔ او کا سربراہ اپنی جگہ پر کھڑا ہو گیا'' ہم صرف اپنی آزادیٔ اظہار کا حق استعمال کرنے کے لیے یہاں جمع ہوئے ہیں......لیکن ہمیں یہ حق استعمال کرنے سے روکا جا رہا ہے......'' شیخ دھیرے سے مسکرائے'' بات اگر صرف آزادیٔ اظہار کی ہے تو پھر اس پروگرام کا اتنا مہنگا ٹکٹ رکھ کر غریب مسلم طلباء کو ان کے اظہار کی آزادی سے کیوں محروم رکھا جا رہا تھا......؟؟ کیا آپ کے یہاں بولنے کی آزادی پر بھی ٹکٹ لگایا جاتا ہے؟ بہر حال ان بچوں نے باقاعدہ قانونی طریقے سے اس آزادیٔ اظہار کی قیمت ادا کر کے یہ حق آپ سے چھینا ہے لیکن میں پھر بھی آپ کو بولنے کی اجازت دیتا ہوں۔ صرف میرے ایک سوال کا جواب دے دیں۔ آپ کا تعلق کس مذہب سے ہے؟ عیسائی، یہودی، یا کسی اور فرقے سے ہے؟......'' این۔ جی۔ او کا سربراہ گڑبڑا سا گیا'' ہم مذہبی شناخت کے بل پر کسی بھی برتاؤ کو تعصب سمجھتے ہیں......'' شیخ الکریم نے ہال کی جانب دیکھا'' سنا آپ لوگوں نے......یہ اپنے مذہب کی شناخت تک کو خفیہ رکھنا چاہتے ہیں......حقیقت یہ ہے کہ ان کا کوئی دین ہی نہیں ہے......ان کا مذہب صرف پیسہ ہے۔ آج مسلمان کمزور قوم ہے تو وہ ہمارے نبی ﷺ کا (نعوذ باللہ) تمسخر اڑانے کے لیے یہ خاکے بیچ رہے ہیں......کل اگر ان کو کہیں سے زیادہ پیسے ملے تو یہ یہود و نصاریٰ کا مذاق اڑانے سے بھی باز نہیں آئیں گے......یہ کیا طرفہ تماشہ ہے بھائی......پہلے کوئی مذہب تو چن لو اپنے اختیار کرنے کے لیے تاکہ تم سے اُسی مذہب کی زبان اور دلیل سے بات کی جا سکے، ایک لادین سے اب میں کیا بات کروں تم تو نہ عیسیٰؑ کو مانتے ہو نہ موسیٰؑ کو، نہ داؤدؑ کو نہ سلیمانؑ کو......نہ بُدھ مت کے حامی ہو نہ کسی گرو گرنتھ کے پیروکار......اسماعیلی ہو نہ ابراہیمی، آدم سے ہو یا ابلیس سے......؟ کہاں سے تمہارا سرا تلاش کر کے میں تم سے بات کی ابتدا کروں؟ اور اگر ان میں سے کسی کے بھی نہیں ہو تو پھر تم صرف ایک بوسیدہ جسم ہو، بنا روح کے ایک مریض جسم......جس کے اندر ایک بیمار ذہن پل رہا ہے......اب تم جیسے مُردہ سے بھلا کیا بات کروں......؟'' ہال پر سناٹا طاری تھا۔ این۔ جی۔ او کا سربراہ تلملانے کے باوجود شیخ الکریم کی کسی بات کا جواب نہیں دے پایا، شیخ نے مسلمان طلباء کی طرف اشارہ کیا'' جانتے ہو......ان مسلم طلباء کی تعداد اس یونیورسٹی میں کتنی ہے......؟ صرف تین سو تیرہ......لیکن یہ تین سو تیرہ کا ہندسہ ہمارے مذہب کی تاریخ میں بڑا اہم ہے......کبھی موقع ملے تو غزوۂ بدر کے جاں نثاروں کی تعداد کسی مسلم اسکالر سے پوچھ لینا......اور آج قدرت نے یہ خدمت یہاں کے تین سو تیرہ طلباء کے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

حوالے کر رکھی تھی جسے انہوں نے خوب نبھایا ہے..... میں جانتا ہوں کہ اس سیمینار کی ناکامی کے بعد بھی تم لوگ کہیں نہ کہیں یہ ملعون حرکت دُھرانے کی کوشش ضرور کرو گے۔ لیکن یاد رکھنا کہ دُنیا میں ہر جگہ ایسے تین سو تیرہ مجاہد تمہارا مقابلہ کرنے کے لیے موجود ملیں گے..... اگر مسلمان دہشت گرد اور جنونی ہوتے تو آج یہاں سے اس ڈینش این۔جی۔او کا کوئی بھی فرد زندہ واپس باہر نہیں جا سکتا تھا..... لیکن آج پھر میں اس میڈیا کے ذریعے تمام دنیا کو یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ ہم سے زیادہ مہذب اور رواداری کوئی دوسرا نہیں..... ہم اپنی روح کے قاتلوں کو بھی برداشت کرنا اور ان سے بات کر کے مسئلہ حل کرنا جانتے ہیں..... لیکن ہمیں کونے سے لگانے کی کوششیں اب ترک کرنا ہوگی۔ وما الینا الاالبلاغ.....'' شیخ نے بات ختم کی تو ہال تالیوں کی گونج سے پھٹنے لگا۔ باہر گرتی برف تیز ہو چکی تھی اور شیخ نے بڑے دالان کے برفیلے میدان میں ہی ظہر کی نماز کی جماعت کھڑی کروانے کا فیصلہ کر لیا اور پھر نیویارک کے میڈیا نے یہ نظارہ بھی اپنی ٹی وی سکرین کے ذریعے سارے امریکہ کو دکھا دیا کہ کس طرح ہماری داغ دار جبینوں نے سفید کوری اور پاکیزہ برف پر بوسہ دے کر اپنے مُقدر بھی اُجلا لیے۔ ڈینش این۔جی۔او والے ناکام و نامراد یونیورسٹی سے واپس لوٹ چکے تھے۔ ہم نے سلام پھیرا تو ہم بھی کے آنسو برف پر گر کر موتی بن چکے تھے۔ فورڈ میرے انتظار میں ہوشیار کھڑا تھا اور اس نے مزید نفری بھی منگوالی تھی۔ لڑکے بے حد مشتعل تھے لیکن میں نے ان سب کو میدان کی برفیلی فضا میں یکجا کیا ''میں چاہتا ہوں کہ میری گرفتاری کے وقت ہم ایک اعلیٰ ظرف دشمن کا برتاؤ کریں..... یہ لوگ مجھے لیے بنا یہاں سے نہیں جائیں گے..... اور میں نہیں چاہتا کہ میرے ساتھ میرے دوست اور دیگر طلباء پر بھی کسی جنون کا الزام لگے..... تم لوگوں کے پاس احتجاج کے اور بہت ذرائع موجود ہیں اور ابھی ہمیں ایک لمبی عدالتی جنگ بھی لڑنی ہے..... لہٰذا اپنی ساری طاقت اُس وقت کے لیے بچا کر رکھو..... اور مجھے ہنستے چہروں کے ساتھ یہاں سے رُخصت کرو.....'' وہ سب مزید افسردہ ہو گئے۔ میں نے سب سے پہلے شیخ الکریم سے اجازت طلب کی۔ ''میرے لیے دعا کیجیے گا..... ابھی جنگ کی ابتداء ہے..... میں اس کے اختتام تک ثابت قدم رہوں اس کے لیے مجھے آپ کی دعاؤں اور رہنمائی کی ضرورت رہے گی.....'' انہوں نے مسکرا کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا ''میری دعا ہے کہ تم ہمیشہ اُسی طرح سُرخرو اور کامیاب رہو جیسے تم آج رہے ہو.....'' ان کے بعد میں نے شمعون اور جارج کا شکریہ ادا کیا۔ وہ دونوں مجھ سے لپٹ گئے ''پاگل ہوئے ہو کیا.....؟..... آج تم نے ہمیں زندگی کا ایک نیا نظریہ دیا ہے..... تمہارا شکریہ آیان.....'' پھر ایرک، جینی، جم اور صنم کیبر قطار میں کھڑے تھے، ''دیکھو..... کوئی نہیں روئے گا..... کیونکہ اگر میں رو پڑا تو تم سبھی جانتے ہو کہ مجھے چُپ کرانا مشکل ہو جائے گا۔ اور یہ بات بھی کسی سے چھپی نہیں ہے کہ میں روتے ہوئے بہت بُرا لگتا ہوں.....'' وہ سب مُسکرا دیئے اور سب نے مجھے اپنے اپنے طریقے سے رُخصت کیا۔ ان سب کے بعد بسام اپنی بھیگی پلکیں پونچھتا ہوا نظر آیا۔ میں نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا۔ ''اپنا خیال رکھنا اور میری فکر نہ کرنا..... یاد ہے نا ہم بچپن میں ممی کو ستانے کے لیے کیا بولا کرتے تھے۔ کہ جو ہمارے اپارٹمنٹ میں رہ سکتا ہے وہ دنیا کی کسی بھی جیل میں گزارہ کر لے گا.....'' بسام روتے روتے مسکرا پڑا ''جلدی واپس آنا یار..... تم جانتے ہو میں تمہارے بنا نہیں رہ سکتا.....'' میں اس کے بال سہلا کر آگے بڑھا اور تمام مسلم گروپ سے ملتا ہوا احمر تک پہنچ گیا۔ وہ سر جھکائے پریشان کھڑا تھا۔ میں نے اُسے شانوں سے پکڑ کر جھنجھوڑا۔ ''ہمت کرو..... اب آگے تمہی کو مسلم کونسلر کی ذمہ



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

داریاں نبھانا ہوں گی...... گروپ کو بکھرنے نہ دینا......'' برف باری تیز تر ہوتی جارہی تھی۔ دُور کھڑے آفیسر فورڈ نے چلا کر کہا'' جلدی کرو مسلم کونسلر...... ہمیں دیر ہورہی ہے...... مجھے یقین ہے کہ نیویارک کی عدالت تمہیں کم از کم عمر قید کی سزا ضرور سنائے گی۔ تب تمہارے پاس جیل میں بہت سال ہوں گے ان ملاقاتوں کے لئے......'' میں نے اس کی طرف دیکھا'' ہوسکتا ہے ایسا ہی ہو...... لیکن تم نے آج یہاں ایک آیان کو گرفتار کر کے مستقبل کے تین ہزار آیان پیدا کر دیئے ہیں...... بڑا گھاٹے کا سودا کیا تم نے مسٹر فورڈ......'' سب سے آخر میں پُروا کھڑی تھی۔ اُس کی آنکھوں سے آنسو بہہ کر اس کے گالوں پر جم رہے تھے۔ میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ وہ میری طرف دیکھ کر بولی'' تم تو بڑے وعدہ خلاف نکلے آیان احمد...... تم نے مجھے آج کیفے وسپرز Whispers لے جانے کا وعدہ کیا تھا...... دیکھو...... شام بھی قریب آرہی ہے...... اپنا وعدہ پورا کئے بنا ہی چلے جاؤ گے کیا......؟''

میرا دل اندر سے کٹ کٹ گیا۔'' میں نے آج تم سے ایک اور وعدہ بھی تو کیا تھا...... ہمیشہ ساتھ رہنے کا وعدہ...... اس فانی جسم کی حدوں سے آگے نکل کر رُوح کے ملاپ کا وعدہ...... اور یقین کرو...... میں یہ نیا وعدہ کبھی نہیں توڑوں گا......'' پُروا نے میرا ہاتھ تھام لیا۔

'' میں تمہاری ہر بات پر یقین کرتی ہوں آیان...... اور میں جانتی ہوں کہ ایک نہ ایک دن تم اپنا پچھلا وعدہ بھی ضرور پورا کرو گے...... میں آج کے بعد اپنی زندگی کی ہر شام اُسی کیفے میں کھڑکی والی میز پر تمہارا انتظار کرتے بتاؤں گی...... جب تک تم واپس نہیں آجاتے...... اور تب تک وہاں جتنے بھی محبت کرنے والے آکر ملیں گے...... دراصل وہ ہماری ہی وفا کی تجدید ہوگی...... ہم اپنی نسل کے کل کے لیے اپنا آج قربان کررہے ہیں آیان...... مجھے یقین ہے کہ قدرت ہماری یہ قربانی کبھی رائیگاں نہیں جانے دے گی......''

فورڈ کے اشارے پر پولیس کی گاڑیاں آگے بڑھ آئیں اور ایک پولیس افسر نے میرا ہاتھ تھام کر مجھے ایک کار کی پچھلی نشست پر بٹھا دیا۔ میرے دائیں بائیں دو پولیس والے بیٹھ گئے۔ فورڈ نے اگلی سیٹ سنبھال لی۔ لڑکے برفیلے میدان میں پولیس کی کاروں کے ساتھ دوڑنے لگے، سب میری جانب دیکھ کر ہاتھ ہلا رہے تھے۔ دُور برفیلے میدان میں بسام اور دیگر لڑکے اپنی آنکھوں میں آنسو لیے کھڑے تھے اور ان سب سے الگ پُروا گم سم سی کھڑی دور جاتی کار کو دیکھ کر ہاتھ ہلا رہی تھی۔ برف کا ایک گالا اس کی پلکوں میں اٹک کر اس کے آنسوؤں کا حصہ بن گیا۔ کاریں تیزی سے برف کا میدان پار کررہی تھیں اور رفتہ رفتہ میرے عقب میں دھند بڑھتی جارہی تھی۔ میں نے آخری بار پلٹ کر ان سب کی طرف دیکھا۔ اور پھر رفتہ رفتہ وہ سب نیویارک کی دھند کا حصہ بن گئے۔ میری آنکھ سے ایک آنسو ٹپکا اور میرے دل نے کہا'' الوداع......''

**ختم شد**



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY